کر رکھا ہے کہ وہ احمد بیگ کی دختر کلاں کو جس کی نسبت درخواست کی گئی تھی ہر ایک روک دور کرنے کے بعد انجام کار اسی عاجز کے نکاح میں لائے گا اور بے دینوں کو مسلمان بنائے گا اور گمراہوں میں ہدایت پھیلائے گا۔ چنانچہ عربی الہام اس بارہ میں یہ ہے کہ انھوں نے ہمارے نشانوں کو جھٹلایا اور پہلے سے ہنسی کر رہے تھے۔ سو خدا تعالیٰ ان سب کے تدارک کے لیے جو اس کام کو روک رہے ہیں تمہارا مددگار ہوگا اور انجام کار اس لڑکی کو تمہاری طرف واپس لائے گا۔ کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے۔ تیرا رب وہ قادر ہے جو چاہے وہی ہو جاتا ہے۔ تو میرے ساتھ اور میں تیرے ساتھ ہوں۔ گو اوّل میں احمق اور نادان لوگ بد باطنی اور بدظنی کی راہ سے بدگوئی کرتے ہیں لیکن آخر خدا تعالیٰ کی مدد کو دیکھ کر شرمندہ ہوں گے اور سچائی کے کھلنے سے چاروں طرف سے تیری تعریف ہوگی۔ (تبلیغ رسالت، جلد اوّل، ص 115-117) غرض مرزا قادیانی کو خود غرضی، مطلب براری اور بوالہوسی کا نہایت سنہری موقع ہاتھ آیا۔ ہر چند کہ حقوق قرابت، شرافت نفس، شرف و مجد انسانی اور احسان و ایثار کے اعلیٰ صفات کا اقتضا یہ تھا کہ مرزا قادیانی یہ کام بلامعاوضہ کر دیتے لیکن چونکہ قادیان کے مجدد صاحب ان صفات عالیہ سے عاری تھے اس لیے احمد بیگ سے اس سلوک و مروت کا صلہ لڑکی بیاہ دینے کی شکل میں طلب کیا حالانکہ مرزا قادیانی اس عمر سے تجاوز کر چکے تھے جو شادی کے لیے منتہائے خیال ہے۔ احمد بیگ نے اس شرمناک مطالبہ کو نفرت کے ساتھ ٹھکرا دیا اور حقوق قرابت کا لحاظ کرتے ہوئے ان سے اس حرکت کا کوئی انتقام نہ لیا۔ حالانکہ اگر اس کی جگہ کوئی اور ہوتا تو جب تک اس غیر شریفانہ حرکت کی سزا نہ دے لیتا اس کے جذبات انتقام کو تسکین نہ ہوتی۔

خواہشِ ازدواج کا مقصد

لدھیانہ کے مسیحی رسالہ ''نور افشاں'' نے 10 مئی 1888ء کی اشاعت میں لکھا کہ ''جب مرزا قادیانی کے نکاح میں پہلے ہی دو بیویاں ہیں اور جوان اولاد موجود ہے تو پھر اس لڑکی کی تمنائے ازدواج محض خواہشات نفسانی کا اتباع ہے۔'' اس کے جواب میں مرزا قادیانی نے 10 جولائی 1888ء کو ایک اشتہار شائع کیا جس میں فرمایا کہ ''اس لڑکی سے عقد ہونے کی پہلی پیشین گوئی اس زمانہ کی ہے جبکہ وہ لڑکی ہنوز نابالغ تھی اور اس کی عمر آٹھ نو سال کی تھی۔ تو اس پر نفسانی افترا کا گمان کرنا حماقت ہے۔'' (تبلیغ رسالت، جلد اوّل، ص 118) قادیانی صاحب نے اس اشتہار کے پانچ روز بعد ایک اور اعلان شائع کیا جس میں محمدی بیگم کی خواستگاری کے یہ وجوہ قرار دیے۔

1- ایک جگہ لکھا کہ ''عرصہ سے یہ لوگ جو میرے کنبے سے اور اقارب ہیں کیا مرد اور کیا عورت مجھے میرے الہامی دعاوی میں مکار اور دکاندار خیال کرتے ہیں۔ اس لیے خدا نے ان کی بھلائی (اور اصلاح) کے لیے انہی کے تقاضا اور درخواست سے اس الہامی پیشین گوئی کو (بطور نشان کے) ظاہر فرمایا (تاکہ انھیں معلوم ہو جائے کہ مرزا قادیانی اپنے الہامی دعوؤں میں مکار اور

رکاوٹ نہیں ہیں)۔''

2- ایک اور وجہ یہ بتائی کہ محمدی بیگم کے اقرباء رسم پرستی کی وجہ سے لڑکی کا غیر حقیقی ماموں سے نکاح کرنا معیوب سمجھتے تھے۔ سو خدا تعالیٰ نے (یہ نکاح) ایک ایسا نشان قرار دیا جس سے ان کے دین کی اصلاح و بدعت اور خلاف شرع رسم کی بیخ کنی ہو جائے تاکہ آئندہ اس قوم کے لیے ایسے رشتوں کے بارے میں کچھ تنگی اور حرج نہ رہے۔ (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 118)

لیکن ظاہر ہے کہ چونکہ مرزا قادیانی دنیا میں محمدی بیگم کو سلک ازدواج میں منسلک کرنے میں کامیاب نہ ہوئے۔ اس لیے مخالف لوگ یہ نتیجہ نکالنے میں برسرِ حق سمجھے جائیں گے کہ نہ یہ نکاح کوئی آسمانی نشان تھا نہ اس سے کوئی اصلاح ممکن تھی بلکہ باغ حسن کی گل چینی کا اشتیاق اور نفسانی جذبات کی تکمیل ہی مرزا قادیانی کے پیش نظر تھی۔ اسی طرح مرزا قادیانی کے اقارب کا انھیں الہامی دعووں میں رکاوٹ خیال کرنا بھی حقیقت پر مبنی تھا۔

خواہشِ ازدواج کا اصل محرک

اب محترمہ محمدی بیگم ضعیف العمر ہے۔ بہار جوانی پر خزاں پیری نے چھاپہ مارا ہے لیکن سنا جاتا ہے کہ جب گلزار جوانی عین بہار پر تھا تو چندے آفتاب چندے ماہتاب تھی۔ اسی بنا پر بعض لوگوں کا خیال ہے کہ "مرزا قادیانی مدت سے اس کے شمع رخسار کا پروانہ بنے ہوئے تھے۔" میرے نزدیک ممکن ہے کہ لڑکی کے حسن و جمال نے بھی شادی کی سفارش کی ہو لیکن اصل محرک غالباً وہ الہامات تھے جن میں قادیان کے مسیحا صاحب کو تیسری بیوی سے عقد کرنے کی بشارت دی گئی تھی۔ محمدی بیگم مرزا قادیانی کے عم زاد بھائیوں امام الدین، نظام الدین اور کمال الدین کی حقیقی بھانجی تھی اور اپنی والدہ کے ساتھ زیادہ تر قادیان ہی میں رہتی تھی۔ البتہ ماں بیٹی ان دنوں ہوشیار پور چلی جاتی تھیں جب مرزا احمد بیگ پولیس کی ملازمت سے چھٹی لے کر ہوشیار پور آتے تھے۔ چونکہ قادیان میں محمدی بیگم کے ماموں کا مکان مرزا قادیانی کے دولت کدہ سے بالکل ملا ہوا تھا اس لیے ملہم صاحب کو اس لڑکی کے مشاہدہ جمال کے مواقع ہر روز حاصل تھے۔ پس ممکن ہے کہ لڑکی کے حسن و جمال نے بھی عزم نکاح کی شفاعت و تحریک کی ہو لیکن اصل تحریک شاید اسی الہام نے کی تھی جو کچھ عرصہ سے مرزا قادیانی کے دل و دماغ پر مسلط رہتا تھا کہ تمھیں تیسری شادی سے بھی بہرہ مند کیا جائے گا۔ کچھ عجب نہیں کہ تیسری شادی کے الہامات بھی خواہش عقد ہی کی بنا پر گھڑ لیے گئے ہوں۔

الہام و وحی آسمانی کے حیلے کیوں تراشے گئے؟

مرزا قادیانی کو یقین تھا کہ اگر رسمی طور پر نکاح کی درخواست کریں گے تو منظور نہیں ہوگی کیونکہ کوئی شخص کسی ایسے بڈھے بوالہوس کو کنواری لڑکی دینا گوارا نہیں کرتا جس کی پہلے بھی دو بیویاں اور جوان اولاد موجود ہو۔ خصوصاً ایسے شخص کو جسے علمائے امت ملت اسلام سے خارج قرار دے چکے ہوں۔ اس لیے

مرزا قادیانی نے آسمانی وحی و الہام کو سپر بنایا اور کہا خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ محمدی بیگم تیرے عقد میں آئے گی۔ وہ قطعاً تیری بیوی ہے۔ یہاں تک کہ اس کے ساتھ آسمان پر تیرا نکاح پڑھ دیا گیا ہے۔ اب تو زمین پر اس نکاح کی سلسلہ جنبانی کر۔ لیکن آگے چل کر آپ کو معلوم ہوگا کہ یہی آسمانی نکاح مرزا قادیانی کی حسرتوں کا گور غریباں بن گیا۔ دوسری وجہ جو بعض ثقہ راویوں کی وساطت سے خاکسار راقم الحروف تک پہنچی یہ ہے کہ مرزا قادیانی نے محمدی بیگم پر کٹنیاں اور اس کی اپنی سہیلیاں چھوڑ رکھی تھیں جو اسے مرزا قادیانی سے شادی کرنے کی ترغیب دیتی رہتی تھیں اور اسے اس قسم کی باتیں ذہن نشین کی جاتی تھیں کہ سینکڑوں ہزاروں روپیہ کی روزانہ آمدنی کے علاوہ مرزا قادیانی کو اتنی بڑی عزت اور عظمت اور جاہ حاصل ہے کہ بڑے بڑے ڈپٹی اور جج اور دوسرے اعلیٰ عہدیدار قادیان آکر مرزا قادیانی کے پیر چومتے اور نذرانے پیش کرتے ہیں۔ اگر تمہیں ان کی زوجیت کا شرف نصیب ہو تو مدت العمر شاہزادیوں سے بڑھ کر عیش و راحت اور عزت و نمود کی زندگی بسر کرو گی۔ یہ بھی تحریک ہوتی تھی کہ تم اپنی ماں پر زور ڈالو کہ تمہاری شادی مرزا قادیانی سے کریں۔ انجام کار ان مسلسل تحریکات نے محمدی بیگم کو بھی مائل کر دیا اور اس نے وعدہ کر لیا کہ میں ماں سے اس خواہش کا اظہار کروں گی۔ جب لڑکی ہموار کر لی گئی تو اب یہ مرحلہ باقی رہ گیا کہ کسی طرح لڑکی کے باپ کو بھی آمادہ کیا جائے لیکن اس کی آمادگی مشکل تھی۔ اس لیے اس کو مرعوب کرنے کے لیے خوفناک الہاموں کا حربہ تجویز کیا گیا۔ اب لڑکی کا قلعہ دل مسخر ہو چکا تھا۔ مرزا قادیانی کی امیدوں کی بلندی گوش سحاب سے سرگوشیاں کر رہی تھی اور انہیں اپنی کامیابی کا ہر طرح سے کامل وثوق تھا۔ اسی بنا پر ان کا ارادہ تھا کہ اگر محمدی بیگم کے والد اور دوسرے اقربا کسی طرح نہ مانیں گے تو لڑکی سے کہہ دیا جائے گا کہ وہ اقربا سے قطع تعلق کر کے خود بخود مرزا قادیانی کے مشکوئے معلیٰ میں پہنچ جائے۔ انہی حالات کے تحت مرزا قادیانی نے فضیلت مآبی کی مسند پر قدم رکھ کر الہاموں اور پیشین گوئیوں کے طوفان برپا کر رکھے تھے۔ کو یہ معلوم نہیں کہ آئندہ چل کر محمدی بیگم کی رضا جوئی طاق اہمال پر کیوں رکھی رہ گئی اور مرزا قادیانی کی آسمانی منکوحہ کو پٹی ضلع لاہور کا ایک نوجوان کیوں جھپا لے گیا؟ لیکن اس کی وجہ ایک اور راوی نے یوں بیان کی ہے کہ میاں محمود احمد کی والدہ محمدی بیگم کی ماں کے پاس ہر روز یہ پیغام بھیج دیتی تھیں کہ تم شوق سے اپنی لڑکی کو میری سوکن بناؤ لیکن میں بھی اس سے ہر روز ٹیں سیر اناج پسوایا کروں گی۔ ان متواتر پیغاموں نے محمدی بیگم کو بھی بددل کر دیا تھا۔ موخر الذکر راوی کا بیان ہے کہ اسی بنا پر مرزا قادیانی کے فرزند اکبر مرزا سلطان محمد صاحب کہا کرتے تھے کہ "والد نے محمدی بیگم کے لیے سارے جہان سے لڑائی مول لے رکھی ہے لیکن اپنی بیوی کو نہیں سمجھاتے کہ اس قسم کے نفرت انگیز پیغام بھیج کر ان کے کام میں روڑے اٹکائے۔"

ازدواجی الہامات کا طوفان

اوپر لکھا جا چکا ہے کہ مرزا قادیانی نے ہبہ نامہ پر دستخط کر دینے کے عوض میں لڑکی لینے کا شرمناک سودا کرنا چاہا تھا۔ مرزا قادیانی نے اسی غیر شریفانہ حرکت پر اکتفا نہ کیا بلکہ اب محمدی بیگم کے جرم نا آشنا باپ اور دوسرے اقربا کو الہامی حربے چلا چلا کر خوف زدہ کرنے کا اقدام بھی شروع کر دیا۔ اسی سلسلہ میں چند روز کے بعد مرزا احمد بیگ کے نام ایک خط لکھا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ "خدا تعالیٰ نے اپنے کلام پاک سے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ اگر آپ اپنی دختر کلاں کا رشتہ میرے ساتھ منظور کریں تو وہ تمام نحوستیں آپ کی دور کر دے گا۔ اگر یہ رشتہ وقوع میں نہ آیا تو آپ کے لیے دوسری جگہ رشتہ کرنا ہرگز مبارک نہ ہوگا اور اس کا انجام درد اور تکلیف اور موت ہوگی۔ یہ دونوں طرف برکت اور موت ایسی ہیں کہ جن کو آزمانے کے بعد میرا صدق یا کذب معلوم ہو سکتا ہے۔" (آئینہ کمالات مؤلفہ مرزا غلام احمد قادیانی، ص 279) اس خط سے محمدی بیگم کے اقرباء پر کچھ بھی خوف و ہراس طاری نہ ہوا بلکہ الٹا مرزا قادیانی کی تحقیر و تذلیل کے درپے ہوئے۔ مرزا قادیانی نے یہ خط کمال رازداری سے لکھا تھا اور مرزا احمد بیگ کو تاکید کی تھی کہ یہ راز افشا نہ ہونے پائے لیکن مرزا نظام الدین نے جو مسیح صاحب کا عم زاد بھائی اور محمدی بیگم کا حقیقی ماموں تھا، یہ بھانڈا قادیان کے چوراہے پر پھوڑ دیا۔ چنانچہ مرزا قادیانی فرماتے ہیں۔ "نور افشاں" نے اعتراض کیا کہ "اگر یہ الہام خدا تعالیٰ کی طرف سے تھا اور اس پر کامل اعتقاد تھا تو پھر پوشیدہ کیوں رکھا گیا اور کیوں اپنے خط میں پوشیدہ رکھنے کی تاکید کی۔" اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک خانگی معاملہ تھا اور گو ہم شائع کرنے کے لیے مامور تھے مگر ہم نے دوسرے وقت کی انتظار کی۔ یہاں تک کہ اس لڑکی کے ماموں مرزا نظام الدین نے جو مرزا امام الدین کا حقیقی بھائی ہے۔ شدت غضب میں آ کر اس مضمون کو آپ ہی شائع کر دیا اور پھر زبانی اشاعت پر اکتفا نہ کر کے اخباروں میں ہمارا خط چھپوایا اور بازاروں میں ان کے دکھلانے سے وہ خط جابجا پڑھا گیا اور عورتوں اور بچوں تک اس خط کے مضمون کی منادی کی گئی اور مرزا نظام الدین کی کوشش سے ہمارا وہ خط "نور افشاں" میں بھی چھپا۔ (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 117)

آسمانی بشارت کہ محمدی بیگم انجام کار تمہاری بیوی بنے گی

قادیانی صاحب نے 20 فروری 1886ء کے اشتہار میں لکھا کہ "خدائے کریم جل شانہ نے مجھے بشارت دے کر کہا کہ خدا ایک اجڑا ہوا گھر تجھ سے آباد کرے گا۔ یہ ایک پیشین گوئی کی طرف اشارہ ہے جو پہلے شائع ہو چکی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس عاجز کے مخالف اور منکر رشتہ داروں کے حق میں نشان کے طور پر پیش گوئی ظاہر کی ہے کہ ان میں سے جو ایک شخص احمد بیگ نام ہے اگر وہ اپنی لڑکی اس عاجز کو نہیں دے گا تو تین برس کے عرصہ تک بلکہ اس کے قریب فوت ہو جائے گا اور وہ جو نکاح

کرے گا وہ روز نکاح سے اڑھائی برس کے عرصہ میں فوت ہوگا اور آخر وہ عورت اس عاجز کی بیویوں میں داخل ہوگی۔" (تبلیغ رسالت جلد اول، ص 61 حاشیہ) جب تقدس کا کوئی ٹھیکہ دار دل و دماغ میں کسی قسم کی خواہش کی حد سے زیادہ پرورش کرنے لگتا ہے اور اس کے متعلق کوئی تخیل پختہ کر لیتا ہے تو شیاطین اسی خیال کے بموجب اسے الہام کرنے لگتے ہیں اور وہ اس الہام کو منجانب اللہ یقین کر کے بلاتامل شائع کرتا ہے۔ خواہ بعد کو اسے کتنا ہی رسوا اور روسیاہ کیوں نہ ہونا پڑے۔ چنانچہ مرزا قادیانی اپنے ازالہ میں لکھتے ہیں۔ "الہام رحمانی بھی ہوتا ہے اور شیطانی بھی اور جب انسان اپنے نفس اور خیال کو دخل دے کر کسی بات کے انکشاف کے لیے بطور استخارہ یا استخبارہ وغیرہ کی توجہ کرتا ہے۔ خاص کر اس حالت میں کہ جب اس کے دل میں یہ تمنا مخفی ہوتی ہے کہ میری مرضی کے موافق کسی کی نسبت کوئی برا یا بھلا کلمہ بطور الہام مجھے معلوم ہو جائے تو شیطان اس وقت اس کی آرزو میں دخل دیتا ہے اور کوئی کلمہ اس کی زبان پر جاری ہو جاتا ہے اور دراصل وہ شیطانی کلمہ ہوتا ہے۔" (ازالہ اوہام مولفہ مرزا غلام احمد طبع پنجم ص 257) چونکہ مرزا قادیانی ہر وقت محمدی بیگم کے خیال میں غلطاں و پیچاں رہتے تھے اس لیے ضرور تھا کہ مرزا قادیانی کو بھی اس قسم کے الہام ہوتے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں مرزا قادیانی کو ایک الہام ہوا۔ "ہاں مجھے اپنے رب کی قسم ہے کہ یہ حق ہے اور تم اس بات کو وقوع میں آنے سے روک نہیں سکتے۔ ہم نے خود اس سے تیرا عقد نکاح باندھ دیا ہے۔ میری باتوں کو کوئی بدلا نہیں سکتا۔" (آسمانی فیصلہ مولفہ مرزا غلام احمد، ص 56) حضرات! "عقد نکاح باندھ دینا" قادیانی صاحب کا خاص الہامی محاورہ ہے۔ آنکھوں میں نزول الماء اتر آنا بھی مرزا قادیانی کا ایک مقدس محاورہ تھا۔

خدائی وعدہ میں شک نہ لانے کا الہام

ایک مرتبہ کسی خطرناک بیماری نے مرزا قادیانی کو زندگی سے نا امید کر دیا۔ حالت یاس میں خیال آیا کہ سفر آخرت درپیش ہے اور محمدی بیگم کی پیشین گوئی ہنوز پوری نہیں ہوئی۔ معاً الہام ہوا کہ "اپنے رب کے وعدے کی سچائی میں قطعاً شک نہ کرو۔" چنانچہ خود لکھتے ہیں۔ "جبکہ ابھی پیشگوئی پوری نہیں ہوئی تھی جیسا کہ اب تک بھی جو 16 اپریل 1891ء ہے پوری نہیں ہوئی تو اس کے بعد اس عاجز کو ایک سخت بیماری آئی یہاں تک کہ قریب موت کے نوبت پہنچ گئی بلکہ موت کو سامنے دیکھ کر وصیت بھی کر دی گئی۔ اس وقت گویا پیشگوئی آنکھوں کے سامنے آ گئی اور یہ معلوم ہو رہا تھا کہ اب آخری دم ہے اور کل جنازہ نکلنے والا ہے۔ تب میں نے اس پیشگوئی کی نسبت خیال کیا کہ شاید اس کے اور معنی ہوں گے جو میں سمجھ نہ سکا۔ اسی حالت قریب الموت میں مجھے الہام ہوا۔ **الحق من ربک فلا تکونن من الممترین** یعنی یہ بات تیرے رب کی طرف سے سچ ہے تو کیوں شک کرتا ہے۔" (ازالہ اوہام مولفہ مرزا غلام احمد قادیانی طبع پنجم، ص 166)

موانع نکاح دور کرنے کے آسمانی وعدے

محمدی بیگم کے پیغام نکاح کے بعد قادیان کے عالمِ خدا کی طرف سے مرزا قادیانی کو اس قسم کے مسلسل پیام آتے رہے کہ میں ہر قسم کے مانع دور کر کے محمدی بیگم کو تمہاری بیوی بناؤں گا۔ چنانچہ مرزا قادیانی نے 10 جولائی 1888ء کے اشتہار میں لکھا "پھر ان دنوں جو زیادہ تصریح اور تفصیل کے لیے بار بار توجہ کی گئی تو معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ نے یہ مقرر کر رکھا ہے کہ وہ مکتوب الیہ کی دختر کلاں کو جس کی نسبت درخواست کی گئی تھی ہر ایک روک دور کرنے کے بعد انجام کار اسی عاجز کے نکاح میں لائے گا۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 116) اس اعلان کے قریباً تین سال بعد اس جذبہ عناد کا لحاظ رکھتے ہوئے جو محمدی بیگم کے اقرباء کے دلوں میں مرزا قادیانی کے خلاف کارفرما تھا جب مرزا قادیانی کو یقین ہوا کہ محمدی بیگم ضرور کسی دوسری جگہ بیاہی جائے گی تو مرزا قادیانی اس قسم کے الہام شائع کرنے لگے کہ وہ باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ ہونے کے بعد ہر حالت میں ان کے بستر عیش کی زینت بنے گی۔ چنانچہ کتاب ازالہ اوہام میں جو 3 ستمبر 1891ء کو شائع ہوئی لکھا کہ "راقم رسالہ ہذا اس مقام پر خود صاحب تجربہ ہے عرصہ قریباً تین برس کا ہوا ہے کہ بعض تحریکات کی وجہ سے جن کا مفصل ذکر اشتہار دہم جولائی 1888ء میں مندرج ہے۔ خدائے تعالیٰ نے پیش گوئی کے طور پر اس عاجز پر ظاہر فرمایا کہ مرزا احمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ ہوشیار پوری کی دختر کلاں انجام کار تمہارے نکاح میں آئے گی اور وہ لوگ بہت عداوت کریں گے اور بہت مانع آئیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو لیکن آخر کار ایسا ہی ہوگا اور فرمایا کہ خدا تعالیٰ ہر طرح سے اس کو تمہاری طرف لائے گا باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کر کے اور ہر ایک روک کو درمیان سے اٹھا دے گا اور اس کام کو ضرور پورا کرے گا۔ کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔" (ازالہ طبع پنجم، ص 165) اس پیشین گوئی میں مرزا قادیانی کے الہام رساں نے مرزا قادیانی کو الہام کیا کہ "محمدی بیگم یا تو کنوار پن کی حالت میں تمہارے دست تصرف میں آئے گی یا بیوہ ہو کر۔" لیکن ظاہر ہے کہ یہ الہام بجائے خود مرزائی قصر مسیحیت کو چوند خاک کر رہا ہے کیونکہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ مرزا قادیانی کو الہام کرنے والا اتنا جاہل اور بے خبر تھا کہ اسے خود ہی معلوم نہ تھا کہ وہ قادیانی صاحب کی آسمانی منکوحہ کو شادی سے پہلے ان کے حجلہ عروسی کی زینت بنائے گا یا شادی کے بعد بیوہ کر کے مرزا قادیانی کے سپرد کرے گا۔

محمدی بیگم کے نکاح کو اپنے صدق یا کذب کا معیار ٹھہرانا

بعض دھاتیں بظاہر سونے سے ملتی جلتی ہیں اس لیے ناواقف لوگ ان کی سنہری رنگت اور درخشندگی کو دیکھ کر طلاء خالص یقین کر لیتے ہیں لیکن ان کا اصل یا نقل ہونا اس وقت متمیز ہوتا ہے جب صراف کے پاس پہنچ کر کسوٹی پر کسی جاتی ہیں چونکہ مرزا قادیانی بھی اوہام خیشہ کے القاء کو الہام خداوندی

خیال کرتے ہوئے اپنے تئیں برسرِ حق اور مامور من اللہ یقین کیے بیٹھے تھے اس لیے ضروری تھا کہ وہ بھی اپنے سچا ہونے کے معیار پیش کرتے اور لطف یہ کہ جب بھی ان معیاروں پر انھیں پرکھا جاتا تھا ان کا کذب ہی ظاہر ہوتا تھا۔ مرزا قادیانی نے اپنے صدق و کذب کی ایک کسوٹی یہ بتائی تھی کہ اگر محمدی بیگم مجھے مل گئی تو سچا ہوں ورنہ جھوٹا۔ چنانچہ 10 مئی 1888ء کے اخبار "نور افشاں" میں ان کا جو خط بنام مرزا احمد بیگ شائع ہوا اس میں فرماتے ہیں "خدا تعالیٰ نے اپنے کلام پاک سے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ اگر آپ اپنی دختر کلاں کا رشتہ میرے ساتھ منظور کریں تو وہ تمام نحوستیں آپ کی دور کر دے گا۔ اگر یہ رشتہ وقوع میں نہ آیا تو آپ کے لیے دوسری جگہ رشتہ کرنا ہرگز مبارک نہ ہوگا اور اس کا انجام درد اور تکلیف اور موت ہوگی۔ یہ دونوں طرف برکت اور موت کی پیش گوئیاں ایسی ہیں کہ جن کو آزمانے کے بعد میرا صدق یا کذب معلوم ہو سکتا ہے۔" (آئینہ کمالات، ص 269) اس کے بعد 10 جولائی 1888ء کے اشتہار میں لکھا کہ "جب مرزا نظام الدین کی کوشش سے وہ خط ہمارا "نور افشاں" میں چھپ گیا اور عیسائیوں نے اپنی عادت کے موافق بے جا افترا کرنا شروع کیا تو ہم پر فرض ہو گیا کہ اپنی قلم سے اصلیت کو ظاہر کریں۔ بدخیال لوگوں کو واضح ہو کہ ہمارا صدق یا کذب جانچنے کے لیے ہماری پیش گوئی سے بڑھ کر اور کوئی محک امتحان نہیں ہو سکتا۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 117) مرزا قادیانی نے محمدی بیگم کے عقد نکاح کو اس حیثیت سے بھی اپنے حق و باطل کا معیار ٹھہرایا تھا کہ مرزا قادیانی کے اقربا انھیں الہامی دعووں میں مکار اور دکاندار خیال کرتے تھے اس لیے حسب بیان مرزا قادیانی، خدائے تعالیٰ نے ان کی سچائی ظاہر کرنے کے لیے یہ الہامی پیشگوئی ظاہر فرمائی۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ "ایک عرصہ سے یہ لوگ جو میرے کنبے سے اور میرے اقارب ہیں کیا مرد اور کیا عورتیں مجھے میرے الہامی دعاوی میں مکار اور دکاندار خیال کرتے ہیں۔ پس خدا تعالیٰ نے انھی کی بھلائی کے لیے انھی کے تقاضا سے انھی کی درخواست سے اس الہامی پیش گوئی کو ظاہر فرمایا ہے۔ کاش وہ پہلے نشانوں کو کافی سمجھتے اور یقیناً وہ ایک ساعت بھی مجھ پر بدگمانی نہ کر سکتے۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 119) ظاہر ہے چونکہ محترمہ محمدی بیگم مرزا قادیانی کے نکاح میں نہ آئیں اور ان کا یہ بیان کردہ نشان غلط نکلا اس لیے مرزا قادیانی خود اپنی زبان سے دکاندار ثابت ہوئے۔

محمدی بیگم کے حصول کی مختلف تدبیریں

یوں تو مرزا قادیانی کو وادی محبت میں قدم رکھے کئی سال گزر رہے تھے لیکن مخصوص جد و جہد اور اضطرابی کیفیت کے پیش نظر میں 1891ء اور 1892ء دو سال کو محبت و فراق کا خاص موسم قرار دیتا ہوں۔ جس سر میں محبت کا سودا سماتا ہے اس کی حالت کسی سے مخفی نہیں۔ پس علام الغیوب ہی جانتا ہے کہ ان دنوں حضرت مرزا قادیانی کے دل محبت منزل پر کیا گزر رہی تھی۔ عربی میں ضرب المثل ہے۔ الانسان حریص علی ما منع (جس کام سے انسان کو روکا جائے، اسی کی طرف اس کا زیادہ میلان ہوتا ہے) یہ مثل مرزا

قادیانی پر خوب صادق آتی ہے۔لڑکی کے اقرباء کی طرف سے جتنا زیادہ انکار و اعراض ہوتا تھا اسی قدر مرزا قادیانی کی شراب آرزو دو آتشہ اور سہ آتشہ ہوتی جا رہی تھی۔ آخر وہ وقت آ گیا جبکہ دل کی بے کلی ساعت بساعت بڑھنے لگی اور زمام صبر و شکیب ہاتھ سے چھوٹتی نظر آئی۔

رباعی

عمرے بشکیب می ستودم خود را
در شیوۂ صبر می نمودم خود را
چوں عشق آمد ، کدام صبر و چہ شکیب؟
الملنۃ للہ آزمودم خود را

کامیابی کے مسلسل الہامی وعدوں کے باوجود مرزا قادیانی نے حصول مقصد کے لیے جدوجہد کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ترغیب و ترہیب، چاپلوسی اور سختی کے تمام سرد و گرم ذرائع استعمال کیے۔اس سلسلہ میں مرزا قادیانی نے

1- لڑکی کے ان اقرباء کے نام خطوط بھیجے جن کے ہاتھ میں کامیابی کی کلید تھی۔
2- لڑکی کے منگیتر مرزا سلطان محمد متوطن قصبہ پٹی ضلع لاہور کے نام تہدید آمیز چٹھیاں لکھ کر خواہش کی کہ تم اس نسبت و ناطہ سے انکار کر دو۔
3- جو لوگ اس کام میں کوشاں تھے ان کی مٹھیاں گرم کیں یا گرم کرنے کا وعدہ کیا۔اب ہر بیان کو جداگانہ عنوان کے ماتحت درج کیا جاتا ہے۔

مراسلات بنام اقربائے مطلوبہ

مرزا علی شیر بیگ مسیح قادیاں کے حقیقی ماموں زاد بھائی تھے۔مسیح صاحب کی پہلی بیوی یعنی والدۂ مرزا سلطان احمد و فضل احمد جنہیں مسیح صاحب نے کئی سال سے معلقہ کر رکھا تھا یعنی نہ طلاق دیتے تھے اور نہ گھر میں رکھتے تھے۔انہی کی مظلومہ بہن تھیں۔ان دوہری قرابتوں کے علاوہ مرزا علی شیر بیگ مرزا قادیانی کے سمدھی یعنی فضل احمد کے خسر بھی تھے۔فضل احمد کی بیوی کا نام عزت بی بی تھا۔عزت بی بی کی والدہ یعنی مرزا علی شیر بیگ کی بیوی مرزا احمد بیگ کی حقیقی ہمشیرہ تھیں۔چونکہ مرزا قادیانی نے مرزا علی شیر بیگ کی بہن کو گھر سے علیحدہ کر کے میکے چلے جانے اور اسی جگہ بے کسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کر رکھا تھا اور منکوحہ ہونے کے باوجود تعلقات زناشوئی اور نان نفقہ دینے سے اجتناب تھا اس لیے مرزا علی شیر بیگ اور ان کی بیوی اور دوسرے اقرباء مرزا قادیانی سے سخت ناخوش تھے چونکہ مرزا قادیانی کا خیال تھا کہ محمدی بیگم کے نکاح کا عقدہ مرزا علی شیر بیگ اور ان کی بیوی کے ناخن تدبیر سے حل ہو سکتا ہے۔اس لیے مرزا

قادیانی نے باہمی ناچاقی اور ناراضی کے باوجود پہلے ان دونوں کو اور پھر مرزا احمد بیگ کے نام تہدیدی خطوط لکھے۔ قاضی فضل احمد صاحب لدھیانوی نے اپنی کتاب "کلمہ فضل رحمانی" کے صفحات 123-128 پر یہ خطوط درج کیے ہیں۔ یہ چٹھیاں مرزا علی شیر بیگ مرحوم کے پاس تھیں۔ شیخ نظام الدین چشتی ساکن راہوں نے ان سے حاصل کر کے اپنے دوست قاضی فضل احمد سابق کورٹ انسپکٹر کو دے دیں اور قاضی صاحب نے ان کو کلمہ فضل رحمانی میں زیب رقم کر دیا۔ (کلمہ فضل رحمانی، ص 123) یہ خطوط ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

پہلا خط سمدھی کے نام

مرزا قادیانی نے اپنے سمدھی مرزا علی شیر بیگ کے نام جو محمدی بیگم کے پھوپھا تھے بتاریخ 4 مئی 1891ء یہ خط لدھیانہ سے جہاں مسیح قادیاں ان دنوں قیام فرما تھے لکھا: "مشفقی مرزا علی شیر بیگ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ! اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ مجھ کو آپ سے کسی طرح سے فرق نہ تھا اور میں آپ کو ایک غریب طبع اور نیک خیال آدمی اور اسلام پر قائم سمجھتا ہوں۔ لیکن اب جو آپ کو ایک خبر سناتا ہوں آپ کو اس سے بہت رنج گزرے گا۔ مگر میں للہ ان لوگوں سے تعلق چھوڑنا چاہتا ہوں جو مجھے ناچیز بتاتے ہیں اور دین کی پرواہ نہیں رکھتے۔ آپ کو معلوم ہے کہ مرزا احمد بیگ کی لڑکی کے بارے میں ان لوگوں کے ساتھ کس قدر میری عداوت ہو رہی ہے۔ اب میں نے سنا ہے کہ عید کی دوسری یا تیسری تاریخ کو اس لڑکی کا نکاح ہونے والا ہے اور آپ کے گھر کے لوگ اس مشورہ میں شامل ہیں۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ اس نکاح کے شریک میرے سخت دشمن ہیں بلکہ میرے کیا دین اسلام کے سخت دشمن ہیں۔ عیسائیوں کو ہنسانا چاہتے ہیں۔ ہندوؤں کو خوش کرنا چاہتے ہیں اور اللہ اور رسول کے دین کی کچھ بھی پرواہ نہیں رکھتے اور اپنی طرف سے میری نسبت ان لوگوں نے یہ پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ اس کو خوار و ذلیل کیا جائے، روسیاہ کیا جائے۔ یہ اپنی طرف سے ایک تلوار چلانے لگے ہیں۔ اب مجھ کو بچا لینا اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔ اگر میں اس کا ہوں گا تو ضرور بچا لے گا۔ اگر آپ کے گھر کے لوگ سخت مقابلہ کر کے اپنے بھائی کو سمجھاتے تو کیوں نہ سمجھ سکتا۔ کیا میں چوہڑا یا چمار تھا جو مجھ کو لڑکی دینا عار یا ننگ تھی بلکہ وہ تو اب تک ہاں میں ہاں ملاتے رہے اور اپنے بھائی کے لیے مجھے چھوڑ دیا اور اب اس لڑکی کے نکاح کے لیے سب ایک ہو گئے۔ یوں تو مجھے کسی کی لڑکی سے کیا غرض کہیں جائے مگر یہ تو آزمایا گیا کہ جن کو میں خویش سمجھتا تھا اور جن کی لڑکی کے لیے چاہتا تھا کہ اس کی اولاد ہو اور وہ میری وارث ہو وہی میرے خون کے پیاسے، وہی میری عزت کے پیاسے ہیں کہ چاہتے ہیں کہ خوار ہو اور اس کا روسیاہ ہو۔ خدا بے نیاز ہے جس کو چاہے روسیاہ کرے مگر اب تو وہ مجھے آگ میں ڈالنا چاہتے ہیں میں نے خط لکھے کہ پرانا رشتہ مت توڑو۔ خدائے تعالیٰ سے خوف کرو کسی نے جواب نہ دیا بلکہ میں نے سنا ہے کہ آپ کی بیوی نے جوش میں آ کر کہا کہ ہمارا کیا رشتہ ہے؟ صرف ۔۔۔

کے لیے فضل احمد کے گھر میں ہے۔ بے شک وہ طلاق دے دے ہم راضی ہیں ہم نہیں جانتے کہ یہ شخص کیا بلا ہے۔ ہم اپنے بھائی کے خلاف مرضی نہ کریں گے۔ یہ شخص کہیں مرتا بھی نہیں۔ پھر میں نے رجسٹری کرا کر آپ کی بیوی صاحبہ کے نام خط بھیجا۔ مگر کوئی جواب نہ آیا اور بار بار کہا کہ اس سے ہمارا کیا باقی رہ گیا جو چاہے سو کرے۔ ہم اس کے لیے اپنے خویشوں سے اپنے بھائیوں سے جدا نہیں ہو سکتے۔ مرتا مرتا رہ گیا کہیں مرا بھی ہوتا یہ باتیں آپ کی بیوی کی مجھے پہنچی ہیں۔ بے شک میں ناچیز ہوں، ذلیل ہوں، خوار ہوں مگر خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں میری عزت ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اب جب میں ایسا ذلیل ہوں تو میرے بیٹے سے تعلق رکھنے کی کیا حاجت ہے، لہٰذا میں نے ان کی خدمت میں خط لکھ دیا ہے کہ اگر آپ اپنے ارادہ سے باز نہ آئیں اور اپنے بھائی کو اس نکاح سے روک نہ دیں پھر جیسا کہ آپ کی خود منشا ہے۔ میرا بیٹا فضل احمد بھی آپ کی لڑکی اپنے نکاح میں رکھ نہیں سکتا بلکہ ایک طرف جب محمدی کا کسی شخص سے نکاح ہوگا تو دوسری طرف سے فضل احمد آپ کی لڑکی کو طلاق دے دے گا۔ اگر نہیں دے گا تو میں اس کو عاق اور لاوارث کر دوں گا۔ اگر میرے لیے احمد بیگ سے مقابلہ کرو گے اور یہ ارادہ اس کا بند کرا دو گے تو میں بدل و جان حاضر ہوں اور فضل احمد کو جو اب میرے قبضے میں ہے ہر طرح سے درست کر کے آپ کی لڑکی کی آبادی کے لیے کوشش کروں گا اور میرا مال ان کا مال ہوگا لہٰذا آپ کو بھی لکھتا ہوں کہ اس وقت کو سنبھال لیں اور احمد بیگ کو پورے زور سے خط لکھیں کہ باز آ جائے اور اپنے گھر کے لوگوں کو تاکید کر دیں کہ وہ بھائی کو لڑائی کر کے روک دیں ورنہ مجھے خدائے تعالیٰ کی قسم ہے کہ اب ہمیشہ کے لیے یہ تمام رشتے ناطے توڑ دوں گا۔ اگر فضل احمد میرا فرزند اور وارث بننا چاہتا ہے تو اسی حالت میں آپ کی لڑکی کو گھر میں رکھے گا۔ جب آپ کی بیوی کی خوشی ثابت ہو ورنہ جہاں میں رخصت ہوا ایسا ہی سب رشتے ناطے ٹوٹ گئے۔ یہ باتیں خطوں کی معرفت مجھے معلوم ہوئی ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ کہاں تک درست ہیں۔ واللہ اعلم۔ راقم خاکسار غلام احمد از لدھیانہ اقبال گنج 2 مئی 1891ء۔"

دوسرا خط محمدی بیگم کی پھوپھی کے نام

اسی تاریخ کو مرزا قادیانی نے یہ خط مرزا علی شیر بیگ کی بیوی کے نام لکھ بھیجا جو محمدی بیگم کی پھوپھی تھیں۔ "والدہ عزت بی بی کو معلوم ہو کہ مجھ کو خبر پہنچی ہے کہ چند روز میں محمدی (مرزا احمد بیگ کی لڑکی) کا نکاح ہونے والا ہے اور میں خدائے تعالیٰ کی قسم کھا چکا ہوں کہ اس نکاح سے رشتہ ناطے توڑ دوں گا اور کوئی تعلق نہیں رہے گا اس لیے نصیحت کی راہ سے لکھتا ہوں کہ اپنے بھائی مرزا احمد بیگ کو سمجھا کر یہ ارادہ موقوف کراؤ اور جس طرح تم سمجھا سکتی ہو اس کو سمجھاؤ اور اگر ایسا نہ ہوگا تو آج میں نے مولوی نور الدین صاحب اور فضل احمد کو خط لکھ دیا ہے کہ اگر تم اس ارادہ سے باز نہ آؤ تو فضل احمد عزت بی بی کے لیے طلاق نامہ لکھ کر بھیج دے اور اگر فضل احمد طلاق نامہ لکھنے میں عذر کرے تو اس کو عاق کیا جائے اور اپنے بعد اس کو

وارث نہ سمجھا جائے اور ایک پیسہ اس کو وراثت کا نہ ملے۔ سو امید رکھتا ہوں کہ شرطی طور پر اس کی طرف سے طلاق نامہ لکھا آ جائے گا جس کا یہ مضمون ہوگا کہ اگر مرزا احمد بیگ محمدی کا نکاح غیر کے ساتھ کرنے سے باز نہ آئے تو پھر اسی روز سے جو محمدی کا کسی اور سے نکاح ہو جائے۔ عزت بی بی کو تین طلاق ہیں۔ سو اس طرح پر لکھنے سے اس طرف تو محمدی کا کسی دوسرے سے نکاح ہوگا اور اس طرف عزت بی بی پر فضل احمد کی طلاق پڑ جائے گی سو یہ شرطی طلاق ہے اور مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ اب بجز قبول کرنے کے کوئی راہ نہیں اور اگر فضل احمد نے نہ مانا تو میں فی الفور اس کو عاق کر دوں گا اور پھر وہ میری وراثت سے ایک دانہ نہیں پا سکتا اور اگر آپ اس وقت اپنے بھائی کو سمجھا لو تو آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ مجھے افسوس ہے کہ میں عزت بی بی کی بہتری کے لیے ہر طرح سے کوشش چاہتا تھا اور میری کوشش سے سب نیک بات ہو جاتی ہے۔ مگر آدمی پر تقدیر غالب ہے۔ یاد رہے کہ میں نے کوئی بات کچی نہیں لکھی۔ مجھے قسم ہے اللہ تعالیٰ کی کہ میں ایسا ہی کروں گا اور خدا تعالیٰ میرے ساتھ ہے۔ جس دن نکاح ہوگا اسی دن عزت بی بی کا نکاح باقی نہ رہے گا۔ (راقم، مرزا غلام احمد از لدھیانہ اقبال گنج، 4 مئی 1891ء)

تیسرا خط بہو کی طرف سے سمدھن کے نام

انہی کے ساتھ مرزا قادیانی نے ایک خط بہو کی طرف سے اس کی ماں کی طرف بھی بھجوایا' جو محمدی بیگم کی پھوپھی تھیں۔ اس کا یہ مضمون تھا۔ ''منجانب عزت بی بی بنام والدہ۔ اس وقت میری بربادی اور تباہی کی طرف خیال کرو۔ مرزا صاحب کسی طرح مجھ سے فرق نہیں کرتے (یعنی حسن سلوک سے پیش آتے ہیں) اگر تم اپنے بھائی (مرزا احمد بیگ) کو سمجھاؤ تو سمجھا سکتی ہو۔ ورنہ طلاق ہوگی اور ہزار طرح کی رسوائی ہوگی۔ اگر منظور نہیں تو خیر جلد مجھے اس جگہ سے لے جاؤ پھر میرا اس جگہ ٹھہرنا مناسب نہیں۔'' اس خط پر مرزا قادیانی نے اپنے قلم سے یہ لکھا'' جیسا کہ عزت بی بی نے تاکید سے کہا ہے کہ اگر نکاح رک نہیں سکتا تو بلا توقف عزت بی بی کے لیے قادیاں سے کوئی آدمی بھیج دو تا کہ اس کو لے جائے۔'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بہو بھی قادیاں سے لدھیانہ گئی ہوئی تھی۔ ظاہر ہے کہ ان تینوں خطوط سے مرزا قادیانی پر کتنے الزام قائم ہوتے ہیں۔ خدائے قدوس پر افتراء، قطع رحمی، ظلم، ظلم کو قسم کے ساتھ موکد کرنا، جھوٹی قسم کھانا، بے گناہ سے مواخذہ، طلاق بدلی کا حکم، وارث شرعی کو محروم الارث کرنے کی کوشش، الہام بنا لینا وغیرہ۔

چوتھا خط بنام مرزا احمد بیگ

مرزا قادیانی نے متذکرہ صدر خطوط کے قریباً ڈھائی مہینہ بعد یعنی 17 جولائی 1891ء کو ایک خط لڑکی کے والد مرزا احمد بیگ کے نام بدیں الفاظ روانہ کیا۔

''مشفقی مکرمی اخویم مرزا احمد بیگ صاحب سلمہ تعالیٰ۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ قادیاں

میں جب واقعہ ہائلہ محمود فرزند ان مکرم کی خبر سنی تھی تو بہت درد اور رنج اور غم ہوا لیکن بوجہ اس کے یہ عاجز بیمار تھا اور خط نہیں لکھ سکتا تھا۔ اس لیے عزا پرسی سے مجبور رہا۔ صدمہ وفات فرزنداں حقیقت میں ایک ایسا صدمہ ہے کہ شاید اس کے برابر دنیا میں اور کوئی صدمہ نہ ہوگا۔ خصوصاً بچوں کی ماؤں کے لیے تو سخت مصیبت ہوتی ہے۔ خداوند تعالیٰ آپ کو صبر بخشے اور اس کا بدل صاحب عمر عطا فرمائے اور عزیزی مرزا محمد بیگ کو عمر دراز بخشے کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کوئی بات اس کے آگے انہونی نہیں۔ آپ کے دل میں گو اس عاجز کی نسبت کچھ غبار ہو لیکن خداوند علیم جانتا ہے کہ اس عاجز کا دل بکلی صاف ہے۔ میں نہیں جانتا کہ میں کس طریق اور کن لفظوں میں بیان کروں تا میرے دل کی محبت اور خلوص ہمدردی جو آپ کی نسبت مجھ کو ہے آپ پر ظاہر ہو جائے۔ مسلمانوں کے ہر ایک نزاع کا آخری فیصلہ قسم پر ہوتا ہے۔ جب ایک مسلمان خدا تعالیٰ کی قسم کھا جاتا ہے تو دوسرا مسلمان اس کی نسبت فی الفور دل صاف کر لیتا ہے۔ ہمیں خدائے تعالیٰ قادر مطلق کی قسم مجھے الہام ہوا تھا کہ آپ کی دختر کلاں کا رشتہ اس عاجز سے ہوگا اگر دوسری جگہ ہوگا تو خدا تعالیٰ کی تنبیہیں وارد ہوں گی اور آخر اسی جگہ ہوگا کیونکہ آپ میرے عزیز اور پیارے تھے اس لیے میں نے عین خیر خواہی سے آپ کو جتلایا کہ دوسری جگہ اس رشتے کا کرنا ہرگز مبارک نہ ہوگا۔ میں نہایت ظالم طبع ہوتا جو آپ پر ظاہر نہ کرتا اور میں اب بھی عاجزی اور ادب سے آپ کی خدمت میں ملتمس ہوں کہ اس رشتے سے آپ انحراف نہ فرمائیں کہ یہ آپ کی لڑکی کے لیے نہایت درجہ موجب برکت ہوگا اور خدا تعالیٰ ان برکتوں کا دروازہ کھولے گا جو آپ کے خیال میں نہیں، کوئی غم اور فکر کی بات نہیں ہوگی۔ جیسا کہ یہ اس کا حکم ہے جس کے ہاتھ میں زمین و آسمان کی کنجی ہے تو پھر کیوں اس میں خرابی ہوگی اور آپ کو شاید معلوم ہوگا یا نہیں کہ یہ پیشگوئی اس عاجز کی ہزار ہا لوگوں میں مشہور ہو چکی ہے اور میرے خیال میں شاید دس لاکھ سے زیادہ آدمی ہوگا، جو اس پیش گوئی پر اطلاع رکھتا ہے اور ایک جہان کی اس طرف نظر لگی ہوئی ہے اور ہزاروں پادری شرارت سے نہیں بلکہ حماقت سے منتظر ہیں کہ یہ پیشگوئی جھوٹی نکلے تو ہمارا پلہ بھاری ہو۔ لیکن یقیناً خدا تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا اور اپنے دین کی مدد کرے گا۔ میں نے لاہور میں جا کر معلوم کیا کہ ہزاروں مسلمان مساجد میں نماز کے بعد اس پیش گوئی کے ظہور کے لیے بصدق دل دعا کرتے ہیں۔ سو یہ ان کی ہمدردی اور محبت ایمانی کا تقاضا ہے اور یہ عاجز جیسے لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ پر ایمان لایا ہے ویسے ہی خدا تعالیٰ کے ان الہامات پر جو تواتر سے اس عاجز پر ہوئے ایمان لاتا ہے اور آپ سے ملتمس ہے کہ آپ اپنے ہاتھ سے اس پیشگوئی کے پورا ہونے کے لیے معاون بنیں تا کہ خدا تعالیٰ کی برکتیں آپ پر نازل ہوں، خدا تعالیٰ سے کوئی بندہ لڑائی نہیں کر سکتا اور جو امر آسمان پر ٹھہر چکا ہے زمین پر وہ ہرگز نہیں بدل سکتا۔ خدا تعالیٰ آپ کو دین اور دنیا کی برکتیں عطا کرے اور اب آپ کے دل میں وہ بات ڈالے جس کا اس نے آسمان پر سے مجھے الہام کیا ہے۔ آپ کے سب غم دور ہوں اور دین و دنیا دونوں آپ کو

خدا نے تعالیٰ عطا فرمائے۔ اگر میرے اس خط میں کوئی نالائم لفظ ہو تو معاف فرمائیں۔ والسلام (خاکسار احقر عباد اللہ غلام احمد عفی عنہ، 17 جولائی 1892ء بروز جمعہ) مرزا قادیانی نے اس چٹھی کی جو مرزا احمد بیگ کے نام روانہ کی تھی ایک اشتہار میں خود تصدیق فرمائی ہے یہ اشتہار 10 جولائی 1888ء کو شائع کیا تھا۔ اس کا عنوان تھا "ایک پیش گوئی پیش از وقوع کا اشتہار" اس کی پیشانی پر یہ دو شعر درج تھے۔

پیش گوئی کا جب انجام ہویدا ہوگا
قدرت حق کا عجب ایک تماشا ہوگا
جھوٹ اور سچ میں جو ہے فرق وہ پیدا ہوگا
کوئی پا جائے گا عزت کوئی رسوا ہوگا

اس کے بعد لکھا تھا کہ اخبار "نور افشاں" مورخہ 10 مئی 1888ء میں جو اس راقم کا ایک خط متضمن درخواست نکاح چھاپا گیا ہے اس خط کو صاحب اخبار نے اپنے پرچے میں درج کر کے عجیب طرح کی زبان درازی کی ہے۔ یہ خط محض ربانی اشارہ سے لکھا گیا تھا۔ ایک مدت دراز سے بعض سرکردہ اور قریبی رشتہ دار مکتوب الیہ کے جن کی حقیقی ہمشیرہ زادی کی نسبت درخواست کی گئی تھی نشان آسمانی کے طالب تھے یہ لوگ مجھ کو میرے دعوے الہام میں مکار اور دروغ گو خیال کرتے تھے اور مجھ سے کوئی نشان آسمانی مانگتے تھے۔ (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 111)

پانچواں خط بنام مرزا احمد بیگ

ایک اور اہم چٹھی جو خود مرزا قادیانی نے "آئینہ کمالات" (ص 573-574) میں درج کی ملاحظہ ہو۔ فرماتے ہیں۔ تب میں نے حق تعالیٰ کے ایماء اور اشارے سے مرزا احمد بیگ کے نام ایک چٹھی لکھی جس میں لکھا کہ "اے عزیز بیٹے۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ میری سنجیدہ عرضداشت کو لغو خیال کرتے ہیں اور میری بات کا اعتبار نہیں کرتے۔ بخدا میں آپ کو کسی طرح سے تکلیف دینا نہیں چاہتا۔ ان شاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ میں آپ کے ساتھ کس قدر احسان کرتا ہوں۔ اگر آپ نے میرے خاندان کے خلاف مرضی میری درخواست کو شرف قبول بخشا تو میں آپ سے قسمی وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنی زمین اور باغ میں سے آپ کو حصہ دوں گا اور اس رشتہ کی وجہ سے آپس کی نزاع رفع ہو جائے گی۔ اگر میری بات مان لی تو آپ مجھ پر مہربانی اور احسان کریں گے اور میں آپ کا بڑا ممنون ہوں گا اور آپ کی درازی عمر کے لیے درگاہ خداوندی میں دعا کروں گا اور آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کی صاحبزادی کو اپنی زمین اور دوسرے مملوکات کی تہائی کا مالک بنا دوں گا اور میں سچ کہتا ہوں کہ اس میں سے جو کچھ مانگیں گے میں آپ کو دوں گا۔ ایسی حالت میں صلہ رحمی، عزیزوں سے محبت اور حقوق قرابت کی نگہداشت میں آپ کو مجھ جیسا کوئی شخص نہ مل سکے گا۔ آپ مجھے اپنی مشکلات میں اپنا معاون و دستگیر پائیں گے۔ آپ کے ہر بوجھ کو اٹھاؤں گا۔ اس

لیے انکار میں اپنا وقت ضائع نہ کیجئے اور شک وشبہ کو راہ نہ دیجئے۔ میں یہ خط اپنی مرضی سے نہیں بلکہ اپنے پروردگار کے حکم سے لکھ رہا ہوں۔ یہ خط بڑے سچے اور امین کی طرف سے ہے۔ اس کو اپنے صندوق میں محفوظ رکھئے۔ حق تعالیٰ گواہ ہے کہ میں اس بیان میں صادق ہوں اور جو کچھ میں نے آپ سے وعدہ کیا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور میں نے اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا بلکہ جو کچھ کہا ہے حق تعالیٰ نے مجھ سے اپنے الہام سے کہلوایا ہے۔ یہ مجھے میرے رب کی وصیت تھی جسے میں نے پورا کیا۔ ورنہ مجھے آپ کی یا آپ کی لڑکی کی کچھ ضرورت نہیں تھی۔ اگر اس الہام کی مدت گزر جائے اور سچائی ظاہر نہ ہو تو میرے گلے میں رسی اور پاؤں میں زنجیر ڈال دینا اور مجھے ایسی سزا دینا کہ دنیا میں کسی کو نہ دی گئی ہو۔"

(عربی تحریر کا خلاصہ مفہوم)

مرزا سلطان محمد کے نام تہدیدی خطوط کا سلسلہ

مندرجہ بالا خطوط کے علاوہ مرزا قادیانی نے لڑکی کے منگیتر مرزا سلطان محمد کے نام بھی بہت سے خطوط لکھے اور اسے ڈرایا، دھمکایا کہ اگر تم نکاح کرو گے تو تم پر خدا کا قہر نازل ہوگا اور تم تباہ و برباد ہو جاؤ گے اور یہ نکاح تمہارے حق میں سخت زبون ہوگا۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔ "احمد بیگ کے داماد کا یہ قصور تھا کہ اس نے تخویف کا اشتہار دیکھ کر اس کی پرواہ نہ کی۔ خط پر خط بھیجے گئے۔ ان سے کچھ نہ ڈرا، پیغام بھیج کر سمجھایا گیا۔ کسی نے اس طرف ذرا التفات نہ کی اور احمد بیگ سے ترک نہ چاہا بلکہ وہ سب گستاخی اور استہزا میں شریک ہوئے۔ سو یہی قصور تھا کہ پیشگوئی کو سن کر پھر ناطہ کرنے پر راضی ہوئے۔"

(تبلیغ رسالت، جلد 3، ص 166)

زر پاشی کی قوت تسخیر سے حصول مقصد کی جدوجہد

زر کی قوت تسخیر تمام حربوں سے زیادہ زبردست مانی گئی ہے چنانچہ کسی نے کہا ہے۔

اے زر تو خدا نہ ای و لیکن بخدا
ستار عیوب و قاضی الحاجاتی

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی نے زر پاشی سے بھی مطلب براری کی بہت کچھ کوشش فرمائی تھی۔ چنانچہ میاں بشیر احمد صاحب کا مندرجہ ذیل بیان اس حقیقت پر روشنی ڈالتا ہے۔ "ایک مرتبہ حضرت مسیح موعود جالندھر جا کر قریباً ایک ماہ ٹھہرے تھے۔ ان ایام میں محمدی بیگم کے ایک حقیقی ماموں نے محمدی بیگم کا حضرت صاحب سے رشتہ کرا دینے کی کوشش کی تھی مگر کامیاب نہیں ہوا۔ یہ ان دنوں کی بات ہے کہ ابھی محمدی بیگم کا مرزا سلطان محمد سے رشتہ نہیں ہوا تھا۔ محمدی بیگم کا یہ ماموں جالندھر اور ہوشیار پور کے درمیان یکے پر آیا جایا کرتا تھا اور وہ مرزا قادیانی سے کچھ انعام کا بھی خواہاں تھا اور چونکہ محمدی بیگم کے نکاح کا عقدہ

زیادہ تر اسی شخص کے ہاتھ میں تھا۔ اس لیے حضرت (مرزا) صاحب نے اس سے وقتاً انعام کا وعدہ بھی فرمایا تھا۔ مگر یہ شخص اس معاملہ میں بدنیت تھا کیونکہ بعد میں یہی شخص اور اس کے دوسرے ساتھی اس لڑکی کے دوسری جگہ بیاہے جانے کا موجب ہوئے۔ مگر حضرت (مرزا) صاحب نے بھی اس شخص کو روپیہ دینے کے متعلق بعض حکیمانہ احتیاطیں (پالیسیاں اور چالیں) ملحوظ رکھی ہوئی تھیں۔"

(سیرۃ المہدی، جلد اول ص 174)

محمدی بیگم کے حصول کے لیے مرزا قادیانی اور ان کی بیوی کی دعائیں

محمدی بیگم کے حصول کے لیے مرزا قادیانی نے جہاں ایک طرف ظاہری جدوجہد کی دھما چوکڑی مچا رکھی تھی تو دوسری طرف باطنی اور روحانی تدابیر سے بھی غافل نہ تھے۔ چونکہ جماعت کے وقار مرزا کا سوال تھا۔ اس لیے نہ صرف خود مرزا قادیانی ہر وقت بارگاہ رب العالمین میں سربسجود تھے بلکہ ساری مرزائی جماعت بھی شبانہ روز دست بدعا تھی اور تو اور حسب زعم مرزا بشیر احمد خود مرزا قادیانی کی اہلیہ محترمہ حضرت جہاں بیگم صاحبہ بھی اپنی آسمانی سوکن کے نزول اور اس کی جلوہ نمائی کے لیے بے قرار تھیں اور خوب مانگ مانگ کر دعائیں مانگ رہی تھیں۔ چنانچہ ان کے فرزند ارجمند میاں بشیر احمد صاحب ایم اے "سیرۃ المہدی" میں رقم طراز ہیں۔ "ایک دفعہ کے متعلق حضرت کی پیش گوئی کے پورا ہونے کے لیے حضرت کی بیوی محترمہ نے بار بار رو رو کر دعائیں کی ہیں۔ ایک دن بھی دعا مانگ رہی تھیں تو حضرت نے پوچھا کہ آپ کیا دعا مانگتی ہیں؟ جواب دیا یہ مانگ رہی ہوں (کہ محمدی بیگم آپ کو ملے) مرزا قادیانی نے فرمایا کہ سوکن کا آنا تمہیں کیونکر پسند ہے؟ کہا کچھ ہی کیوں نہ ہو مجھے اس بات کا پاس ہے کہ آپ کے منہ کی نکلی ہوئی بات (کسی طرح) پوری ہو جائے۔" (سیرۃ المہدی، جلد اول، ص 259) اگر میاں بشیر احمد کی یہ روایت صحیح ہے تو میرا خیال ہے کہ یہ سب تقیہ تھا۔

مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کے انتقال کی پیشین گوئی

مرزا قادیانی نے اپنی پیشین گوئیوں کو بھی اپنے صدق و کذب کا معیار ٹھہرایا تھا۔ چنانچہ ایک اشتہار میں لکھا تھا۔ "بدخیال لوگوں کو واضح ہو کہ ہمارا صدق و کذب جانچنے کے لیے ہماری پیش گوئی سے بڑھ کر کوئی محک امتحان نہیں ہو سکتا۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، صفحہ 118) اس بنا پر حق تعالیٰ کی قدرت قاہرہ نے مرزا صاحب کی سینکڑوں ہزاروں پیشین گوئیوں میں سے کسی ایک پیشین گوئی کو بھی پورا نہ ہونے دیا۔ گو عجب نہیں کہ بعض ایسی پیشین گوئیاں پوری ہوئی ہوں کہ قرائن حالیہ ان کے ظہور کے مؤید تھے۔ لیکن میں ایسی پیشین گوئیوں کو دائرہ حدود سے خارج سمجھتا ہوں کیونکہ شواہد و قرائن کی موجودگی میں تو زید عمرو بکر ہر شخص پیشین گوئی کر سکتا ہے۔ مثلاً راج پال جس نے 1928ء میں غازی علم دین شہید کے ہاتھوں لاہور

میں زندگی کی رسوائی سے نجات پائی تھی اس کے قتل کی نہ صرف خاکسار راقم الحروف نے بلکہ بہت سے دوسرے لوگوں نے بھی پیشین گوئی کر رکھی تھی جو حرف بحرف پوری ہوئی۔ البتہ مرزا احمد بیگ کے انتقال کی پیشین گوئی ایسی ہے جس کے متعلق مرزائیوں کا دعویٰ ہے کہ پوری ہوئی اور اس پر وہ بہت کچھ اترایا کرتے ہیں۔ اس لیے اس کے متعلق کچھ عرض کرنا ضروری ہوا۔ پیشین گوئی کے الفاظ یہ تھے۔ ''اس لڑکی کا والد (مرزا احمد بیگ) ایک ضروری کام کے لیے ہماری طرف ملتجی ہوا۔ نام بردہ (مرزا احمد بیگ) کی ایک ہمشیرہ ہمارے ایک چچازاد بھائی غلام حسین نامی کو بیاہی گئی تھی۔ غلام حسین عرصہ پچیس سال سے کہیں چلا گیا اور مفقود الخبر ہے۔ اس کی زمین جس کا حق (انگریزی قانون کی رو سے) ہمیں بھی پہنچتا ہے نام بردہ (مرزا احمد بیگ) کی ہمشیرہ کے نام کے کاغذات سرکاری میں درج کرادی گئی تھی۔ اب حال کے بندوبست میں جو ضلع گورداسپور میں جاری ہے نامبردہ یعنی ہمارے خط کے مکتوب الیہ (مرزا احمد بیگ) نے اپنی ہمشیرہ کی اجازت سے یہ چاہا کہ وہ زمین جو چار پانچ ہزار روپے قیمت کی ہے اپنے بیٹے محمد بیگ کے نام بطور ہبہ منتقل کرادیں۔ چنانچہ ان کی ہمشیرہ کی طرف سے یہ ہبہ نامہ لکھا گیا۔ چونکہ (انگریزی قانون کی رو سے) وہ ہبہ نامہ بغیر ہماری رضامندی کے بیکار تھا۔ اس لیے مکتوب الیہ (مرزا احمد بیگ) نے بتمام تر عجز و انکسار ہماری طرف رجوع کیا تاکہ ہم راضی ہو کر اس ہبہ نامہ پر دستخط کر دیں اور قریب تھا کہ دستخط کر دیتے لیکن یہ خیال آیا کہ ایک مدت سے بڑے بڑے کاموں میں ہماری عادت ہے کہ جناب الٰہی میں استخارہ کر لینا چاہیے۔ وہ استخارہ کیا تھا گویا آسمانی نشان کی درخواست کا وقت آ پہنچا تھا' جس کو خدائے تعالیٰ نے اس پیرائے میں ظاہر کر دیا۔ اس خدائے قادر مطلق نے مجھے فرمایا کہ اس شخص (مرزا احمد بیگ) کی دختر کلاں (محمدی بیگم) کے لیے سلسلہ جنبانی کر اور ان کو کہہ دے کہ تمام سلوک و مروت تم سے اسی شرط پر کیا جائے گا۔ اور یہ نکاح تمہارے لیے موجب برکت اور ایک رحمت کا نشان ہوگا اور ان تمام برکتوں اور رحمتوں سے حصہ پاؤ گے جو اشتہار 20 فروری 1886ء میں درج ہے لیکن اگر نکاح سے انحراف کیا تو اس لڑکی کا انجام نہایت ہی برا ہوگا۔ اور جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائے گی وہ روز نکاح سے اڑھائی سال تک اور ایسا ہی والد اس دختر کا تین سال تک فوت ہو جائے گا اور ان کے گھر پر تفرقہ اور تنگی اور مصیبت پڑے گی اور درمیانی زمانہ میں بھی اس دختر کے لیے کئی کراہت اور غم کے امر پیش آئیں گے۔ پھر ان دنوں میں جو زیادہ تصریح اور تفصیل کے لیے بار بار توجہ کی گئی تو معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ نے یہ مقرر کر رکھا ہے کہ وہ مکتوب الیہ (احمد بیگ) کی دختر کلاں کو ہر ایک روک دور کرنے کے بعد انجام کار اسی عاجز کے نکاح میں لادے گا۔ اس بارہ میں یہ الہام ہوا ہے۔ ''انہوں نے ہمارے نشانوں کو جھٹلایا اور وہ پہلے سے ہنسی کر رہے تھے سو خدائے تعالیٰ ان سب کے تدارک کے لیے جو اس کام کو روک رہے ہیں تمہارا مددگار ہوگا اور انجام کار اس کی اس لڑکی کو تمہاری طرف واپس لائے گا۔ کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے۔ گو اول میں احمق اور نادان لوگ

بدباطنی اور بدظنی کی راہ سے بدگوئی کرتے ہیں لیکن آخر خدائے تعالیٰ کی مدد کو دیکھ کر شرمندہ ہوں گے اور سچائی کے کھلنے سے چاروں طرف سے تعریف ہوگی"۔ (تبلیغ رسالت جلد اول ص115-117)

ساتوں پیشین گوئیاں جھوٹی نکلیں

مرزا قادیانی کا یہ بیان سات پیشین گوئیوں پر مشتمل ہے۔

-1 مرزا صاحب سے نکاح نہ ہوا تو لڑکی کا انجام نہایت ہی برا ہوگا۔

-2 لڑکی کا شوہر ڈھائی سال تک مر جائے گا۔

-3 مرزا احمد بیگ (لڑکی کا باپ) تین سال تک یعنی لڑکی کے شوہر کی وفات کے چھ مہینے بعد دنیا سے گزر جائے گا۔

-4 محمدی بیگم ہر مانع کے دور ہونے کے بعد انجام کار مرزا صاحب سے بیاہی جائے گی۔

-5 جو لوگ محمدی بیگم کے ساتھ مرزا صاحب کے نکاح میں مزاحم ہیں خدا خود ان کی مدافعت کر کے مرزا صاحب کی مدد کرے گا۔

-6 بدگوئی کرنے والے خدا کی امداد کو دیکھ کر شرمسار ہوں گے۔

-7 شادی ہو جانے کے بعد مرزا صاحب کی ہر طرف تعریف و توصیف ہوگی۔

ظاہر ہے کہ ان سات پیشین گوئیوں میں سے مرزا صاحب کی کوئی بات بھی پوری نہیں ہوئی۔ یہ صحیح ہے کہ مرزا احمد بیگ نے پیشین گوئی کے چھ مہینہ بعد انتقال کیا لیکن اگر اس حادثہ مرگ میں مرزا صاحب کی پیشین گوئی کو کوئی دخل ہوتا تو مرزا احمد بیگ کو اپنے داماد کے بعد انتقال کرنا چاہیے تھا۔ حالانکہ محمدی بیگم کا شوہر سلطان محمد آج تک زندہ موجود ہے۔

داماد اور خسر کے مرنے کی ترتیب کو بدل دیا

محمدی بیگم سے شادی ہونے کا اولین تذکرہ 20 فروری 1886ء کے اشتہار کے حاشیہ پر پایا جاتا ہے۔ (دیکھو تبلیغ رسالت، جلد اول ص 61) مرزا صاحب نے اس کے قریباً ڈھائی سال بعد اس پیشین گوئی کی تفصیل 10 جولائی 1888ء کے اس اشتہار میں درج کی جو اوپر قلم بند ہوا یعنی وہ اعلان جو سات جھوٹی پیشین گوئیوں پر مشتمل ہے۔ ان دونوں اشتہاروں میں مرزا احمد بیگ کے داماد کی موت کا تذکرہ پہلے تھا جس کی مدت ڈھائی سال بتائی تھی۔ اس کے بعد مرزا احمد بیگ کی وفات کا ذکر تھا جس کی میعاد تین سال تھی۔ یہ ترتیب صاف بتا رہی ہے کہ پہلے داماد کو مرنا تھا اور اس کے بعد خسر کے رخت سفر باندھنے کی تیاری تھی لیکن جب قضائے کردگار سے 1892ء کے اواخر میں مرزا احمد بیگ کا انتقال ہو گیا تو مرزا صاحب نے اس کے بعد کتاب ''شہادۃ القرآن'' میں جو 22 دسمبر 1893ء کو شائع ہوئی داماد اور خسر کے مرنے کی ترتیب کو بدل

دیا یعنی مرزا احمد بیگ کی وفات کو اول اور مرزا سلطان محمد کے انتقال کو دوسرے درجہ پر کیا تا کہ لوگ سابقہ الہاموں کی اس ترتیب کو بھول جائیں، جس میں داماد کے مرنے کو مقدم اور خسر کی موت کو موخر رکھا تھا۔ چنانچہ مرزا صاحب کی ہوشیاری ملاحظہ ہو لکھتے ہیں۔ "وہ پیش گوئی جو مسلمان قوم سے تعلق رکھتی ہے بہت ہی عظیم الشان ہے کیونکہ اس کے اجزاء یہ ہیں کہ

1. مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری تین سال کی میعاد کے اندر فوت ہو۔
2. اور پھر داماد اس کا جو اس کی دختر کلاں کا شوہر ہے اڑھائی سال کے اندر فوت ہو"۔ (شہادۃ القرآن مولفہ مرزا غلام احمد صاحب صفحہ 81)

حالانکہ پہلے الہاموں اور اعلانوں کی رُو سے داماد کو پہلے رخصت ہونا چاہیے تھا۔ اور اگر ارباب قادیاں کے پاسِ خاطر سے مرزا صاحب کی قائم کی ہوئی ترتیب کا لحاظ نہ رکھا جائے تو بھی پیشین گوئی سچی نہیں سمجھی جا سکتی کیونکہ پانچ سات باتوں میں سے ایک آدھ بات تو اوباشوں اور بازاری لفنگوں کی بھی پوری ہو جاتی ہے۔ رمال اور جوتشی بھی بہت سی باتیں بتایا کرتے ہیں۔ ان میں سے کوئی نہ کوئی ضرور پوری ہو جاتی ہے۔ اور ہر شخص اسے اتفاقی واقعہ سمجھتا ہے۔

احمد بیگ کی موت کا آخری مصیبت ہونا

علاوہ ازیں حسب تصریح مرزا قادیانی مرزا احمد بیگ کو سلطان محمد کی زندگی میں نہیں مرنا چاہیے تھا کیونکہ مرزا قادیانی نے صاف لکھ دیا تھا کہ احمد بیگ کی موت گھر والوں کی آخری مصیبت ہوگی۔ چنانچہ مرزا صاحب نے "آئینہ کمالات" کے صفحہ 573 پر ایک عربی الہام لکھا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ "خدا نے مجھے وحی کی کہ احمد بیگ سے اس کی بڑی لڑکی کے لیے بات چیت کرو اور اس سے یہ بھی کہہ دے کہ اگر تو نے اس پیغام کو ٹھکرا دیا تو اس لڑکی کا دوسری جگہ نکاح کرنا نہ تو لڑکی کے لیے بابرکت ہوگا اور نہ تمہارے لیے اور اگر تو اس سے متنبہ نہ ہوا تو تجھ پر بہت سی مصیبتیں نازل ہوں گی جن میں سب سے آخری مصیبت تیری موت ہوگی"۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ سلطان محمد سے محمدی بیگم کی شادی ہو جانے کے بعد خاندان کے سلسلہ مصائب کی آخری کڑی مرزا احمد بیگ کی موت ہوگی حالانکہ خسر داماد سے پہلے طعمۂ اجل ہوگیا۔ اس لیے پیشین گوئی کا یہ جز بھی پورا نہ ہوا۔

مرزا سلطان محمد کے ہلاک ہونے کی پیشین گوئی

مرزا قادیانی نے 10 جولائی 1888ء کے اشتہار میں لکھا تھا کہ اگر احمد بیگ نے اپنی لڑکی کی شادی کر دینے سے انحراف کیا تو اس لڑکی کا انجام نہایت ہی برا ہوگا اور جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائے گی وہ روزِ نکاح سے اڑھائی سال تک فوت ہو جائے گا اور ان کے گھر میں تفرقہ اور تنگی اور مصیبت

پڑے گی۔ (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 116) اس اعلان کے بموجب چاہیے تھا کہ مرزا سلطان محمد ساکن پٹی ضلع لاہور (جس سے لڑکی منسوب تھی) اور اس کے دوسرے خویش و اقارب خوف زدہ ہو کر منگنی چھوڑ لیتے لیکن وہ مطلق ہراساں نہ ہوئے اور یقین کر لیا کہ حضرت قادیانی ریش دراز اور تقدس مآبی کی آڑ میں شکار کھیلنا چاہتے ہیں۔ جب پہلا اشتہار ان پر کسی طرح اثر انداز نہ ہوا تو مرزا قادیانی نے حریت تہدید آمیز اشتہارات شائع کیے اور خطوط میں طرح طرح کی دھمکیاں دیں تا کہ کسی طرح منگنی سے دست بردار ہو جائیں۔ ایک خط میں لکھا کہ تم اس تعلق کو قطع کر دو۔ تمہاری دوسری جگہ شادی کرا دی جائے گی۔ تمہاری جوانی پر مجھے رحم آتا ہے۔ تم اس ارادہ سے باز آ جاؤ۔ اس کے بزرگوں کو بھی خطوط بھیج بھیج کر ڈرایا دھمکایا۔ مگر وہ لوگ دل کے مضبوط تھے۔ ان پر ان دھمکیوں کا کوئی اثر نہ ہوا۔" (اشاعۃ السنہ، جلد 16، صفحہ 186)

مرزا قادیانی نے اپنے چار ہزاری اشتہار میں جو رسالہ "انوار الاسلام" کے ساتھ منضم ہے، صفحہ 4 پر لکھا۔ "احمد بیگ کے داماد کا یہ قصور تھا کہ اس نے تخویف کا اشتہار دیکھ کر اس کی پروانہ کی۔ خط پر خط بھیجے گئے، ان سے کچھ نہ ڈرا، پیغام بھیج کر سمجھایا گیا۔ کسی نے اس طرف ذرا التفات نہ کی اور احمد بیگ سے ترک تعلق نہ چاہا بلکہ وہ سب گستاخی اور استہزاء میں شریک ہوئے۔ سو یہی قصور تھا کہ پیشین گوئی کو سن کر پھر ناطہ کرنے پر راضی ہوئے۔"

مرزا قادیانی کو "سراج الاخبار" کا مشورہ کہ ابھی سے کوئی تاویل گھڑ لو

مرزا قادیانی نے سلطان محمد کی میعاد حیات یوم شادی سے ڈھائی سال بتائی تھی۔ شادی 17 اپریل 1892ء کو ہوئی۔ اس حساب سے مرزا سلطان محمد کی زیست کا آخری دن 17 اکتوبر 1894ء تھا لیکن لطف یہ کہ مرزا سلطان محمد آج 4 ستمبر 1938ء تک زندہ سلامت موجود ہیں یعنی اپنی موت کے بعد چالیس سال سے زبردستی گلشن دنیا کی سیر کر رہے ہیں اور عالم آخرت میں جانے کا نام نہیں لیتے۔ مرزائی لوگ عام طور پر معجزہ احیاء موتی کے قائل نہیں۔ حالانکہ ان کے سامنے مردہ زندہ ہونے کی ایک زندہ مثال موجود ہے۔ جب ڈپٹی آتھم نصرانی کے متعلق مرزا قادیانی کی پیشین گوئی غلط نکلی اور انھوں نے یہ پروپیگنڈا شروع کیا کہ پادری عبداللہ نے دل میں رجوع کر لیا ہے تو اس عذر گناہ بدتر از گناہ کے متعلق جریدہ "سراج الاخبار" جہلم نے لکھا۔ "مرزا قادیانی کو چاہیے کہ مرزا احمد بیگ کے داماد کی پیشین گوئی کی نسبت بھی ابھی سے کوئی تاویل سوچنا شروع کر دیں کیونکہ اس کی میعاد کے اختتام میں صرف چند روز رہ گئے ہیں اور وہ نوجوان اس وقت راولپنڈی میں دندنا رہا ہے۔" (اشاعۃ السنہ، جلد 16، ص 61) لیکن "سراج الاخبار" کو شاید یہ معلوم نہ تھا کہ قادیاں شریف میں اختتام میعاد کے وقت کسی سوچ بچار کی ضرورت نہ تھی بلکہ مرزائی ٹکسال میں ہر قول اور ہر پیشین گوئی کی تاویل اسی وقت تیار کر لی جاتی تھی جبکہ مرزا قادیانی کا تخیلہ دماغ کسی پیشین گوئی کو تجویز کرتا یا پنچی کی کسی اطلاع کے بموجب کسی پیشین گوئی کے اعلان کا قصد کیا جاتا۔

مرزا قادیانی کی متعدد سخن سازیاں

جب مرزا سلطان محمد کی ہلاکت کی ڈھائی سالہ پیشین گوئی جھوٹی نکلی تو 7 یا 8 اکتوبر 1894ء کو تماش بین چاروں طرف سے امنڈ آئے اور مرزا قادیانی کے ارد گرد تاویل کاری کا تماشہ دیکھنے کے لیے کھڑے ہو گئے۔ مرزا قادیانی نے اپنے کیسۂ تاویل میں سے یک عدد تاویلی چھچھوندر نکال کر باہر چھوڑ دی۔ لوگ اس کو دیکھ کر عش عش کر گئے کہ کیسی بدیع و دلفریب چھچھوندر ہے۔ آپ بھی اس چھچھوندر کی دل آویزی اور حسن و جمال کی داد دیجئے۔ ارشاد ہوتا ہے۔ "احمد بیگ کا داماد جو ڈھائی سال کے اندر فوت نہ ہوا تو اس کی یہی وجہ تھی جو اس عبرت انگیز واقعہ کے بعد جو احمد بیگ اس کے خسر کی وفات تھی ایک شدید خوف اور حزن اس کے دل پر وارد ہو گیا اور نہ صرف اس کے دل پر بلکہ اس کے تمام متعلقین کو اس خوف و حزن نے گھیر لیا۔ ایک دانا سوچ سکتا ہے کہ احمد بیگ کے مرنے کے بعد اس کے داماد کا کیا حال ہوا ہو گا گویا وہ جیتا ہی مر گیا ہو گا۔ چنانچہ اس کے بزرگوں کی طرف سے دو خط ہمیں بھی پہنچے جو ایک حکیم صاحب باشندہ لاہور (جس کا دنیا میں کہیں وجود نہ تھا۔ راقم) کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے، جن میں انھوں نے اپنے توبہ و استغفار کا حال لکھا ہے۔ سو ان تمام قرائن کو دیکھ کر ہمیں یقین ہو گیا تھا کہ تاریخ وفات سلطان محمد قائم نہیں رہ سکتی۔" (تبلیغ رسالت، جلد 3، ص 114) اب ذرا احمدیہ پاکٹ بک کے مولف کا بیان سنو۔ لکھتا ہے۔ "جب احمد بیگ میعاد مقررہ میں ہلاک ہو گیا تو سلطان محمد پر خوف طاری ہوا۔ اس نے حضرت مسیح موعود کو دعا کے لیے خطوط لکھے اور نہایت تضرع و ابتہال سے جناب باری میں دعا کی تو خدا تعالیٰ غفور رحیم نے سلطان محمد کی زاری کو سنا، عذاب ہٹا لیا۔" (احمدیہ پاکٹ بک، ص 432-433) لیکن سوال یہ ہے کہ جب محمدی بیگم کی شادی کے چھ مہینے بعد مرزا احمد بیگ نے دار آخرت کی راہ لی اور مرزا سلطان محمد پر خوف و ہراس طاری ہوا تو مرزا قادیانی نے اسی وقت کیوں اعلان نہ کر دیا کہ سلطان محمد نے توبہ کر لی ہے اس لیے اس کی موت کا حکم منسوخ ہو گیا ہے؟ مرزا قادیانی اس کے بعد دو سال تک خاموش کیوں بیٹھے رہے اور اس سے پیشتر کہ مرزا سلطان محمد کی موت کا انتظار کرتے کرتے ڈھائی سال کی مدت معہود گزار دی۔ انھوں نے پیشین گوئی کے تنسخ کا کیوں اعلان نہ کر دیا؟ جب ایسا نہ کیا تو بعد از وقت ملمع سازی کرنا "مشتے کہ بعد از جنگ یاد آید" کا مصداق ہے۔ اس سے قطع نظر آگے چل کر آپ کو معلوم ہو گا کہ مرزا قادیانی نے سلطان محمد کی موت کو ٹل بتایا البتہ ڈھائی سال کی مدت میں توسیع کر دی۔ رہا یہ کہ سلطان محمد نے مرزا قادیانی کو خط لکھے، بالکل سفید جھوٹ اور محض افسانہ طرازی ہے۔

مرزا سلطان محمد کا بیان کہ میں ہرگز نہیں ڈرا

جب مولوی محمد حسین صاحب مرحوم بٹالوی نے مرزا قادیانی کی یہ تحریر پڑھی کہ مرزا سلطان محمد

ڈر گیا اس لیے اس کی موت ملتوی ہوگئی تو انھوں نے اس بیان کی تنقیح کا قصد کیا۔ اس وقت مرزا سلطان محمد راولپنڈی میں سرکاری فوج کے رسالہ میں ملازم تھے۔ مولوی محمد حسین مرحوم نے اپنے ایک دوست منشی محمد سعید نقشہ نویس کو خط لکھا کہ مرزا سلطان محمد سے مل کر ان سے اس کے متعلق دریافت کریں۔ منشی محمد سعید رسالہ میں جا کر ان سے ملے اور ڈرنے کے متعلق ان کے خیالات معلوم کیے۔ انھوں نے ڈر جانے کے دعوے کی صداقت سے انکار کیا اور یہ تحریر لکھ دی۔ ''میں مرزا غلام احمد کو جھوٹا اور دروغ گو جانتا تھا اور جانتا ہوں اور میں مسلمان آدمی ہوں۔ خدا کا ہر وقت شکر گزار ہوں۔'' (سلطان محمد بیگ۔ بقلم خود) (اشاعۃ السنہ، جلد 16، ص 191) رسالہ ''اشاعۃ السنہ'' نے مرزا سلطان محمد کا یہ بیان قادیاں کے مسیح صاحب کے عین حیات یعنی اواخر 1894ء میں شائع کیا تھا لیکن مسیح صاحب نے اس کی کوئی تردید شائع نہ کی۔ اس کے بعد بھی مرزا غلام احمد قادیانی چودہ سال تک اس عبرت کدہ عالم میں موجود رہے لیکن سلطان محمد بیگ کے اس بیان کی تردید کی کبھی جرأت نہ ہوئی۔ 14 مارچ 1924ء کو مرزا سلطان محمد کی مندرجہ ذیل چٹھی جریدہ ''اہل حدیث'' امرتسر میں چھپی تھی: ''جناب مرزا غلام احمد قادیانی نے جو میری موت کی پیش گوئی فرمائی تھی میں نے اس میں ان کی تصدیق کبھی نہیں کی۔ نہ میں اس پیش گوئی سے کبھی ڈرا۔ میں ہمیشہ سے اور اب بھی اپنے بزرگان اسلام کا پیرو رہا ہوں۔'' (سلطان محمد بیگ) 13 مارچ 1924ء۔

اس چٹھی کی تصدیق مندرجہ ذیل پانچ گواہوں نے کی۔ (1) مولوی عبداللہ امام مسجد مبارک پٹی ضلع لاہور۔ (2) مولوی مولا بخش خطیب جامع مسجد پٹی۔ (3) مولوی عبدالمجید ساکن پٹی۔ (4) مستری محمد حسین نقشہ نویس پٹی۔ (5) مولوی احمد اللہ صاحب امرتسری۔ (''اہل حدیث'' مورخہ 14 مارچ 1924ء) مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے ''اہل حدیث'' میں اعلان کیا تھا کہ جو مرزائی اس چٹھی کو غیر صحیح ثابت کر دے اسے وہی تین سو روپیہ انعام دیا جائے گا جو میں نے لدھیانہ میں میر قاسم علی مرزائی سے جیتا تھا۔ اس اعلان پر تمام مرزائی دم بخود رہ گئے اور کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ اس کے خلاف لب کشائی یا خامہ فرسائی کرتا۔ (محمدیہ پاکٹ بک، ص 489)

خوف اور توبہ کا اقتضاء طلاق دینا تھا

یہ حقیقت قابل توجہ ہے کہ مرزا سلطان محمد کے خوف اور توبہ کا مرزائی افسانہ اسی حالت میں قابل التفات ہو سکتا ہے جب کہ مرزا سلطان محمد صاحب اپنی بیوی کو طلاق دے کر مسیح صاحب کے لیے عقد نکاح کا راستہ صاف کر دیتے اور مرزا قادیانی کے الہام ''بستر عیش'' کی عملی تصدیق کرتے جو انھیں 5 دسمبر 1903ء کو ہوا تھا۔ (البشریٰ جلد 2، ص 88) کیونکہ قادیاں کی بارگاہ مسیحی کی طرف سے جو فرد قرارداد جرم مرزا سلطان محمد کے خلاف عائد کی گئی وہ یہی تھی کہ انھوں نے محمدی بیگم کی منگنی چھوڑ کر مرزا احمد بیگ سے قطع تعلق منظور نہ کیا تھا۔ چنانچہ خود مرزا قادیانی فرماتے ہیں: ''سلطان محمد اور اس کے اقارب اس لیے مجرم ٹھہر

گئے کہ انھوں نے یہ گناہ کیا کہ ان کو ہم نے بار بار بوساطت بعض مخلصوں اور نیز خطوط کے ذریعہ سے بہت کھول کر سنا دیا تھا کہ یہ پیش گوئی ایک قوم سرکش کے لیے خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ تم ان کے ساتھ تعلق کر دیسے ہی مستوجب عذاب مت بنو۔ مگر چونکہ وہ بھی سخت دل اور دنیا پرست تھے۔ اس لیے انھوں نے نہ مانا اور اسی طرح ٹھٹھا اور ہنسی کی اور اپنی بے باکی سے اس رشتہ سے دست کش نہ ہوئے۔" (تبلیغ رسالت، جلد 3، ص 114) اور توبہ کی حقیقت خود مرزا قادیانی نے ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے۔ "اگر وہ شخص اس تاخیر عذاب کی وجہ بلکی اپنے سر پر سے اٹھالے جتلا اگر کافر ہے تو سچ مچ مسلمان ہو جائے اور اگر ایک جرم کا مرتکب ہے تو سچ مچ اس جرم سے دست بردار ہو جائے تو خدا تعالیٰ کے ظل امان میں آ جاتا ہے۔" (ایضاً ص 119) پس جس صورت میں کہ مرزا سلطان محمد صاحب اپنے جرم سے دست بردار نہ ہوئے اور محمدی بیگم مرزا قادیانی کو تفویض نہ کی تو ان کی توبہ اور خوف وخشیت محض ابلہ فریبی ہے اور اگر بفرض محال مرزا سلطان محمد ڈر بھی جاتے اور وہ خدانخواستہ اپنی اہلیہ محترمہ کو طلاق بھی دے دیتے تو کچھ مفید نہ ہوتا کیونکہ حسب بیان مسیح قادیاں مرزا سلطان محمد کی موت تقدیر مبرم تھی۔ چنانچہ عنقریب لکھا جائے گا۔ مرزا قادیانی نے 6 اکتوبر 1894ء کے اشتہار میں یہ بھی لکھا تھا کہ سلطان محمد کے بزرگوں کی طرف سے دو خط ہمیں بھی پہنچے جو ایک حکیم صاحب باشندہ لاہور کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے جن میں انھوں نے اپنے توبہ واستغفار کا حال لکھا ہے۔" لیکن یہ بیان قطعاً غلط اور من گھڑت ہے۔ اگر مرزا قادیانی اس بیان میں سچے تھے تو انھوں نے اس حکیم کا نام اور پتہ کیوں نہ لکھا اور وہ خطوط کیوں شائع نہ کیے؟ اگر مرزا قادیانی کے پاس واقعی اس قسم کے کوئی خط آئے ہوتے تو وہ اپنی عادت مستمرہ کے بموجب ہنگامہ محشر برپا کر دیتے اور بڑے طمطراق سے ان کو اپنی صفائی میں پیش کرتے لیکن جب انھوں نے ایسا نہیں کیا تو صاف ظاہر ہے کہ یہ داستان محض مرزا قادیانی کا دماغی اختراع ہے۔ چنانچہ جب مسیح صاحب نے لکھا کہ سلطان محمد کے بزرگوں نے اعتراف قصور کیا ہے تو مولوی محمد حسین بٹالوی نے اس کے جواب میں لکھا کہ مرزا سلطان محمد بیگ نے اپنی اس تحریر میں جو ہماری طرف روانہ کی ہے اس سے بھی انکار کیا ہے کہ ان کے کسی رشتہ دار نے کوئی خط متضمن بہ توبہ و استغفار مرزا غلام احمد کے نام بھیجا ہو۔" (اشاعۃ السنہ، جلد 16، ص 192) جب مولوی محمد حسین صاحب کا یہ تردیدی بیان شائع ہوا تو اگر اس وقت کچھ مرزا قادیانی کے ہاتھ پلے ہوتا تو ضرور پٹی والوں کے خطوط شائع کر دیتے لیکن مرزا قادیانی نے اپنی عافیت اسی میں دیکھی کہ قلم پر سکوت کو ترجیح دیں۔

مرزا سلطان محمد کی مدت حیات میں کرم گسترانہ توسیع

جب پیش گوئی کی ڈھائی سالہ میعاد گزر گئی اور مرزا سلطان محمد کو نصیب اعدا کسی قسم کا کوئی چشم زخم نہ پہنچا تو مرزا قادیانی نے ضروری سخن سازی اور تاویل کاری سے فراغت پانے کے بعد مرزا سلطان محمد کی جوانی پر رحم کھا کر بلا تعین وقت ان کی زندگی میں بدیں شرط توسیع فرما دی کہ وہ مرزا قادیانی کی زندگی ہی

میں دنیا کو الوداع کہہ دیں تا کہ ان کی منکوحہ اور دامحبت کے مروجہ رسوم کے ساتھ ایک دوسرے سے وابستہ ہو سکیں۔ چنانچہ مرزا قادیانی فرماتے ہیں۔ "پیش گوئی کا دوسرا حصہ جو اس کے داماد کی موت ہے وہ الہامی شرط کی وجہ سے دوسرے وقت پر جا پڑا اور داماد اس کا الہامی شرط سے اسی طرح متمتع ہوا جیسا کہ آتھم ہوا کیونکہ آتھم کی موت کے بعد اس کے وارثوں میں سخت مصیبت برپا ہوئی۔ سو ضرور تھا کہ وہ الہامی شرط سے فائدہ اٹھاتے۔ پس اس کا داماد تمام کنبہ کے خوف کی وجہ سے اور ان کے توبہ اور رجوع کے باعث سے اس وقت فوت نہ ہوا۔ (البتہ آئندہ کسی سال ضرور فوت ہوگا) مگر یاد رکھو کہ خدا کے فرمودہ میں تخلف نہیں اور انجام وہی ہے جو ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں۔ خدا کا وعدہ ہرگز ٹل نہیں سکتا۔" (ضمیمہ انجام آتھم مولفہ مرزا غلام احمد قادیانی۔ صفحہ 13)

تقدیر مبرم اور مرزائی صدق و کذب کا معیار

مرزا قادیانی نے مرزا سلطان محمد کی زندگی میں جو توسیع فرمائی تو اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ وہ مرزا قادیانی کے رخت سفر باندھنے کے بعد بھی دنیا میں موجود رہتے بلکہ حکم یہ تھا کہ وہ مرزا قادیانی کی زندگی ہی میں تو سن موت کی باگ ملک آخرت کی طرف پھیر کر اپنی منکوحہ کو مرزا قادیانی کے قبضہ و تصرف میں دے جائیں۔ چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں۔ "میں بار بار کہتا ہوں کہ نفس پیش گوئی داماد احمد بیگ کی تقدیر مبرم ہے۔ اس کی انتظار کرو اور اگر میں جھوٹا ہوں تو یہ پیش گوئی پوری نہیں ہوگی اور میری موت آجائے گی۔" (ایضاً ص 31) اسی طرح فرمایا "یاد رکھو کہ اس پیش گوئی کی دوسری جزو (سلطان محمد کی موت) پوری نہ ہوئی تو میں ہر ایک بد سے بدتر ٹھہروں گا۔ اے احمقو! یہ انسان کا افترا نہیں۔ نہ یہ کسی خبیث مفتری کا کاروبار ہے۔ یقیناً سمجھو کہ یہ خدا کا سچا وعدہ ہے۔ وہی خدا جس کی باتیں نہیں ٹلتی ہیں۔" (ضمیمہ انجام آتھم، ص 54)

مرزا قادیانی کے عاجز خدا کی لغو بیانیاں

مرزا قادیانی نے 10 جولائی 1888ء کے اشتہار میں لکھا تھا کہ "اگر نکاح سے انحراف کیا تو اس لڑکی (محمدی بیگم) کا انجام نہایت ہی برا ہوگا اور جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائے گی وہ روز نکاح سے ڈھائی سال تک فوت ہو جائے گا اور ان کے گھر پر تفرقہ اور تنگی اور مصیبت پڑے گی۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، ص 116) لیکن آگے چل کر واقعات نے دکھا دیا کہ مرزا قادیانی کے عاجز خدا کی تمام باتیں سراسر لغو و بے بنیاد تھیں اور یہ بھی شاید مسیلمہ کذاب کی طرح قادیانی مسیح کا معجزہ تھا کہ جو کچھ انہوں نے اپنے رقیب اور اس کی دلہن کے مستقبل کے متعلق بتایا تھا سراسر اس کے برعکس ظہور میں آیا۔ محمدی بیگم نے شادی کے بعد مدت العمر وہ آسودگی اور فارغ البالی دیکھی کہ جس کی نظیر بہت کم گھرانوں میں پائی جاتی

ہے۔ آج سے قریباً آٹھ سال پیشتر سید محمد شریف صاحب ساکن گھڑیالہ ضلع لاہور کے استفسارات کے جواب میں مرزا سلطان محمد نے سید صاحب کے نام مندرجہ ذیل پیغام بھیجا۔

"مکرم بندہ جناب شاہ صاحب! السلام علیکم میں تادم تحریر تندرست اور بفضل خدا زندہ ہوں۔ خدا کے فضل سے ملازمت کے وقت بھی تندرست رہا ہوں۔ میں اس وقت بعہدہ رسالداری پنشن پر ہوں۔ ایک سو پینتیس 135 روپے ماہوار پنشن ملتی ہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے پانچ مربع اراضی عطا ہوئی ہے۔ قصبہ پٹی میں میری جدی زمین بھی میرے حصہ میں قریباً سو بیگھہ آئی ہے۔ ضلع شیخوپورہ میں بھی میری تین مربع زمین ہے۔ میرے چھ لڑکے ہیں، جن میں سے ایک لاہور میں پڑھتا ہے۔ حکومت کی طرف سے اس کو پچیس روپے ماہوار وظیفہ ملتا ہے۔ دوسرا لڑکا پٹی میں انٹرنس میں تعلیم پاتا ہے۔ میں خدا کے فضل سے اہل سنت والجماعت ہوں۔ میں احمدی مذہب کو برا سمجھتا ہوں، میں اس کا پیرو نہیں ہوں، اس کا دین جھوٹا سمجھتا ہوں۔"

والسلام (سلطان محمد بیگ۔ پنشنر، پٹی ضلع لاہور) (اخبار "اہل حدیث" امرتسر، مورخہ 14 نومبر 1930ء)

مرزا محمود احمد قادیانی کے تولد کی پیشین گوئی

مرزا قادیانی کا معمول تھا کہ جب محترمہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ حاملہ ہوتیں تو کتب طب کی ورق گردانی شروع کر دیتے اور علامات حمل کے پیش نظر طبی نقطہ نگاہ سے معلوم کرنے کی کوشش فرماتے کہ حمل لڑکے کا ہے یا لڑکی کا؟ اگر آثار و علامات اس بات پر دلالت کرتے کہ حمل لڑکے کا ہے تو مہینوں کے غور و خوض کے بعد حمل کے چھٹے یا ساتویں مہینے پیشین گوئی فرما دیتے کہ میرے یہاں لڑکا متولد ہوگا چونکہ اس پیشین گوئی کے وقت لڑکے کا نام بھی تجویز کر لیتے تھے اس لیے ساتھ ہی یہ بھی اعلان کر دیا کرتے کہ اس کا نام یہ ہوگا۔ اس کے بعد اگر حسب مراد لڑکا پیدا ہوتا تو اس پر اتراتے اور اس پیشین گوئی کو اپنے معجزات کی فہرست میں درج کر لیتے۔ قادیانی مہدی کے یہاں دوسری بیوی کے بطن سے جتنے لڑکے بھی متولد ہوئے ان کی پیدائش کی پیشین گوئیاں بھی حیثیت رکھتی ہیں۔ گو بعض اوقات پیشین گوئی کے خلاف لڑکے کی جگہ لڑکی بھی پیدا ہو جاتی تھی۔ تاہم ہر ایک کی ولادت کی اطلاع مرزا قادیانی کا ایک "نشان یا معجزہ" تھا۔ چنانچہ خود لکھتے ہیں۔ "پھر ایک اور نشان یہ ہے کہ جو یہ تین لڑکے جو موجود ہیں ہر ایک کے پیدا ہونے سے پہلے اس کے آنے کی خبر دی گئی ہے۔ چنانچہ محمود جو بڑا لڑکا ہے اس کی پیدائش کی نسبت اس سبز اشتہار میں صریح پیش گوئی مع محمود کے نام کے موجود ہے، جو پہلے لڑکے کی وفات کے بارے میں شائع کیا گیا تھا، جو رسالہ کی طرح کئی ورقوں کا اشتہار سبز رنگ کے ورقوں پر ہے اور بشیر جو درمیانی لڑکا ہے، اس کی خبر ایک سفید اشتہار میں موجود ہے جو سبز اشتہار کے تین سال بعد شائع کیا گیا تھا اور شریف جو سب سے چھوٹا لڑکا ہے، اس کے تولد کی نسبت پیش گوئی "ضیاء الحق" اور "انوار الاسلام" میں موجود ہے۔ اب دیکھو کہ کیا یہ خدائے عالم الغیب کا نشان نہیں ہے کہ ہر ایک بشارت کے وقت میں قبل از وقت وہ بشارت دیتا رہا؟" (ضمیمہ انجام

آتھم، صفحہ 15) مرزا محمود احمد قادیانی 15 جنوری 1889ء کو پیدا ہوئے۔ (دیکھو مکتوبات احمدیہ جلد 5 نمبر 3، ص 93) اس سے ٹھیک چھ مہینے پہلے مرزا قادیانی نے اپنے ایک اشتہار میں جو 15 جولائی 1888ء کو شائع کیا تھا لکھا کہ "خدائے تعالیٰ نے ایک اور لڑکا ہونے کا قریب مدت تک وعدہ دیا ہے جس کا نام محمود احمد ہوگا اور اپنے کاموں میں اولوالعزم نکلے گا۔" (تبلیغ رسالت، جلد اول، صفحہ 120) جب کبھی اس قسم کی پیشین گوئی پوری ہوتی تو مرزا قادیانی کو پروپیگنڈا کرنے اور اپنے "معجزات" کا سکہ بٹھانے کی ایک اچھی دستاویز ہاتھ آ جاتی تھی۔ چونکہ مداری کا سارا مدار پروپیگنڈا بازی پر تھا اس لیے مرزا قادیانی اس قسم کے حربے کو صرف ایک آدھ دفعہ استعمال نہیں فرماتے تھے بلکہ اس سے بار بار کام لیتے تھے۔ مثلاً اسی مرزا محمود کی ولادت کی پیشین گوئی ہی کو لیجئے۔ 15 مارچ 1897ء کے اشتہار میں بھی اس پر فخر و مباہات کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ "پانچویں پیشین گوئی میں نے اپنے لڑکے محمود کی پیدائش کی نسبت کی تھی کہ وہ اب پیدا ہوگا اور اس کا نام محمود رکھا جائے گا اور اس پیش گوئی کی اشاعت کے لیے سبز ورق کے اشتہار شائع کیے گئے تھے۔ جو اب تک موجود ہیں اور ہزاروں آدمیوں میں تقسیم ہوئے تھے۔ چنانچہ وہ لڑکا پیش گوئی کی میعاد میں پیدا ہوا اور اب نویں سال میں ہے۔" (تبلیغ رسالت، جلد 6، ص 60) اسی طرح دوسری کتابوں اور اشتہاروں میں بھی یہی پیشین گوئی درج کر کے کوس انا ولا غیری بجایا ہے۔

تدبیروں کی نارسائی اور آسمانی منکوحہ سے مرزا سلطان محمد کی شادی

ایک مرتبہ مرزا صاحب کو الہام ہوا تھا۔ اغفر و ارحم من السماء ربنا عاج (ہمیں آسمان سے بخش دے اور رحم کر ہمارا رب عاجی ہے) مرزا قادیانی نے ربنا عاج کا خود یہ ترجمہ کیا تھا کہ ہمارا رب عاجی ہے (براہین احمدیہ، ص 556) عاج لغت میں ہاتھی دانت کو کہتے ہیں۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ مرزا قادیانی کا خدا جو ان پر وحی بھیجتا تھا ہاتھی دانت یا گوبر سے بنا ہے۔

عاجی خدا کا کوئی وعدہ سچا نہ نکلا

مرزا قادیانی کے اس عاجی خدا نے ان سے بڑے بڑے وعدے کر رکھے تھے۔ اس نے کہہ رکھا تھا کہ محمدی بیگم تمہاری ہے، ہم نے خود اس سے تمہارا نکاح باندھ دیا ہے۔ یہ بھی وحی کی تھی کہ ہمارے وعدہ کی سچائی میں شک نہ کرو اور یہاں تک بھی وعدہ کر رکھا تھا کہ شادی کی راہ میں جس قدر موانع ہوں گے میں ان سب کو دور کر دوں گا۔ انہی وعدوں کے بھروسے پر بیچارے مرزا قادیانی نے اس نکاح کو اپنے صدق یا کذب کا معیار بھی ٹھہرا رکھا تھا لیکن افسوس کہ عاجی خدا کے یہ تمام وعدے دھوکے کی ٹٹی ثابت ہوئے اور 17 اپریل 1892ء کو پٹی ضلع لاہور کا ایک نوجوان مرزا سلطان محمد نام ملک کے عام رواج کے بموجب سہرے باندھ کر ایک شان دار بارات کے ساتھ بڑے کروفر سے ہوشیار پور پہنچا اور محمدی بیگم کو بیاہ لایا۔ تعجب

تو یہ ہے کہ مرزا قادیانی کے عاجی خدا نے آسمان پر تو محمدی بیگم کا نکاح مرزا قادیانی سے باندھ رکھا تھا لیکن زمین پر وہ مرزا قادیانی کے رقیب کے آغوش میں چلی گئی۔ حق دار کوئی تھا، لے گیا کوئی ۔

میں منتظر وصال وہ آغوش غیر میں
قدرت خدا کی درد کہیں اور دوا کہیں

لیکن اس میں بیچارے مرزا قادیانی کا کچھ قصور نہ تھا۔ ساری شرارت تو ان کے عاجی خدا اور اس کے دست راست ٹیچی ٹیچی کی تھی۔ جنھوں نے جھوٹے وعدے کر کر کے بیچارے مرزا قادیانی کی جگ ہنسائی کرائی اور خود پاس کھڑے ہنستے اور تماشہ دیکھتے رہے۔ کاش ان ظالموں کو مرزا قادیانی پر کچھ رحم آیا ہوتا۔

نوحہ فراق

صاحبزادہ میاں بشیر احمد قادیانی لکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود صاحب شعر بھی کہتے تھے۔ تخلص فرخ تھا۔ ایک کاپی بک پر مندرجہ ذیل اشعار ملے ہیں ۔

عشق کا روگ ہے کیا پوچھتے ہو اس کی دوا
ایسے بیمار کا مرنا ہی دوا ہوتا ہے
کچھ مزا پایا مرے دل! ابھی کچھ پاؤ گے
تم بھی کہتے تھے کہ الفت میں مزا ہوتا ہے
ہائے کیوں ہجر کے الم میں پڑے
مفت بیٹھے بٹھائے غم میں پڑے
اس کے جانے سے دل سے صبر گیا!
ہوش بھی ورطۂ عدم میں پڑے
سبب کوئی خداوند بنا دے
کسی صورت سے وہ صورت دکھا دے
کرم فرما کے آؤ میرے جانی
بہت روئے ہیں اب ہم کو ہنسا دے

(سیرت المہدی، جلد اول، ص 200)

حضرت صاحبزادہ بشیر احمد صاحب ایم اے نے یہ نہیں فرمایا کہ ان کے والد محترم نے یہ اشعار کس کے فراق میں کہے تھے۔ لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ مرزا قادیانی کو مدت العمر محمدی بیگم کے سوا کسی کی یاد نے نہیں تڑپایا تو خیال ہوتا ہے کہ یہ رشحۂ قلم شاید اسی جدائی کے قیامت انگیز واقعہ کی تصویر ہوگی۔

پہلی بیوی کی تعلیق اور خانہ بربادی

مرزا قادیانی کی پہلی بیوی کا نام حرمت بی بی تھا۔ یہ ان کے حقیقی ماموں مرزا جمعیت بیگ کی صاحبزادی تھیں، جو ایک ضلع ہوشیار پور کے رہنے والے تھے۔ رئیس قادیان کے منجھلے بیٹے میاں بشیر احمد ایم اے نے کتاب سیرۃ المہدی کی دوسری جلد میں اپنے باپ کی پہلی شادی کا سال 1852ء یا 1853ء لکھا ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ پہلی شادی کے وقت مرزا قادیانی کی عمر صرف بارہ یا تیرہ سال کی تھی کیونکہ انھوں نے کتاب البریہ میں اپنی ولادت 1839ء یا 1840ء میں بتائی ہے۔ محترمہ حرمت بی بی وہی بے کس مظلومہ ہیں جنھیں خانہ ساز مجدد نے محمدی بیگم کی خواستگاری کے ایام سے محض اس "جرم" میں معلق کر رکھا تھا کہ وہ اپنے برادر حقیقی مرزا علی شیر بیگ کو جو محمدی بیگم کے پھوپھا تھے۔ اس بات پر کیوں مجبور نہیں کرتیں کہ وہ محمدی بیگم کے باپ مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری سے لڑ جھگڑ کر محمدی بیگم کا نکاح خود ساختہ مجدد صاحب سے کرا دیں۔ حالانکہ یہ بیچاری حرمت بی بی کے بس کا روگ تھا اور نہ مرزا علی شیر بیگ صاحب ہی کی وہاں دال گلتی تھی کیونکہ محمدی بیگم قادیان میں اپنے حقیقی ماموؤں مرزا امام الدین اور نظام الدین کے قبضہ میں تھی جو مرزا غلام احمد صاحب کے عمزاد بھائی تھے اور چونکہ مرزا قادیانی نے ان سے تحت بگاڑ کر رکھا تھا اور ہمیشہ معاندانہ سلوک روا رکھتے تھے اس لیے وہ نہیں چاہتے تھے کہ ان کی بھانجی مرزا قادیانی کے نکاح میں جائے۔ اس کے علاوہ مرزا قادیانی نے پیشین گوئی کر رکھی تھی کہ "یہ لڑکی ضرور میرے حبالہ نکاح میں آئے گی کیونکہ آسمان پر اس سے میرا عقد ہو چکا ہے۔" اس لیے مرزا امام الدین اور مرزا نظام الدین چاہتے تھے کہ اس پیشین گوئی کو بے بنیاد ثابت کر دیں اور عملاً ثابت کر دیں کہ مرزا غلام احمد قادیانی کو خدائے برتر کی طرف سے الہام نہیں ہوتے بلکہ ان الہامات کا سرچشمہ وہی "ذات شریف" ہے، جس نے بنی آدم کو گمراہ کرنے اور ہر طرح سے گزند پہنچانے کا عہد کر رکھا ہے۔ واقعی محمدی بیگم کے آسمانی نکاح کی اطلاع اگر منجانب اللہ ہوتی تو زمین و آسمان زیر و زبر ہو سکتے تھے مگر یہ نکاح نہیں ٹل سکتا تھا۔

بے دین اقرباء سے میل جول رکھنے کا الزام

ملہم قادیان کے منجھلے صاحبزادہ میاں بشیر احمد ایم اے لکھتے ہیں کہ "مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو اوائل ہی سے مرزا فضل احمد کی والدہ (حرمت بی بی) سے جن کو لوگ عام طور پر "پھجے دی ماں" کہا کرتے تھے بے تعلقی سی تھی، جس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت صاحب کے رشتہ داروں کو دین سے سخت بے رغبتی تھی اور اس کا ان کی طرف میلان تھا اور وہ اسی رنگ میں رنگین تھی۔ اس لیے حضرت مسیح موعود نے مباشرت ترک کر دی تھی۔" (سیرۃ المہدی جلد اول، ص 26) میاں بشیر احمد صاحب نے اپنی سوتیلی ماں پر یہ الزام لگایا ہے کہ مسیح صاحب کے اقرباء کی طرف جنھیں دین سے بے رغبتی تھی ان کا میلان تھا لیکن انھوں نے اس بے

رغبتی کی شرح نہیں کی حالانکہ اقرباء کی مزعومہ بے رغبتی اس کے سوا کچھ نہ تھی کہ وہ بھی "مجدد صاحب" کو دوسرے مسلمانان عالم کی طرح ان کے دعووں میں راست گو نہ سمجھتے تھے۔ مرزا قادیانی کے خویش و اقارب کو جو فرقہ حقہ اہل سنت و جماعت کے پیرو تھے، دین سے اعراض نہ تھا حاشا وکلا بلکہ خانہ ساز مجدد صاحب نے ہی اسلام کے شارع عام کو چھوڑ کر اور مومنوں کے منہاج قدیم سے منہ موڑ کر دہریت اور بے دینی کی بلاخیز وادی میں جا بسیرا کیا تھا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدی و یتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی و نصله جهنم و ساءت مصیرا۰ (115:4)

جو کوئی امر حق ظاہر ہو جانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کرے اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر کسی دوسرے راستے ہو لے تو ہم اس کی رسی دراز کر دیں گے۔ اس کے بعد اس کو جہنم واصل کریں گے، جو نہایت برا ٹھکانہ ہے۔

اور اگر بفرض محال مرزا قادیانی کے قرابت داروں کو دین سے بے رغبتی تھی اور محترمہ حرمت بی بی کا ان کی طرف میلان تھا تو بھی ظاہر ہے کہ تمام لوگ مذہب کی طرف یکساں راغب نہیں ہوتے۔ لیکن یہ کس دین و آئین کی تعلیم ہے کہ جن اقرباء کو مذہب سے شغف و انہماک نہ ہو ان کا مقاطعہ کر دیا جائے اور اگر بیوی خدا اور اس کے برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکام کے ماتحت اپنے اقرباء سے قطع تعلق نہ کرے تو اس کو گھر سے نکال کر مدت العمر بے کسی اور کسمپرسی کے زندان میں ڈال دیا جائے؟ میاں بشیر احمد ایم اے کا یہ کہنا بھی انتہا درجہ کی دیدہ دلیری اور شرمناک غلط بیانی ہے کہ "والدہ سلطان احمد اپنے بے دین اقرباء کے رنگ میں رنگی ہوئی تھی کیونکہ مظلومہ کے حقیقی بھائی مرزا علی شیر بیگ، حضرت حاجی محمود صاحب جالندھری نقشبندی قدس سرہ کے خلیفہ تھے۔ قاضی فضل احمد صاحب نے کتاب "کلمہ فضل رحمانی" میں لکھا ہے کہ اس زمانہ میں مرزا علی شیر بیگ جیسے باخدا لوگ کبریت احمر کا حکم رکھتے تھے اور چونکہ وہ ایک خدا شناس بزرگ تھے، کلیجہ پر صبر کا پتھر رکھ کر خاموش رہ گئے اور بہن کی مظلومی کو قیامت کے دن احکم الحاکمین کے فیصلہ پر چھوڑ دیا۔ ان کی جگہ کوئی دنیادار آدمی ہوتا تو "مجدد صاحب" کو قدر عافیت معلوم ہو جاتی۔ غرض ایسے فرشتہ خصال عارف باللہ کی پاک سرشت ہمشیرہ محترمہ پر دین سے بغض ہونے کا الزام لگانا اسی شخص کا کام ہو سکتا ہے جس کا دل خشیت خداوندی کے جذبات سے بالکل بیگانہ ہو اور اگر بفرض محال وہ ایسی ہی تھیں جیسا کہ ان پر بہتان باندھا گیا ہے تو اس حالت میں بھی بیوی کو معلق کر رکھنا اور کسمپرسی کی حالت میں چھوڑ دینا کہاں کی ایمانداری تھی؟ اگر مسیح صاحب اس جرم ناآشنا کو اپنے گھر میں آباد رکھنا نہیں چاہتے تھے تو ان کا مذہبی اور اخلاقی فرض تھا کہ دین مہر دے کر آزاد کر دیتے لیکن افسوس کہ انہوں نے ایسا نہ کیا بلکہ جس جرم بے دینی کے وہ خود مجرم تھے ان کے فرزند نے اندھا دھند اس کا الزام الٹا مجدد صاحب کے اقرباء اور

ان کی بے کس بیوی کے سر تھوپ دیا۔

بیوی کے معلقہ کر رکھنے کا جرم

میاں بشیر احمد قادیانی لکھتے ہیں کہ والدہ نے فرمایا میری شادی کے بعد حضرت صاحب نے انھیں (پہلی بیوی کو) کہلا بھیجا کہ آج تک تو جس طرح (ظلم و جور) ہوتا رہا ہوتا رہا لیکن اب میں نے دوسری شادی کر لی ہے۔ اس لیے اب دونوں بیویوں میں برابری نہیں رکھوں گا، تو میں گنہگار رہوں گا۔ اس لیے اب دو باتیں ہیں یا تو تم مجھ سے طلاق لے لو اور یا مجھے اپنے حقوق چھوڑ دو۔ میں تم کو خرچ دیے جاؤں گا۔ انھوں نے کہلا بھیجا۔ "اب میں بڑھاپے میں کیا طلاق لوں گی، بس مجھے خرچ ملتا رہے میں اپنے باقی حقوق چھوڑتی ہوں۔" اس کے بعد محمدی بیگم کا سوال اٹھا اور آپ کے رشتہ داروں نے مخالفت کر کے محمدی بیگم کا نکاح دوسری جگہ کرا دیا اور فضل احمد (اور مرزا سلطان احمد) کی والدہ نے ان سے قطع تعلق نہ کیا بلکہ ان کے ساتھ رہی۔ تب حضرت صاحب نے ان کو طلاق دے دی۔ (سیرۃ المہدی، جلد اول، صفحہ 26)

حضرات! مرزا بشیر احمد کی اس تحریر کا ایک ایک لفظ تصنع، ریا اور ملمع سازی سے ہمکنار ہے۔ جب خانہ ساز مجدد صاحب کو اوائل ہی سے اس مظلومہ سے بے تعلقی تھی اور خدائے شدید احتساب کی سخت گیریوں سے بے خوف ہو کر تعلقات زناشوئی سے دست بردار تھے تو مرزا قادیانی کا یہ کہنا کس درجہ ابلہ فریبی ہے کہ "میں نے دوسری شادی کر لی ہے اس لیے اب دونوں بیویوں میں برابری نہیں رکھوں گا، تو میں گنہگار رہوں گا۔" اس کے یہ معنی ہوئے کہ مرزا قادیانی دوسری شادی سے پہلے تو بیوی کے اخراج، خانہ بربادی اور ترک معاشرت کے مجرم اور گنہگار نہیں تھے البتہ اس وقت سے ان کی گنہگاری کا سلسلہ شروع ہوا جب دہلی سے نئی نویلی دلہن آ گئی لیکن یہ خیال سخت مہمل ہے۔ جو شخص ایک منٹ کے لیے بھی اپنی منکوحہ سے بے اعتنائی برتتا ہے اور اسے فلاکت و بے کسی کے عالم میں چھوڑتا ہے وہ احکم الحاکمین کا مجرم شریعت حقہ کا چور ہے اور قیامت کے دن اس سے سخت باز پرس ہو گی۔

میاں بشیر احمد ایم اے کا بیان ہے کہ "مرزا قادیانی والدہ فضل احمد کی علیحدگی کے بعد نان ونفقہ دیتے رہے اور انجام کار ان کو طلاق دے دی۔" لیکن یہ دونوں بیان سراپا غلط ہیں۔ میاں محمد حسین صاحب ساکن راہوں نے جو مرزا علی شیر بیگ مرحوم کے مرید تھے لکھا کہ مرزا غلام احمد نے والدہ سلطان احمد و فضل احمد کو جو ہمارے ہادی و رہبر کی حقیقی ہمشیر ہیں طلاق نہیں دی تھی اور جب سے ان کی الہامی و آسمانی منکوحہ (محمدی بیگم) کا عقد مرزا سلطان محمد سے ہوا ان کو اپنے سے علیحدہ کر رکھا تھا۔ نہ کسی طرح کا کوئی تعلق رکھا اور نہ حکم شریعت کے بموجب نان نفقہ ہی دیتے تھے بلکہ مرزا سلطان احمد ہی اپنی والدہ کی ضروریات کے تا دم واپسین متکفل رہے اور صرف یہی نہیں بلکہ میرا خیال ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی تو مرحومہ کی تجہیز و تکفین میں بھی شریک نہیں ہوئے۔" (کلمہ فضل رحمانی، صفحہ 142)

محترمہ حرمت بی بی حق فراموش شوہر کو خدا یاد دلاتی ہیں

جب خانہ ساز مجدد صاحب نے مرزا سلطان احمد مرحوم کی مادر محترمہ کو حکم دیا کہ وہ تمام اقرباء سے منقطع ہو جائے تو اس عالی فطرت خاتون نے اپنے حق فراموش شوہر کو سمجھایا کہ "یہ فعل صراحتہً شریعت حقہ کے خلاف ہے اس لیے نہ خود ایسا کرو اور نہ مجھے اس کے لیے مجبور کرو۔" لیکن "مجدد" صاحب کو بھلا شریعت حقہ سے کیا واسطہ تھا؟ ایک نہ سنی اور کہا کہ "قرابت داروں نے محمدی بیگم کو دوسری جگہ بیاہ دیا ہے اس لیے اگر تمام رشتہ داروں سے قطع تعلق نہ کرو گی تو گھر سے نکال دوں گا۔ یہ دیکھ کر اس نیک نہاد خاتون نے انھیں خدا یاد دلایا اور کہا کہ "دنیا کی زندگی حباب کا حکم رکھتی ہے تم مجھ پر ظلم کر کے اپنے لیے خسران ابدی کے سامان مہیا نہ کرو لیکن انھوں نے ایک نہ سنی اور ان کو گھر سے نکال دیا۔ وہ بیچاری بے کسی کی چادر اوڑھ کر اپنے بھائی مرزا علی شیر بیگ مرحوم کے ہاں غربت و انفراد کے غم کدہ میں جا بیٹھیں۔ حضرت "مجدد" صاحب کی یہ قساوت ظلم و بیداد کے خونخوار عفریت کی پرستش تھی۔ جس نے عدل خداوندی اور شریعت مطہرہ کے جسم کو پارہ پارہ کر دیا۔ جن ایام میں مرزا قادیانی نے اس نیک نہاد خاتون کو گھر سے علیحدہ کر کے محمدی بیگم کے آسمانی نکاح کی خاک اڑا رکھی تھی۔ ان دنوں مرزا سلطان احمد صاحب لاہور میں نائب تحصیلدار تھے لیکن اس سے اگلے سال یعنی 1892ء میں جبکہ مرزا سلطان محمد صاحب ساکن پٹی ضلع لاہور محترمہ محمدی بیگم صاحبہ کو بیاہ کر پٹی ضلع لاہور میں لائے مرزا سلطان احمد صاحب شجاع آباد ضلع ملتان کے تحصیل دار تھے۔ (کلمہ فضل رحمانی، ص 140) اس کے بعد خدائے برتر نے مرزا سلطان احمد صاحب کو بڑا عروج بخشا۔ چنانچہ 1919ء میں جبکہ پنجاب میں مارشل لاء کی بے آئینی کا ہنگامہ بپا تھا، خان بہادر مرزا سلطان احمد صاحب ہمارے ضلع (گوجرانوالہ) کے ڈپٹی کمشنر (کلکٹر) تھے۔

سوتیلی ماں اور ان کے والد کی توہین

آپ نے اوپر پڑھا کہ مرزا بشیر احمد ایم اے نے خان بہادر مرزا سلطان احمد مرحوم اور مرزا فضل احمد مرحوم کی والدہ محترمہ کو ازراہ تحقیر "پھجے دی ماں" لکھا ہے۔ اسی طرح "سیرۃ المہدی" میں ان کے نانا مرزا جمعیت بیگ کے متعلق بیان کیا ہے کہ ان کے دماغ میں خلل تھا۔ تعجب ہے کہ میاں بشیر احمد صاحب نے ایسی بعید از کار باتیں لکھتے وقت بزرگوں کا ادب اور شرم و لحاظ کیوں محسوس نہ کیا؟ اصل میں بزرگوں کی توہین و بے ادبی مرزائیوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہے اور یہ وہ چیز ہے جو "قادیان شریف" کو اپنے "مسیح موعود" سے ارث ملی ہے۔ محترمہ حرمت بی بی تو خیر والدہ بشیر احمد کی سوکن تھیں اس لیے ان کی توہین قادیان کے "خاندان نبوت" سے کچھ بعید نہ تھی لیکن کم از کم مرزا جمعیت بیگ صاحب کو تو نظر انداز کر دیا ہوتا، جو بشیر احمد صاحب کی اپنی دادی چراغ بی بی صاحبہ کے حقیقی بھائی تھے اور اگر وہ کہیں کہ صاحب ہم تو ہمیشہ

صاف گوئی سے کام لیں گے، کوئی چھوٹا ہو یا بڑا اگر لیٹی رکھے بغیر حقیقت نفس الامر کا اظہار کریں گے تو میں ان سے پوچھنے کا حق رکھتا ہوں کہ انھوں نے اپنے والد مرزا غلام احمد قادیانی کے متعلق صاف گوئی سے کام لیتے ہوئے یہ کیوں نہ لکھا کہ وہ مراقی تھے اور مرزا عصمت بیگ کی طرح ان کے دماغ میں بھی خلل تھا؟

ایک پرانا مرزائی الہام

مرزا قادیانی نے محمدی بیگم سے شادی کرنے کی الہامی پیشین گوئی کے متعلق لکھا تھا۔ ''براہین احمدیہ'' میں بھی اس وقت سے سترہ برس پہلے اس پیش گوئی کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے جو اس وقت میرے پر کھولا گیا۔ وہ الہام یہ ہے۔ یاادم اسکن انت و زوجک الجنۃ یا مریم اسکن انت وزوجک الجنۃ یا احمد اسکن انت وزوجک الجنۃ اس جگہ تین جگہ زوج کا لفظ آیا ہے اور تین نام اس عاجز کے رکھے گئے۔ پہلا نام آدم یہ وہ ابتدائی نام ہے جبکہ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے اس عاجز کو روحانی وجود بخشا اس وقت پہلی زوجہ کا ذکر فرمایا۔ پھر دوسری زوجہ کے وقت میں مریم نام رکھا کیونکہ اس وقت مبارک اولاد دی گئی۔ جس کو حضرت مسیح سے مشابہت تھی۔ تیسری زوجہ جس کی انتظار ہے اس کے ساتھ احمد کا لفظ شامل کیا گیا اور یہ لفظ احمد اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس وقت حمد اور تعریف ہوگی۔ یہ ایک چھپی ہوئی پیشین گوئی ہے۔ جس کا سر اس وقت خدا تعالیٰ نے مجھ پر کھول دیا۔ (ضمیمہ انجام آتھم، صفحہ 54) ظاہر ہے کہ پہلی حرم محترمہ تو آنجہانی بیوی تھیں جس کو مرزا قادیانی نے گھر سے نکال دیا اور دائمی مفارقت اختیار کر لی۔ حسب بیان میاں بشیر احمد مطلقہ ہو چکی۔ پس مرزا قادیانی کا الہام محض کذب ثابت ہو گیا کیونکہ طلاق کے بعد مرزا قادیانی سے اس کی آخرت میں کسی طرح رفاقت نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً ایسی حالت میں جبکہ مرزا قادیانی اس بیوی کو (معاذ اللہ) بے دین قرار دے چکے تھے اور اس کے مقابلہ میں امت موحدین کے تمام علمائے حق نے مسیح صاحب کے زندقہ وارتداد کا فتویٰ دیا تھا۔ پس مرزا قادیانی کا یہ الہام بھی لغو اور محض کذب ثابت ہوا۔

پروفیسر مولانا محمد الیاس برنی ؒ

مرزا قادیانی، بقلم خود

نامردی کا یقین

بخدمت اخویم مخدوم ومکرم مولوی حکیم نور الدین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔

اس قدر ضعف دماغ کے عارضہ میں یہ عاجز مبتلا ہے۔ مجھے یقین نہیں کہ آپ کو ایسا ہی ہو۔ جب میں نے شادی کی تھی تو مدت تک مجھے یقین رہا کہ میں نامرد ہوں (پھر شادی کس بھروسہ پر کی۔ اول صحت درست کرنا لازم تھا۔ ورنہ فتنہ کا اندیشہ تھا، برنی)۔ آخر میں نے صبر کیا (آپ سے زیادہ صبر آپ کی اہلیہ پر لازم ہوتا، برنی)۔ پھر بھی معلوم ہوا کہ اولاد شادی کے بعد جلد ہی شروع ہوگئی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا رہا۔ سو اللہ جل شانہ نے اس دعا کو قبول فرمایا اور ضعف قلب تو اب بھی اس قدر ہے کہ بیان نہیں کرسکتا۔ (خاکسار غلام احمد قادیان 22 فروری 1887ء المکتوب احمدیہ جلد پنجم خط نمبر 14 منقول از نوشتہ غیب مولفہ خالد وزیر آبادی)

دوسرا بڑا نشان یہ ہے کہ جب شادی کے متعلق مجھ پر مقدس وحی نازل ہوئی تھی تو اس وقت میرا دل، دماغ اور جسم نہایت کمزور تھا اور علاوہ ذیابیطس اور دوران سر اور تشنج قلب کے دق کی بیماری کا اثر ابھی بکلی دور نہ ہوا تھا۔ اس نہایت درجہ کے ضعف میں جب نکاح ہوا تو بعض لوگوں نے افسوس کیا کیونکہ میری حالت مردی کالعدم تھی اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی۔ چنانچہ مولوی محمد حسین بٹالوی نے مجھے خط لکھا تھا جو اب تک موجود ہے کہ آپ کو شادی نہیں کرنا چاہیے تھی۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی ابتلا پیش آئے۔
(نزول المسیح ص 209 حاشیہ مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

ایک ابتلاء

ایک ابتلاء مجھ کو اس (دہلی کی) شادی کے وقت یہ پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ سخت کمزور تھا اور میں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا اور دو مرضیں یعنی ذیابیطس اور درد سر مع دوران سر قدیم سے میرے شامل حال تھیں جن کے ساتھ بعض اوقات تشنج قلب بھی تھا۔ اس لیے میری

حالت مردمی کالعدم تھی اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی.....

غرض اس اتلاء کے وقت میں نے جناب الٰہی میں دعا کی اور مجھے اس نے دفع مرض کے لیے اپنے الہام کے ذریعہ سے دوائیں بتلائیں اور میں نے کشفی طور پر دیکھا کہ ایک فرشتہ وہ دوائیں میرے منہ میں ڈال رہا ہے۔ چنانچہ وہ دوا میں نے تیار کی اور اس میں خدا نے اس قدر برکت ڈال دی کہ میں نے دلی یقین سے معلوم کیا کہ وہ پرصحت طاقت جو ایک پورے تندرست انسان کو دنیا میں مل سکتی ہے۔ میں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سے ایک بچہ کی طرح تھا اور پھر اپنے تئیں خداداد طاقت میں پچاس کے قائم مقام تھا۔ (تریاق القلوب ص35-36 مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

مجرب دوائیں

مخدومی مکرمی اخویم مولوی نورالدین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔

وہ دوا جس میں مروارید داخل ہیں جو کسی قدر آپ دے گئے تھے۔ اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ مجھ کو بہت فائدہ ہوا۔ قوت باہ کو ایک عجیب فائدہ یہ دوا پہنچاتی ہے اور مقوی معدہ اور کاہلی سستی کو دور کرتی ہے اور کئی عوارض کو نافع ہے۔ آپ ضرور استعمال کر کے مجھ کو اطلاع دیں۔ مجھ کو تو یہ بہت موافق آ گئی۔ فالحمد لله علی ذلک خاکسار غلام احمد 30 دسمبر 1886ء۔ (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 4 مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عنایت نامہ پہنچا۔ مجھے نہایت تعجب ہے کہ دواء معلومہ سے آں مخدوم سے کچھ فائدہ محسوس نہ ہوا۔ شاید کہ وہی قول درست ہو کہ ادویہ کو ابدان سے مناسبت ہے۔ بعض ادویہ بعض ابدان کے مناسب حال معلوم ہوتی ہیں اور بعض دیگر کے نہیں۔ مجھے یہ دوا بہت ہی فائدہ مند معلوم ہوئی ہے کہ چند امراض کاہلی و سستی و رطوبات معدہ اس سے دور ہو گئے۔ ایک مرض مجھے نہایت خوفناک تھی کہ صحبت کے وقت لیٹنے کی حالت میں نعوظ بکلی جاتا رہتا ہے۔ شاید قلت حرارت غریزی اس کا موجب تھی۔ وہ عارضہ بالکل جاتا رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حرارت غریزی کو بھی مفید ہے اور منی کو بھی غلیظ کرتی ہے۔ غرض میں نے تو اس میں آثار نمایاں پائے ہیں۔ واللہ اعلم وعلمہ احکم۔

اگر دوا موجود ہو اور آپ دودھ اور بالائی کے ساتھ کچھ زیادہ قدر شربت کر کے استعمال کریں تو میں خواہشمند ہوں کہ آپ کے بدن میں ان فوائد کی بشارت سنوں۔ کبھی کبھی اچھی دوا کی چھپی چھپی تاثیر بھی ہوتی ہے کہ جو ہفتے عشرے کے بعد محسوس ہوتی ہے چونکہ دوا ختم ہو چکی ہے اور میں نے زیادہ کھالی ہے۔ اس لیے ارادہ ہے کہ اگر خدا تعالیٰ چاہے تو دوبارہ تیار کی جائے لیکن چونکہ گھر میں ایام امید ہونے کا کچھ گمان ہے جس

کا میں نے ذکر بھی کیا تھا۔ ابھی تک وہ گمان پختہ ہوتا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ اس کو راست کرے۔ اس جہت سے جلد تیار کرنے کی چنداں ضرورت میں نہیں دیکھتا۔ مگر میں شکر گزار ہوں کہ خدا تعالیٰ نے دوا کا بہانہ کر کے بعض خطرناک عوارض سے مجھ کو مخلصی عطا کی۔ فالحمد للہ علی احسانہ۔ خاکسار غلام احمد از قادیان 19 جنوری 1887ء (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر (2) ص 14 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

محبی عزیزی اخویم نواب صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ، کسی قدر تریاق جدید کی گولیاں بدست مرزا خدا بخش صاحب آپ کی خدمت میں ارسال ہیں اور کسی قدر اس وقت دے دوں گا، جب آپ قادیان آئیں گے۔ یہ دوا تریاق الٰہی سے فوائد میں بہت بڑھ کر ہے۔ اس میں بڑی بڑی قابل قدر دوائیں پڑی ہیں۔ جیسے مشک عنبر، مرزنجوش، مروارید، سونے کا کشتہ، فولاد، یاقوت احمر، کونین، فاسفورس، کہربا، مرجان، صندل، کیوڑہ، زعفران، یہ تمام دوائیں قریب سو کے ہیں اور بہت سا فاسفورس اس میں داخل کیا گیا ہے۔ یہ دوا علاج طاعون کے علاوہ مقوی دماغ، مقوی جگر، مقوی معدہ، مقوی باہ اور مراق کو فائدہ کرنے والی اور مصفی خون ہے۔ مجھ کو اس کے تیار کرنے میں اول تامل تھا کہ بہت سا روپیہ پر اس کا تیار کرنا موقوف تھا، لیکن چونکہ صحت کے لیے یہ دوا مفید ہے اس لیے اس قدر خرچ گوارا کیا گیا.....

خوراک اس کی اول استعمال میں دو رتی سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے تا کہ گرمی نہ کرے، نہایت درجہ مقوی اعصاب ہے اور خارش اور بثورات اور جذام اور ذیابیطس اور انواع و اقسام کے خطرناک امراض کے لیے مفید ہے اور قوت باہ میں اس کو ایک عجیب اثر ہے۔ خاکسار مرزا غلام احمد 29 اگست 1899ء۔

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر (4) ص 105 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم نورالدین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

ایک میرے دوست سامانہ علاقہ پٹیالہ میں ہیں جن کا نام مرزا محمد یوسف بیگ ہے۔ انھوں نے کئی دفعہ معجون بنا کر بھیجی ہے، جس میں کچھ مدبر داخل ہوتا ہے۔ وہ معجون میرے تجربہ میں آیا ہے کہ اعصاب کے لیے نہایت مفید ہے اور امراض رعشہ اور فالج اور تقویت دماغ اور قوت باہ کے لیے اور نیز قوت معدہ کے لیے فائدہ مند ہے۔ مدت سے میرے استعمال میں ہے۔ اگر آپ اس کو استعمال کرنا مصلحت سمجھیں تو میں کسی قدر جو میرے پاس ہے، بھیج دوں۔

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 ص 55 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

خاندانی طبیب

"خاکسار ہمیشہ عرض کرتا ہے کہ طبابت کا علم ہمارا خاندانی علم ہے اور ہمیشہ سے ہمارا خاندان

اس علم میں ماہر رہا ہے۔ دادا صاحب نہایت ماہر اور مشہور حاذق طبیب تھے۔ تایا صاحب نے بھی طب پڑھی تھی۔ حضرت مسیح موعود بھی علم طب میں خاصی دسترس رکھتے تھے اور گھر میں ادویہ کا ایک ذخیرہ رکھا کرتے تھے، جس سے بیماروں کو دوا دیتے تھے۔ (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 35 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

آپ (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی) خاندانی طبیب تھے۔ آپ کے والد ماجد اس علاقہ میں نامی گرامی طبیب گزر چکے ہیں اور آپ نے بھی طب سبقاً سبقاً پڑھی ہے۔ مگر باقاعدہ مطلب نہیں کیا۔ کچھ تو خود بیمار رہنے کی وجہ سے اور کچھ چونکہ علاج پوچھنے آ جاتے تھے، آپ اکثر مفید اور مشہور ادویہ اپنے گھر میں موجود رکھتے تھے۔ نہ صرف یونانی بلکہ انگریزی بھی اور آخر میں تو آپ کی ادویات کی الماری میں زیادہ تر انگریزی ادویہ ہی رہتی تھیں۔ مفصل ذکر طبابت کے نیچے آئے گا۔ یہاں اتنا ذکر کر دینا ضروری ہے کہ آپ کئی قسم کی مقوی ادویات کا استعمال فرمایا کرتے تھے۔ مثلاً کوکا کولا، مچھلی کے تیل کا مرکب، ایسٹن سیرپ، کونین، فولاد وغیرہ اور خواہ کیسی ہی تلخ یا بدمزہ دوا ہو، آپ اس کو بلا تکلف پی لیا کرتے۔"

(سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 127 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

پہلا دورہ

"بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود (یعنی والد صاحب) کو پہلی دفعہ دوران سر اور ہسٹریا کا دورہ بشیر اول کی وفات کے چند دن بعد ہوا تھا۔ رات کو سوتے ہوئے آپ کو اُتھو آیا اور پھر اس کے بعد طبیعت خراب ہو گئی، مگر یہ دورہ خفیف تھا۔ پھر اس کے کچھ عرصے بعد آپ ایک دفعہ نماز کے لیے باہر گئے اور جاتے ہوئے فرمانے لگے کہ آج طبیعت کچھ خراب ہے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تھوڑی دیر کے بعد شیخ حامد علی نے دروازہ کھٹکھٹایا کہ جلدی پانی کی ایک گاگر گرم کر دو۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ میں سمجھ گئی کہ حضرت صاحب کی طبیعت خراب ہو گئی ہو گی۔ چنانچہ میں نے کسی ملازم عورت کو کہا کہ اس سے پوچھو، میاں کی طبیعت کا کیا حال ہے۔ شیخ حامد علی نے کہا کہ خراب ہو گئی ہے۔ میں پردہ کرا کے مسجد میں چلی گئی تو آپ لیٹے ہوئے تھے۔ جب میں پاس گئی تو فرمایا کہ میری طبیعت بہت خراب ہو گئی تھی لیکن اب افاقہ ہے۔ میں نماز پڑھ رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ کوئی کالی کالی چیز میرے سامنے سے اٹھی اور آسمان تک چلی گئی۔ پھر میں چیخ مار کر زمین پر گر گیا اور غشی کی سی حالت ہو گئی۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں، اس کے بعد آپ کو باقاعدہ دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ خاکسار نے پوچھا۔ دوروں میں کیا ہوتا تھا؟ والدہ صاحبہ نے کہا۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے تھے اور بدن کے پٹھے کھنچ جاتے تھے، خصوصاً گردن کے پٹھے اور سر میں چکر ہوتا تھا اور اس وقت آپ اپنے بدن کو سہار نہیں سکتے تھے۔ شروع شروع میں یہ دورے بہت سخت ہوتے تھے۔ پھر اس کے بعد کچھ دوروں کی ایسی سختی نہ رہی اور کچھ طبیعت عادی ہو گئی۔ خاکسار نے پوچھا کہ اس سے پہلے تو سر کی کوئی تکلیف نہیں تھی۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا پہلے معمولی سر درد کے دورے ہوا کرتے تھے۔

خاکسار نے پوچھا کیا حضرت صاحب پہلے خود نماز پڑھاتے تھے؟ والدہ صاحبہ نے کہا کہ ہاں، مگر پھر دوروں کے بعد چھوڑ دی۔" (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 13 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

رمضان کے دورے

"بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو دورے پڑنے شروع ہوئے تو آپ نے اس سال سارے رمضان کے روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ دوسرا رمضان آیا تو آپ نے روزے رکھنے شروع کیے۔ مگر آٹھ نو روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ ہوا۔ اس لیے باقی چھوڑ دیے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو اس میں آپ نے دس گیارہ روزے رکھے تھے کہ پھر دورہ کی وجہ سے روزے ترک کرنے پڑے۔ اور آپ نے فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جو رمضان آیا تو آپ کا تیرھواں روزہ تھا کہ مغرب کے قریب آپ کو دورہ پڑا اور آپ نے روزہ توڑ دیا اور باقی روزے نہیں رکھے اور فدیہ ادا کر دیا۔ اس کے بعد جتنے رمضان آئے۔ آپ نے سب روزے رکھے۔ مگر پھر وفات سے دو تین سال قبل نہیں رکھ سکے اور فدیہ ادا فرماتے رہے۔ خاکسار نے دریافت کیا کہ جب آپ نے ابتداء دوروں کے زمانہ میں روزے چھوڑے تو کیا پھر بعد میں ان کو قضا کیا؟ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ نہیں صرف فدیہ ادا کر دیا تھا۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ جب شروع شروع میں حضرت مسیح موعود کو دوران سر اور برد اطراف کے دورے پڑنے شروع ہوئے تو اس زمانہ میں آپ بہت کمزور ہو گئے تھے اور صحت خراب رہتی تھی۔"

(سیرۃ المہدی حصہ اول ص 51 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

سخت دورہ

"بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ اوائل میں ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو سخت دورہ پڑا۔ کسی نے مرزا سلطان احمد اور مرزا فضل احمد کو بھی اطلاع دے دی اور وہ دونوں آ گئے۔ پھر ان کے سامنے بھی حضرت (مرزا) صاحب کو دورہ پڑا۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں اس وقت میں نے دیکھا کہ مرزا سلطان احمد تو آپ کی چارپائی کے پاس خاموشی کے ساتھ بیٹھے رہے۔ مگر مرزا فضل احمد کے چہرہ پر ایک رنگ آتا تھا اور ایک جاتا تھا اور وہ کبھی ادھر بھاگتا تھا اور کبھی اُدھر۔ کبھی اپنی پگڑی اتار کر حضرت صاحب کی ٹانگوں کو باندھتا تھا اور کبھی پاؤں دبانے لگ جاتا اور گھبراہٹ میں اس کے ہاتھ کانپتے تھے۔"

(سیرۃ المہدی حصہ اول ص 32 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

خطرناک

"پھر آپ نے (یعنی مرزا قادیانی) نے فرمایا کہ میں کیا کروں؟ میں نے تو خدا کے سامنے پیش

کیا ہے کہ میں تیرے دین کی خاطر اپنے ہاتھ اور پاؤں میں لوہا پہننے کو تیار ہوں ۔ مگر وہ کہتا ہے کہ نہیں۔ میں تجھے ذلت سے بچاؤں گا اور عزت کے ساتھ بری کردوں گا۔ پھر آپ محبت الٰہی پر تقریر فرمانے لگ گئے اور قریباً نصف گھنٹے تک جوش کے ساتھ بولتے رہے لیکن پھر یک لخت بولتے بولتے آپ کو ابکائی آئی اور ساتھ ہی قے ہوئی جو خالص خون کی تھی۔ جس میں کچھ خون جما ہوا تھا اور کچھ بہنے والا تھا۔ حضرت نے قے سے سر اٹھا کر رومال سے اپنا منہ پونچھا اور آنکھیں بھی پونچھیں، جو قے کی وجہ سے پانی لے آئی تھیں۔ مگر آپ کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ قے میں کیا نکلا ہے، کیونکہ آپ نے یک لخت جھک کر قے کی اور پھر سر اٹھا لیا۔ مگر میں اسے دیکھنے کے لیے جھکا تو حضور نے فرمایا، کیا ہے؟ میں نے عرض کی، حضور قے میں خون نکلا ہے۔ تب حضور نے اس کی طرف دیکھا۔ پھر خواجہ صاحب اور مولوی محمد علی صاحب اور دوسرے سب لوگ کمرے میں آ گئے اور ڈاکٹر کو بلوایا گیا۔ ڈاکٹر انگریز تھا۔ وہ آیا اور قے دیکھ کر خواجہ صاحب کے ساتھ انگریزی میں باتیں کرتا رہا۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ اس بڑھاپے کی عمر میں اس طرح خون کی قے آنا خطرناک ہے۔ پھر اس نے یہ کہا یہ آرام کیوں نہیں کرتے۔ خواجہ صاحب نے کہا آرام کس طرح کریں۔ مجسٹریٹ صاحب قریب قریب کی پیشیاں ڈال کر تنگ کرتے ہیں۔ حالانکہ معمولی مقدمہ ہے، جو یوں ہی طے ہو سکتا ہے۔ اس نے کہا اس وقت آرام ضروری ہے۔ میں سرٹیفکیٹ لکھ دیتا ہوں۔ کتنے عرصہ کے لیے سرٹیفکیٹ چاہیے۔ پھر خود ہی کہنے لگا، میرے خیال میں دو مہینے آرام کرنا چاہیے۔ خواجہ صاحب نے کہا فی الحال ایک مہینہ کافی ہوگا۔ اس نے فوراً ایک مہینہ کے لیے سرٹیفکیٹ لکھ دیا اور لکھا کہ میں اس عرصہ میں ان کو کچہری میں پیش ہونے کے قابل نہیں سمجھتا۔" (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 80 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

مراق کا سلسلہ

"مراق کا مرض حضرت مرزا قادیانی کو موروثی نہ تھا، بلکہ یہ خارجی اثرات کے ماتحت پیدا ہوا تھا اور اس کا باعث سخت دماغی محنت، تفکرات، غم اور سوء ہضم تھا جس کا نتیجہ دماغی ضعف تھا اور جس کا اظہار مراق اور دیگر ضعف کی علامات مثلاً دوران سر کے ذریعہ ہوتا تھا۔"

(رسالہ ریویو قادیان ص 10 بابت اگست 1926ء)

"میری بیوی کو مراق کی بیماری ہے۔ کبھی کبھی وہ میرے ساتھ ہوتی ہے، کیونکہ طبی اصول کے مطابق اس کے لیے چہل قدمی مفید ہے۔ ان کے ساتھ چند خادم عورتیں بھی ہوتی ہیں ..... ہم باغ تک جاتے ہیں۔ پھر واپس آ جاتے ہیں۔" (مرزا غلام احمد قادیانی کا بیان عدالت مندرجہ اخبار الحکم قادیان جلد 5 نمبر 29 مورخہ 10 اگست 1901ء منقول از منظور الٰہی ص 244 مصنفہ منظور الٰہی قادیانی لاہوری)

"بیان کیا مجھ سے والدہ صاحبہ نے کہ حضرت (مرزا) کے ایک حقیقی ماموں تھے، جن کا نام مرزا جمعیت بیگ تھا۔ ان کے ہاں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہوئی۔ اور ان کے دماغ میں کچھ خلل آ گیا تھا۔ لڑکے کا

نام مرزا علی شیر تھا اور لڑکی کا حرمت بی بی لڑکی حضرت صاحب کے نکاح میں آئی اور اسی کے بطن سے مرزا سلطان احمد اور فضل احمد پیدا ہوئے۔" (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 206 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

مراق کے اسباب میں سب سے بڑا سبب ورثہ میں ملا ہوا طبعی میلان اور عصبی کمزوری ہے۔ عصبی امراض ہمیشہ ورثہ میں ملتے ہیں اور لمبے عرصہ تک خاندان میں چلتے ہیں۔ (بیاض نورالدین جلد اول منقول از اخبار پیغام صلح لاہور (36) 47 مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

جب خاندان سے اس کی ابتداء ہو چکی تو پھر اگلی نسل میں بے شک یہ مرض منتقل ہوا۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی میاں محمود احمد قادیانی نے فرمایا کہ مجھ کو بھی کبھی کبھی مراق کا دورہ ہوتا ہے۔ (مضمون ڈاکٹر شاہنواز قادیانی مندرجہ رسالہ ریویو قادیاں ص 11 بابت اگست 1940ء)

اکثر یہ مرض (مراق) تنہا رہنے یا زیادہ خوض علم میں کرنے یا محنت شدید یا ریاضت شدید یا مجاہدہ نفس سے پیدا ہوتا ہے۔ (تذکرۃ الوفاق فی علاج المراق ص 60 مصنفہ حکیم اصغر حسین فرخ آبادی)

مالیخولیا مراق

مالیخولیا کی ایک قسم ہے، جس کو مراق کہتے ہیں۔ یہ مرض تیز سودا ہے، جو معدہ میں پیدا ہوتا ہے اور جس عضو میں یہ مادہ جمع ہو جاتا ہے، اس سے سیاہ بخارات اٹھ کر دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔

اس کی علامات یہ ہیں۔ ترش دخانی ڈکاریں آنا، ضعف معدہ کی وجہ سے کھانے کی لذت کم معلوم ہونا، ہاضمہ خراب ہو جانا، پیٹ پھولنا، پاخانہ پتلا ہونا، دھوئیں جیسے بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہونا۔ (ترجمہ) (شرح الاسباب والعلامات امراض راس مالیخولیا، تصنیف علامہ برہان الدین نفیس)

یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مرض (مراق) کی علامات کا ظہور فتور قوت جوانی یا روح جوانی سے ہوتا ہے، جو کہ جگر و معدے میں ہوتی ہے مگر تحقیقات جدیدہ سے معلوم ہوا ہے کہ مرض عصبی ہے اور جیسا کہ عورت میں رحم کی مشارکت سے مرض اختناق الرحم ہسٹریا پیدا ہوتا ہے، اسی طرح اعضائے اندرونی کے فتور سے ضعف دماغ ہو کر مردوں میں مراق ہو جاتا ہے۔

علامات

مریض ہمیشہ سست و متفکر رہتا ہے۔ اس میں خودی کے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ہر ایک بات میں مبالغہ کرتا ہے..... بھوک نہیں لگتی، کھانا ٹھیک طور پر ہضم نہیں ہوتا۔

(مخزن حکمت مصنفہ شمس الاطباء حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب (طبع دوم))

فساد ہضم، کھٹی دخانی ڈکاریں، منہ میں زیادہ رال آئے، پیٹ پھولتا ہو، پیٹ میں قراقر، تناوت اور سوزش ہو جھوٹی بھوک معلوم ہو۔ تالو کی طرف دھوئیں جیسے بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہوں، ہاضمہ اچھا

ہو، تو مرض میں تخفیف ہو، ہاضمے کی خرابی اور رعشے سے مرض میں زیادتی ہوگا ہے جسم کے اوپر کے حصے میں کپکپی اور لرزہ، ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیوں یا تمام بدن کا ٹھنڈا ہو جانا، مرض کی کمی بیشی کے مطابق کمزوری لاحق ہونا، یہاں تک کہ کبھی غشی تک نوبت پہنچ جائے، کبھی ایک چیز کے دو معلوم ہونا، کبھی آنکھوں کے سامنے بجلی سی کوندتی معلوم ہو یا آنکھوں کی کرختگی، پلکوں کا بوجھل ہونا، دماغ اور سر میں سوزش و گرمی، درد سر اور نسیان یک بیک اچھونک جانا.... مرض مراق کے لوازم سے ہے، لیکن ان سب کا ایک مریض میں پایا جانا ضروری نہیں۔ (ترجمہ) (اکسیر اعظم جلد اوّل ص 189 مصنفہ حکیم محمد اعظم خاں صاحب)

مالیخولیا اس مرض کو کہتے ہیں۔ جس میں حالت طبعی کے خلاف خیالات و افکار متغیر بخوف و فساد ہو جاتے ہیں۔ اس کا سبب مزاج سوداوی ہو جانا ہوتا ہے، جس سے روح دماغی اندرونی طور پر متوحش ہوتی ہے اور مریض اس کی ظلمت سے پراگندہ خاطر ہو جاتا ہے یا پھر یہ مرض حرارت جگر کی شدت کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہی چیز مراق ہوتی ہے۔ جب اس میں غذا کے فضلات اور آنتوں کے بخارات جمع ہو جاتے ہیں اور اس کے اخلاط جل کر سودا کی صورت میں تبدیل ہو جاتے ہیں تو ان اعضاء سے سیاہ بخارات اٹھ کر سر کی طرف چڑھتے ہیں۔ اس کو نفحہ مراقیہ، مالیخولیائے نافخ اور مالیخولیائے مراقی کہتے ہیں۔

(ترجمہ، قانون شیخ الرئیس حکیم بو علی سینا فن اول از کتاب ثالث)

علاج

عمدہ خون پیدا کرنے والی غذائیں استعمال کرائی جائیں مثلاً مچھلی (پرندوں کا) زود ہضم گوشت اور کبھی کبھی سفید ہلکی شراب، جو تیز اور پرانی نہ ہو ...اور عمدہ عمدہ خوشبوئیں، جیسے مشک عنبر، نافہ اور عود استعمال کرائیں۔ نیز فم معدہ کے لیے مقوی جوارشات کا استعمال کرائیں۔

مریض مالیخولیا کو لازم ہے کہ کسی دل خوش کن کام میں مشغول رہے اور اس کے پاس وہ لوگ رہیں، جو اس کی تعظیم و تکریم کرتے رہیں اور اس کو خوش رکھیں اور شراب تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر اعتدال کے ساتھ پلائی جائے (قانون شیخ الرئیس حکیم بو علی سینا فن اول از کتاب ثالث)

مالیخولیا کے کرشمے

مالیخولیا خیالات و افکار کے طریق طبعی سے متغیر بخوف و فساد ہو جانے کو کہتے ہیں۔ بعض مریضوں میں کا ہے گا ہے یہ فساد اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو غیب دان سمجھتا ہے اور اکثر ہونے والے امور کی پہلے ہی خبر دے دیتا ہے..... اور بعض میں یہ فساد یہاں تک ترقی کر جاتا ہے کہ اس کو اپنے متعلق یہ خیال ہوتا ہے کہ میں فرشتہ ہوں۔

(شرح اسباب والعلامات امراض مالیخولیا مصنفہ علامہ برہان الدین نفیس)

مریض کے اکثر اوہام اس کام سے متعلق ہوتے ہیں جس میں مریض زمانہ صحت میں مشغول رہا ہو۔ مثلاً مریض صاحب علم ہو تو پیغمبری اور معجزات و کرامات کا دعویٰ کر دیتا ہے، خدائی کی باتیں کرتا ہے، اور لوگوں کو اس کی تبلیغ کرتا ہے۔ (اکسیر اعظم جلد اول ص 188 مصنفہ حکیم محمد اعظم خاں صاحب)

ہسٹریا

''ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے کئی دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے سنا ہے کہ مجھے ہسٹریا ہے۔ بعض اوقات آپ مراق بھی فرمایا کرتے تھے۔ لیکن دراصل بات یہ ہے کہ آپ کو دماغی محنت اور شبانہ روز تصنیف کی مشقت کی وجہ سے بعض عصبی علامات پیدا ہو جایا کرتی تھیں جو ہسٹریا کے مریضوں میں بھی عموماً دیکھی جاتی ہیں۔ مثلاً کام کرتے کرتے یک دم ضعف ہو جانا، چکروں کا آنا، ہاتھ پاؤں کا سرد ہو جانا، گھبراہٹ کا دورہ ہو جانا، ایسا معلوم ہونا کہ ابھی دم نکلتا ہے، یا کسی تنگ جگہ یا بعض اوقات آدمیوں میں گھر کر بیٹھنے سے دل کا سخت پریشان ہونے لگنا وغیرہ ذالک۔''

(سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 55 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

ہسٹریا کا بیمار جس کو اختناق الرحم کہتے ہیں، چونکہ عام طور پر یہ مرض عورتوں میں زیادہ ہوتا ہے، اس لیے اس کو رحم کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ ورنہ مردوں میں بھی یہ مرض ہوتا ہے۔ جن مردوں کو یہ مرض ہو، ان کو مراقی کہتے ہیں۔ (خطبہ جمعہ میاں محمود احمد صاحب خلیفہ قادیان مندرجہ اخبار الفضل قادیان جلد 10 نمبر 84 مورخہ 30 اپریل 1923ء)

یہ درست ہے کہ مرگی اور ہسٹریا میں بھی مراق کی علامات پائی جاتی ہیں، مگر یہ نہیں کہ ہر مراقی کو مرگی یا ہسٹریا کا مرض ہوتا ہے۔ (بیاض نور الدین جلد اول منقول از اخبار پیغام صلح لاہور جلد 36 نمبر 47 مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

ایک مدعی الہام کے متعلق اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس کو ہسٹریا، مالیخولیا یا مرگی کا مرض تھا تو اس کے دعوے کی تردید کے لیے کسی اور ضرب کی ضرورت نہیں رہتی، کیونکہ یہ ایک ایسی چوٹ ہے جو اس کی صداقت کی عمارت کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتی ہے۔ (مضمون ڈاکٹر شاہنواز صاحب قادیانی مندرجہ رسالہ ریویو آف ریلیجنز قادیان بابت ماہ اگست 1946ء)

دق اور سل

حضرت اقدس نے اپنی بیماری دق کا بھی ذکر کیا ہے۔ یہ بیماری آپ کو حضرت مرزا غلام مرتضیٰ صاحب مرحوم کی زندگی میں ہو گئی تھی اور آپ قریباً چھ ماہ بیمار رہے۔ حضرت مرزا غلام مرتضیٰ صاحب آپ کا علاج خود کرتے تھے اور آپ کو بکرے کے پائے کا شوربہ کھلایا کرتے تھے۔ اس بیماری میں آپ کی حالت

بہت نازک ہو گئی تھی۔ (حیات احمد جلد دوم نمبر اول ص 79 مولفہ یعقوب علی قادیانی)

بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے ایک دفعہ تمہارے دادا کی زندگی میں حضرت (مرزا) کو سل ہو گئی۔ حتیٰ کہ زندگی سے ناامیدی ہو گئی ... والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تمہارے دادا خود حضرت صاحب کا علاج کرتے تھے اور برابر چھ ماہ تک انہوں نے آپ کو بکرے کے پائے کا شوربہ کھلایا تھا" (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 42 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

دو چادریں

"دیکھو میری بیماری کی نسبت بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیش گوئی کی تھی، جو اس طرح وقوع میں آئی۔ آپ نے فرمایا تھا کہ مسیح آسمان پر سے۔ جب اترے گا تو دو زرد چادریں اس نے پہنی ہوئی ہوں گی تو اسی طرح مجھ کو دو بیماریاں ہیں۔ ایک اوپر کے دھڑ کی اور ایک نیچے کے دھڑ کی یعنی مراق اور کثرت بول۔" (ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ رسالہ تشحیذ الاذہان قادیان ء جون 1906ء۔ اخبار بدر قادیان جلد 2 نمبر 23 مورخہ 7 جون 1906ء)

دو مرض میرے لاحق حال ہیں۔ ایک بدن کے اوپر کے حصہ میں اور دوسرا بدن کے نیچے کے حصہ میں، اوپر کے حصہ میں دوران سر ہے اور نیچے کے حصہ میں کثرت پیشاب ہے اور یہ دونوں مرضیں اس زمانہ سے ہیں، جس زمانہ سے میں نے اپنا دعویٰ مامور من اللہ ہونے کا شائع کیا ہے۔ (شاید یہ دعوے کی برکت ہو۔ للمؤلف برنی) (مرزا قادیانی کی تالیف حقیقت الوحی ص 206-207 منقول از اخبار پیغام صلح لاہور جلد 36 نمبر 47 مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

مسیح موعود دو زرد چادروں میں اترے گا۔ ایک چادر بدن کے اوپر کے حصہ میں ہوگی اور دوسری چادر بدن کے نیچے کے حصے میں ہوگی۔ سو میں نے کہا کہ اس طرف اشارہ تھا کہ مسیح موعود دو بیماریوں کے ساتھ ظاہر ہوگا۔ کیونکہ تعبیر کے علم میں زرد کپڑے سے مراد بیماری ہے اور وہ دونوں بیماریاں مجھ میں ہیں۔ یعنی ایک سر کی بیماری اور دوسری کثرت پیشاب اور دستوں کی بیماری (عیسیٰ مسیح کا معجزہ تھا کہ بیماروں کو تندرست بلکہ مردوں کو زندہ کرتے تھے اور مسیح موعود یعنی بزعم خود مرزا قادیانی کی نشانی خود امراض ہیں۔ خاص کر سر کی بیماری اور پیشاب اور دستوں کی بیماری۔ لیکن کیا عجب ہے یہ چودھویں صدی کا کمال ہو جس سے اچھے اچھوں نے پناہ مانگی۔ (للمؤلف برنی) (مرزا قادیانی کی تالیف تذکرۃ الشہادتین ص 24 منقول از اخبار پیغام صلح لاہور جلد 36 نمبر 47 مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

مسیح موعود کی نسبت حدیثوں میں دو زرد رنگ چادروں کا ذکر ہے، ایسی ہی میرے لاحق حال دو بیماریاں ہیں۔ ایک بیماری بدن کے اوپر کے حصہ میں، جو اوپر کی چادر ہے اور وہ دوران سر ہے، جس کی شدت کی وجہ سے بعض وقت میں زمین پر گر ... ہوں اور دل کا دوران خون کم ہو جاتا ہے اور ہولناک صورت پیدا

ہو جاتی ہے۔ (بعض دیگر دماغی امراض خاص کر مرگی میں بھی یہ کیفیت گزرتی ہے۔ دردسر میں تو بیشتر تکلیف رہتی ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی نے اپنی خرابی صحت میں ہسٹریا کا مرض بھی ظاہر کیا۔ (ملمؤلف برقی)

اور دوسری بیماری بدن کے نیچے کے حصے میں ہے جو مجھے کثرت پیشاب کی مرض ہے جس کو ذیابیطس کہتے ہیں اور معمولی طور پر مجھے ہر روز پیشاب کثرت سے آتا ہے اور پندرہ یا بیس دفعہ تک نوبت پہنچتی ہے اور بعض اوقات قریب سو دفعہ کے دن رات میں پیشاب آتا ہے اور اس سے بھی ضعف بہت ہو جاتا ہے۔ (میرزا قادیانی کی تالیف براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 201 منقول از اخبار پیغام صلح لاہور جلد نمبر 36 نمبر 47 مورخہ یکم دسمبر 1945ء)

پیشاب کا انتظام

اس پر مجھے یاد آیا کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے اس عاجز کو دو بار ایسی خدمت کرنے کا موقع نصیب ہوا۔ ایک تو سفر جہلم میری عادت تھی کہ سفر میں یہ کوشش کرتا تھا کہ رات کے وقت بھی مجھے حضور کے پاس ہی سونے کی جگہ ملے۔ چنانچہ جہلم میں حضور کی چارپائی کے نزدیک ہی فرش پر لیٹنے کا مجھے موقع مل گیا اور جب سب لوگ سوئے ہوئے تھے تو مجھے آہٹ ہوئی کہ حضور چارپائی پر سے اٹھے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ کیا چاہیے۔ حضور نے فرمایا کہ پیشاب کی حاجت ہے۔ سردی کا موسم تھا۔ میں جلدی سے ایک مٹی کا برتن لایا اور مٹی کے ڈھیلے لایا حضور پیشاب سے فارغ ہوئے تو میں برتن اٹھا کر باہر لے گیا۔

دوسری دفعہ لاہور میں جب حضور نے حضرت میاں چراغ الدین صاحب مرحوم کے مکان پر قیام کیا تب بھی رات کے وقت حضور کو پیشاب کی حاجت ہوئی۔ میں جاگ رہا تھا۔ ایک مٹی کا برتن لایا۔ جب حضور فارغ ہوئے تو میں نے ہاتھ بڑھایا اور مٹی کے برتن کو پکڑا کہ باہر لے جاؤں۔ مگر اس دفعہ حضور نے مجھے اجازت نہ دی کہ میں ایسا کروں اور ایک کھڑکی سے جو اس کمرے میں تھی، خود ہی پیشاب باہر گرا دیا۔ (مفتی محمد صادق صاحب کا بیان مندرجہ اخبار الفضل قادیان نمبر 227 جلد 28 مورخہ 9 دسمبر 1940ء)

دو بیماریاں

مجھے دو بیماریاں مدت دراز سے تھیں۔ ایک شدید دردسر جس سے میں نہایت بے تاب ہو جایا کرتا تھا اور ہولناک عوارض پیدا ہو جاتے تھے اور یہ مرض قریباً پچیس برس تک دامن گیر رہی اور اس کے ساتھ دوران سر بھی لاحق ہو گیا اور طبیبوں نے لکھا ہے کہ ان عوارض کا آخری نتیجہ مرگی ہوتی ہے۔ چنانچہ میرے بڑے بھائی مرزا غلام قادر قریباً دو ماہ تک اسی مرض میں مبتلا ہو کر آخر مرض صرع میں مبتلا ہو گئے اور اسی سے ان کا انتقال ہو گیا۔ لہٰذا میں دعا کرتا رہا کہ خدا تعالیٰ ان امراض سے مجھے محفوظ رکھے۔ ایک دفعہ عالم کشف میں مجھے دکھائی دیا کہ ایک بلا سیاہ رنگ، چارپایہ کی شکل پر، جو بھیڑ کے قد کے مانند اس کا قد تھا

اور بڑے بڑے بال تھے اور بڑے بڑے پنجے تھے، میرے پر حملہ کرنے لگے اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہی مرض ہے تو میں نے اپنا داہنا ہاتھ زور سے ان کے سینے پر مارا اور کہا کہ دور ہو۔ تیرا مجھ میں حصہ نہیں۔ تب خدا تعالیٰ جانتا ہے، کہ بعد اس کے وہ خطرناک عوارض جاتے رہے اور وہ درد شدید بالکل جاتی رہی۔ صرف دوران سر کبھی کبھی ہوتا ہے کہ وہ زرد رنگ چادروں کی پیشین گوئی میں خلل نہ آئے۔ دوسری مرض ذیابیطس تخمیناً بیس برس سے ہے، جو مجھے لاحق ہے۔ جیسا کہ اس نشان کا پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے اور ابھی تک بیس دفعہ کے قریب ہر روز پیشاب آتا ہے اور امتحان سے بول میں شکر پائی گئی۔ ایک دن مجھے خیال آیا کہ ڈاکٹروں کے تجربہ کی رو سے انجام ذیابیطس کا یا تو نزول الماء ہوتا ہے۔ یا کاربنکل یعنی سرطان کا پھوڑا نکلتا ہے، جو مہلک ہوتا ہے۔ سو اسی وقت نزول الماء کی نسبت مجھے الہام ہوا۔ یعنی تین عضو پر رحمت نازل کی گئی، آنکھ اور دو اور عضو پر اور پھر جب کاربنکل کا خیال میرے دل میں آیا تو الہام ہوا۔ السلام علیکم، سو ایک عمر گزری کہ میں ان بلاؤں سے محفوظ ہوں۔ فالحمد للہ (حقیقۃ الوحی ص 263 مصنف غلام احمد قادیانی)

تیس برس

"مجھے دو مرض دامنگیر ہیں۔ ایک جسم کے اوپر کے حصہ میں کہ سر درد اور دوران سر اور دوران خون کم ہو کر ہاتھ پیروں کا سرد ہو جانا، نبض کم ہو جانا اور دوسرے جسم کے نیچے کے حصہ میں کہ پیشاب کثرت سے آنا اور اکثر دست آتے رہنا۔ یہ دونوں بیماریاں قریب تیس برس سے ہیں۔ (نسیم دعوت ص 68 مصنف مرزا غلام احمد قادیانی)

یہ دونوں بیماریاں کبھی دعا سے ایسی رخصت ہو جاتی ہیں، گویا دور ہو گئیں مگر پھر شروع ہو جاتی ہیں۔ ایک دفعہ میں نے دعا کی کہ یہ بیماریاں بالکل دور کر دی جائیں تو جواب ملا کہ ایسا نہیں ہوگا مسیح موعود کے لیے یہ بھی ایک علامت ہے۔ کیونکہ لکھا ہے کہ وہ دو زرد چادروں میں اترے گا۔"

(اخبار پیغام صلح لاہور جلد 36 ص 47 مورخہ یکم دسمبر 1948ء)

دائم المرض

میں ایک دائم المرض آدمی ہوں۔۔۔ ہمیشہ درد سر اور دوران سر اور کمی خواب اور تشنج دل کی بیماری دورہ کے ساتھ آتی ہے۔ بیماری ذیابیطس ہے کہ ایک مدت سے دامنگیر ہے اور بسا اوقات سو سو دفعہ رات کو یا دن کو پیشاب آتا ہے اور اس قدر کثرت پیشاب سے جس قدر عوارض ضعف وغیرہ ہوتے ہیں وہ سب میرے شامل حال رہتے ہیں۔ (ضمیمہ اربعین نمبر 3، 4 صفحہ 4 مصنف مرزا غلام احمد قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حالت صحت اس عاجز کی بدستور ہے۔ کبھی غلبہ دوران سر اس قدر ہو جاتا ہے کہ مرض کی جنبش

شدید کا اندیشہ ہوتا ہے اور کبھی یہ دوران کم ہوتا ہے۔ لیکن کوئی وقت دوران سر سے خالی نہیں گزرتا۔ مدت ہوئی نماز تکلیف سے بیٹھ کر پڑھی جاتی ہے۔ بعض وقت درمیان میں توڑنی پڑتی ہے، اکثر بیٹھے بیٹھے رینگن ہو جاتی ہے اور زمین پر قدم اچھی طرح نہیں جمتا۔ قریب چھ سات ماہ یا زیادہ عرصہ گزر گیا ہے کہ نماز کھڑے ہو کر نہیں پڑھی جاتی اور نہ بیٹھ کر اس وضع پر پڑھی جاتی ہے، جو مسنون ہے اور قرأت میں شاید قل ہو اللہ بہ مشکل پڑھ سکوں کیونکہ ساتھ ہی توجہ کرنے سے تحریک بخارات کی ہوتی ہے، (خاکسار غلام احمد قادیان 5 فروری 1891ء (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 3 ص 88 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

چشم نیم باز

مولوی شیر علی صاحب نے بیان کیا کہ باہر مردوں میں بھی حضرت (مرزا) کی یہ عادت تھی کہ آپ کی آنکھیں ہمیشہ نیم بند رہتی تھیں۔ ... ایک دفعہ حضرت مرزا قادیانی مع چند خدام کے فوٹو کھنچوانے لگے تو فوٹو گرافر آپ سے عرض کرتا تھا کہ حضور ذرا آنکھیں کھول کر رکھیں ورنہ تصویر اچھی نہیں آئے گی اور آپ نے اس کے کہنے پر ایک دفعہ تکلف کے ساتھ آنکھوں کو کچھ زیادہ کھولا، مگر وہ پھر اسی طرح بند ہو گئیں۔ (سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 77 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

عصبی کمزوری

حضرت مرزا قادیانی کی تمام تکالیف مثلاً دوران سر، دردسر، کمی خواب، تشنج دل، بدہضمی، اسہال، کثرت پیشاب اور مراق وغیرہ کا صرف ایک ہی باعث تھا اور وہ عصبی کمزوری تھا۔

(رسالہ ریویو قادیان بابت مئی 1937ء)

مرض اعصابی

مخدومی مکرمی اخویم (مولوی نورالدین صاحب) السلام علیکم ورحمتہ و برکاتہ

یہ عاجز پیر کے دن 19 مارچ 1891ء کو مع اپنے عیال کے لودھیانہ کی طرف جائے گا اور چونکہ سردی اور دوسرے تیسرے روز بارش بھی ہو جاتی ہے اور اس عاجز کو مرض اعصابی ہے، سرد ہوا اور بارش سے بہت ضرر پہنچتا ہے، اس وجہ سے یہ عاجز کسی صورت سے اس قدر تکلیف اٹھا نہیں سکتا کہ اس حالت میں لدھیانہ پہنچ کر پھر جلدی لاہور میں آئے۔ طبیعت بیمار ہے۔ لاچار ہوں۔ اس لیے مناسب ہے کہ اپریل کے مہینہ میں کوئی تاریخ مقرر کی جائے...... والسلام، خاکسار غلام احمد عفی عنہ

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

خرابی حافظہ

مکرمی اخویم سلمہ

میرا حافظہ بہت خراب ہے۔ اگر کئی دفعہ کسی کی ملاقات ہو تب بھی بھول جاتا ہوں۔ یاد دہانی عمدہ طریقہ ہے۔ حافظہ کی یہ ابتری ہے کہ بیان نہیں کر سکتا۔ (خاکسار غلام احمد از صدر انبالہ حافظہ تاک چھنی (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 3 ص 21 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

بیان کیا مجھ سے مولوی ذوالفقار علی خاں صاحب نے کہ جن دنوں میں گورداسپور میں کرم دین کا مقدمہ تھا۔ ایک دن حضرت مرزا قادیانی کچہری کی طرف تشریف لے جانے لگے اور حسب معمول پہلے دعا کے لیے اس کمرہ میں گئے، جو اس غرض کے لیے پہلے مخصوص کر دیا تھا۔ میں اور مولوی محمد علی صاحب وغیرہ باہر انتظار میں کھڑے رہے اور مولوی صاحب کے ہاتھ میں اس وقت حضرت صاحب کی چھڑی تھی۔ حضرت صاحب دعا کر کے باہر نکلے تو مولوی صاحب نے آپ کو چھڑی دی۔ حضرت صاحب نے چھڑی ہاتھ میں لے کر اُسے دیکھا اور فرمایا یہ کس کی چھڑی ہے؟ عرض کیا گیا کہ حضور ہی کی ہے جو حضور اپنے ہاتھ میں رکھا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا! میں نے تو سمجھا تھا کہ میری نہیں ہے۔

(سیرۃ المہدی حصہ اول ص 227 مؤلفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

بے توجہی

ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی جسمانی عادات میں ایسے سادہ تھے کہ بعض دفعہ جب حضور جراب پہنتے تو بے توجہی کے عالم میں اس کی ایڑی پاؤں کے تلے کی طرف نہیں بلکہ اوپر کو ہو جاتی تھی اور بارہا ایک کاج کا بٹن دوسرے کاج میں لگا ہوتا تھا اور بعض اوقات کوئی دوست حضور کے لیے گرگابی (جوتا) ہدیۃً لاتا تو آپ بسا اوقات دایاں پاؤں بائیں میں ڈال لیتے تھے اور بایاں دائیں میں۔ چنانچہ اس تکلیف کی وجہ سے آپ دیسی جوتا پہنتے تھے۔ اسی طرح کھانا کھانے کا یہ حال تھا کہ خود فرمایا کرتے تھے کہ ہمیں تو اس وقت پتہ لگتا ہے کہ کیا کھا رہے ہیں کہ جب کھانا کھاتے کھاتے کوئی کنکر وغیرہ کا ریزہ دانت کے نیچے آ جاتا ہے۔

(سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 58 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

جیب کے ڈھیلے

آپ کو (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی صاحب کو) شیرینی سے بہت پیار ہے اور مرض بول بھی آپ کو عرصہ سے لگی ہوئی ہے۔ اسی زمانہ میں آپ مٹی کے ڈھیلے بعض وقت جیب میں ہی رکھتے تھے اور اسی جیب میں گڑ کے ڈھیلے بھی رکھ لیا کرتے تھے۔ اسی قسم کی اور بہت سی باتیں ہیں، جو اس بات پر شاہد ناطق

ہیں کہ آپ کو اپنے یارِ ازل کی محبت میں ایسی محویت تھی کہ جس کے باعث اس دنیا سے بالکل بے خبر ہو رہے تھے۔ (البتہ کھانے میں مرغ، بٹیر، مقویات میں مشک، عنبر مفرح عنبری اور خاص مجربات اور مشاغل میں سرکار عظمت مدار کی توصیف و تائید اور دین میں تاویلات اور نبوت کے دعوے۔ دنیا کی طرف اسی قدر توجہ باقی رہ گئی تھی، اس سے زیادہ نہیں۔ للمولف (مرزا قادیانی کے حالات مرتبہ معراج الدین عمر صاحب قادیانی تمہ براہین احمدیہ جلد اول ص 27)

معروفیت اور مراق

میرا تو یہ حال ہے کہ باوجود اس کے کہ دو بیماریوں میں ہمیشہ مبتلا رہتا ہوں، تاہم آج کل کی مصروفیت کا یہ حال ہے کہ رات کو مکان کے دروازے بند کر کے بڑی بڑی رات تک بیٹھا اس کام کو کرتا رہتا ہوں۔ حالانکہ زیادہ جاگنے سے مراق کی بیماری ترقی کرتی ہے اور دوران سر کا دورہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ تاہم میں اس بات کی پروا نہیں کرتا اور اس کام کو کیے جاتا ہوں۔ (ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی صاحب مندرجہ اخبار الحکم قادیان جلد 5 نمبر 20 مورخہ 13 اکتوبر منقول از کتاب منظور الٰہی ص 349 مولفہ محمد منظور الٰہی صاحب قادیانی)

انہماک

باوجود کہ مجھے اسہال کی بیماری ہے اور ہر روز کئی کئی دست آتے ہیں مگر جس وقت پاخانے کی بھی حاجت ہوتی ہے تو مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ابھی کیوں حاجت ہوئی؟ اسی طرح جب روٹی کھانے کے لیے کئی مرتبہ کہتے ہیں تو بڑا جبر کر کے جلد جلد چند لقمے کھا لیتا ہوں۔ بظاہر تو میں روٹی کھاتا ہوا دکھائی دیتا ہوں، مگر میں سچ کہتا ہوں کہ مجھے پتہ نہیں ہوتا۔ کہ وہ کہاں جاتی ہے اور کیا کھا رہا ہوں۔ میری توجہ اور خیال اسی طرف لگا ہوا ہوتا ہے (ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی صاحب مندرجہ اخبار الحکم قادیان جلد 5 نمبر 40 منقول از کتاب منظور الٰہی ص 349 مولفہ محمد منظور الٰہی صاحب قادیانی)

دورانِ سر

پان محمود بیگم (معصومہ) اور ایک انگریزی وضع کا پاخانہ، جو ایک چوکی ہوتی ہے اور اس میں ایک برتن ہوتا ہے، اس کی قیمت معلوم نہیں، آپ ساتھ لاویں۔ قیمت یہاں سے دی جاوے گی۔ مجھے دورانِ سر کی بہت شدت سے مرض ہو گئی ہے۔ پیروں پر بوجود سے کر پاخانہ پھرنے سے مجھے سر کو چکر آتا ہے (خطوط امام بنام غلام ص 6 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی صاحب بنام حکیم محمد حسین قریشی صاحب قادیانی مالک دواخانہ رفیق صحت لاہور)

دماغی بے ہوشی

پہلے بھی کئی دفعہ ایسا ہوا کہ جب حضور سخت دماغی محنت کیا کرتے تو اچانک آپ کے دماغ پر ایک کمزوری کا حملہ ہوتا اور بے ہوش ہو جاتے۔

ایک دفعہ کا واقعہ مجھے یاد ہے کہ جب کہ عیسائی دشمنوں نے حضور پر مقدمہ اقدام قتل کا بنایا اور مسلمان مولوی صاحبان عیسائیوں کی تائید میں گواہیاں دینے کے لیے آئے تو جس دن بٹالہ میں پیشی تھی اس سے قبل رات عشاء کی نماز کے بعد حضور جواب دعویٰ لکھنے بیٹھے اور مجھے حکم فرمایا کہ میں حضور کے مسودہ کو خوشخط لکھتا جاؤں۔ اندر کے صحن میں حضور بیٹھ گئے۔ لالٹین اور بتیاں روشن کی گئیں۔ حضرت صاحب مسودہ لکھتے رہے اور میں نقل کرتا رہا۔ اسی حالت میں رات گزر گئی اور صبح کی اذان ہو گئی۔ اس وقت اچانک حضرت صاحب کو دماغ میں تکلیف محسوس ہوئی، جس سے لیٹ گئے اور بے ہوش ہو گئے۔ لوگ باہر سے بلائے گئے۔ بہت دیر تک بدن کو دبانے اور ملنے کے بعد ہوش میں آئے۔ (منظر وصل از مفتی محمد صادق صاحب قادیانی مندرجہ اخبار الحکم قادیان خاص نمبر مورخہ 21 مئی 1934ء)

خرابی صحت

عرصہ تین چار ماہ سے میری طبیعت نہایت ضعیف ہو گئی ہے۔ بجز دو وقت ظہر و عصر کے نماز کے لیے بھی نہیں جا سکتا اور اکثر بیٹھ کر نماز پڑھتا ہوں اور اگر ایک سطر بھی کچھ لکھوں یا فکر کروں تو خطرناک دوران سر شروع ہو جاتا ہے اور دل ڈوبنے لگتا ہے۔ جسم بالکل بے کار ہو رہا ہے۔ اور جسمانی قویٰ ایسے مضمحل ہو گئے ہیں کہ خطرناک حالت ہے۔ گویا مسلوب القویٰ ہوں اور آخری وقت ہے۔ ایسا ہی میری بیوی دائم المریض ہے۔ امراض رحم و جگر دامن گیر ہیں۔ (ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی صاحب مندرجہ اخبار بدر قادیان جلد 2 نمبر 21 منقول از آئینہ احمدیت ص 186 مولفہ دوست محمد قادیانی لاہوری)

سخت بیمار

بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب (حال عبدالرحیم صاحب درد قادیانی ایم اے) کہ ایک دفعہ والد صاحب (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی) سخت بیمار ہو گئے اور حالت نازک ہو گئی اور حکیموں نے ناامیدی کا اظہار کر دیا اور نبض بھی بند ہو گئی مگر زبان جاری رہی۔ والد صاحب نے کہا کہ کیچڑ لا کر میرے اوپر نیچے رکھو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور اس سے حالت روبہ اصلاح ہو گئی۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضرت (مرزا) قادیانی نے لکھا ہے کہ یہ مرض قولنج زحیری کا تھا۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں کہ

"ایک مرتبہ میں قولنج زحیری سے سخت بیمار ہوا اور سولہ دن تک پاخانہ کی راہ سے خون آتا رہا اور

سخت درد تھا۔" (حقیقۃ الوحی ص 324)

اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھایا تھا کہ پانی اور ریت منگوا کر بدن پر ملی جائے سو ایسا کیا گیا تو حالت اچھی ہو گئی۔ مرزا سلطان احمد صاحب کو ریت کے متعلق ذہول ہو گیا ہے۔

(سیرۃ المہدی حصہ اول ص 203 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

مرغوبات

بیان کیا مجھ سے میاں عبداللہ صاحب سنوری نے کہ حضرت (مرزا) قادیانی جب بڑی مسجد میں جاتے تھے تو گرمی کے موسم میں کنوئیں سے پانی نکلوا کر ڈول سے ہی منہ لگا کر پانی پیتے تھے اور مٹی کے تازہ ٹنڈیا تازہ آب خورہ میں پانی پینا آپ کو پسند تھا اور میاں عبداللہ صاحب نے بیان کیا کہ حضرت صاحب اچھے تلے ہوئے کرارے پکوڑے پسند کرتے تھے۔ کبھی کبھی مجھ سے منگوا کر مسجد میں ٹہلتے ٹہلتے کھایا کرتے تھے اور سالم مرغ کا کباب بھی پسند تھا گوشت کی خوب بھنی ہوئی بوٹیاں بھی مرغوب تھیں ..... حضرت صاحب نے ایک دفعہ یہ بھی فرمایا تھا کہ گوشت زیادہ نہیں کھانا چاہیے۔ جو شخص چالیس دن لگا تار کثرت کے ساتھ صرف گوشت ہی کھاتا رہتا ہے اس کا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ دال، سبزی، ترکاری کے ساتھ بدل بدل کر گوشت کھانا چاہیے۔ (سیرۃ المہدی حصہ اول ص 163 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

پرندوں کا گوشت آپ کو مرغوب تھا۔ اس لیے بعض اوقات جب طبیعت کمزور ہوتی تو تیتر، فاختہ وغیرہ کے لیے شیخ عبدالرحیم صاحب نو مسلم کو ایسا گوشت مہیا کرنے کے لیے فرمایا کرتے تھے۔ مرغ اور بٹیروں کا گوشت بھی آپ کو پسند تھا۔ مگر بٹیرے، جب سے کہ پنجاب میں طاعون کا زور ہوا، کھانے چھوڑ دیے تھے بلکہ منع کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اس کے گوشت میں طاعون پیدا کرنے کی خاصیت ہے..... مرغ کا گوشت ہر طرح آپ کھا لیتے تھے۔ سالن ہو یا بھنا ہوا، کباب ہو یا پلاؤ، مگر اکثر ایک ران پر ہی گزارہ کر لیتے تھے اور وہی آپ کو کافی ہو جاتی تھی ...... پلاؤ بھی آپ کھاتے تھے۔ مگر ہمیشہ نرم اور گداز اور گلے ہوئے چاولوں کا اور میٹھے چاول تو کبھی خود کہہ کر پکوا لیا کرتے تھے مگر گڑ کے اور وہی آپ کو پسند تھے۔ عمدہ کھانے یعنی کباب، مرغ پلاؤ یا انڈے اور اسی طرح فیرنی میٹھے چاول وغیرہ تب ہی آپ کہہ کر پکوایا کرتے تھے، جب ضعف معلوم ہوتا۔ جن دنوں میں تصنیف کا کام ہوتا یا صحت اچھی ہوتی تو ان دنوں میں معمولی کھانا ہی کھاتے تھے...... دودھ، بالائی، مکھن یہ اشیاء بلکہ بادام روغن تک صرف قوت کے قیام اور ضعف کے دور کرنے کو استعمال فرماتے تھے اور ہمیشہ معمولی مقدار میں۔ بعض لوگوں نے آپ کے کھانے پر اعتراض کیے ہیں۔ مگر ان بیوقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ ایک شخص، جو عمر میں بوڑھا ہے اور اسے کئی امراض لگے ہوئے ہیں اور باوجود ان کے وہ تمام جہان سے مصروف پیکار ہے۔۔۔ وہ شخص ان مقوی غذاؤں کو صرف بطور قوت لایموت اور سد رمق کے طور پر استعمال کرتا ہے تو کون عقل کا اندھا ایسا ہوگا کہ اس خوراک کو لذیذ

حیوانی اور حظوظ نفسانی سے تعبیر کرے؟ خدا تعالیٰ ہر مومن کو بدظنی سے بچائے۔

میوہ جات آپ کو پسند تھے اور اکثر خدام بطور تحفے کے لایا بھی کرتے تھے۔ گاہے بگاہے خود بھی منگواتے تھے۔ پسندیدہ میووں میں سے آپ کو انگور، بمبئی کا کیلا، ناگپوری سنگترہ، سیب، سردے اور سردلی آم زیادہ پسند تھے۔ باقی میوے بھی گاہے گاہے، جو آتے رہتے تھے کھایا کرتے تھے۔

زمانہ موجودہ کے ایجادات مثلاً برف اور سوڈا لیمونیڈ' جنجر وغیرہ بھی گرمی کے دنوں میں پی لیا کرتے تھے بلکہ شدت گرمی میں برف بھی امرتسر، لاہور سے خود منگوا لیا کرتے تھے۔ بازاری مٹھائیوں سے بھی آپ کو کسی قسم کا پرہیز نہ تھا۔ نہ اس بات کی پڑتال تھی کہ ہندو کی ساختہ ہے یا مسلمان کی۔ لوگوں کی نذرانہ کے طور پر آوردہ مٹھائیوں میں سے کھا لیتے تھے اور خود بھی روپے دو روپے کی مٹھائی منگوا کر رکھا کرتے تھے۔ یہ مٹھائی بچوں کے لیے ہوتی تھی بلکہ ولایتی بسکٹوں کو بھی جائز فرماتے تھے۔ اس لیے کہ ہمیں کیا معلوم کہ اس میں کیا چربی ہے، کیونکہ بنانے والے کا ادعا تو مکھن ہے۔ پھر ہم ناحق بدگمانی اور شکوک میں کیوں پڑیں۔ (سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 132 تا ص 135 مصنفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

شکار کی ضرورت

عام طور پر آپ کو (شکار سے) شوق اور دلچسپی نہ تھی۔ ہاں طیور کے گوشت کو پسند فرماتے تھے اور دراصل حضرت صاحبزادگان میں شکار کا شوق بھی حضرت مسیح موعود کی اس خواہش کو پورا کرنے کے لیے تھا جو حضرت والد صاحب قبلہ کی خوشنودی اور دعا کے حاصل کرنے کا ایک ذریعہ تھا۔ ان ایام میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی غذا بالکل کم ہو گئی تھی اور کوئی چیز نہیں کھاتے تھے۔ پرندے کا شوربا آپ پسند کرتے تھے۔ اس لیے عام طور پر خادم کوشش کرتے تھے کہ کوئی پرند شکار کر کے لائیں۔ اس سلسلے میں حضرت صاحب زادہ صاحب بھی سعی کرتے تھے۔ (حیات النبی جلد اول نمبر دوم ص 139 مولفہ یعقوب علی قادیانی)

کثرت کی آفت

ایک وہ زمانہ تھا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام باہر مہمانوں میں بیٹھ کر کھانا کھایا کرتے تھے اور ابتداء میں بعض دفعہ آپ کے ساتھ ایک آدمی، بعض دفعہ دو آدمی اور بعض دفعہ چھ سات آدمی ہوتے تھے۔ آخر ہوتے ہوتے یہ تعداد چودہ سو تک جا پہنچی تو آپ نے کھانا باہر مہمانوں کے ساتھ کھانا چھوڑ دیا کہ اب یہ تکلیف مالا یطاق ہے۔ پھر یہ بات نہ رہی اور آپ نے گھر میں بیٹھ کر کھانا شروع کر دیا۔ (تنہائی میں مرزا قادیانی کو یوں بھی کھانا حسب دلخواہ اچھا ملتا ہوگا۔ چنانچہ ذکر ہے کہ مرزا قادیانی کو پرندوں کا گوشت بہت مرغوب تھا۔ مثلاً تیتر، مرغ، بٹیر وغیرہ (للمولف برنی) (میاں بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفہ قادیان کا ارشاد مندرجہ اخبار الفضل قادیان جلد 34 نمبر 30 مورخہ 5 دسمبر 1946ء)

درستی صحت

مجھے دماغی کمزوری اور دوران سر کی وجہ سے بہت ہی ناطاقتی ہو گئی تھی۔ یہاں تک کہ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ اب میری حالت بالکل تالیف و تصنیف کے لائق نہیں رہی اور ایسی کمزوری تھی کہ گویا بدن میں روح نہیں تھی۔ اسی حالت میں مجھے الہام ہوا۔ اترد الیک انوار الشباب یعنی جوانی کے نور تیری طرف واپس کئے گئے۔ بعد اس کے چند روز میں ہی مجھے محسوس ہوا کہ میری گم شدہ قوتیں پھر واپس آتی جاتی ہیں اور تھوڑے دنوں کے بعد مجھ میں اس قدر طاقت ہو گئی کہ میں ہر روز دو دو جزو نو تالیف کتاب کو اپنے ہاتھ سے لکھ سکتا ہوں اور نہ صرف لکھنا بلکہ سوچنا اور فکر کرنا، جو نئی تالیف کے لیے ضروری ہے، پورے طور پر میسر آ گیا۔ ہاں دو مرض میرے لاحق حال ہیں۔ ایک بدن کے اوپر کے حصہ میں اور دوسرے بدن کے نیچے کے حصہ میں، اور اوپر کے حصہ میں دوران سر ہے اور نیچے کے حصہ میں کثرت پیشاب ہے۔ یہ دونوں مرضیں اسی زمانہ سے ہیں، جس زمانہ سے میں نے اپنا دعویٰ ماموری من اللہ ہونے کا شائع کیا ہے۔ میں نے ان کے لیے دعائیں بھی کیں مگر منع میں خواب پایا اور میرے دل میں القا کیا گیا کہ ابتداء سے مسیح موعود کے لیے یہ نشان مقرر ہے کہ وہ دو زرد چادروں کے ساتھ دو فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اترے گا سو یہ وہی دو زرد چادریں ہیں۔ جو میری جسمانی حالت کے شامل کی گئیں۔

(حقیقۃ الوحی ص 306 مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

روغن بادام

ایسی حالت میں روغن بادام سر اور پیروں، ہتھیلیوں پر ملنا اور پینا فائدہ مند محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے میں مولوی یار محمد صاحب کو بھیجتا ہوں کہ آپ خالص تلاش سے ایسا روغن بادام کہ جو تازہ ہو اور کہنہ نہ ہو اور تیز اس کے ساتھ کوئی موقی نہ ہو تو ایک بوتل خرید کر بھیج دیں۔ پانچ روپیہ قیمت اس کی ارسال ہے۔ (خطوط امام بنام غلام ص 5 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

بادام روغن میری بیماری کے لیے خریدا جائے گا۔ نیا تازہ ہو اور عمدہ ہو۔ یہ آپ کا خاص ذمہ ہے۔ (خطوط امام بنام غلام ص 7 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

مشک

آپ برائے مہربانی ایک تولہ مشک خالص، جس میں ریشہ، جھلی اور صوف نہ ہوں اور تازہ خوشبودار ہو، بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل ارسال کریں کیونکہ پہلی مشک ختم ہو چکی ہے اور باعث دورہ ضرورت رہتی ہے۔ (خطوط امام بنام غلام ص 6 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی

قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

پہلی مشک ختم ہو چکی ہے۔ اس لیے پچاس روپے بذریعہ منی آرڈر آپ کی خدمت میں ارسال ہیں۔ آپ دو تولہ مشک خالص دو شیشیوں میں علیحدہ علیحدہ یعنی تولہ تولہ ارسال فرمائیں۔ (ص 302)

آپ چونکہ ایک تولہ مشک جس قدر روپیہ خرید کر کے بذریعہ وی پی بھیج دیں۔ ضرور بھیج دیں۔ (ص 3)

پہلی مشک جو لاہور سے آپ نے بھیجی تھی، وہ اب نہیں رہی۔ آپ جاتے ہی ایک تولہ مشک خالص، جس میں چھچھڑا نہ ہو اور بخوبی جیسا کہ چاہیے، خوشبودار ہو، ضرور دیکھ کر بھیج دیں۔ جس قدر قیمت ہو، مضائقہ نہیں۔ مگر مشک اعلیٰ درجہ کی ہو، چھچھڑا نہ ہو اور جیسا کہ عمدہ اور تازہ مشک میں خوشبو ہوتی ہے، وہی اس میں ہو (ص 6) خطوط امام بنام غلام۔ مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور۔

مخدومی مکرمی حضرت مولوی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور اس عاجز کی طبیعت آج بہت علیل ہو رہی ہے۔ ہاتھ پاؤں بھاری اور زبان بھی بھاری ہو رہی ہے۔ مرض کے غلبے سے نہایت لاچاری ہے، مجھ کو آں مکرم نے کسی قدر مشک دیا تھا۔ وہ نہایت خالص تھا اور مجھ کو بہت فائدہ اس سے ہوا تھا۔ اب میں نے کچھ عرصہ ہوا، لاہور سے مشک منگوائی تھی اور استعمال بھی کی، مگر بہت کم فائدہ ہوا۔ بازاری چیزیں مغشوش ہوتی ہیں۔ خاص کر مشک، یہ تو مغشوش ہونے سے خالی نہیں ہوتی چونکہ میری طبیعت گری جاتی ہے اور ایک سخت کام کی محنت سر پر ہے، اس لیے تکلیف دیتا ہوں کہ ایک خاص توجہ اس طرف فرمادیں اور مشک کو ضرور دستیاب کریں۔ بشرطیکہ وہ بازاری نہ ہو، کیونکہ بازاری تو چند دفعہ تجربہ ہو چکا ہے۔ اگرچہ مشک دو ماشے یا تین ماشے ہو، وہ بالفعل کفایت کرے گا مگر عمدہ ہو، اگر اصلی نافہ جو مصنوعی نہ ہو مل جائے تو نہایت خوب ہے، مگر جلد ہو۔ ۔ ۔ (خاکسار غلام احمد از قادیاں 24 اگست 1892ء مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 21۔ ص 131 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

مخدومی مکرمی اخویم سیٹھ صاحب سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کل سے میری طبیعت علیل ہو گئی ہے۔ کل شام کے وقت مسجد میں اپنے تمام دوستوں کے روبرو جو حاضر تھے سخت درجہ کا عارضہ لاحق حال ہوا۔ اور ایک دفعہ تمام بدن سرد اور نبض کمزور اور طبیعت میں سخت گھبراہٹ شروع ہوئی اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا زندگی میں ایک دو دم باقی ہیں۔ بہت نازک حالت ہو کر پھر صحت کی طرف عود ہوا۔ مگر اب تک کلی اطمینان نہیں۔ کچھ کچھ آثار عود مرض کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فضل و رحم فرمائے۔

ایسے وقتوں میں ہمیشہ مشک کام آتی ہے۔ اس وقت مشک، جو بمبئی سے آپ نے منگوا کر بھیجی تھی، لیکن طبیعت کی سخت گرانی اور دل کے اضطراب کی وجہ سے وہ مشک کھولنے کے وقت زمین پر متفرق ہو

کر رہ گئی اور گرنے کے سبب سے خشک تھی اور ہوا چل رہی تھی، ضائع ہو گئی۔ اس لیے مجھے دوبارہ آپ کو تکلیف دینی پڑی۔ یہ مشک بہت عمدہ تھی۔ اسی دوکان سے ایک تولہ مشک لے کر جہاں تک ممکن ہو جلد ارسال فرمائیں کہ دورہ مرض کا سخت اندیشہ ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ ہے۔ ...(خاکسار غلام احمد قادیان۔ مکتوبات جلد پنجم حصہ اول ص 28 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

سر کے دورے اور سردی کی تکلیف کے لیے سب سے زیادہ آپ مشک یا عنبر استعمال فرمایا کرتے تھے اور ہمیشہ نہایت اعلیٰ قسم کا منگوایا کرتے تھے۔ یہ مشک خریدنے کی ڈیوٹی آخری ایام میں حکیم محمد حسین صاحب لاہوری موجد مفرح عنبری کے سپرد تھی۔ عنبر اور مشک دونوں مدت تک سیٹھ عبدالرحمن صاحب مدراسی کی معرفت بھی آتے رہے۔ مشک کی تو آپ کو اس قدر ضرورت رہتی کہ بعض اوقات سامنے رومال میں باندھ رکھتے تھے کہ جس وقت ضرورت ہوئی فوراً نکال لیا۔

(سیرۃ المہدی حصہ دوم ص 137 مولفہ صاحبزادہ بشیر احمد قادیانی)

عنبر

مخدومی مکرمی اخویم سیٹھ صاحب سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عنایت نامہ پہنچا اب بفضلہ تعالیٰ میری طبیعت ٹھہر گئی ہے۔ دورہ مرض سے امن ہے۔ حقیقت میں یہ عمر جب انسان ساٹھ پینسٹھ سال کا ہو جاتا ہے، مرنے کے لیے ایک بہانہ چاہتی ہے۔ جیسا کہ ایک بوسیدہ دیوار۔ پر خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس قدر سخت حملوں سے وہ بچا لیتا ہے۔ کل کی تاریخ عنبر بھی پہنچ گیا۔ میری طرف سے آپ اس مہربان دوست کی خدمت میں شکریہ ادا کر دیں، جنھوں نے میری بیماری کا حال سن کر اپنی عنایت اور ہمدردی محض للہ ظاہر کی۔ خدا تعالیٰ ان کو اس خدمت کا اجر بخشے اور ساتھ ہی آپ کو۔ آمین ثم آمین۔ (مکتوب نمبر 67)

عنبر سفید دراصل بہت ہی نافع معلوم ہوا۔ تھوڑی خوراک سے دل کو قوت دیتا ہے اور دوران خون کو تیز کر دیتا ہے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے کہ ایسی بیماری دامن گیر ہے کہ ان چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ (مکتوب نمبر 68)

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم حصہ اول ص 26-27 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

عزیزی اخویم نواب صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

میں بباعث علالت طبع چند روز جواب لکھنے سے معذور رہا۔ میری کچھ ایسی حالت ہے کہ ایک دفعہ ہاتھ پیر سرد ہو کر اور نبض ضعیف ہو کر غشی کے قریب قریب حالت ہو جاتی ہے اور دوران خون یک دم ٹھہر جاتا ہے۔ جس میں اگر خدا تعالیٰ کا فضل نہ ہو تو موت کا اندیشہ ہوتا ہے۔ تھوڑے دنوں میں یہ حالت دو دفعہ ہو چکی ہے۔ آج رات پھر اس کا سخت دورہ ہوا۔ اس حالت میں صرف عنبر یا مشک فائدہ کرتا ہے۔ رات

دس خوراک کے قریب مشک کھایا۔ پھر بھی دیر تک مرض کا جوش رہا۔ میں خیال کرتا ہوں کہ صرف خدائے تعالیٰ کے بھروسے پر زندگی ہے ورنہ دل جو رئیس بدن ہے، بہت ضعیف ہو گیا ہے۔

(خاکسار مرزا غلام احمد عفی عنہ 20 جون 1899ء)

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر چہارم ص 98 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

مفرح عنبری

یاقوت، مروارید، مرجان، یشب، کہربا، کستوری، زعفران وغیرہ کا ہر دلعزیز مرکب مفرح عنبری بڑی محنت سے تیار ہو گیا ہے۔ قیمت ایک ڈبہ (پانچ روپے)

(اشتہار مندرجہ سرورق ص 2 خطوط امام بنام غلام، مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

میں (حکیم محمد حسین قادیانی) اپنے مولا کریم کے فضل سے اس کو بھی اپنے لیے بے انداز فخر و برکت کا موجب سمجھتا ہوں کہ حضور (مرزا قادیانی) اس ناچیز کی تیار کردہ مفرح عنبری کا بھی استعمال فرماتے تھے۔ حضور کو چونکہ دورہ مرض کے وقت اکثر مشک و دیگر مقوی دل ادویات کی ضرورت رہتی تھی، جو اکثر میری معرفت جایا کرتی تھیں۔

(خطوط امام بنام غلام ص 8 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

افیون

مجھے اس وقت ایک اپنا سرگزشت قصہ یاد آیا ہے اور وہ یہ کہ مجھے کئی سال سے ذیابیطس کی بیماری ہے۔ پندرہ بیس مرتبہ روز پیشاب آتا ہے اور بعض اوقات کے پیشاب میں شکر ہے، کبھی کبھی خارش کا عارضہ بھی ہوتا ہے اور بعض وقت سو سو دفعہ ایک ایک دن میں پیشاب آتا ہے اور کثرت پیشاب سے بہت ضعف تک نوبت پہنچتی ہے۔ ایک دفعہ ایک دوست نے مجھے یہ صلاح دی کہ ذیابیطس کے لیے افیون مفید ہوتی ہے۔ پس علاج کی غرض سے مضائقہ نہیں کہ افیون شروع کر دی جائے۔ میں نے جواب دیا کہ آپ نے بڑی مہربانی کی کہ ہمدردی فرمائی، لیکن اگر میں ذیابیطس کے لیے افیون کھانے کی عادت کرلوں تو ڈرتا ہوں کہ لوگ ٹھٹھا کرکے یہ نہ کہیں کہ پہلا مسیح تو شرابی اور دوسرا افیونی۔

پس اس طرح جب میں نے خدا پر توکل کیا تو خدا نے مجھے ان خبیث چیزوں کا محتاج نہیں کیا۔

(نسیم دعوت ص 67 مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

افیون دواؤں میں اس کثرت سے استعمال ہوتی ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام (مرزا قادیانی) فرمایا کرتے تھے کہ بعض اطباء کے نزدیک وہ نصف طب ہے۔ پس دواؤں کے ساتھ افیون کا

استعمال بطور دوا کے بطور نشہ کسی رنگ میں بھی قابل اعتراض نہیں۔ ہم میں سے ہر ایک نے علم کے ساتھ یا بغیر علم کے ضرور کسی نہ کسی وقت افیون کا استعمال کیا ہوگا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تریاق الٰہی دوا خدا تعالیٰ کی ہدایت کے ماتحت بنائی اور اس کا ایک بڑا جزو افیون تھا اور یہ دوا کسی قدر اور افیون کی زیادتی کے بعد حضرت خلیفہ اول (حکیم نور الدین قادیانی) کو حضور (مرزا قادیانی) چھ ماہ سے زائد تک دیتے رہے اور خود بھی وقتاً فوقتاً مختلف امراض کے دوروں کے وقت استعمال کرتے رہے۔ (مضمون میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیان مندرجہ اخبار الفضل جلد 17 نمبر 6 مورخہ 19 جولائی 1929ء)

جب آپ (یعنی مرزا قادیانی) پہلی بار میرے مطبع میں تشریف لائے تو آپ تکیہ دار موڑھے پر بیٹھ گئے اور ایک موڑھے پر میں بیٹھ گیا اور مجھ سے کتاب کے متعلق باتیں ہوتی رہیں۔ میں نے آپ کی آنکھوں کو خوابیدہ دیکھ کر دھوکہ کھایا کہ شاید آپ پوست یا افیون استعمال کرتے ہیں، جیسا کہ رئیسوں کا حال مشاہدہ دیکھنے میں آیا، مگر جب حضرت کی تقریر یا گفتگو سنتا تھا اور براہین احمدیہ کے مضامین پر غور کرتا تھا تو سخت حیرت ہوتی تھی کہ افیون وغیرہ کے استعمال کرنے والے کی تو یہ حالت نہیں ہوتی۔ ایسی تصنیف اور تحریر ایسا آدمی کب کر سکتا ہے۔ پھر حضرت صاحب تشریف لے گئے...... اب مجھے اپنی پہلی غلطی اور دھوکہ کھا جانے پر افسوس ہوا اور ندامت ہوئی اور خوب معلوم ہوا کہ یہ نشہ معرفت الٰہی کا نشہ ہے۔ نہ کہ افیون وغیرہ کا، جیسے میں اس وقت سمجھا تھا (مرزا قادیانی تو افیون کے اس درجہ قائل تھے کہ گویا افیون نصف طب ہے۔ یوں بھی قادیانی تحریروں میں افیون کا تذکرہ پایا گیا۔ افیون کا عیب اور کمال بھی ہے کہ تخیل کو مضبوط اور وسیع کر دیتی ہے اور اس کے نشہ میں وہ باتیں سوجھتی ہیں کہ عقل حیران رہ جائے۔ آدمی تیز اور طباع ہوتو پھر سونے پر سہاگہ۔ (للمؤلف برنی)) (قادیانی صحابی شیخ نور احمد صاحب مالک مطبع ریاض ہند کا بیان مندرجہ اخبار الفضل قادیان نمبر 194 جلد 34 مورخہ 20 اگست 1946ء)

آج سے تیس سال قبل بہت سے لوگ ایسے تھے، جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام (مرزا قادیانی) کے متعلق کہتے تھے، انہیں اردو بھی نہیں آتی اور عربی دوسروں سے لکھا کر اپنے نام سے شائع کرتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں، مولوی نور الدین آپ کو کتابیں لکھ کر دیتے ہیں۔ خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو بھی یہ دعویٰ نہ تھا کہ آپ نے ظاہری علوم کہیں پڑھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے، میرا ایک استاد تھا، جو افیم کھایا کرتا تھا۔ وہ حقہ لے کر بیٹھ رہتا تھا۔ کئی دفعہ پینک میں اس کے حقہ کی چلم ٹوٹ جاتی۔ ایسے استاد نے پڑھانا کیا تھا۔ غرض آپ کو لوگ جاہل اور بے علم سمجھتے تھے۔ کئی لوگ اس بات کے مدعی تھے کہ آپ کئی سال پڑھانے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ (ارشاد میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیان مندرجہ اخبار الفضل قادیان جلد 16 نمبر 62 مورخہ 5 فروری 1929ء)

مجھے بچپن میں بیماری کی وجہ سے افیون دیتے تھے۔ چھ ماہ متواتر دیتے رہے مگر ایک دن نہ دی تو والدہ صاحبہ فرماتی ہیں۔ مجھ پر نہ دینے کا کوئی اثر نہ ہوا۔ اس پر حضرت (مرزا) قادیانی نے فرمایا خدا نے چھڑا دی تو اب نہ دو۔ (ارشاد میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیان مندرجہ منہاج الطالبین ص 74 مصنفہ میاں صاحب)

28 جون بروز جمعہ صبح کے وقت حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ مجھے ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب اور میاں ناصر احمد صاحب کو ساتھ لے کر خواجہ (کمال الدین) صاحب کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔

خواجہ صاحب نے اپنا قصہ سنانا شروع کیا جو علاج کراتے ہیں اور جو عارضے رہے ہیں، سب کا ذکر ہوتا رہا۔ خواجہ صاحب افیون بھی آج کل کھاتے ہیں۔ ایک رتی سے شروع کی تھی۔ ابھی یہ خیال ہے کہ چھ ماہ اور کھائیں تاکہ اعصاب مضبوط ہو جائیں۔ (ڈائری میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیان نوشتہ عبدالرحیم درد قادیانی مندرجہ اخبار الفضل قادیان مورخہ 5 جولائی 1929ء نمبر 2 جلد 17)

سنکھیا

جب مخالفت زیادہ بڑھی اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو قتل کی دھمکیوں کے خطوط موصول ہونے شروع ہوئے تو کچھ عرصے تک آپ نے سنکھیا کے مرکبات استعمال کیے، تاکہ خدانخواستہ آپ کو زہر دیا جائے تو جسم میں اس کے مقابلے کی طاقت ہو۔ (ارشاد میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیان مندرجہ اخبار الفضل قادیان مورخہ 5 فروری 1935ء)

دو بوتل برانڈی

حضور مرزا قادیانی نے مجھے لاہور سے بعض اشیاء لانے کے لیے ایک فہرست لکھ کر دی۔ جب میں چلنے لگا تو پیر منظور محمد صاحب نے مجھے روپے دے کر کہا کہ دو بوتل برانڈی کی میری اہلیہ کے لیے پلومر کی دکان سے لیتے آئیں۔ میں نے کہا کہ اگر فرصت ہوئی تو لیتا آؤں گا۔ پیر صاحب فوراً حضرت اقدس کی خدمت میں گئے اور کہا کہ حضور مہدی حسین میرے لیے برانڈی کی بوتلیں نہیں لائیں گے۔ حضور ان کو تاکید فرما دیں۔ حالانکہ میرا ارادہ لانے کا تھا۔ اس پر حضور اقدس (مرزا قادیانی) نے مجھے بلا کر فرمایا کہ میاں مہدی حسین، جب تک تم برانڈی کی بوتلیں نہ لے لو، لاہور سے روانہ نہ ہونا۔ میں نے سمجھ لیا کہ اب میرے لیے لانا لازمی ہے۔ میں نے پلومر کی دوکان سے دو بوتلیں برانڈی کی غالباً چار روپیہ میں خرید کر پیر صاحب کو لا دیں۔ ان کی اہلیہ کے لیے ڈاکٹروں نے بتلائی ہوں گی۔ (اخبار الحکم قادیان جلد 39 نمبر 25 مورخہ 7 نومبر 1926ء)

ٹانک وائن

محبی اخویم حکیم محمد حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اس وقت میاں یار محمد بھیجا جاتا ہے۔ آپ اشیاء خریدنی خود خرید دیں اور ایک بوتل ٹانک وائن

کی، پلومر کی دکان سے خرید دیں۔ مگر ٹانک وائن چاہیے، اس کا لحاظ رہے۔ باقی خیریت ہے والسلام (مرزا غلام احمد عفی عنہ) خطوط امام بنام غلام ص 5 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی بنام حکیم محمد حسین قریشی قادیانی مالک دواخانہ رفیق الصحت لاہور)

ٹانک وائن کی حقیقت لاہور میں پلومر کی دکان سے ڈاکٹر عزیز احمد صاحب کی معرفت معلوم کی گئی۔

ڈاکٹر صاحب جواباً تحریر فرماتے ہیں۔ حسب ارشاد پلومر کی دکان سے دریافت کیا گیا، جواب حسب ذیل ملا۔

ٹانک وائن ایک قسم کی طاقتور اور نشہ دینے والی شراب ہے، جو ولایت سے سربند بوتلوں میں آتی ہے۔ اس کی قیمت ساڑھے پانچ روپے ہے۔ (21 ستمبر 1933ء) سودائے مرزا ص 39 حاشیہ مصنفہ حکیم محمد علی صاحب پرنسپل طبیہ کالج امرتسر)

ٹانک وائن کا فتویٰ

پس ان حالات میں اگر حضرت مسیح موعود برانڈی اور رم کا استعمال بھی اپنے مریضوں سے کرواتے یا خود بھی مرض کی حالت میں کر لیتے تو وہ خلاف شریعت نہ تھا، چہ جائیکہ ٹانک وائن، جو ایک دوا ہے۔ اگر اپنے خاندان کے کسی ممبر یا دوست کے لیے جو کسی لمبے مرض سے اٹھا ہو اور کمزور ہو یا بالفرض محال خود اپنے لیے بھی منگوائی ہو اور استعمال بھی کی ہو تو اس میں کیا حرج ہو گیا۔ آپ کو ضعف کے دورے ایسے شدید پڑتے تھے کہ ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے تھے۔ نبض ڈوب جاتی تھی۔ میں نے خود ایسی حالت میں آپ کو دیکھا ہے۔ نبض کا پتہ نہیں ملتا تھا تو اطبا یا ڈاکٹروں کے مشورے سے آپ نے ٹانک وائن کا استعمال اندریں حالات کیا ہو تو عین مطابق شریعت ہے۔ آپ تمام دن تصنیفات کے کام میں لگے رہتے تھے۔ راتوں کو عبادت کرتے تھے۔ بڑھاپا بھی پڑتا تھا تو اندریں حالات اگر ٹانک وائن بطور علاج پی بھی لی ہو تو کیا قباحت لازم آ گئی۔ (از ڈاکٹر بشارت احمد قادیانی فریق لاہوری مندرجہ اخبار پیغام صلح جلد 23 نمبر 15 مورخہ 4 مارچ 1935ء وجلد 23 نمبر 65 مورخہ 11 اکتوبر 1935ء)

گھر کا بھیدی

مرزا شیر علی صاحب جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سالے اور (ان کے فرزند) مرزا فضل صاحب کے خسر تھے۔ انھیں لوگوں کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاس جانے سے روکنے کا بڑا شوق تھا۔ راستہ میں ایک بڑی لمبی تسبیح لے کر بیٹھ جاتے۔ تسبیح کے دانے پھیرتے جاتے اور منہ سے گالیاں دیتے جاتے۔ بڑا لٹیرا ہے۔ لوگوں کو لوٹنے کے لیے دکان کھول رکھی ہے۔ بہشتی مقبرہ کی سڑک پر دارالضعفاء کے پاس بیٹھے رہتے۔ بڑی لمبی سفید داڑھی تھی۔ سفید رنگ تھا۔ تسبیح ہاتھ میں لیے بڑے شاندار آدمی معلوم ہوتے تھے اور مغلیہ خاندان کی پوری یادگار تھے۔ تسبیح لیے بیٹھے رہتے، جو کوئی نیا آدمی آتا اسے اپنے پاس بلا کر بٹھا لیتے اور سمجھانا شروع کر دیتے کہ مرزا قادیانی سے میری قریبی رشتہ داری ہے۔ آخر میں نے کیوں

نہ اسے مان لیا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ میں اس کے حالات سے اچھی طرح واقف ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ یہ ایک دوکان ہے، جو لوگوں کو لوٹنے کے لیے کھولی گئی ہے۔ ... میں مرزا کے قریبی رشتہ داروں میں سے ہوں۔ میں ان کے حالات سے خوب واقف ہوں، اصل میں آمدنی کم تھی۔ بھائی نے جائیداد سے بھی محروم کر دیا۔ اس لیے یہ دوکان کھول لی ہے۔ آپ لوگوں کے پاس کتابیں اور اشتہار پہنچ جاتے ہیں۔ آپ سمجھتے ہیں کہ پتہ نہیں کتنا بڑا بزرگ ہوگا۔ پتہ تو ہم کو ہے، جو دن رات اس کے پاس رہتے ہیں۔ یہ باتیں میں نے آپ کی خیر خواہی کے لیے آپ کو بتائی ہیں۔ (میاں بشیرالدین محمود احمد قادیانی کی تقریر جلسہ سالانہ 1945ء مندرجہ اخبار الفضل قادیان نمبر 91 جلد 34 مورخہ 17 اپریل 1946ء)

مجاہدات

مخدومی مکرمی اخویم مولوی صاحب سلمہٗ تعالیٰ۔

یہ بات مسلم اور واضح رہے کہ راست باز انسان کے لیے ایسے امور کی غرض سے کسی قدر مجاہدہ ضروری ہے۔ الکرامت ثمرۃ مجاہدات۔

طالب طبع بہت حرج انداز ہے۔ اگر یہ مقابلہ صحت اور طاقت دماغی کے ایام میں ہوتا تو یقین تھا کہ تھوڑے دن کافی ہوتے، مگر اب طبیعت تحمل شدائد مجاہدات نہیں رکھتی اور ادنیٰ درجے کی محنت اور خوض اور توجہ سے جلد بگڑ جاتی ہے۔ (خاکسار غلام احمد 31 مارچ 1891ء)

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 ص 103 مجموعہ مکتوبات مرزا غلام احمد قادیانی)

توجہات

مخدومی مکرمی اخویم (مولوی نورالدین قادیانی)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دو روز سے میں نے اس شخص کے لیے توجہ کرنا شروع کیا تھا مگر افسوس کہ اس عرصہ میں میرے گھر کے لوگ ایک دفعہ سخت علیل ہو گئے یعنی تیز تپ ہو گیا، جس کی وجہ سے مجھے ان کی طرف توجہ کرنا پڑی۔ کل ارادہ ہے کہ ان کو مسہل دوں۔ بعد ان کی صحت کے پھر توجہ میں مصروف ہوں..... والسلام خاکسار غلام احمد (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

یہ عقد ہمت اور توجہ شمشیر تیز سے زیادہ اثر رکھتی ہے۔ میری رائے میں نبیوں کی تمام کامیابی کا بڑا موجب یہی توجہ باطنی تھا۔ خاکسار غلام احمد از قادیان 29 فروری 1888ء (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 مولفہ یعقوب علی عرفانی قادیانی)

میری طبیعت آپ کے بعد پھر بیمار ہو گئی۔ ابھی ریزش کا تہاجت زور ہے۔ دماغ بہت ضعیف ہو گیا ہے۔ آپ کے دوست ٹھاکر رام کے لیے ایک دن بھی توجہ کرنے کے لیے مجھے نہیں ملا۔ صحت کا منتظر ہوں۔ والسلام (خاکسار غلام احمد مورخہ یکم جنوری 1890ء مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر 2 مولفہ یعقوب علی

عرفانی قادیانی)

پنجابی حلق

بے شک یہ درست ہے کہ پنجابی حلق ہر ایک لفظ پوری طرح ادا نہیں کر سکتا۔ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر ایک شخص نے اعتراض کیا کہ یہ تو قرآن کا صحیح تلفظ عربی لہجہ میں ادا نہیں کر سکتا ہے۔ ایسا شخص کہاں مسیح ہو سکتا ہے۔ اس کی یہ بات سن کر سید عبداللطیف صاحب شہید نے اس پر ہاتھ اٹھایا۔ مگر مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا اور حضرت مسیح نے بھی انہیں روک دیا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاس ایک دفعہ ایک لکھنو کا آدمی آیا۔ آپ نے قرآن کریم کا ذکر کیا تو کہنے لگا۔ اچھے مسیح موعود بنے ہو کہ ق اور ک میں بھی فرق نہیں جانتے۔ (خطبہ جمعہ میاں محمود قادیانی خلیفہ قادیاں مندرجہ اخبار الفضل قادیاں جلد 16 نمبر 22 مورخہ 14 ستمبر 1938ء)

نماز

اب پنجاب میں حاجی (ریاض الدین احمد) صاحب فقط دہشت دل کا علاج کرنے اور سیر سپاٹے کو گئے تھے۔ دل میں آئی کہ چلو ذرا مرزا غلام احمد قادیانی سے بھی مل لیں۔ دیکھیں کس قماش کے بزرگ ہیں۔ لاہور سے روانہ ہوئے، قادیان میں پہنچے۔ مرزا قادیانی مروت و اخلاق سے ملے۔ اپنے کانگریس کمیشن کے رکن اعظم حکیم نورالدین صاحب مرحوم سے ملایا اور پھر مرزا قادیانی نے اپنے حجرے میں جو مسجد سے ملحق تھا، اپنی خلوت خاص میں جگہ دی۔ اتنے میں نماز کا وقت آ گیا۔ حکیم نورالدین صاحب نے محراب مسجد میں کھڑے ہو کے نماز پڑھائی اور مرزا صاحب اپنے حجرے میں کھڑے ہو گئے۔ نماز کی ایک رکعت ہوئی تھی کہ کیا دیکھتے ہیں، مرزا قادیانی نیت توڑ کے گھر کے اندر چلے گئے اور حاجی صاحب سخت حیران۔ کیا افتاد پیش آئی۔ جو مرزا قادیانی کو نماز کی نیت توڑ دینے پر مجبور ہونا پڑا۔ نماز کے بعد حاضرین مسجد سے یہ واقعہ بیان کیا اور اس کا سبب پوچھا۔ معلوم ہوا کہ یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔ مرزا قادیانی پر نماز میں جب وحی نازل ہوتی ہے تو آپ جناب ہو کے اندر چلے جاتے ہیں۔ (رسالہ دلگداز لکھنو بابت مارچ 1916ء) (تقریر میاں محمود احمد قادیانی خلیفہ قادیاں مندرجہ اخبار الفضل قادیاں مورخہ 7 فروری 1920ء نمبر 62 جلد 17)

بیان کیا ہے کہ حضرت ایک رکعت کے بعد نماز کی نیت توڑ کر گھر کے اندر چلے گئے۔ اگر کسی بیماری کے غلبہ کی وجہ سے ایسا ہوا ہو تو کل اعتراض نہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق دوران سر اور بول کی کثرت کا مرض ہے اور یہ دو زرد چادریں تھیں، جو روز ازل سے خدا نے اپنے مسیحا کے لیے بطور خلعت خاص مقدر فرمائی تھیں۔ (اخبار الفضل قادیاں جلد 3 نمبر 107 مورخہ 18 اپریل 1916ء)

❁....❁....❁

حضرت مولانا عنایت اللہ چشتی

مشاہداتِ قادیان

فطرت کے مقتضیات اختیاری نہیں ہوتے۔ بھوک، پیاس، انسان کے اختیار میں نہیں ہے۔ لباس انسانی اختیار کا معاملہ ہے۔ سفید؟ یا سیاہ؟ یا سبز؟ جو چاہے استعمال کرے یہ اس کے اختیار میں ہے۔ البتہ فطری تقاضیات کا اظہار یا انہیں پورا کرنا انسانی شعور و عقل پر موقوف ہے۔ عقل مند فطری تقاضے کا اظہار، یا اس کے حصول کی کوشش اپنے معیارِ عقل و شعور کے مطابق کرے گا اور کم عقل انسان اس کا اظہار یا حصول اپنے شعوری انداز کے مطابق عمل میں لائے گا مثلاً بھوک ایک فطری تقاضا ہے اور اس سے کوئی بھی ''صحت مند انسان'' مستثنیٰ نہیں، لیکن اسے پورا کرنے کے طریق مختلف ہیں۔ ایک ''چوری'' کر کے اسے مٹائے گا تو دوسرا ''محنت مزدوری'' یا ''تجارت'' سے کما کر اس خواہش کو پورا کرے گا اور اسی طرح ایک تیسرا آدمی ''ڈاکہ'' ڈال کر بھوک دور کرنے کی کوشش کرے گا۔

اسی طرح ''جنسی تقاضا'' فطری ہے اور ہر صحت مند انسان میں پایا جاتا ہے۔ اس تقاضے کا وجود ہر انسان کی فطرت میں گندھا ہوا ہے۔ یہ الگ معاملہ ہے کہ کسی وجود میں کم، اور کہیں زیادہ۔ اس تقاضے کا وفور ''رومان'' کہلاتا ہے اور لوگ اسے ''دل پھینکے'' سے بھی تعبیر کرتے رہتے ہیں۔ اس تقاضے کا اظہار و حصول بھی شعوری مقدار کے تحت ہوتا ہے۔ کم عقل انسان اس کا اظہار و حصول یوں کرتا ہے کہ کسی راہ جاتی ''معصومہ'' پر ہاتھ ڈال دیتا ہے اور رسوائی کے ساتھ ساتھ بعض اوقات شدید زد و کوب کا شکار ہو جاتا ہے، اور ایک دوسرا انسان جس کا شعور پہلے سے مختلف ہے پیسے دے دلا کر ''سودا بازی'' کر لیتا ہے اور ایک تیسرا انسان جس کا شعور پہلے دونوں سے مختلف ہے باوجود انتہائی خواہش کے صبر و تحمل کا دامن تھامے رکھتا ہے اور بعض اوقات وہ بڑے ایمان آزما حالات سے دوچار ہوتا ہے مگر ضبط کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں دیتا اور معاشرہ کے معمول کے مطابق جائز و معقول راہیں تلاش کرنے میں مصروفِ کار رہتا ہے۔ تقاضا ایک ہے، ابتدائے آفرینش سے فطرت میں گندھا گیا ہے لیکن اس کے اظہار و حصول کی راہیں مختلف ہیں جو ہر انسان اپنے شعور کے مطابق اختیار کرتا ہے۔

مرزا غلام احمد قادیانی میں قدرت نے ''جنسی تقاضے'' بڑی ''فیاضی'' سے ''ودیعت'' فرمائے تھے

اور اس کے اظہار اور حصول کا جو طریق مرزا نے اختیار کیا تھا، مکمل ثبوت کے ساتھ ہدیۂ قارئین ہے۔ "معقولیت" یا "غیر معقولیت"؟ یا "انداز فکر و شعور" کی جانچ قارئین خود کریں گے۔

یاد رہے کہ "معاشی عسر" یا "یسر" انسانی عقل و شعور اور فطری مطالبات پر بڑا اثر انداز ہوتا ہے۔ ابتدائی ایام میں مرزا "معاشی تنگی" کا بری طرح شکار تھا۔ اس نے خود لکھا ہے۔ "معاشی تنگی اور عسرت کی وجہ سے میں اس مردے کی مانند تھا جسے مرے ہوئے مدت گزر گئی ہو اور کوئی نہ جانتا ہو کہ یہ کس کی قبر ہے؟" اس دور میں مرزا نے اپنے "مغل خاندان" میں شادی کی تھی اور جس طرح بن پڑا گزر اوقات کرتا رہا۔ مرزا سلطان احمد اور فضل احمد دو لڑکے بھی ہوئے اور کبھی کوئی شکایت نہیں ہوئی اور نہ آپس میں کبھی "رنجش" ہوئی۔ یہ دور "دور عسر" تھا اور اس میں تمام مطالبات بھی شپ رہے لیکن جب دوسرا دور آیا اور "نقشہ" سرک پڑی اور "روپیہ ملنا" شروع ہو گیا تو فطری مقتضیات بھی جاگ اٹھے اور انھوں نے "رومانی انداز" اختیار کر لیا۔ اس زمانہ میں قادیان کے قریب سے نہر کی کھدائی ہو رہی تھی اور ایک "اوورسیئر" یا "سپروائزر" جس کا نام "ناصر" تھا، نہر کی کھدائی کا نگران تھا۔ اسے مرزا نے اپنے گھروں کے ساتھ ہی مکان دے رکھا تھا۔ یہ شخص صبح کام پر چلا جاتا اور شام کو واپس گھر آ جاتا۔ جہاں مرزا صاحب کی معیشت کروٹ لے رہی تھی، وہاں ان کی فطری قوت جو قدرت نے انھیں فراخ دلی سے ودیعت فرمائی تھی مگر معاشی عسرت نے اسے تھپکی دے کر سلا رکھا تھا، اب معاشیات میں تبدیلی آئی تو وہ قوت بھی آہستہ آہستہ بیدار ہو کر "رومانی انداز" اختیار کرنے لگی۔

ناصر اوورسیئر جو مرزائیوں کے گھر میں بسیرا کیے ہوئے تھا، اس کے ہاں ایک "نوخیز غزال صفت لڑکی" آہستہ آہستہ "قبل" کا انداز اختیار کر رہی تھی۔ تھوڑے عرصہ کے بعد وہ "سن شعور" کو پہنچ گئی اور نگاہوں کو "خیرہ" کرنے لگی۔ "نصرت" نام تھا۔ ہندوستانی انداز اور وہی ہندوستانی "چلبلا پن" صاف اردو بولتی تھی اور سننے والوں کے دل "موہ" لیتی تھی۔ مرزا نے ابتدائی ایام میں ہی جب کہ وہ "بچی" تھی مگر اس کے انداز سے بھانپ لیا تھا کہ اس نے آگے چل کر کیا ہونا ہے؟ مرزا کی للچائی ہوئی نگاہیں اس پر جمی ہوئی تھیں۔ "ناصر اوورسیئر" ان کے گھر رہتا تھا اور اس کے ساتھ حسن سلوک تو مرزا نے بڑے عرصے سے شروع کر رکھا تھا اور وہ ان کا ممنون احسان تھا۔ آپ جانتے ہیں ایک اوورسیئر کی اس زمانہ میں یہ تنخواہ ہوتی تھی؟ یہی پچیس تیس روپے۔ ان کے گھر بار کا کسی کو علم نہ تھا اور نہ ہی وہ گھر گیا تھا!

مرزا ابھی بوڑھا تو نہ تھا، مگر جوان بھی نہ تھا، یہی چالیس پینتالیس کا پیٹا تھا۔ ممکن ہے ناصر "اوورسیئر" پہلے ہی انداز سے اس کے عزائم بھانپ رہا تھا۔ مرزا نے خواہش کا اظہار کیا تو وہ راضی ہو گیا اور لڑکی "نصرت جہاں بیگم" بن کر مرزا کے "حرم" میں داخل ہو کر "ام المومنین" کہلائی اور اس کا باپ "میر ناصر نواب" کے نام سے مشہور ہوا اور مرزا غلام احمد کے قلم نے اسے خواجہ "میر درد" دہلوی کی اولاد سے قرار دے کر اسے بڑی شہرت دی۔ اس شادی کا بڑا چرچا ہوا۔ "میر ناصر نواب" کا "وطن مالوف" کسی کو معلوم نہ

تھا۔ وطن تو ضرور ہوگا مگر وہاں ان کی کوئی قابل ذکر حیثیت نہ تھی۔ ماں باپ نے کوشش کرکے تھوڑا بہت پڑھایا اور اس نے ''اوورسیئر'' یا ''سرویئر'' کا کورس کرلیا۔ اس وقت موجودہ وقتیں نہ تھیں اور نہ ہی ''ٹائٹ'' زیادہ تھی اور لکھے پڑھے لوگ بہت کم دستیاب ہوتے تھے۔ نتیجۃً وہ ملازمت کے بعد زندگی بھر کے لیے قادیان کے ہوکر رہ گئے۔ ابتداء میں مرزا کے ''دعاوی'' پر ایمان نہ لائے تھے۔ چونکہ اپنی لڑکی مرزا کے نکاح میں دے چکے تھے اس لیے زیادہ دیر تک استقامت نہ رکھ سکے اور آخر مرزا سے ''بیعت'' ہوگئے۔

میں 32-1931ء میں جب قادیان گیا اس وقت ''میر ناصر نواب'' زندہ موجود تھے مگر دماغی توازن کھو بیٹھے تھے اور لوگ ان سے مذاق کیا کرتے تھے۔ قادیانی گلیوں میں عموماً پھرتے رہتے تھے۔ مرزا صاحب نے اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے دی تھی اور اس کے بڑے بیٹے مرزا سلطان احمد کو ''عاق'' کر کے ''جائداد'' سے ''محروم'' کردیا تھا مگر مرزا سلطان احمد پر اس کا زیادہ اثر نہ ہوا کیونکہ وہ سرکار انگریزی میں اچھے عہدہ پر ملازم تھا اور مرزا غلام احمد کے بڑے بھائی مرزا غلام قادر نے اسے اپنا متبنّٰی بنا کر اپنی جائداد کا ''وارث'' بنادیا تھا جبکہ وہ جائداد مرزا غلام احمد کی جدی جائداد سے نصف تھی یعنی نصف کا حصہ دار غلام احمد اور دوسرے نصف کا مالک مرزا سلطان احمد ہوگیا۔ اس بیوی یعنی ''نصرت جہاں بیگم'' سے مرزا کے تین لڑکے ہوئے اور دو لڑکیاں ہوئیں۔ بڑے لڑکے کا نام مرزا ''محمود احمد'' تھا جو بعد میں ''بشیر الدین محمود احمد خلیفہ قادیان'' کے نام سے مشہور ہوا۔ دوسرے لڑکے کا نام مرزا ''بشیر احمد'' تھا جس نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔ اے کیا تھا۔ ''ایم۔ ایم۔ احمد (''مظفر احمد'') جو پاکستان گورنمنٹ میں بڑے اعلیٰ عہدہ پر فائز رہا ہے خلیفہ محمود کا بھتیجا اور مرزا بشیر احمد کا لڑکا ہے۔ میانوالی کا ایک ''نیازی پٹھان'' جو پشاور میں رجسٹرار تھا ''مرزائی'' ہوگیا تھا اس نے اپنی لڑکی مرزا بشیر احمد کو دی تھی۔ ایم۔ ایم۔ احمد اس کا لڑکا تھا۔ گویا ایم۔ ایم۔ احمد کے ''ننھیال'' میانوالی کے ''نیازی پٹھان'' ہیں۔ مرزا غلام احمد کے مرنے کے بعد وہ مرزا محمود کو چھوڑ کر محمد علی لاہوری کا ''پیرو'' ہوگیا تھا اس کے بیٹے یعنی ایم۔ ایم۔ احمد کے ماموں ''قادیانیت'' اور ''لاہوریت'' دونوں کو چھوڑ بیٹھے ہیں اور بڑے باعزت اور برسر روزگار ہیں۔

تیسرے بیٹے کا نام ''شریف احمد'' ہے وہ زیادہ پڑھا لکھا نہ تھا اس لیے قابل ذکر لوگوں کی صف میں اس کا نام بھی نہیں سنا۔ مرزا غلام احمد کی اس بیوی سے دو لڑکیاں تھیں بڑی کا نام ''مبارکہ بیگم'' تھا اور چھوٹی کا نام ''حفیظہ بیگم'' یا ''امۃ الحفیظ'' تھا۔

نواب مالیر کوٹلہ کے خاندان میں سے ایک شخص ''محمد علی'' تھا۔ جسے خاندانی نسبت سے ''نواب محمد علی'' کہا جاتا تھا۔ وہ عقیدۃً ''شیعہ'' تھا! ''مرزائیت سے متاثر ہوا تو اس نے مرزا غلام احمد کو لکھا کہ: ''میں شیعہ ہوں اور آپ کی تحریک سے متاثر ہوں۔ کیا کوئی شیعہ بھی آپ کی جماعت میں شامل ہوسکتا ہے!'' تو مرزا نے اسے لکھا کہ: ''داخل ہوسکتا ہے! تم مجھے آ کر ملو!'' چنانچہ وہ مرزا کو ملا تو مرزائی ہوگیا اس کا ایک بیٹا

بھی تھا جو نواب "عبداللہ" کہلاتا تھا۔ دونوں باپ بیٹا مرزائی ہو کر قادیان آ گئے۔ مرزا غلام احمد کی دو لڑکیاں تھیں۔ "مبارکہ بیگم" اور دوسری کا نام غالباً "امتہ الحفیظ بیگم" تھا۔ مرزا نے اپنی دونوں لڑکیاں دونوں باپ بیٹوں کے نکاح میں دے دیں۔ مبارکہ بیگم نواب محمد علی کے نکاح میں آئی اور امتہ الحفیظ بیگم نواب عبداللہ کے نکاح میں آئی اور دونوں قادیان آ گئے اور میرے قیام قادیان کے دوران میں یہ لوگ مستقلاً قادیان میں ہی قیام پذیر تھے۔

مرزا کی معیشت میں جوں جوں اضافہ ہوتا گیا اس کی "روحانی قوت" جوان ہوتی گئی۔ مرزا کی عمر جب پچاس سے متجاوز ہوئی اور اس کی "معاشی حالت" "بام عروج" پر پہنچ کر بلند معیاروں کو چھونے لگی تو اس کی رومانی خواہش کب خاموش رہنے والی تھی؟ اس نے بھی بڑی تیزی سے سر اٹھایا مگر جسمانی حالت روبہ زوال تھی اس لیے اس نے حکیم "نورالدین" کو خط لکھا۔ حکیم نورالدین بھیرہ کا رہنے والا، خاندانی پیشہ کے لحاظ سے "نائی" اور علم و حکمت میں "یکتائے زمانہ" تھا اور "مہاراجا کشمیر کے معالج خصوصی کی حیثیت" سے وہاں مقیم تھا۔ مرزا کا سودا برطانوی حکومت سے مہاراجا پٹیالہ نے کرایا تھا اور انگریزی حکومت مہاراجا کی بڑی شکرگزار ہو رہی تھی۔ مہاراجا کشمیر کو رشک آیا کہ: "کاش یہ سودا میرے ذریعہ سے ہوتا؟" مہاراجا اس تاک میں تھا کہ کوئی موقع میسر آ ئے تاکہ میں حکومت کو خوش اور ممنون کرنے والی "خدمت" سرانجام دے کر مہاراجا پٹیالہ کا "ہم پلہ" ہو جاؤں۔

انگریزی حکومت کا سودا تو مرزا غلام احمد سے ہو چکا اور اس نے کام بھی شروع کر دیا تھا اور انگریز اس کے کام سے خوش اور مطمئن بھی تھا مگر "انگریز بچہ" مسلمان پر اتنا اعتماد کرنے والا نہ تھا کہ وہ مطمئن ہو کر بیٹھ جاتا۔ اسے کھٹکا لگا ہوا تھا کہ مرزا غلام احمد کسی غلط فہمی کی وجہ سے کسی مرحلہ پر اس سے پیچھے نہ ہٹ جائے کیونکہ حکومت کو چار جانب نگاہ رکھنی پڑتی ہے اور علانیہ اور کھلم کھلا کسی ایک فریق کو ہمیشہ اپنا معتمد نہیں بنا سکتی۔ اس لیے اس نے ضرورت محسوس کی کہ کوئی ایسا "قابل ترین آدمی" ہو جس کا اسلام میں علمی مقام اونچا اور "قابل اعتماد" ہو اور وہ کسی "قابل اعتماد شخصیت" کے ذریعہ سے ہی ہمیں ملے تاکہ ہم اسے مرزا غلام احمد کے ساتھ متعین کر دیں اور وہ مرزا کو پھسلنے نہ دے۔ یہ "ضمانت" کسی بڑے قابل اعتماد آدمی کی ہو۔

مہاراجا کشمیر اسی تاک میں تھا۔ اس ضرورت کے احساس کی خبر پاتے ہی اس نے وائسرائے سے ملاقی ہو کر "اپنا آدمی" اس کام کے لیے پیش کر دیا اور وہ آدمی تھا "حکیم نورالدین بھیروی" جو مہاراجا کا "معالج خاص" اور ہر طرح سے موزوں "علم و فضل میں پختہ" "طب" میں "ماہر" اور بڑا "قابل اعتماد" تھا۔ انگریز نورالدین کی "موزونیت و قابلیت" کو دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ اب مہاراجا کشمیر اور پٹیالہ انگریزی حکومت کے لیے دونوں ایک دوسرے کے ہم پلہ تھے اور یوں مہاراجا کشمیر کی "حسرت" پوری ہو گئی۔

حکیم نورالدین کا مرزا سے رابطہ اور اس کی معاونت کا قصہ بیان کرنے میں میرا بہت وقت

صرف ہوا ہے۔ مگر اس ''رابطے'' کا سمجھنا کہ حکیم نور الدین مرزا سے کیوں ''منسلک'' ہوا؟ بہت ضروری تھا کیونکہ حکیم صاحب مرزا سے علم و فضل میں برتر اور ارفع تھے نیز اس بات کا سمجھنا بہت ضروری تھا کہ ''فاضل'' ''مفضول'' کا کیوں تابع ہوا؟ یہی وجہ ہے کہ حکیم نور الدین ''مرزا کی اصلیت و قابلیت'' کا پوری طرح علم رکھنے کے باوجود آخر تک مرزا سے چپکے رہے۔ مجھے ایک قابل اعتماد آدمی نے بتایا ہے کہ: ''حکیم نور الدین کو کہا جاتا تھا کہ: اللہ کی قسم کھا کر کہو کہ مرزا غلام احمد اپنے ''دعاوی'' میں سچا ہے تو وہ کہتے: ''دلائل سے تو ثابت کروں گا کہ مرزا اپنے دعاوی میں سچا ہے مگر قسم نہیں اٹھاتا۔'' چنانچہ حکیم صاحب کو اس ''رفاقت'' کا ''صلہ'' مل گیا کہ وہ مرزا کے ''جانشین'' قرار دیے گئے مگر حکیم صاحب کی بیوی اور ان کی اولاد مرزائیت سے ایک حد تک ''بیزار'' رہی۔ کیونکہ خود حکیم صاحب دل کی گہرائیوں میں مرزا کے دعاوی سے متفق نہ تھے اور گھروں میں باتیں وہی جاتی ہیں جو دراصل دل کی آواز ہوتی ہیں اور وہی قلوب سامعین پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اگر حکیم نور الدین کی بیوی ''خدا ترسی'' نہ کرتی؟ تو مباہلہ والے عبدالکریم جلا دیے جاتے۔ البتہ ان کا اپنا یہ نقصان ضرور ہوا کہ نہ مسلمانوں کا ان پر اعتماد رہا اور نہ ہی مرزائیوں کا ''رخ'' نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم؟ خَسِرَ الدُّنْیَا وَالآخِرَۃ!

''مرزا کی ''رومانی کہانی'' کچھ ادھر ادھر کی باتوں'' میں لمبی ہو گئی۔ دراصل میں یہ بتا رہا تھا کہ مرزا غلام احمد نے دوسری شادی کے بعد حکیم نور الدین کو خط لکھا کہ: ''جب میں نے دوسری شادی کی تھی تو مدت تک مجھ کو یقین رہا کہ میں ''نامرد'' ہوں۔ صبر کیا اور دعا کرتا رہا جو قبول ہو گئی۔'' (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم 5)

''صبر'' کا دعویٰ کرنا غلط ہے۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ مرزا حکیم نور الدین سے ادویہ منگا کر رات دن استعمال کرتا رہا۔ کیونکہ دراصل دوسری شادی کے دوران مرزا کی عمر ڈھل چکی تھی۔ بڑے ''شوق کی شادی'' تھی۔ ذرہ اور ہو کر پریکٹس کرتا رہتا؟ ''ڈھلتی جوانی'' میں ''اعتدال'' کو ملحوظ نہ رکھا جائے تو کمزوری ایک ضروری لازمہ ہے اور بروقت ''احساس'' کر لیا جائے تو ''مقوی ادویہ'' کچھ تقصان کر دیتی ہیں چنانچہ مرزا کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ پیش آیا کہ..... ''مقوی ادویہ'' کے استعمال سے ''نقصان'' ہو گیا اور صحت بحال ہو گئی جیسا کہ مرزا نے خود تحریر کیا ہے کہ:

''محمد یوسف سامانہ نے کئی دفعہ مجھے ایک معجون بنا کر بھیجی جس میں ''کچلہ مدبر'' تھا۔ ''تقویت دماغ'' اور ''قوت باہ'' کے لیے ''فائدہ مند'' ہے۔ مدت سے میرے استعمال میں ہے!''

(مکتوبات احمدیہ حصہ پنجم 5 ص 25)

مرزا پر یہ دور ''خوش حالی'' کا تھا اس کے بعد مزید دولت کی ''ریل پیل'' ہو گئی اور ''نبوت'' و ''مسیحیت'' کا تیر نشانہ پر بیٹھا۔ ''مقوی ادویہ'' نے اثر کیا تو مرزا نے حکیم صاحب کو لکھا کہ:

''اب زیادہ تر ''الہام'' اس بات کے ہو رہے ہیں کہ عن قریب ایک اور ''نکاح'' ہمیں کرنا

پڑے گا اور جناب الٰہی سے یہ بات "قرار" پا چکی ہے" (مکتوبات احمدیہ جلد پنجم خط 2)

اس کے بعد مرزا نے ایک "اشتہار" دیا جو آٹھ صفحات پر مشتمل تھا اور اس کا عنوان تھا "نئی شادیوں کی پیشین گوئی" جس کا مضمون یہ تھا۔

"خداوند کریم نے مجھے "بشارت" دے کر کہا ہے کہ "خواتین مبارکہ" سے جن خواتین کو اس اشتہار کے بعد تو پائے گا تیری بہت "نسل" ہو گی" ("آئینہ کمالات اسلام" ص 648)

اس کے بعد ایک اور اشتہار دیا جو پہلے اشتہار کی وضاحت میں تھا اس اشتہار کے الفاظ یہ ہیں۔

"اس عاجز نے 20 فروری 1886ء کے اشتہار میں جو "پیشین گوئی" خدائے تعالیٰ کی طرف سے بیان کی تھی کہ اس نے مجھے بشارت دی کہ بعض بابرکت عورتیں اس اشتہار کے بعد بھی تیرے نکاح میں آئیں گی اور اولاد پیدا ہو گی۔" ("مندرجہ تبلیغ رسالت" جلد اول ص 89)

اور ساتھ ہی الہام ہوا "بستر عیش" ("حمامة البشریٰ ص 88)

معلوم ہونا چاہیے کہ ان دو اشتہارات کے بعد مرزا کے نکاح میں کوئی "عورت" نہیں آئی اور اس کا خدا اسے "جھوٹی اور بے اصل بشارات" دے دے کر مرزا کا "دل پرچاوا" کرتا رہا مگر مرزا کے جب تک دم میں دم رہا "مایوس" ہونے والا نہ تھا۔ تلاش جاری رکھی اور اس سلسلہ میں حکیم نور الدین کو جو اس کا "رازدان" تھا۔ خط لکھا کہ "دو رشتے مل رہے ہیں مگر ایک ان میں سے "بدصورت" ہے اور دوسری استخارہ میں "بدبخت" معلوم ہوئی ہے۔"

حیرانی تو اس امر پر ہے کہ یہ انداز پیغمبرانہ ہے یا اوباشانہ ہے؟ کیا "بستر عیش" کی جستجو خدا کے مقبول بندے بھی کرتے ہیں؟ اس کے ماننے والوں پر حیف ہے کہ ان کا پیغمبر "بستر عیش" تلاش کرتا ہے اور اس کا خدا توقع دلا دلا کر کر جاتا ہے۔ یہ "خدا" ہے یا کوئی "مسخرہ"؟ نعوذ باللہ من ذالک۔

باوجودیکہ حالات مایوس کن ہیں کہ اس کی عمر پچاس برس سے تجاوز کر رہی ہے۔ "قویٰ مضمحل" ہو رہے ہیں اور بیماریوں کی آماجگاہ بنے ہوئے ہیں مگر "رومان" "جوان سے جوان تر" ہو رہا ہے اور اسے چین سے بیٹھنے نہیں دیتا۔ وہ برابر جستجو اور تلاش میں منہمک ہے۔

نظریں ایک ایسی "دوشیزہ" پر جمی ہوئی ہیں جو رشتہ میں مرزا کی بھتیجی بنتی ہے اور وہ مرزا کے "حقیقی ماموں زاد بھائی کی "لڑکی" ہے۔ وہاں جا کر مرزا تیر چلاتا ہے۔ عمر میں اتنا تفاوت ہے کہ وہ لڑکی مرزا کی پوتیوں کی عمر کے برابر ہے۔ خود مرزا نے لکھا ہے کہ:

"كُنْتُ جَاوَزْتُ الْخَمْسِيْنَ وَهِيَ جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ۔"

"میری عمر پچاس برس سے تجاوز کر رہی تھی اور وہ ایک نوخیز لڑکی تھی۔"

شاید ابھی "بلوغت" کے قریب ہو۔ مرزا کے ماموں زاد بھائی کا نام "احمد بیگ" تھا اور وہ

ہوشیار پور کا رہنے والا تھا۔ وہ بڑا بدبخت ہوتا اگر اس معصومہ کو اس "ہوس ناک بوڑھے" کے حوالے کرنے پر راضی ہو جاتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا اور صاف انکار کر دیا۔ اس دوران لڑکی کے باپ کو ایسی مشکل کا سامنا کرنا پڑا اور ممکن تھا کہ وہ اس مشکل سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے "زہر کا پیالہ" پی لینے پر مجبور ہو جاتا، مگر کوئی بھی مشکل اسے یہ "زندہ مکھی" نگلنے پر مجبور نہ کر سکی اور وہ ثابت قدم رہا!

وہ مشکل مرحلہ یہ آیا کہ مرزا احمد بیگ کی ہمشیر مرزا غلام احمد کے چچا زاد بھائی سے بیاہی گئی تھی۔ جس کا نام "غلام حسین" تھا اور وہ عرصہ پچیس برس سے مفقود الخبر تھا اور اس کی جائداد جو اس وقت کے نرخوں کے مطابق چار پانچ ہزار روپیہ کی قیمت کے برابر تھی وہ جائداد "کاغذات مال" میں اس کی بیوی کے نام منتقل ہو چکی تھی اور اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔ "انگریزی قانون" میں ایسی جائداد عورت اپنی زندگی میں تصرف میں رکھ سکتی تھی اور اس سے استفادہ کر سکتی تھی مگر اس کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ اس جائداد کو فروخت کرے یا کسی دوسرے طریقہ سے وہ جائداد کسی کے نام منتقل کرے۔ اس کے مرنے کے بعد وہ جائداد پسماندہ وارثان کو مل جاتی تھی۔ وارثان بازگشت میں مرزا غلام احمد بھی تھا کیونکہ محمد حسین جو مفقود الخبر تھا، وہ مرزا غلام احمد کا چچا زاد بھائی تھا۔ یہ عورت مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کی بہن اور اس کے بیٹے "محمد بیگ" کی پھوپھی تھی۔ وہ چاہتی تھی کہ یہ جائداد میرے بھتیجے کو منتقل ہو جائے اور یہ انتقال بغیر وارثان بازگشت کی مرضی کے نہ ہو سکتا تھا جس میں مرزا غلام احمد حصہ دار تھا اس لیے مرزا احمد بیگ مرزا غلام احمد کے پاس آیا اور کہا کہ اس انتقال پر آپ دستخط کر دیں کیونکہ آپ وارثان بازگشت میں سے ایک ہیں۔ مرزا کے وارے نیارے ہو گئے اور یہ امید بندھ گئی کہ: "اب یہ لڑکی ضرور مجھے مل جائے گی کیونکہ ان کا کام میری رضا مندی کے بغیر نہیں ہو سکتا اور انہیں کام کرانا ضروری ہے اور چار پانچ ہزار روپے کا معاملہ ہے اس لالچ میں آ کر وہ ضرور مجھے لڑکی دیں گے۔" مرزا سید ھا ہاتھ کان کو لگانے والا نہ تھا۔ کہا۔ ذرا ٹھہر جاؤ۔ میں "استخارہ" کر لوں پھر تمہارا کام کر دوں گا۔" استخارہ کیا تھا؟ ایک دھوکا تھا۔ تھوڑی دیر بعد کہا میں نے استخارہ کیا ہے اور خدا نے جو کچھ مجھے کہا ہے۔ سن لو۔

مرزا صاحب خود ایک اشتہار میں تحریر کرتے ہیں۔

""احمد بیگ کے اصرار پر حسب عادت استخارہ کیا وہ تو آسمانی نشان نکلا۔ یعنی اس قادر مطلق نے مجھے فرمایا کہ اس ضمن میں احمد بیگ کی دختر کلاں "محمدی بیگم" کے نکاح کے لیے سلسلہ جنبانی کر اور ان کو کہہ دے کہ تمام سلوک و مروت اس سے اسی نکاح پر کیا جائے گا اور یہ نکاح تمہارے لیے موجب برکت و رحمت ہو گا۔ ان تمام برکتوں اور رحمتوں سے حصہ پاؤ گے جو اشتہار 20 فروری 1882ء میں درج ہیں۔ اگر نکاح سے انحراف کیا تو اس لڑکی کا "انجام" نہایت ہی برا ہو گا۔

(اشتہار مرزا مندرجہ "تبلیغ رسالت" جلد اول و "آئینہ کمالات اسلام" ص 286)

مرزا کو یقین تھا کہ چانکہ خدا کا معاملہ ہے وہ ضرور لالچ میں آ کر لڑکی کا نکاح کر دیں گے۔ اس یقین پر بڑے پرامید اعلانات شروع کر دیے۔ ملاحظہ ہو نمونہ اعلانات۔

اشتہار دہم جولائی 1988ء میں خدا کی جانب منسوب کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''ہم..... (خدا) نے خود اس سے تیرا نکاح باندھ دیا ہے میری باتوں کو کوئی بدلا نہیں سکتا۔''

(''فیصلہ آسمانی تبلیغ رسالت'' جلد دوم ص 85)

اور پھر بڑے وثوق سے اعلان کیا۔

''یہ پیشین گوئی خدائے بزرگ کی طرف سے ''تقدیر مبرم'' (اٹل) ہے۔ عنقریب اس کا ''وقت'' آئے گا۔ قسم خدا کی یہ پیشین گوئی بالکل ''سچ'' ہے۔ تم جلدی نتیجہ دیکھو گے۔'' (''انجام آتھم'' ص 223)

یہ شخص خدا پر جھوٹ اور افترا باندھ رہا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ یہ اپنے ''نوشتہ قلم'' سے ہی ذلیل وخوار ہو جائے۔ اس لیے وہ احمق ایسی باتیں لکھتا رہا جو نہ پوری تھیں اور آخر تک نہ ہوئیں۔ مرزا نے ان کو اپنے ''صدق وکذب'' کا معیار ٹھہرایا تھا اور اعلان کیا۔

''اور میں اس ''خبر کو اپنے سچ وجھوٹ'' کا ''معیار'' بناتا ہوں اور میں نے جو کہا ہے خدا سے ''خبر'' پا کر کہا ہے!'' (''انجام آتھم'' ص 223)

اس لڑکی کے ''وصال'' کے لیے کون سی کوشش تھی جو مرزا نے اٹھا نہیں رکھی؟ پہلے لالچ دیا اور ''فرمایا'':

''خدا نے مجھ پر عیاں کیا کہ احمد بیگ سے کہہ دے کہ ''پہلے وہ تمہیں اپنی دامادی میں قبول کرے اور تمہارے نور سے روشنی حاصل کرے'' اور اس سے کہہ دے کہ ''مجھے اس زمین کے'' ہبہ'' کا حکم مل گیا ہے جس کے تم خواہش مند ہو بلکہ اس کے ساتھ اور زمین بھی دی جائے گی اور احسانات بھی کیے جائیں گے بشرطیکہ تم نکاح کر دو!'' (آئینہ کمالات اسلام ص 572)

جب اس سے کام نہ بنا تو ''دھمکی'' پر اتر آئے اور کہا:

''مجھے اللہ نے یہ بھی بتلایا ہے کہ اگر کسی اور ''شخص'' سے اس لڑکی کا نکاح ہوگا تو نہ اس لڑکی کے لیے یہ ''مبارک'' ہوگا! اور نہ تمہارے لیے۔ ''مصائب'' نازل ہوں گے جن کا ''نتیجہ'' ''موت'' ہوگا۔ یہ حکم اللہ کا ہے تم کو ''نصیحت'' کر دی۔'' ! (''آئینہ کمالات اسلام'' ص 286)

وہ لوگ بڑے مضبوط دل ودماغ کے مالک تھے اس لیے اپنی معصومہ کو ''مرزا کے جہنم'' میں جھونکنے کے لیے آمادہ نہ ہوئے۔ جب انہیں نہ ''ترغیب'' اور نہ ''تہدید'' آمادہ کر سکی تو مرزا ''بیلی تنخواہ پر کام کرنے والے'' کی طرح ''منت سماجت'' اور ''الحاح وزاری'' پر اتر آیا۔ ملاحظہ ہو مرزا کا ''نیا جال'' لکھتا ہے۔

''اے عزیز! آپ کو کیا ہو گیا ہے کہ میری ''سنجیدہ بات'' کو لغو سمجھتے ہو! اور میرے ''کھرے'' کو ''کھوٹا'' خیال کرتے ہو! بخدا میرا یہ ارادہ نہیں کہ آپ کو تکلیف دوں آپ مجھے احسان کرنے والوں میں

سے پائیں گے۔ اگر آپ نے مان لیا تو مجھ پر "مہربانی" "احسان" اور "نیکی" ہوگی میں اپنی زمین اور باغ میں سے بھی آپ کو حصہ دوں گا۔ ساری عمر شکر گزار رہوں گا۔ آپ کی درازئ عمر کے لیے ارحم الراحمین کی جناب میں دعا کروں گا اور آپ سے "وعدہ" کرتا ہوں کہ آپ کی لڑکی کو اپنی زمین و اپنی مملوکات کا ایک تہائی (1/3) حصہ دوں گا اور میں سچ کہتا ہوں کہ اس میں سے جو کچھ مانگیں گے میں دوں گا۔ آپ مجھے مصیبتوں میں اپنا دست گیر اور بار اٹھانے والا پائیں گے اس بے "انکار" میں اپنا وقت ضائع نہ کیجئے۔ یہ خط پروردگار کے خلم سے لکھ رہا ہوں۔" ("آئینہ کمالات اسلام" ص 573)

آپ مرزا کے خط کو پڑھیں اور بار بار پڑھیں اور دیکھیں کہ ایک "بوڑھے" کو "عشق و محبت" نے کتنا پریشان کر رکھا ہے؟ بیوی موجود ہے؟ اولاد پانچ لڑکے اور دو لڑکیاں موجود ہیں؟ عمر پچاس سال سے تجاوز کر چکی ہے؟ لیکن وہ ایک "لڑکی" کے "ارمان" میں "ہلکان" ہو رہا ہے اور اس کے بعد بھی "نبوت" "مسیحیت" اور "مہدویت" کا دعویٰ؟ العجب ثم العجب؟

سچ ہے "عشق" میں "مایوسی" کی کوئی "گنجائش" نہیں چنانچہ مرزا نے اسی اصول پر کاربند ہوتے ہوئے پھر ایک طویل خط لکھا اور اس میں "نیا رنگ بھرا" اور "نیا لالچ" پیش کیا۔ مرزا کے سینہ میں "عشق و محبت" کی آگ سلگ رہی ہے اور ایک "نوخیز چھوکری" کی یاد نے اسے "بے چین" کر رکھا ہے۔ "عشق" اور "بڑھاپا"؟ خوب۔ "اجتماع نقیضین" ہے!

یوں تو اس کائنات میں مشاہدہ ہوتا ہے کہ ان "نوخیز حسین جلادوں" نے بڑے بڑے لوگوں کو "اسیر زلف" کیا اور انھوں نے جان کی بازی لگا کر ان کے "وصال" کی کوشش کی مگر اس "قادیانی مغل بچہ" نے "بانکل" "نیا طریقہ" اختیار کیا اور ہر جگہ "خدائے قدوس" کے "نام" اور "الہام" کو درمیان میں گھسیڑنے کی سراسر "نارو" "الحادی رسم" ایجاد کی۔ خط کو پڑھئے اور حظ اٹھائیے۔ مرزا لکھتا ہے:

"خدا کی طرف سے "حکم" ہوا کہ احمد بیگ (لڑکی کے والد) کو "مطلع" کر دے کہ وہ "رشتہ" منظور کر لے۔ یہ اس کے حق میں "خیر و برکت" اور "ہمارے انعام و اکرام" کی "بارش" کا "سبب" بنے گا ورنہ وہ "مورد عتاب" ہوگا اور ہمارے "قہر" سے نہ بچ سکے گا۔ میں نے خدا کا حکم پہنچا دیا۔ اپنی طرف سے تو میں یہی عرض کرتا ہوں کہ میں آپ کا ہمیشہ "ادب و لحاظ" ہی ملحوظ رکھتا ہوں؟ اور آپ کے حکم اپنے لیے "فخر" سمجھتا ہوں اور ہمیشہ جب لکھو "حاضر" ہو کر دستخط کر جاؤں۔ اس کے علاوہ میری "املاک" خدا کی ہے یا "آپ" کی۔ عزیز "محمد بیگ" (احمد بیگ کے لڑکے اور محمدی بیگم کے بھائی) کے لیے پولیس میں "بھرتی" کرانے کی اور "عہدہ" دلانے کی "خاص کوشش" اور "سفارش" کر لی ہے تاکہ وہ کام میں لگ جائے اور اس کا "رشتہ" میں نے اپنے ایک عقیدت مند سے جو بہت امیر آدمی ہے۔ تقریبا کر دیا ہے۔"

(رسالہ "نوشتہ غیب" ماخوذ از "قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ")

خط کو پڑھنے سے واضح ہوتا ہے کہ یہاں مرزا "بردہ فروشی" کی "حوصلہ افزائی" کر رہا ہے اور ساتھ ہی محمد بیگ کی "ملازمت" اور "رشتہ" کا "لالچ" بھی دے رہا ہے۔ مقام شرم ہے کہ دعویٰ "تقویٰ" "نبوت" اور "مسیحیت" کا؟ اور یہ چلن اور کرتوت؟ اللہ تعالیٰ اسکی "روحانی آتش" سے محفوظ رکھے (آمین)

مرزا اس سلسلہ میں حکیم نورالدین سے بھی "امداد" کی خواہش کرتا رہا ہے مگر انداز وہی "سراسر مکر اور فریب" مرزا نے جو خط حکیم نورالدین کو لکھا وہ بھی پڑھ لیجئے۔ وھو ہذا۔

"محمد بیگ (احمد بیگ کا لڑکا) جو آپ کے پاس ہے اس کے والدین بوجہ "بدبختی" مجھ سے "عداوت" رکھتے ہیں۔ خدائے تعالیٰ نے اس لڑکے کی ہمشیرہ کی نسبت وہ "الہام" فرمایا تھا جو شائع ہو چکا ہے لیکن ان لوگوں کے دلوں میں "مخالفت کا جوش" ہے۔ معلوم نہیں وہ امر (نکاح) کیوں کر؟ اور کس راہ سے "وقوع" میں آئے گا؟ محمد بیگ کے کتنے خطوط اس مضمون کے پہنچے کہ: "حکیم صاحب سے سفارش کریں کہ وہ مجھے پولیس کے محکمہ میں نوکر کرا دیں۔" بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی "نرمی" "کارگر" نہیں ہوگی تاہم کیا مضائقہ ہے کہ ان لوگوں کی "سختی" کے عوض "نرمی" برت کر دیکھ لیں آپ اس کے ذہن نشین کرا دیں کہ "تیری نسبت انھوں (مرزا) نے بہت کچھ سفارش لکھی ہے اور تیرے لیے جہاں تک "گنجائش" اور "مناسب وقت" ہو کچھ فرق نہ ہوگا اگر محمد بیگ یہاں آئے تو ساتھ لیتے آئیں۔"

(خلاصہ مکتوب مندرجہ "مکتوبات احمدیہ" جلد پنجم 5 مکتوب نمبر 7)

اس خط سے واضح ہوتا ہے کہ مرزا کس "قماش" کا "بزرگ" تھا؟ جب ان "حربوں" میں کامیابی نہ ہوئی تو اس نے "نیا طریق کار" ایجاد کیا۔ سچ ہے "ضرورت" "ایجاد" کی "ماں" ہے۔ مرزا آخر تک مایوس نہیں ہوا۔ البتہ خط کا انداز بدل کر نیا زاویہ پیش کر دیتا ہے کہ شاید ان پر کوئی چیز اثر انداز ہو جائے؟ یہ خط بہت لمبا ہے میں اس کے ضروری حصے نقل کرنے پر اکتفا کرتا ہوں لیکن پھر بھی کافی طوالت ہے۔ ملاحظہ ہو۔

مرزا قادیانی لکھتا ہے:

"کن لفظوں میں بیان کروں؟ تا میرے دل کی "محبت"، "خلوص" اور "ہمدردی" جو آپ کی نسبت مجھ کو ہے۔ وہ آپ پر ظاہر ہو جائے؟ خدائے تعالیٰ کی قسم میں اس بات میں بالکل "سچا" ہوں کہ "الہام" ہوا تھا کہ آپ کی "دختر کلاں" کا "رشتہ" اس "عاجز" سے ہوگا اور اگر دوسری جگہ ہوگا تو خدائے تعالیٰ کی "تنبیہات" وارد ہوں گی اور آخر اسی جگہ ہی ہوگا کیونکہ آپ میرے عزیز و پیارے تھے اس لیے میں نے "عین خیر خواہی" سے آپ کو جتلایا کہ دوسری جگہ اس کا رشتہ کرنا ہرگز "مبارک" نہ ہوگا۔ میں نہایت ظالم طبع ہوتا کہ اگر آپ کو اس انجام کی خبر نہ دیتا اور میں اب بھی "عاجزی" اور "ادب" سے آپ کی "خدمت" میں "ملتمس" ہوں کہ اس رشتے سے "انحراف" نہ فرمائیں؟ شاید آپ کو معلوم ہے یا نہیں؟ کہ

دس لاکھ سے زیادہ آدمی اس "پیشین گوئی" پر اطلاع رکھتے ہیں اور ایک جہان کی اس طرف نظریں لگی ہوئی ہیں۔ ہزاروں پادری "حماقت" سے منتظر ہیں کہ یہ پیشین گوئی جھوٹی نکلے تو ہمارا پلہ بھاری ہو۔" لیکن خدا ان کو رسوا کرے گا اور اپنے "دین" کی مدد کرے گا۔ لاہور جا کر دیکھا کہ ہزاروں مسلمان اس کے "پورا" ہونے کی "دعائیں" کر رہے ہیں۔ ویسے یہ عاجز تو خدائے تعالیٰ کے "الہامات" پر جو تواتر سے اتر رہے ہیں "ایمان" لایا ہوا ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ آپ اپنے "ہاتھ" سے اس پیشین گوئی کے پورا ہونے کے لیے "معاون" بنیں تا کہ خدائے تعالیٰ کی برکتیں آپ پر نازل ہوں۔ خدائے تعالیٰ سے کوئی بندہ لڑ نہیں سکتا اور جو "امر" (مرزا کا نکاح) آسمان پر ٹھہر چکا ہے؟ زمین پر ہرگز نہیں "بدل" سکتا۔ خدا وہ بات آپ کے دل میں بھی ڈال دے جس کا اس نے مجھے الہام کیا ہے۔ اس خط میں کوئی نا ملائم بات ہو تو معاف کر دیں۔"

(راقم، احقر العباد غلام احمد عفی عنہ 17 جولائی 1892ء بروز جمعہ منقول از "کلمہ فضل ربانی" ص 123)

اس خط میں مرزا "نئی بات" پہ لایا ہے کہ "ہزاروں پادری منتظر ہیں" اور "لاہور کے لوگ دعائیں مانگ رہے ہیں۔" احمد بیگ پر اس کا کیا اثر ہوا تھا؟ کچھ بھی نہ ہوا بلکہ الٹا اثر یہ ہوا کہ یہ "خط و کتابت پرائیویٹ تھی۔" "خفیہ تھی۔" لیکن مرزا احمد بیگ نے اسے شائع کرا دیا۔ اب مرزا کو احمد بیگ کی جانب سے پوری طرح مایوسی ہو گئی۔ مگر اصل "مقصد یعنی" "محمدی بیگم" کے نکاح میں آنے سے مایوس نہ ہوا اور ایک دوسرا "ہتھیار" استعمال کرنے کی ٹھانی۔ وہ یہ کہ ایک شخص "مرزا علی شیر بیگ" یہ جو مرزا احمد بیگ والد محمدی بیگم کا بہنوئی تھا اور اس کی لڑکی "عزت" بی بی مرزا غلام احمد کے بیٹے فضل احمد سے بیاہی ہوئی تھی۔ مرزا غلام احمد کے پہلی بیوی سے دو لڑکے تھے "سلطان احمد"، "فضل احمد" مرزا فضل احمد مرزا کی پہلی بیوی کا چھوٹا لڑکا تھا اس کے نکاح میں علی شیر بیگ کی لڑکی تھی جو احمد بیگ کی "بھانجی" تھی۔ مرزا کو یہ نئی ترکیب سوجھی اور اس نے علی شیر کو خط لکھا۔ مرزا کے خط میں تو وہی محمدی بیگم کے نکاح کا رونا تھا مگر علی شیر نے مرزا کو جو خط لکھا وہ ضرور پڑھنے کے قابل ہے اور اس میں بہت "سچ کی باتیں" ہیں۔ اب ہم وہ خط درج کرتے ہیں جو مرزا نے علی شیر بیگ کو لکھا تھا۔ مرزا لکھتا ہے کہ:

"میں آپ کو "غریب طبع"، "نیک خیال" اور "اسلام پر قائم" سمجھتا ہوں۔ میں نے سنا ہے کہ عید کی تیسری تاریخ کو محمدی بیگم کا "نکاح" ہونے والا ہے۔ اس مشورے میں آپ کی "بیوی" بھی شریک ہے۔ دوسری جگہ نکاح کے مشورے میں شریک لوگ "میرے دشمن" بلکہ "دین اسلام کے سخت دشمن" ہیں۔ "عیسائیوں" اور "ہندوؤں" کو خوش کرنا چاہتے ہیں۔ "اللہ اور رسول کے دین" کی کچھ "پرواہ" نہیں کرتے۔ چاہتے ہیں کہ مجھے "ذلیل اور رسوا" کریں۔ اب اگر میں "خدا کا" ہوں تو وہ مجھ کو "ذلت" سے بچائے گا۔ آپ کے گھر کے لوگ میری طرفداری کرتے۔ بھائی کو سمجھاتے تو وہ کیوں نہ سمجھ جاتا؟ کیا میں "چوہڑا"، "چمار" تھا؟ جو مجھ کو لڑکی دینا "عار" یا "ننگ" تھی؟ جن کو میں خویش سمجھتا تھا اور چاہتا تھا کہ ان

کی لڑکی سے میری اولاد ہو اور وہ میری "وارث" ہو وہی میری "عزت کے پیاسے" ہیں۔ میں نے خط لکھے کہ "پرانے رشتے مت توڑو" جواب تک نہ آیا؟ سنا ہے کہ آپ کی بیوی نے یہاں تک کہہ دیا کہ: "ہماری اپنی بہو (آپ کی بیٹی) کو اپنے بیٹے فضل احمد سے طلاق دلانا چاہتا ہوں تو طلاق دلا دے پرواہ نہیں۔" میں نے آپ کی بیوی کو رجسٹری کر کے خط بھیجا کہ: اگر میں "ذلیل" ہوں تو آپ کی بیٹی عزت بی بی کو فضل احمد کے نکاح میں رہنے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر آپ کی بیوی نے اپنے بھائی کو نکاح سے نہ روکا تو ادھر محمدی بیگم کا نکاح ہوگا ادھر عزت بی بی کو طلاق۔ اس خط کا جواب بھی نہیں آیا۔ اگر میرے ساتھ نکاح کرا دیں تو ہر "خدمت" کے لیے "بہ دل و جان حاضر" ہوں۔ میرا مال ان کا "مال" آپ کو بھی لکھتا ہوں کہ: احمد بیگ پر زور ڈلوائیں ورنہ ہمیشہ کے لیے رشتے ناطے توڑ دوں گا۔" (ماخوذ از "قادیانی مذہب" خط محررہ 1891ء)

اس خط کا جو جواب مرزا علی شیر بیگ نے دیا وہ "قابل دید و شنید" ہے اور اعلیٰ اخلاقی جرأت کا بہترین نمونہ ہے اور "ایثار قربانی کا بلند پایہ مرقع" مرزا کی گراوٹ کی یہ حد ہے کہ وہ اپنی "ہوس نفسانی" کے پورا نہ ہونے کی صورت میں معصومہ عزت بی بی کو جو علی شیر بیگ کی بیٹی اور مرزا غلام احمد کی بہو ہے، طلاق کی دھمکی دے رہا ہے؟ اگر علی شیر بیگ کی فطرت میں کمزوری ہوتی تو وہ کہتے کہ: "محمدی بیگم جائے جہنم میں۔ وہ ایک بوڑھے مریل (جو متعدد بیماریوں کا گھر ہے) کے گلے "مڑھی" جا رہی ہے تو میرا کیا؟ میں اپنی معصومہ بیٹی کو جو اپنے خاوند کے ساتھ بہ خیر و خوشی آباد ہے اسے طلاق دلوا کر اس کی زندگی کو کیوں اجیرن بنا دوں؟ لیکن علی شیر "حق و انصاف" اور "انسانی ہمدردی" کے پیش نظر اپنی بیٹی کی قربانی پر تو آمادہ ہو جاتے ہیں مگر محترمہ محمدی بیگم کو عذاب میں ڈالنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ مرزا علی شیر بیگ کا خط درج ذیل ہے ملاحظہ کریں۔

"مجھے غریب طبع" یا "نیک" جو کچھ بھی آپ خیال کریں آپ کی مہربانی ہے۔ ہاں "مسلمان" ضرور ہوں۔ مگر آپ کی "خود ساختہ نبوت" کا قائل نہیں۔ خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھے "سلف صالحین" کے طریقہ پر ہی رکھے اور اسی پر میرا خاتمہ بالخیر کرے۔

باقی رہا تعلق چھوڑنے کا معاملہ؟ تو بہترین تعلق خدا کا ہے وہ نہ چھوٹے اور باقی عاجز مخلوق کا تعلق ہوا تو پھر کیا؟ اور نہ ہوا تو پھر کیا؟ احمد بیگ کے متعلق میں کر ہی کیا سکتا ہوں؟ نہ فضول "ایمان گنواتے؟" اور نہ "الہام بازی" کرتے اور نہ وہ کنارہ کش ہوتا؟

یہ ٹھیک ہے آپ نے خویش ہونے کی حیثیت سے رشتہ طلب کیا مگر آپ خیال فرمائیں کہ اگر آپ کی جگہ احمد بیگ ہو اور احمد بیگ کی جگہ آپ ہوں تو خدا لگتی کہنا کہ تم "کن کن باتوں کا خیال" کر کے رشتہ دیتے؟ اگر احمد بیگ تمہاری لڑکی کے لیے "سوال" کرتا اور وہ "مجمع الامراض" ہونے کے علاوہ پچاس سال سے زیادہ عمر کا ہوتا اور اس پر وہ "مسیلمہ کذاب" کے کان بھی کتر چکا ہوتا؟ آپ کو خط لکھتے وقت آپے سے باہر نہیں ہونا چاہیے۔ "لڑکیاں" سبھی کے گھروں میں ہیں۔ یہی نظام عالم ہے۔ آپ میری بیٹی کو بلا قصور

طلاق دلوائیں گے تو یہ بھی "جھوٹی پیغمبری" کی "نئی سنت" قائم کر کے "بدزبانی کا سیاہ داغ" "مول" لیں گے! باقی روٹی تو خدا اس کو بھی کہیں سے دے گا۔ "تر" نہ سہی؟ "خشک" "سہی؟" مگر وہ خشک بہتر ہے جو "پسینے کی کمائی" سے پیدا کی جاتی ہے؟ میری بیوی کو کیا حق ہے کہ وہ اپنی بیٹی کو "طلاق سے بچانے کے لیے" "بھائی کی لڑکی کو دائم المریض آدمی" جو "مراق سے خدائی تک" "پہنچ چکا ہے، دینے کے لیے بھائی سے لڑے؟" (مکتوب محررہ 4 مئی 1891ء منقول از "قادیانی مذہب کا محاسبہ")

قارئین دونوں خطوط کو غور سے پڑھیں۔ ایک خط "مدعی نبوت" و "مسیحیت" و "مہدویت" کا ہے اور دوسرا خط ایک "مسلمان" کا ہے جسے کوئی بھی "دعویٰ" نہیں۔ مرزا غلام احمد کی "ہٹ دھرمی" اور مرزا علی شیر بیگ کے "استدلال" پر بھی غور ضروری ہے اور خصوصاً اپنی قربانی دے کر بھی وہ ایک معصومہ کی تباہی پر راضی نہ ہوا۔ مرزا کو اگر شرافت سے کچھ بھی "حصہ" ملا ہوتا؟ تو وہ علی شیر بیگ کی بیٹی کو "طلاق" نہ دلواتا؟ مگر یہاں شرافت کا کام ہی کیا تھا؟ یہاں تو دل میں شیطان نے بسیرا کر رکھا تھا اور مرزا غلام احمد کو ہر "بدی" پر آمادہ کر رہا تھا اور وہ اس کے "داؤ" میں آ چکا تھا اور اس کا ہر "حکم" ماننے کے لیے چشم براہ تھا۔"

الحاصل مرزا غلام احمد کا یہ "تیر" بھی خطا گیا اور مرزا علی شیر بیگ اس کے "نامعقول مطالبہ" سے متفق نہ ہوا تو ایک اور تیر ترکش سے نکالا اور مرزا علی شیر بیگ کے سینہ میں پیوست کیا۔ وہ نیا تیر یہ ہے کہ اپنی بہو سے جو مرزا فضل احمد کی بیوی تھی اس کی والدہ کے نام خط لکھوایا۔ وہ خط ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ وہ اپنی ماں کو لکھتی ہے:

"اس وقت میری تباہی و بربادی کا خیال کرو۔ مرزا صاحب مجھ سے کسی طرح کا فرق نہیں کرتے تم اپنے بھائی (میرے ماموں محمدی بیگم کے والد) کو سمجھاؤ تو سہی؟ اگر نہیں تو پھر مجھے طلاق ہو گی اور رسوائی ہو گی۔ اگر منظور نہیں تو پھر کسی کو بھیج کر یہاں سے بلوا لو!" (منقول از "قادیانی مذہب کا محاسبہ")

مرزا کا منجھلا لڑکا مرزا بشیر احمد اپنی کتاب "سیرت المہدی" میں لکھتا ہے کہ: "اس شادی کے سلسلہ میں مرزا صاحب نے شادی کرا دینے والے سے انعام کا وعدہ کیا تھا" مرزا بشیر احمد لکھتا ہے۔

"بیان کیا مجھ سے میاں عبداللہ سنوری نے کہ محمدی بیگم کے ماموں مرزا امام دین کو رشتہ کرانے پر انعام کا وعدہ بھی کیا تھا۔" ("سیرت المہدی" حصہ اول ص 193)

یاد رہے کہ مرزا "امام دین" مرزا غلام احمد کا چچا زاد بھائی تھا اور مرزا احمد بیگ کی بیوی اس کی بہن تھی۔ باپ کا نام "غلام محی الدین" تھا جو مرزا غلام احمد کا حقیقی چچا تھا۔

آخر کار مرزا کی بدبختی سے اس کے تمام "حربے" ناکام اور سارے ہتھیار کند ہو گئے اور محمدی بیگم کا نکاح 17 اپریل 1892ء کو موضع "پٹی مغلاں" ضلع امرت سر کے ایک نوجوان مرزا "سلطان محمد" صاحب سے ہو گیا۔ جب اس نکاح کی خبر مرزا کو ملی تو وہ شدید غیظ و غم کے باعث دماغی توازن کھو بیٹھا اور

ہارے ہوئے جواری کا پارٹ ادا کرنے پر مجبور ہوا اور شرافت و نجابت سے گری ہوئی ایسی حرکات کا ارتکاب کیا کہ انسانیت سر پیٹ کر رہ گئی اور آسمان نے مسکراتے ہوئے اس کی نبوت و مسیحیت کا مذاق اڑایا۔ ذرہ وہ "حرکات سفلیہ" بھی سن لیجئے جو مرزا سے سرزد ہوئیں۔

اول: یہ کہ اپنی خاندانی بیوی جو مرزا سلطان احمد و مرزا فضل احمد کی ماں تھی، اسے طلاق دے کر گھر سے نکال دیا اس کا قصور اس سے زیادہ کچھ نہ تھا کہ وہ "محمدی بیگم کی رشتہ دار" تھی ورنہ مرزا کے ساتھ محمدی بیگم کے رشتہ نہ ہونے میں اس کا کوئی قصور یا دخل نہیں تھا۔

دوم: یہ کہ مرزا علی شیر بیگ کی لڑکی، جو مرزا فضل احمد کے نکاح میں تھی، بلا قصور طلاق دلوا دی۔ حالانکہ یہ لڑکی جس کا نام عزت بی بی تھا آخر دم تک اپنے خسر مرزا غلام احمد کے حق میں رہی اور اس نے اپنے والدین کو خط لکھے کہ: "رشتہ ہو جانے کی کوشش کرو ورنہ میری بربادی ہو جائے گی جب کہ میں اپنے خاوند سے خوش و خرم وقت گزار رہی ہوں۔"

سوم: یہ کہ مرزا سلطان احمد کو اپنی جائداد سے محروم کر کے "عاق" کر دیا۔ اس کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ "چراغ بی بی" کا بیٹا تھا اور چراغ بی بی محمدی بیگم کی رشتہ دار تھی۔

ان "انسانیت سوز حرکات" اور بے گناہوں کی زندگیاں منغص کر کے بھی مرزا کی "آتش روماں" فرو نہ ہوئی بلکہ ایک اور اشتہار شائع کر کے اعلان کر دیا کہ:

"محمدی بیگم کے دوسری جگہ نکاح کے بعد تمام تعلقات خویشی و قرابت و ہمدردی دور اور کسی "نیکی بدی" "رنج و راحت" "شادی اور ماتم" میں شرکت ختم۔ اب ان سے تعلق رکھنا "قطعاً حرام" اور "ایمانی غیوری" کے برخلاف ایک "دیوثی" کا "کام" ہے۔" (خلاصہ اشتہار مندرجہ تبلیغ رسالت جلد دوم ص 6)

مرزا کے منجھلے لڑکے مرزا بشیر احمد نے محمدی بیگم سے ہمیشہ کے لیے محروم ہو جانے پر اپنے نیلا و غضب کی یوں ترجمانی کی ہے۔

"حضرت صاحب نے یہاں تک اعلان کر دیا کہ: "جن رشتہ داروں نے (مرزا کے) "نکاح کی مخالفت" کی ہے اب ان کی "قبریں" بھی ہمارے ساتھ "اکٹھی" نہیں بنیں گی۔"

("سیرۃ المہدی" حصہ اول ص 126)

آپ حیران ہوں گے کہ "بڑھاپے کا رومان" کیسی بری بلا ہوتی ہے کہ آخر دم تک انسان اس کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔ چاہیے تو یہ تھا۔ اگر واقعی کوئی "الہام" یا "آواز غیبی" اس بارہ میں سنائی دی تھی تو اس مرحلہ پر وہ اس سے مایوس ہو کر یقین کر لیتا کہ وہ آواز جس نے "محمدی بیگم کے وصال" کی "توقع" دلائی تھی؟ یا کوئی الہام جس نے محمدی بیگم کے وصال کی جانب "اشارہ" کیا تھا؟ "وہ شیطانی آواز" اور "ابلیسی الہام" ہے۔ اس لیے ایسے الہام کنندہ سے بچنے کے لیے خبردار رہنا چاہیے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔

ان الشیطین لیوحون الی اولیٰئهم لیجادلوکم.

شیاطین اپنے دوستوں کو آوازیں دیتے اور انھیں جھوٹے الہام اور وحی بھیجتے ہیں
تاکہ تم کو لڑاتے رہیں۔(6:121)

حقیقت اور اصلیت یہ ہے کہ مرزا کو روز روشن کی طرح عیاں تھا کہ کوئی الہام نہیں ہوا اور نہ ہی کوئی "غیبی آواز" آئی ہے جس نے "محمدی بیگم کے وصال" کی جانب اشارہ کیا ہو۔ یہ خالصتاً اور یقیناً "بڑھاپے کا رومان" اور "مقوی ادویہ" سے "عارضی قوت باہ" کا "ابال" تھا اور کچھ نہیں؟ البتہ شیطان نے مرزا کی یہ رہنمائی ضرور کی تھی کہ "اس "روحانی خواہش" کے اظہار کو "الہامی جامہ" پہناؤ تاکہ شاید "حصول مقصد" میں کچھ "معین و مددگار" ثابت ہو۔" ورنہ مرزا کو پورا پورا علم تھا کہ محمدی بیگم کے وصال کی خواہش نہ کسی الہام کی رہین منت ہے؟ اور نہ ہی کسی "غیبی آواز" کی ممنون؟ بلکہ یہ سب کچھ "مقوی باہ ادویہ" کے استعمال سے بڑھاپے میں عارضی شہوت کا ابال اور جوش تھا اور بس۔ یہی وجہ ہے کہ باوجود انتہائی ناکامیوں کے مایوس و ناامید نہ ہوا اور محمدی بیگم کا مرزا سلطان محمد سے نکاح ہو جانے کے بعد بھی نہایت ڈھٹائی سے نیا پینترا بدلا اور اعلان کیا۔

"خدائے تعالیٰ نے پیشگوئی کے طور پر اس عاجز پر ظاہر فرمایا کہ: "مرزا احمد بیگ کی دختر کلاں انجام کار تمھارے نکاح میں آئے گی اور وہ لوگ بہت عداوت کریں گے اور بہت مانع آئیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو۔ لیکن آخر کار ایسا ہی ہوگا" اور فرمایا کہ: "خدا نے تعالیٰ "ہر طرح" اس کو تمہاری طرف لائے گا۔ "باکرہ" ہونے کی حالت میں؟ یا "بیوہ" کر کے؟ اس کام کو وہ ضرور پورا کرے گا اور کوئی نہیں جو اس کو روک سکے" ("ازالہ اوہام" ص 198)

مرزا نے ساتھ ہی یہ بھی اعلان کیا کہ:

"محمدی بیگم جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائے گی وہ روز نکاح سے اڑھائی سال تک فوت ہو جائے گا۔" ("آئینہ کمالات اسلام" ص 572)

مگر مرزا کی الٹی تقدیر اور کھوٹی قسمت کے اثر سے ہوا یہ کہ نکاح کے بعد اڑھائی سال بھی گزر گئے اور محمدی بیگم کے خاوند مرزا سلطان محمد کی وفات بھی نہ ہوئی اور اس پر بھی پورے ملک میں ہنسی اڑی تو مرزا آپے سے باہر ہو گیا اور اس نے ایک نہایت ہی غضب آلود اعلان کیا کہ:

"بدفطرتو! اپنی فطرتیں دکھاؤ؟ لعنتیں بھیجو! ٹھٹھے کرو؟ صادقوں کا نام کاذب اور دروغ گو رکھو؟ لیکن عنقریب دیکھو گے کہ کیا ہوتا ہے؟ سلطان محمد کے "خوف" اور "رجوع" سے اس کی موت ٹل گئی لیکن نفس پیشگوئی یعنی اس "عورت" کا اس "عاجز کے نکاح" میں آنا "تقدیر مبرم" ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی۔ "الہام الٰہی" میں یہ فقرہ موجود ہے۔ "لاتبدیل لکلمات اللہ" اللہ کی بات ہرگز نہیں ٹل سکتی۔ پس

ٹل جائے تو خدا کا کلام باطل ہوتا ہے۔" (اعلان مرزا مندرجہ "تبلیغ رسالت" جلد سوم ص 166)

پھر اس اعلان کی "تائید" میں ایک اور "بڑا زوردار" اعلان کیا کہ: "محمدی بیگم ضرور میرے نکاح میں آئے گی۔" مرزا صاحب تحریر کرتے ہیں:

"اس عاجز کو ایک سخت بیماری آئی یہاں تک کہ قریب موت تک نوبت پہنچ گئی بلکہ موت سامنے دیکھ کر وصیت بھی کر دی۔ اس وقت یہ پیشگوئی آنکھوں کے سامنے آ گئی اور معلوم یہ ہو رہا تھا کہ اب آخری دم ہے اور کل "جنازہ" نکلنے والا ہے تب میں نے اس پیشین گوئی کی نسبت خیال کیا کہ شاید اس کے اور معنی ہوں گے جو میں نہیں سمجھ سکا؟ تب اس حالت میں قریب الموت مجھے الہام ہوا۔ "الحقُّ من ربّک فلا تکوننّ من الممترین" یعنی "یہ بات تیرے رب کی طرف سے سچ ہے۔ تو کیوں شک کرتا ہے" خدا نے "تازہ یقین" دلا دیا کہ تو ناامید مت ہو۔" ("ازالہ اوہام" ص 398)

یہ تھے "مرزائے قادیان کے الہام" اور اس کے خدا کی طرف سے مرزا کو بار بار یاد دہانی اور یقین دہانی؟ مگر وائے ناکامی مرزا کو 1908ء میں اچانک "ہیضہ" نے آ دبوچا اور وہ اس دار فانی سے رخصت ہونے پر مجبور ہو گیا لیکن اس کا "مد مقابل" جوڑا مرزا سلطان محمد اور اس کی بیوی محمدی بیگم اللہ کے فضل و کرم سے زندہ اور بقید حیات تھے اور مرزا کی موت کے بعد بھی ایک عرصہ زندہ رہے۔ (بلکہ 1968ء میں ہفت روزہ "چٹان" لاہور) کی عمارت کے اندر رئیس الکتابت سید "نفیس الحسینی" صاحب کے کمرے میں اسی خاندان کے ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی جس نے دوران گفتگو بتایا تھا کہ "محمدی بیگم" صاحبہ اللہ تعالی کی طرف سے مرزا کی ازلی و ابدی تکذیب و تذلیل کی خاطر ابھی تک زندہ موجود ہیں گو اب بہت معمر اور ضعیفہ ہیں۔ الو معاویہ دنیا جہان فانی ہے وقت آنے پر اپنی طبعی عمر پورا کر کے مرزا سلطان محمد تو فوت ہو گئے اور محترمہ "محمدی بیگم" خاوند کے فوت ہو جانے کے بعد بھی قیام پاکستان تک زندہ رہی۔

جس زمانہ میں میرا قیام قادیان میں تھا تو ہم ملک کے تمام اطراف میں اپنے مبلغ بھیجتے تھے تو وہ پٹی مغلاں (جو محمدی بیگم کا وطن تھا) میں بھی جایا کرتے تھے۔ محمدی بیگم ان کی بڑی خدمت کرتی تھی۔ البتہ اس کی یہ خواہش ضرور ہوتی تھی کہ: "مرزا غلام احمد کی تردید کے بڑے موضوع ہیں۔ اس نکاح والی پیشین گوئی کا ذکر نہ کیا جائے تو کیا فرق پڑتا تھا؟" چنانچہ ہمارے مبلغ پٹی مغلاں کے اجتماعات میں اس پیشین گوئی کا تذکرہ نہیں کرتے تھے۔ پٹی مغلاں کے رہنے والے ایک بزرگ "مرزا شجاع بیگ" تھے جو کسی زمانہ میں حکومت کی جانب سے پٹی میں "آنریری مجسٹریٹ" بھی تھے۔ کبھی کبھی قادیان آیا کرتے تھے، ان کا قیام مرزائیوں کے مہمان خانہ میں ہوتا تھا اور وہ مجھے اپنے ہاں بلا بھیجتے تھے اور غلام احمد کے "عقائد و نظریات" کے خلاف دیر تک گفتگو ہوتی رہتی تھی۔

"اطالوی حسینہ" "مس روفو"

آج کل رواج ہو گیا ہے کہ "بڑے ہوٹلوں، پر مالکان ہوٹل" خوبصورت اور حسین لڑکیاں، ملازم رکھ لیتے ہیں۔ یہ لڑکیاں "نازک اداؤں" اور "چلبلے اندازوں" کے ساتھ گاہکوں کے سامنے کھانا رکھتی ہیں اور انھیں خوش کرنے کے لیے "محبانہ گفتگو" کرتی ہیں وہ لوگ جاتے وقت انھیں بھی کچھ دے جاتے ہیں اور مالکان ہوٹل پر بھی ان کا زیادہ بوجھ نہیں پڑتا۔ انھیں معمولی تنخواہ اور کھانا دینا پڑتا ہے۔ ویسے وہ خود اچھی بھلی کمائی کر لیتی ہیں۔ "سسل ہوٹل" والوں کو ایک "اطالوی لڑکی" مل گئی جو نہایت خوبصورت تھی۔ مولانا ظفر علی خان اس کے تعارف میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

"روما" سے ڈھل کے "برق کے سانچے" میں آئی تھی
اب کس "حریم ناز" میں "جانِ جہاں" گئی؟

عموماً "دل پھینک حضرات" پوچھ لیتے ہیں کہ: "کس ہوٹل میں رونق زیادہ ہے؟" تو وہاں چلے جاتے ہیں۔ کسی نے مرزا محمود خلیفہ قادیانی سے کہہ دیا کہ: "آپ یوں بدنام ہوتے پھرتے ہیں۔ سسل ہوٹل شکری روڈ لاہور میں "ایک پری" روما سے آئی ہے۔ آپ اگر اسے دیکھ پائیں گے تو آپ کو یہ "سیاہ برقعے" جنھیں آپ الٹ کر بدنام ہو رہے ہیں؟ سب کچھ بھول جائیں گے!" خلیفہ صاحب نے یہ "مژدۂ جاں فزا" سن کر "رخت سفر" باندھا اور سسل ہوٹل لاہور پہنچ گئے۔ اطالوی حسینہ کو دیکھا تو "لٹو" ہو گئے پہلے تو اسے آمادہ کیا کہ: "وہ قادیان میرے ساتھ آئے"! مگر وہ آمادہ نہ ہوئی تو "سیر و سیاحت کے بہانے" سے کار میں بٹھایا اور قادیان لے آئے۔ چونکہ سسل ہوٹل والوں کا بڑا نقصان ہو گیا تھا۔ انھوں نے واویلا کیا۔ اس اطالوی حسینہ کی ڈیوٹی صرف گاہکوں کے سامنے کھانا لا رکھنا نہ تھا؟ بلکہ اس کے ذمہ کچھ انتظامی ذمہ داریاں بھی تھیں۔ "رقص و سرود" اور دیگر "سامانِ تعیش" کے کمروں کی "چابیاں" بھی اس کے پاس رہتی تھیں! اس وجہ سے بھی ہوٹل والوں کو پریشانی ہوئی! اخبارات میں چھپا؟ عوام میں واویلا ہوا؟ ساتھ ہی مرزا محمود نے محسوس کیا کہ ملک میں واویلا ہو رہا ہے اور بدنامی ہو رہی ہے۔ سب سے بڑھ کر بات یہ تھی کہ وہ حسینہ قادیان "خوشی" سے نہیں آئی تھی؟ اور وہ "قادیان کی رہائش" پر "راضی نہیں ہو رہی تھی؟ مرزا محمود نے مجبور ہو کر اسے واپس لاہور بھیج دینے پر "رضا مندی" کا اظہار کیا اور اسے مبلغ پانچ ہزار روپیہ دے کر اپنی کار کے ذریعہ لاہور بھیج دیا۔ لاہور پہنچ کر اس نے مرزا محمود کے خلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا چاہا کہ مجھے "جبراً قادیان لے جا کر میری آبرو ریزی کی گئی؟" قانونی مشیر نے اسے مشورہ دیا کہ: "تم پیشہ ور لڑکیاں ایسا الزام عدالت میں ثابت نہیں کر سکتیں؟ اور عدالت تمہاری اس بات کو بمشکل تسلیم کرے گی؟" تو اس حسینہ نے اپنے وکیل کو کہا کہ: "مجھے زیادہ غصہ اس بات پر ہے کہ جس وقت خلیفہ قادیان میں میری آبرو ریزی کر رہا تھا تو اس وقت اس نے اپنی لڑکی کو" پاس بٹھا رکھا تھا؟" تو وکیل نے کہا: "ممکن ہے تم سچ کہتی

ہو؟ مگر عدالت اسے تسلیم نہیں کرے گی؟ اس لیے وہ مجبوراً چپ ہو کر رہ گئی۔

جب یہ خبر اخبارات میں آئی اور ملک میں عام شہرہ ہوا تو مرزا محمود کی اپنی قادیانی جماعت بھی "برے تاثر" سے نہ بچ سکتی تھی؟ اس لیے اسے ضرورت پڑی کہ وہ اپنی جماعت کو "مطمئن" کرے۔ اس لیے خلیفہ نے ایک خطبہ جمعہ میں بتایا کہ: "یہ میرے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا ہو رہا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ میں ایک یورپین لیڈی کو اپنے ساتھ قادیان لایا تھا کہ "میری لڑکیوں کی اتالیق" ہو اور انھیں "انگریزی لہجہ" سکھائے۔ دشمنوں نے خواہ مخواہ مجھے بدنام کرنے کے لیے میرے خلاف پروپیگنڈا کر دیا ہے۔"

لیکن سوال یہ ہے کہ مرزا محمود کا مقصد اگر انگریزی سکھانے کے لیے "اتالیق" رکھنا ہوتا تو وہ کسی "برطانوی لیڈی" کی تلاش کرتا؟ اور یہ کہ بجائے "نوخیز خوبصورت لڑکی" کے وہ "عمر رسیدہ" یا "ادھیڑ عمر کی خاتون" ہوتی؟ نہ کہ "خوبصورت" "دل ربا" "نوخیز لڑکی" ہوتی؟ علاوہ ازیں ایک "اطالوی" کے لیے "انگریزی زبان" ایسی ہے؟ جیسے ہمارے لیے ہے جیسا کہ "انڈین" "محنت شاقہ" اور ایک مدت دراز کے بعد "انگریزی میں مہارت" حاصل کر سکتے ہیں۔ بعینہ اسی طرح ایک "اطالوی نژاد" کو بڑی "محنت شاقہ" سے "انگریزی" سیکھنی پڑتی ہے اور جو ایک مدت صرف کرنے کے بعد انگریزی میں مہارت حاصل کر لیتا ہے تو وہ خود "مرد" ہو؟ یا "عورت"؟ ہوٹلوں کی گھٹیا "ملازمت" کیسے اختیار کر سکتا ہے؟ اس کے لیے تو کئی "باعزت روزگار" موجود ہیں۔

یہ "ایک کھلی" اور "ناقابل تردید حقیقت" ہے کہ مرزا محمود اس حسینہ کو اپنی "ہوس رانی" اور "عیش پرستی" کے لیے لایا تھا مگر وہ قادیان آنے پر "راضی" نہ تھی؟ اور جب "بہ جبر" قادیان لائی گئی تو وہاں "رہائش پذیر" ہونے پر "راضی" نہ ہوئی؟ ادھر عوام میں "شور اٹھا" تو خلیفہ گھبرا گیا اور اسے واپس لاہور بھیجے پر راضی بلکہ "مجبور" ہوا اور ساتھ ہی اس کا منہ بند کرنے کے لیے "مبلغ پانچ ہزار روپیہ دے کر اپنی کار کے ذریعہ اسے واپس لاہور پہنچا دیا مگر وہ پانچ ہزار روپیہ پر راضی نہ ہوئی اور خلیفہ کے خلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا چاہتی تھی لیکن اسے "خلیفہ کا جرم" ثابت کرنا مشکل نظر آیا اور وکیل سے مشورہ کے بعد" با امر مجبوری" "خاموش" ہو گئی۔ اطالوی حسینہ کی یہ خبر لاہور کے تمام اخبارات میں چھپی مگر "زمیندار" نے اس میں بہت زیادہ "دل چسپی" لی اور خوب "نمک مرچ" لگا کر" خلیفہ کے ذلیل اور سیہ کردار کو عوام میں "اجاگر" کیا۔ اور اس سلسلہ میں کئی نظمیں بھی اخبار "زمیندار" میں شائع ہوئیں۔ قارئین کی دل چسپی کے لیے میں یہاں مولانا ظفر علی خان کی دو نظمیں درج کیے دیتا ہوں۔

اطالوی حسینہ

اے کشورِ اطالیہ کے باغ کی بہار

لاہور کا ہے دامن تیرے فیض سے چمن

پیغمبر جمال تیری ہر ادا
پروردگار عشق ترا چلبلا چلن
الجھے ہوئے ہیں دل تری زلف سیاہ میں
ہیں جس کے ایک تار سے وابستہ سو فتن
پروردہ فسوں ہے تری آنکھ کا خمار
آوردہ جنوں ہے تیری بوئے پیرہن
پیمانہ نشاط تیری ساق صندلی
پیمانہ سرور ترا مرمری بدن!
رونق ہے ہوٹلوں کی ترا حسن بے حجاب
جس پر فدا ہے شیخ تو لٹو ہے برہمن
جب قادیاں پہ تیری نشیلی نظر پڑی
سب نشہ نبوت ظلی ہوا ہرن
میں بھی ہوں تیری چشم پہ افسوں کا معترف
جادو وہی ہے آج جو ہو قادیاں شکن

دوسری نظم یہ ہے۔

ہوٹل سسل کی رونق عریاں

عشاق شہر کو ہے "زمیندار" سے سوال
ہوٹل سسل کی رونق عریاں کہاں گئی
اس کے جلو میں جانا گئی ایمان کے ساتھ ساتھ
کیا کیا نہ تھا جو لے کے وہ جان جہاں گئی
خوف خدائے پاک دلوں سے نکل گیا
آنکھوں سے شرم سرور کون و مکاں گئی
بن کے خروش حلقہ رندان لم یزل
لے کر گئی وہ حشر کا ساماں جہاں گئی
روما سے ڈھل کے برق کے سانچے میں آئی تھی
اب کس حریم ناز میں وہ جان جاں گئی

یہ چیستان سنی تو "زمیندار" نے کہا
اتنا ہی جانتا ہوں کہ وہ قادیاں گئی

اطالوی حسینہ مس روفو

تمہیں مشی نی الشوم کی بھی خبر ہے؟
زمانے کے اے بے خبر فیل سوفو!
ملے گا تمہیں یہ سبق قادیاں سے
جہاں چل کے سوتے میں آئی ہے روفو
دبستان میں جانا نہیں چاہتے ہو
تو پہنچو شبستان میں اے بے وقوفو
بہار آ رہی ہے خزاں جا رہی ہے
ہنسو کھل کھلا کر دشق شگوفو!
کرشن اور خورسند کیا اس کو سمجھیں
تمہیں داد دو اس کی عبد الروفو!
جب اوقات موجود ہے قادیاں کی
کہاں مر رہی ہو تفو اور زوفو!

31 مارچ 1924ء

فتنۂ آخر زماں

اے قادیاں، اے قادیاں تیرے بڑے لنگور کو
لپٹا لیا کرتا ہے جو ہر شب نئی اک حور کو
جس نے جتایا تاج کر کشمیر اور میسور کو
جس کی ترش روئی ملی لیمو کو اور انگور کو
لکھوں دمشق کورنحہ یا اندلس کی مادیاں
اے قادیاں اے قادیاں اے فتنۂ آخر زماں
پیسہ ترا ایمان ہے، گالی تری پہچان ہے
جنس نفاق و کفر سے چمکی تری دکان ہے

بہتان خدا پہ باندھنا تیرے نبی کی شان ہے
الہام جو بھی ہے ترا آوردۂ شیطان ہے
یہ بھی خدا کا آخری اسلام پہ احسان ہے
نقاش کی مٹھی میں گر پوشیدہ تیری جان ہے
اے قادیاں اے قادیاں اے دشمن اسلامیاں
اے فتنہ آخر زماں

اس اطالوی حسینہ کا نام "مس روفو" تھا اور لوگ بازار میں مس روفو کے گیت گاتے تھے اور مزہ لے لے کر "روفو اور مرزا محمود کا تذکرہ" کرتے تھے۔ اخبار زمیندار کا شدت سے انتظار ہوتا تھا جب زمیندار آتا تو ہجوم اس پہ پل پڑتا تھا۔ بازار میں بیٹھ کر ایک شخص بلند آواز سے وہ اخبار پڑھتا تھا اور بیسیوں سامعین اس کے گرد بیٹھے سن رہے ہوتے تھے۔

مس روفو کا یہ "تماشہ واقعہ" میرے قیام قادیان کے دوران "ظہور پذیر" ہوا۔ مرزائیوں کا بازار سے گزرنا دوبھر ہو رہا تھا۔ اگر بہ امر مجبوری کسی مرزائی کا ادھر سے گزر ہوتا؟ وہ بے چارہ سر جھکائے جلدی سے گزرنے کی کوشش کرتا تھا ان تمام "واقعات" کی "رپورٹیں" مرزا محمود کو "قصر خلافت" میں پہنچ رہی ہوتی تھیں اور "مرزائی دنیا" میں ایک "زلزلہ" سا "ہنگامہ" برپا تھا۔ "نہ جائے ماندن"؟ "نہ پائے رفتن"؟ آخر مجبور ہو کر اور "روتی صورت" بنا کر مرزا محمود نے "خطبہ" دیا اور کہا کہ: "دیکھو! کتنا بڑا ظلم ہے میں ایک "یورپین لیڈی" کو لاہور سے لایا تھا تاکہ وہ میری "لڑکیوں" اور "بیویوں" کو "انگریزی لب و لہجہ" سکھائے؟ مگر "دشمنوں" نے "بکاؤ" کو "اخبار" بنا کر میرے خلاف ہنگامہ برپا کر دیا؟ میں نے کون سی بری بات کی ہے کہ اس قدر ہنگامہ اٹھایا جا رہا ہے؟" اس خطبہ میں بیٹھے باخبر سامعین ہنسی اڑا رہے تھے کہ ایک "اطالوی نوخیز حسینہ" اور "انگریزی لب و لہجہ" اطالوی لوگ تو انگریزی کے بعض الفاظ سکھائے جانے سے بھی نہیں ادا کر سکتے تھے؟ تو بھلا ایک نوخیز اطالوی لڑکی کیا خاک انگریزی لب و لہجہ کسی کو سکھائے گی؟ بہر حال وہ ایک "دل چسپ دور تھا۔ ایک وہ زمانہ کہ مرزا محمود کے "تقدس کا سایہ" ہر انسان پر "چھایا" ہوا تھا خواہ وہ کسی بھی "مکتب فکر" سے تعلق رکھتا ہو؟ اور ایک وہ دور بھی ہم نے دیکھا؟ کہ "سر عام بازار میں مرزا محمود کا "مذاق" اڑایا جا رہا تھا؟ اور احرار نے وہاں وہ "فضا پیدا کر دی تھی کہ مرزائی یہ سب کچھ دیکھتے اور "ٹس" سے "مس" نہ ہوتے۔ "انگریزی حکومت" جو مرزائیت کو اپنا "خود کاشتہ پودا" تصور کرتی تھی؟ وہ "مجبور" تھی کہ قادیان میں "امن" قائم رکھے اور "مرزائی جبر و تشدد" کا "سدباب" کرے اسی لیے اس نے "پولیس کی سپیشل گارڈز" متعین کر رکھی تھیں اور "مرزائی ڈکٹیٹرشپ" کا "دست تطاول" "شل" ہو رہا تھا۔

حکیم عبدالعزیز

حکیم عبدالعزیز قادیان میں رہائش پذیر تھا۔ مرزائی ہونے کے بعد اپنے وطن مالوف سے ہجرت کر کے مستقلاً قادیان آ گیا تھا۔ بڑا سمجھدار اور مرزائیت کا اہم ممبر تھا اور قادیانی ذیلی شاخ "انصار اللاحمدیہ" کا سیکرٹری تھا۔ طب یونانی سے بھی اچھی واقفیت رکھتا تھا اور جماعت کا اہم معزز فرد تھا۔ مرزا محمود کے متعلق جب کریکٹر کی کمزوریوں کے انکشافات ہونے شروع ہوئے تو خلیفہ کے قریب ہونے کے باوجود اسے بھی حقیقت حال معلوم کرنے کی جستجو ہوئی۔ آدمی بڑا عقل مند اور ذکی الفہیم تھا اور آخر کار صحیح نتیجہ پر پہنچنے میں کامیاب ہو گیا اور اسے حق الیقین ہو گیا کہ مرزا محمود کے خلاف الزامات درست ہیں اور حقائق نفس الامر یہ کے عین مطابق ہیں تو جماعت سے علیحدہ ہونے کا اعلان کر کے ہمارے پاس آ گیا اس کے ساتھ تین پڑھے لکھے نوجوان اور بھی تھے۔ جنھوں نے حکیم صاحب کے ساتھ جماعت سے جدا ہونے کا اعلان کیا تھا۔ کچھ عرصہ تو وہ لوگ قادیان میں اقامت پذیر رہے۔ حکیم صاحب نے اپنا مطب ہماری آبادی میں جما لیا تھا۔ بعد میں حکیم صاحب لاہور آ کر لاہوری جماعت سے منسلک ہو گئے۔ آدمی بڑے قابل فہیم اور اعتباری تھے اس لیے جماعت لاہور نے انھیں اپنے کسی کام پر لگا لیا اور وہ مستقلاً لاہور آ گئے۔ ان کے تین دوسرے ساتھی تھے جن میں سے ایک کا نام "عبدالرب برہم" تھا اور دوسرا "شبنم" کے نام سے مشہور تھا۔ تیسرے کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔

حکیم صاحب نے خلیفہ محمود کی قادیانی جماعت سے علیحدہ ہونے کا اعلان 40-1939ء میں کیا تھا جبکہ برطانیہ دوسری جنگ عظیم میں الجھا ہوا تھا۔ خلیفہ محمود نے اپنے ایک خطبہ میں حکومت برطانیہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ: "اگر گورنمنٹ مجھ سے دعا کی درخواست کرے تو میں دعا کروں گا اور گورنمنٹ کو یقیناً فتح و نصرت ہوگی۔" خلیفہ صاحب کا یہ خطبہ اخبار "الفضل" میں چھپا تو حکیم صاحب نے اس خطبہ کے جواب میں ایک طویل بیان دیا جو بہت سے حقائق کو اپنے اندر لیے ہوئے تھا اور ساتھ ہی مرزا محمود کو مباہلہ کا چیلنج دے دیا۔ حکیم صاحب کا یہ بیان رسالہ "شمس الاسلام" بھیرہ کے 11 اگست 1940ء کے شمارہ میں شائع ہوا تھا۔ میں قادیان میں تھا اور سب کارروائی میری آنکھوں کے سامنے ہوئی تھی۔ قارئین کی آگاہی کے لیے وہ بیان ذیل میں من وعن درج کیا جاتا ہے۔

"جناب خلیفہ صاحب نے اپنے خطبہ میں زوردار الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ: "اگر حکومت برطانیہ مجھ سے درخواست دعا کرے تو میری دعا کے سبب حکومت برطانیہ کو یقیناً فتح ہوگی۔" "دابستگان خلافت" بھی جناب خلیفہ صاحب کے اس دعویٰ کو بڑی اہمیت دے رہے ہیں تاکہ جناب خلیفہ صاحب کا تعلق باللہ اور دعاؤں میں غیر معمولی مقبولیت ثابت ہو لیکن ہم اس معمے کو سمجھنے سے قاصر ہیں کہ ایک طرف تو خلیفہ صاحب "برٹش امپائر" کی وفاداری کا راگ الاپا کرتے ہیں اور دوسری طرف یہ حال ہے کہ ان کی

کامیابی کے لیے سچے دل سے دعا تک کرنے کو بھی تیار نہیں جبکہ رعایا کا بچہ بچہ گورنمنٹ سے ہمدردی رکھتا ہے اور ان کے عدل و انصاف کو مدنظر رکھتے ہوئے دلی اخلاص سے فتح کی دعائیں مانگ رہا ہے؟ اس وقت خلیفہ صاحب حکومت کے مصائب میں اور اضافہ کرنے کا باعث بن رہے ہیں اور انھیں الٹا اپنے سامنے جھکانا چاہتے ہیں اور ان کی کامیابی کو مشکوک نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ حالانکہ ہمارے بادشاہ کی کامیابی یقینی ہے ہمیں تو ان کی وفاداری کی سمجھ نہیں آئی کہ وہ کیوں مشکلات کی گھڑیوں میں بھی بغیر گورنمنٹ کی درخواست کے دعائیں نہیں کرتے؟ لیکن دیکھنا تو یہ ہے کہ خلیفہ صاحب کے اس بلند بانگ دعویٰ میں کہاں تک صداقت ہے؟ اور ان کی دعاؤں کو کہاں تک مقبولیت حاصل ہے؟ اگر ان کی دعاؤں میں ایسی ہی قبولیت ہے جیسا کہ انھوں نے دعویٰ کیا ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ:

1- جب آپ نے ''احمدیہ سٹور'' قوم کے ہزاروں روپیہ سے جاری کیا تھا اور اس میں آپ نے اپنی ذمہ داری پر لوگوں سے روپیہ لیا تھا کیا اس میں کامیابی کے لیے دعائیں نہ کی تھیں؟ اگر کی تھیں تو سٹور کیوں تباہ و برباد ہوا؟ جس کے صدمہ سے کئی احمدی پاگل ہو گئے؟ اور بہت سارے اپنی تمام عمر کی کمائی سٹور میں تباہ و برباد کر کے مفلس و قلاش بن کر رہ گئے؟

2- ''ایسٹرن ٹریڈنگ کمپنی'' میں قوم کا کس قدر روپیہ برباد ہوا؟ ''گلوب ٹریڈنگ کمپنی'' کا کس قدر روپیہ تباہ ہوا؟ ''کٹ فیکٹری'' کا کیا حشر ہوا؟ پھر قومی سرمایہ سے قائم شدہ ''بک ڈپو'' کا سرمایہ کہاں گیا؟ یہ تمام کام جو قومی سرمایہ سے قائم ہوئے اور آپ کی سرپرستی میں جاری رہے اور آپ ان کی ترقی اور کامیابی کے لیے دعائیں فرماتے رہے کیا پھر ان کا انجام ناکامی نہ ہوا؟ اس وقت آپ کی دعائیں کیوں کارگر نہ ہوئیں؟

3- کیا جناب کو یاد نہیں جب آپ کے قیمتی گھوڑے چور لے گئے اور آپ نے ان کی واپسی کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔ گھوڑے تو واپس کیا آنے تھے؟ الٹا آپ سے ''بھوگنے کی رقم'' بھی کھا گئے۔ اس وقت آپ کی دعاؤں کو کیا ہوا؟

4- کیا آپ کو علم ہے کہ آپ نے ''دلکشا پرفیومری کمپنی قادیان'' جس کے آپ واحد مالک تھے کی ایک شاخ کٹڑہ ''جھمل سنگھ'' امرت سر میں کھولی؟ جس کا افتتاح آپ نے خود اپنے ہاتھوں سے وہاں پہنچ کر لمبی چوڑی دعاؤں کے بعد کیا۔ اس کے بعد اس کا جو حشر ہوا کیا آپ بھول سکتے ہیں؟ اس وقت آپ کی دعائیں کیوں بے اثر ہو گئیں؟

5- ''سنار جیوزری قادیان'' کے لیے، آپ نے احمدی احباب پر کس قدر زور ڈال کر سرمایہ وصول کیا ان کا جو حشر ہو رہا ہے وہ کسی تشریح کا محتاج نہیں۔ کیا اس کے لیے دعائیں نہیں فرماتے؟

6- قاضی ''محمد علی'' تو شہروی کو ''سزائے پھانسی'' سے بچانے کے لیے آپ نے نہ صرف خود ہی

دعائیں فرمائیں بلکہ تمام جماعت سے بھی دعائیں کروائیں اور روزے رکھوائے اور قوم کا ہزاروں روپیہ خرچ کر کے ''پریوی کونسل'' تک اپیلیں بھی کی گئیں۔ کیا اس وقت آپ کی دعائیں؟ روزے؟ اور اپیلیں اکارت نہ گئیں؟ اور قاضی محمد علی کو پھانسی نہ ہوئی؟

-7 کیا قادیان میں ''احرار کانفرنس'' کو روکنے کے لیے ایڑی چوٹی تک کا زور نہ لگایا؟ اور ہر رنگ میں اسے روکنے کی کوششیں نہیں ہوئیں؟ پھر احرار کانفرنس قادیان میں منعقد ہوئی یا نہ؟ اس وقت آپ کی دعائیں کہاں گئیں؟

-8 کیا احرار کانفرنس کے بعد سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو پھنسانے کے لیے کوئی کسر باقی رکھی؟ نتیجہ کیا ہوا؟ ''مقدمہ بخاری کا فیصلہ'' آپ کے خلاف ہوا جس کی اپیلوں وغیرہ پر قوم کا کم از کم چالیس ہزار روپیہ کا خرچہ بتایا جاتا ہے۔ اس وقت آپ کی دعائیں کہاں جا چھپیں؟

-9 چودھری ''فتح محمد'' سیال (جو آپ کے ناظر اعلیٰ ہیں) کو جب آپ نے الیکشن کے لیے کھڑا کیا تھا کیا ان کی کامیابی کے لیے دعائیں نہ کی تھیں؟ جبکہ ظاہری طور پر قوم کا پسینہ کی جگہ لہو بہا کر کمایا ہوا روپیہ ہزاروں کی تعداد میں بے دریغ بہایا گیا اور صبح سے لے کر شام تک آپ خود بڑی عرق ریزی سے قادیان پولنگ پر ووٹ گزارتے رہے۔ کیا پھر بھی اس میں ناکامی کا منہ دیکھنا نہ پڑا؟ اس وقت آپ کی دعائیں کیوں رد ہوئیں؟

-10 کیا ''عزیز احمد'' قلعی گر کو پھانسی سے بچانے کے لیے آپ نے دعائیں نہ کیں؟ اور قوم کا ہزاروں روپیہ برباد کر کے پریوی کونسل تک اپیلیں نہ کی گئیں؟ اور کیا آپ کی دعاؤں کا الٹا اثر یہ نہ ہوا؟ کہ جب آپ نے قلعی گر کو بچانے کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں اپیل کرائی تو ہائیکورٹ نے قاتل کو تو کیا بری کرنا تھا؟ الٹا آپ کے خلاف بھی ریمارکس دے دیے جس پر آپ نے ایک بیان کے دوران میں تسلیم کیا کہ: ''ان ریمارکس سے جو آگ آپ کے دل کو لگی ہوئی ہے اس کو کوئی پانی ٹھنڈا نہیں کر سکتا۔'' اب آپ خدارا فرمائیں کہ اب بھی آپ کی دعاؤں کی قبولیت پر یقین کیا جا سکتا ہے؟

-11 پھر آپ نے اس آگ کو بجھانے کے لیے تین قابل وکلاء کی خدمات حاصل کر کے ہائیکورٹ میں ریمارکس حذف کرنے کی درخواست دی جس کے بالمقابل یہ خاکسار معمولی سے وکیل کو ہی لے کر پیش ہوا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کی تمام دعائیں اور کوششیں بے اثر ثابت ہوئیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مجھ جیسے کمزور و بیکس انسان کو فتح دی اور آپ کی اپیل خارج ہو گئی؟

''حسن ابن صباح'' کی پیروی

اسی قسم کے اور بیسیوں واقعات ہیں جن کی تفصیل کی اس جگہ گنجائش نہیں لیکن حقیقت یہی ہے

کہ آج تک آپ کی دعائیں الٹا اثر ہی دکھاتی رہیں۔ اس کے بالمقابل آپ کے بعض سادہ لوح مریدوں کا یہ لکھ دینا کہ: "ہمارا فلاں کام آپ کی دعاؤں سے ہوا" کچھ حقیقت نہیں رکھتا کیونکہ ایسے اتفاقی واقعات دنیا میں ہوتے رہتے ہیں اور سادہ لوح مرید ایسے واقعات کو "اپنے پیروں کی کرامات" سے تعبیر کیا کرتے ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ وہ امور جن میں پوری کوشش، توجہ اور انہماک سے دعائیں کیں اور قوم سے بھی کروائیں، ان میں ناکامی کیوں ہوئی؟ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ کے حضور قطعاً کوئی خاص مرتبہ حاصل نہیں اور نہ ہی آپ کی دعاؤں میں کوئی غیر معمولی مقبولیت ہے۔ اس وقت آپ کا گورنمنٹ کو دعا کی درخواست کرنے کے بجائے ملک ترک کرنے کی کوشش کرنا "حسن ابن صباح" والی چال ہے ورنہ کیا وجہ ہے کہ آپ نے اپنے معترضین کے خلاف ہمیشہ دعا کا پاکیزہ ہتھیار استعمال کرنے کی بجائے "گندہ والا حربہ" "بائیکاٹ" استعمال کیا؟

"مباہلہ کا چیلنج"

اگر آپ یہ فرمائیں کہ: اس وقت آپ کو یہ مقام حاصل نہ تھا جو اب ہوا ہے تو اب بھی ہماری طرف سے آپ کو کھلا چیلنج ہے کہ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ خدا کے برگزیدہ اور مقرب بن چکے ہیں اور وہ الزامات جو آپ کی ذات پر آئے دن لگ رہے ہیں غلط اور بے بنیاد ہیں تو آؤ اللہ تعالیٰ کے حضور میں مل کر دعا کریں اور میدان مباہلہ میں نکلیں تاکہ روز روز کا جھگڑا ختم ہو کر حق و باطل میں فیصلہ ہو اور وہ تمام احمدی جو اس تنازعہ کی وجہ سے تذبذب میں پڑ چکے ہیں اور وہ تمام مخلصین جماعت جو منافق قرار دیے جا چکے ہیں راہ راست پر آ گئیں اور وہ تمام اعتراضات جو آئے دن ان حالات کی وجہ سے سلسلہ پر لگ رہے ہیں ختم ہوں۔

"مباہلہ میں پوزیشن کا سوال"

اگر آپ فرمائیں کہ: "ہماری پوزیشن ہی کیا ہے کہ آپ ہمارے بالمقابل مباہلہ کے لیے نکلیں؟" تو آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ جس پر اس قسم کے الزامات لگ جائیں تو اس کی تو اپنی پوزیشن ہی خطرہ میں پڑ جاتی ہے جب تک وہ الزامات سے بریت ثابت نہ کرے؟ یہی وجہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام پر چند ذلیل عورتوں نے بھی اسی قسم کا الزام لگایا تھا تو وہ (حضرت یوسف علیہ السلام) جیل خانہ سے باہر نہیں نکلے جب تک بریت ثابت نہ کر دی؟ اسی طرح حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہؓ پر جب بعض منافقین نے الزام لگایا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عائشہ صدیقہؓ سے "سلام کلام" بند کر دیا جب تک اللہ تعالیٰ نے بریت نہیں فرما دی؟ اور شہنشاہ اسلام حضرت عمرؓ نے خطبہ تک بند کر دیا جب تک ایک معمولی معترض کے اعتراض کا تسلی بخش جواب نہ دے لیا وغیرہ؟ کیا ان معترضین میں سے کسی ایک معترض کی پوزیشن ان بزرگوں جیسی تھی؟ اگر نہیں تھی؟ اور یقیناً نہیں تھی تو پھر ان بزرگوں نے کیوں ان معترضین کے

جواب دینے ضروری سمجھے؟ اور الزامات سے بریت ثابت کی؟"

"مکرر چیلنج"

بالآخر میں امید کرتا ہوں کہ آپ ضرور "میدان مباہلہ" میں نکلیں گے اور اگر آپ نے میدان مباہلہ میں آنے کی جرأت کی تو میں نہ صرف اکیلا ہی نہیں بلکہ کم از کم بیس افراد کو اپنے ہمراہ لاؤں گا جو "دعا مباہلہ" میں شریک ہوں گے اور کم از کم دو ہزار ایسے اشخاص کو بھی ساتھ لاؤں گا جو ہمیشہ کے لیے اس "نشان" کے "زندہ گواہ" ٹھہریں گے! لیکن اگر آپ اللہ تعالیٰ کے وعید "ولن یتمنوہ ابدا بما قدمت ایدیھم" سے ڈر گئے اور میدان مباہلہ میں نہ نکلے؟ تو یاد رکھیں کہ آپ کے وہ تمام دعاوی جن کو آپ آج تک پیش کرتے رہے ہیں غلط اور بے بنیاد ٹھہریں گے؟ اور ماننا پڑے گا کہ آپ کو اللہ تعالیٰ کے حضور ہرگز ہرگز کوئی مرتبہ حاصل نہیں! اور آپ کا آپ کی طاقت سے آشنا "ہم کمزور و بیکس احمدیوں" کو "منافق" قرار دینا غلط اور ظلم عظیم ہے۔ ورنہ کسی ایک خدا کے برگزیدہ کی مثال پیش کرو جو منافقوں کے بالمقابل میدان مباہلہ میں نہ نکلا ہو؟ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی

(ناظم "عبد العزیز" سیکرٹری "انجمن انصار احمدیہ" قادیان)

جی آر اعوان

احمقوں کی جنت

ربوہ میں بس کے ذریعے آئیں تو سڑک کی ایک جانب پہاڑی ہے اور ان کے دامن میں مرزائیوں کا جنت دوزخ ہے جبکہ دوسری جانب دریائے چناب تک شہر آباد ہے۔ تاہم دریا کے قریب سڑک کے دونوں جانب آبادیاں ہیں۔ پرانے اڈے سے شہر کی طرف داخل ہوں تو ایک طرف قصر خلافت اور اس سے ملحقہ "پوش علاقہ" ہے۔ لاری اڈے سے شہر آنے والی یہ سڑک دو حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہے، جس کے ایک حصے پر قصر خلافت، جامعہ نصرت کالج و نصرت گرلز ہائی سکول ہے اور دوسری جانب یہی سڑک امور عامہ اور تحریک جدید کے دفاتر کے سامنے سے گزرتی ہوئی گول بازار میں داخل ہو جاتی ہے۔ گول بازار بھی دراصل گول نہیں بلکہ دراتی کی مانند آدھا گول ہے۔ اب تو شہر کی شکل بدل چکی ہے، تاہم 1965ء میں اس کی صورت ایسی ہی تھی، جیسی بتلائی جا رہی ہے۔ دکانوں کا سلسلہ ملتان ٹیلر کی دکان سے شروع ہو کر زیرو ہاؤس پر ختم ہوتا تھا۔ زیرو ہاؤس کے سامنے سے ایک سڑک گزرتی ہے جو ریلوے پھاٹک کو کراس کرتی ہوئی شہر کے دوسرے حصے کی طرف جاتی ہے، جس پر فضل عمر ہسپتال، ٹیلی فون ایکسچینج اور نور شوز وغیرہ آتے ہیں۔ ریلوے لائن شہر کے وسط میں سے گزرتی ہے جس کے ساتھ ساتھ جانے والی ریلوے روڈ دریا کی طرف اور غلہ منڈی اور فیکٹری ایریا کی طرف جاتی ہے۔ دریا کی طرف جانے والی اسی سڑک پر جامعہ احمدیہ، تعلیم الاسلام ہائی سکول اور تعلیم الاسلام کالج ہیں۔

ربوہ کے تمام داخلی راستوں پر بڑے بڑے سائز کے بورڈ آویزاں تھے جن پر جلی حروف میں "سگریٹ نوشی ممنوع ہے" لکھا ہوا تھا۔ یہاں آنے والے اجنبی ان بورڈوں کو پڑھ کر اکثر سگریٹ پھینک دیتے یا جیبوں میں اچھی طرح چھپا دیا کرتے تھے۔ میں نے شہر میں پھرتے ہوئے دیکھا کہ ہر کریانے کی دکان پر نہ صرف سگریٹ فروخت ہوتے بلکہ چلتے پھرتے لوگ سگریٹ پیتے بھی نظر آتے تھے، جبکہ پان سگریٹ کے کئی کھوکھے بھی تھے۔ گول بازار میں پان سگریٹ کی سب سے بڑی دکان "نعیم موٹے" کی تھی۔ اس سلسلے میں لوگوں سے پوچھا گیا کہ جب شہر میں سگریٹ نوشی ممنوع ہے تو یہاں سگریٹ کی دکانیں کیوں ہیں؟ بتایا گیا کہ سرعام سگریٹ پینا منع ہے۔ گھروں کے اندر سگریٹ، حقہ اور بیڑی پی جا سکتی ہے۔ بعد میں

پتہ چلا، یار لوگ پینے والی بہت سی چیزیں چھپ کر پی لیں تو ان پر کوئی گرفت نہیں ہوتی تھی۔ جب سر عام سگریٹ پینے والوں کا ذکر کیا گیا تو ایک شرمندہ سے تبسم کے علاوہ کوئی جواب نہ مل سکا۔

ربوہ میں اردو کے ایک پروفیسر ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پروازی تھے جن کے والد مولوی احمد خان نسیم مرزائی مبلغ تھے جو پاکستان بھر کے دیہات کے دورے کر کے سادہ لوح دیہاتیوں کو گھیر گھار کر مرزائی بناتے تھے۔ ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پروازی "فینسی" کے سگریٹ پیتے تھے۔ ان کے لیے شہر کا ایک مخصوص دکاندار خصوصی طور پر اس برانڈ کے سگریٹ منگوایا کرتا تھا۔ ڈاکٹر پروازی جامعہ احمدیہ کے کوارٹروں میں رہتے تھے۔ ریلوے لائن کے کنارے کنارے چلتے ہوئے جب وہ تعلیم الاسلام کالج پڑھانے جاتے تو کھلے عام سگریٹ پیتے ہوئے جاتے تھے جبکہ ایم ایم احمد کے بھائی ہسٹری کے پروفیسر مرزا مجید عرف میاں موتی تو کار میں آتے جاتے، کلاس پڑھاتے وقت اور سر عام بھی "پائپ" منہ میں ٹھونسے رکھتے تھے۔ شہر میں سگریٹ نوشی کی جتنی ممانعت تھی، اتنی زیادہ سگریٹ کی فروخت ہوتی تھی۔ مرزائیت کو میرا نارسا ذہن تو پہلے ہی سمجھتا تھا، مگر سگریٹ نوشی کے متعلق ان کی دو رنگی نے "مرزا غلام احمد" کی نبوت کا فلسفہ مزید واضح کر دیا کہ مرزائیت منافقت آمیز اور دو نمبر مذہب ہے۔

"رحمت بازار غلہ منڈی" میں لاہور ہاؤس، شاہد کلاتھ ہاؤس، بھٹی جیب سٹور، حلیم ورائٹی ہاؤس، نعیم بکس ہاؤس اور دارالخیر جنرل سٹور بہت مشہور دکانیں تھیں۔ دکاندار تو سارے ہی مرزائی اور اپنے "نبی" کی طرح بڑے طرار تھے لیکن شاہد کلاتھ ہاؤس اور دارالخیر جنرل سٹور والے سب پر بازی لے گئے تھے۔ یہ دونوں ہاتھوں سے لوٹتے بھی تھے اور ان کی دکانوں میں حوروں کی بھیڑ بھی لگی رہتی تھی۔ بتانے والے بتاتے ہیں کہ دارالخیر جنرل سٹور کے مالک امین کی بیوی معمولی شکل و صورت کی خاتون تھی۔ اس کے ایک دوست نے اس کی توجہ اس جانب مبذول کرائی تو امین نے بے نیازی سے کہا اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ شہر کی ہر ماہ جبین تو میری جیب اور دکان پر ہوتی ہے۔ گول بازار میں بھی بہت سی دکانیں تھیں لیکن مون لائٹ جنرل سٹور، بیت اللباس اور احمدیہ ماڈرن سٹور قابل ذکر ہیں۔ مون لائٹ جنرل سٹور کے مالک کو "ٹی جی" کہتے تھے۔ یہ شخص نہایت اچھا آدمی تھا۔ شنید ہے کہ وہ اندر خانے مسلمان ہو گیا تھا تاہم بعد میں ربوہ کے قریب ہی ایک حادثے میں انتقال کر گیا تھا۔ لیکن احمدیہ ماڈرن سٹور جو ایک ڈیپارٹمنٹل سٹور تھا، اس کا مالک تو اول درجے کا بے ایمان تھا۔ مرزائی امت اس دکان کو احمدیہ مادر ...... سٹور کہا کرتی تھی۔

ربوہ شہر کئی عجیب و غریب لوگ تھے جن میں مرزا منور کا بیٹا مرزا مظہر عرف میاں مٹھو قابل ذکر ہے۔ اس کا دماغی توازن درست نہیں تھا۔ انتہائی فربہ مرزا مظہر ہاتھوں میں اخبار، بغل میں کتابیں اور منہ میں پان رکھے شہر میں گھومتا رہتا تھا۔ اس کے شلوار کے پائنچے ٹخنوں سے اوپر ہوتے جب کہ ایک ہاتھ میں چھڑی ہوتی تھی۔ لوگ اسے مذاقاً چلتی پھرتی لائبریری کہا کرتے تھے۔ جونہی کوئی اسے لائبریری کہتا مرزا

مظہر کے منہ سے گالیاں اور کف برسنا شروع ہو جایا کرتا تھا۔ ربوہ شہر میں ریلوے اسٹیشن، گول بازار کے پھاٹک اور دار ضیافت کے پہلو میں ایک کچا کمرہ ہے جس کی بنیادیں انتہائی پکی ہیں۔ یہ وہ کمرہ ہے جہاں قیام پاکستان کے بعد ربوہ آنے پر مرزا محمود احمد نے قیام کیا تھا۔ اس یادگار کمرے کو پرستش کا مقام دے دیا گیا ہے۔ لوگ زیارت کے طور پر یہ کمرہ دیکھنے جاتے ہیں لیکن "مرزائی امت" کے پیشواؤں، پیروکاروں اور علمبرداروں کی تضاد نظر ملاحظہ ہو۔ اس کمرے کے ارد گرد کوئی امیر و کبیر خاندان مقیم نہیں بلکہ یہاں تیسرے درجے کے "کمی کمین" لوگ رہتے ہیں جن میں ہمارا ایک کلاس فیلو محمود احمد شمس عرف پوپو بھی رہتا تھا، جس کی والدہ کے ساتھ ایک افریقی مبلغ نے شادی کی اور کئی بچوں کی شکل میں اسے مرزائیت کا داغ دے کر بھاگ گیا۔ وہ بیچاری بچوں کا ایک "تحفہ" لے کر "اپنے نبی کے یادگار کمرہ" کے قرب میں مرزائیت کا ماتم کرتی تھی۔

ربوہ میں ایک شخص عزیز راجیکی تھا جس کی وضع قطع دیکھ کر میں بہت حیران ہوتا تھا۔ انتہائی لمبے قد کا بھاری بھرکم شخص سفید تہبند اور کرتہ پہنا کرتا تھا جبکہ اس کے سر پر بہت بڑی سی سفید پگڑی ہوتی جس میں اس کا بڑا سا چہرہ چھپ کر رہ جاتا۔ سکھوں کی طرح داڑھی اور مونچھوں نے اس کے ہونٹ بھی چھپا رکھے تھے۔ کہا جاتا کہ یہ "مرزا غلام احمد" کے صحابی مولوی غلام رسول راجیکی کا بیٹا ہے۔ اس شخص کا مسلک "سدومیت" سے بڑا گہرا تعلق تھا۔ اس کے جلو میں ہر وقت شہر کے "نوخیز امرد" گھوما کرتے تھے جن میں ملک خدا بخش برل تھانیدار کا بیٹا قابل ذکر ہے۔

ربوہ سے سرگودھا جائیں تو لالیاں اور 46 اڈے کے درمیان ایک 58 چک ہے جس کو "چک قصائیاں" کہا جاتا ہے۔ یہ چک درحقیقت جسم فروشی کا اڈہ ہے جس کو اگر دیہی بازار حسن کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ہم جب سکول و کالج میں پڑھا کرتے تھے تو اکثر مرزائی لڑکے ایک دوسرے کو کہتے "چلو شکار کے لیے چک قصائیاں چلیں"۔ تب میں سمجھتا تھا کہ یہ لوگ شاید پرندوں کے شکار کے لیے کسی گاؤں جانے کی بات کرتے ہیں لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ اصل حقیقت کیا ہے۔ یہ چک مرزائیوں نے اپنی تسکین کے لیے آباد کر رکھا تھا۔ دروغ برگردن راوی ہمارے ایک مرزائی کلاس فیلو جس کا نام قصداً یہاں لکھنا مناسب نہیں، مجھے بتایا تھا کہ ماضی کی ایک اداکارہ ناصرہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ربوہ کے محلہ فیکٹری ایریا کے کسی تحصیلدار کی بیٹی تھی۔

جس زمانے کی یہ باتیں ہیں تب ربوہ کی درس گاہوں کو مثالی سمجھا جاتا تھا۔ لیکن یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے اور اس زمانے کے ربوہ سے فارغ التحصیل طلباء یہ بات بڑے وثوق سے بتا سکتے ہیں کہ ربوہ میں تعلیم کا معیار ملک بھر کے باقی تعلیمی اداروں جیسا ہی تھا۔ کوئی تخصیص نہیں تھی ماسوائے اس کے کہ جنسی تعلیم عام تھی۔ وقت سے پہلے ہر لڑکا وہ باتیں سیکھ جاتا تھا جو زندگی سنوارنے کی بجائے تباہ کر دیا کرتی ہیں۔

سکول و کالج کے ہوسٹل تو "جنسی انسٹی ٹیوشن" تھے جہاں لڑکے لڑکیوں کو "مے اور لڑکین کلچر" کی تعلیم کے علاوہ تربیت بھی دی جاتی تھی۔ لیکن ہوش و خرد سے عاری والدین نہ جانے کیوں اپنے بچوں کو گھروں سے دور جنسی درندوں کے حوالے کر دیا کرتے تھے۔ جامعہ نصرت کالج اور سکول کی لڑکیاں ہوسٹل کے بند دروازوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے دیواریں پھاند کر جہاں مرضی ہو چلی جاتیں اور خوش وقت ہو لیا کرتی تھیں۔ بلکہ بتانے والے بتاتے ہیں کہ لڑکیوں کے ہوسٹل کے دروازے قصر خلافت کے دروازوں کے آمنے سامنے رکھنے کے بھی کئی مقاصد ہیں۔

ربوہ میں بھونڈی نہایت تیاری سے کی جاتی تھی۔ لڑکے ٹیڈی پتلونیں پہن کر سائیکلوں پر شہر کی سڑکوں پر گھومتے اور سیاہ برقعوں میں ملبوس حوروں کو آنکھوں سے اشارہ کرتے۔ اگر بات بن جاتی تو ریل گاڑی میں بیٹھ کر چنیوٹ کے ریلوے سٹیشن پر چلے جاتے۔ یہاں انہیں دوسری طرف سے آنے والی ٹرین کی آمد تک کافی موقع مل جاتا۔ اس کے علاوہ چنیوٹ سرگودھا اور لائل پور کے سینما گھر "ڈیٹ" کے لیے بہترین مقامات تھے۔

"مرزائی امت" کے پیروکاروں کو "شیعہ مسلک" سے خداواسطے کا بیر تھا۔ یہ اپنے خاص خاص فنکشن خاص طور پر محرم کے ایام میں رکھا کرتے تھے۔ شادی بیاہ کی بیشتر تقاریب دسویں محرم کو ہوا کرتی تھیں۔ ان بدبختوں کا اس بارے میں موقف یہ تھا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی یزید کے ساتھ جنگ سیاسی تھی اور ایک نافرمان کے حاکم وقت کے ہاتھوں قتل ہو جانے پر افسوس کرنا پرلے درجے کی بے وقوفی ہے۔ ہمارے سکول میں دسویں جماعت کی الوداعی پارٹی بھی دسویں محرم کو ہوئی جس میں ہم لوگوں نے احتجاجاً شرکت نہیں کی تھی۔ اس کے علاوہ ماتم اور مجالس عزا اور بالخصوص مجلس شام غریباں کا ربوہ میں زبردست مذاق اڑایا جاتا تھا۔ چمن عباس، چنیوٹ اور احمد نگر میں تعزیہ اور ذوالجناح کے جلوس نکلتے تو خدام الاحمدیہ کے شیر جوان خاص طور پر وہاں بھونڈی کرنے کے لیے جاتے اور اگلے روز اپنی خباثت کے قصے مزے لے لے کر سنایا کرتے تھے۔ حالانکہ ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ ان کے جلسہ سالانہ پر ان کی حوریں "اڑانے" کے لیے باہر سے ربوہ میں کون کون آتا تھا۔ لیکن وہ یہ نہیں سوچتے تھے کیونکہ ورثے میں ملی ہوئی بے غیرتی کے باعث شرم اس امت سے کوسوں دور تھی۔

طلاق ربوہ میں جس قدر عام تھی، اس کی مثال کسی اور معاشرے میں بہت ہی کم ملتی ہے۔ یہاں مرد اور عورتیں دونوں طلاق کو مرضی کے مطابق استعمال کر لیتے تھے۔ ہمارے سکول کے ایک ٹیچر اسماعیل صاحب کے علاقائی کے پروفیسر بیٹے مبارک احمد کی شادی ہوئی تو سہاگ رات کو ہی لڑکی نے لڑکے کے ساتھ رہنے سے انکار کر دیا اور اگلے ہی روز دونوں میں طلاق ہو گئی اور اسی ہفتے دونوں کی نئی شادیاں کر دی گئیں۔ طلاق کے بعد خواتین میں عدت گزارنے کا بھی کوئی تصور نہیں تھا۔

ایک مرتبہ ایک شخص نے اپنی منکوحہ افتخار بیگم کو محض اس بناء پر طلاق دے دی کہ اس کو کسی اور لڑکی سے محبت تھی جبکہ اس کا باپ اس لڑکی کو صرف اپنے اغراض و مقاصد کے لیے "بہو" بنا کر لانا چاہتا تھا۔ اس شخص نے اپنی منکوحہ کو طلاق کے ساتھ تحریر کیے جانے والے خط میں لکھا "ہمارے معاشرے میں سسر کا بہو کے ساتھ تعلقات استوار کر لینا معمول کی کارروائی ہے۔ لہٰذا میں آپ کو اپنے باپ کے چنگل سے بچانے کے لیے طلاق دے رہا ہوں۔" یہ واقعہ بھی محلہ دارالرحمت شرقی کی ایک کمسن لڑکی سے پیش آیا۔

اکثر مرزائی عورتیں شوقیہ طلاق بھی لے لیتی تھیں۔ ایسی کئی مثالیں دیکھی گئی ہیں۔ ایک شخص عبدالواسع کی بہن نے جب کسی ٹھوس وجوہ کے بغیر طلاق لے لی تو ہمارے ایک کلاس فیلو محمود نے اس بارے میں بتایا کہ مذکورہ خاتون ازدواجی بندھن کی قائل نہیں تھی۔ اس نے گھر والوں کے مجبور کرنے پر شادی کی اور ایک "بچہ" حاصل کرنے کے بعد شوہر اور سسرال سے چھٹکارا حاصل کر لیا۔ محمود کے مطابق ربوہ سے وابستہ اکثر تعلیم یافتہ خواتین میں یہی رجحان پایا جاتا ہے۔ وہ صرف بچہ حاصل کرنا چاہتی ہیں تاکہ معاشرے میں ان سے "تنہا عورت" کا لیبل اتر جائے۔ اس مقصد کے لیے وہ کسی بھی عام شخص سے شادی کر لیتی ہیں اور مقصد حاصل ہوتے ہی کسی بھی بات کو جواز بنا کر نجات حاصل کر لیتی ہیں۔

ربوہ میں طلاقوں کی ایک اور وجہ بھی ہے جس پر مرزائی بے زار افراد کی اکثریت پوری طرح متفق ہے۔ ان لوگوں کے مطابق مرزائی امت کے مرد حضرات اپنے پیشوا اور اس کی آل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے "سدومیت" کے اس قدر رسیا ہیں کہ وہ بیویوں کو بھی تختہ مشق بننے پر مجبور کرتے ہیں۔ بعض خواتین اپنی مجبوریوں کے باعث سر تسلیم خم کر لیتی ہیں جب کہ اکثریت اس پر طلاق کو ترجیح دیتی ہیں۔ ہمارے محلے میں ایک خاتون بشریٰ نے محض اسی وجہ سے طلاق لے لی کہ وہ شوہر کی یہ خواہشات پوری کرنے سے قاصر تھی۔

ربوہ سے کوٹ امیر شاہ جانے والے راستے پر پہاڑ کے دامن میں ایک وسیع و عریض چاردیواری ہے جس میں قبروں کا لامتناہی سلسلہ ہونے کے باوجود بہت سی زمین ابھی مزید قبروں کے لیے باقی ہے۔ یہ قبرستان مرزائیوں کی جنت ہے۔ اس چاردیواری کے پیٹ میں آنے والے مرزائی اپنی امت کے "نام نہاد جنتی" کہلاتے ہیں۔ اس قبرستان سے ملحقہ چاردیواری کے باہر سبزہ اور سایہ دار درختوں سے محروم گورستان ان لوگوں کا ہے، جنھیں "مرزائی بادشاہ" کی جنت حاصل نہیں ہوئی یا دوسرے لفظوں میں یہ کہا جائے کہ وہ "جنت" حاصل نہیں کر سکے۔ دراصل ان لوگوں کو غالب کے بقول "اس جنت" کی حقیقت کا پتہ تھا چنانچہ انھوں نے محض دل کو خوش رکھنے کے لیے "ایسی جنت" کے حصول کے لیے ہاتھ پاؤں نہیں مارے۔

مرزائی امت کے "جنتیوں" کے اس مقبرے کو بہشتی مقبرہ کہتے ہیں جو مدینہ کے "جنت البقیع" کا مماثل تیار کرنے کے لیے بنایا گیا تھا اور یہ بھی اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ قادیانی امت اسلامی

اصطلاحات اور شعائر اسلامی کی ایک نہایت بھونڈی نقل کر رہی ہے۔

""بہشتی مقبرہ" یعنی مرزائیوں کی جنت میں داخلے کی ٹکٹ کے بارے میں جب مقامی لوگوں سے دریافت کیا تو کسی ایک نے بچ بچا کر وضاحت کرنے کی کوشش کی اور بتایا کہ "خاندان نبوت" کے کل پرزوں نے اپنی امت کو چاروں طرف سے لوٹنے کے لیے مختلف بہانے بنا رکھے ہیں۔ جنت کی ٹکٹ کی قیمت دراصل بہشتی مقبرے میں قبر کی زمین کی قیمت ہے جس کو جنت کی کنجی قرار دے کر اس کی بھاری قیمت لگا دی گئی۔ عقل مارے مرزائی بے شمار گناہ کرنے کے باوجود دولت کے زور پر جنت میں جانے کی سعی لا حاصل کرتے ہیں۔ چنانچہ اسے مرزائیوں کی جنت کے بجائے احمقوں کی جنت کہا جائے تو بے جا نہیں ہوگا۔ وہ اس لیے کہ کوئی بھی شخص زندگی میں اپنی قبر کھود کر نہیں بیٹھتا۔ یہ درست ہے کہ کسی کو اپنی موت کی خبر نہیں، کوئی دم بھی دم آخر ہو سکتا ہے۔ اس کے باوجود ایک امید کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے لوگ موت کے بارے میں لمحہ بھر کے لیے بھی نہیں سوچتے اور برسوں جیتے چلے جاتے ہیں۔ لیکن ربوہ کی نبوت باطلہ کے پرچارکوں نے امت کی جیبیں خالی کرانے کے لیے انہیں زندگی میں اپنی قبریں بنانے پر مجبور کر دیا ہے۔ بہشتی مقبرے میں قبر حاصل کرنے کا خواہشمند جب چندہ وصیت ادا کر دیتا ہے یا اس کی اقساط کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے تو اسے موصی نمبر اور وصیت کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جاتا ہے تاکہ اس کے مرنے کے بعد نام نہاد بہشتی مقبرہ میں اس کی قبر کی جگہ مخصوص ہو سکے۔ ایسے شخص کو مرزائی امت بہت خوش نصیب کہتی ہے۔

کہتے ہیں "قبرستان جا کر انسان کو موت یاد آتی ہے اور وہ زندگی کے سبق سیکھتا ہے۔ ربوہ کے ایک مکین خورشید احمد چیمہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ موصوف واقف زندگی تھے۔ اپنا اور اپنی اولاد کا پیٹ کاٹ کر مرزائی خاندان نبوت کا دوزخ بھرتے تھے۔ مرزائیوں کے بہشت میں ان کی قبر کا رجسٹرڈ نمبر بھی لگا دیا گیا تھا۔ ایک روز وہ اپنی قبر دیکھنے بہشتی مقبرے گئے تو قدرت کو ان کی سادگی پر پیار آ گیا اور جس نے انہیں ہدایت دینے کا وسیلہ بنا دیا۔ بتانے والے بتاتے ہیں کہ انھوں نے دیکھا کہ ان کی قبر میں کتا پیشاب کر رہا ہے۔ یہ دیکھ کر انہیں اس قدر نفرت ہوئی کہ انھوں نے ایسی جنت کا خیال دل سے نکال دیا اور چندوں کی رقوم، عزیز و اقارب اور مرزائی نبوت اور اس کے خانوادوں پر تین حرف بھیج کر مسلمان ہو گئے۔

نام نہاد صحابیوں کی افراط

قدرت اللہ شہاب نے اپنی تصنیف "شہاب نامہ" میں ایوب چوک جھنگ کے ایک موچی کی عظمت کا ذکر کیا ہے۔ جس کی خودداری کو سابق صدر ایوب خان نے بھی خراج تحسین پیش کیا تھا۔ ربوہ کے رحمت بازار میں ولی محمد کی آٹا پیسنے والی چکی کے پاس ایک حلیم موچی کا "تھڑا" تھا۔ یہ شخص نہایت سچا، کھرا، دیانتدار اور بااخلاق تھا۔ میں نے گزشتہ اوراق میں کئی ایک مرزائیوں کا ذکر کیا ہے، جو مرزائیت کے بدنما وجود میں نہ صرف اجلے اور علیحدہ نظر آتے تھے بلکہ انہیں مرزائی کہتے ہوئے بھی دل دکھتا تھا۔ میرا ایست دل

چاہتا تھا کہ کاش یہ لوگ مرزائی نہ ہوتے۔ سلیم موچی کا شمار بھی انھیں لوگوں میں ہوتا تھا۔ سلیم اباجی کی بہت عزت کرتا تھا۔ ہم لوگ اسے اکثر کہا کرتے تھے۔

"سلیم! تم شکل و عادت سے مرزائی نہیں لگتے۔ پھر تم ان بدبختوں میں کہاں آ پھنسے ہو۔"

ہمیشہ کی طرح سلیم مسکرا دیتا اور کہتا "دیکھیں جی ماں باپ احمدی تھے۔ میں بھی احمدی بن گیا۔ وہ کچھ اور ہوتے تو کچھ اور بن جاتا۔"

سلیم کو کئی بار اباجی نے مسلمان ہونے کی پیشکش کی لیکن وہ انکار کیے بغیر خاموش ہو جایا کرتا تھا۔ ایک روز میں سلیم کی دکان پر کھڑا تھا کہ وہاں ایک بہت ہی بوڑھا سا شخص آ کر بیٹھ گیا۔ اس شخص کی زبان کپکپا رہی تھی اور ہاتھوں میں رعشہ طاری تھا۔ اتنے میں اور لوگ بھی اس بوڑھے کے پاس آ گئے۔ دیکھتے ہی دیکھتے سلیم کی دکان کو لوگوں کے ایک گول دائرے نے گھیر لیا۔ ہر شخص بوڑھے کو محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے اصرار کر رہا تھا:

"باباجی کچھ باتیں سنائیں اپنے زمانے کی۔"

کانپتی آواز میں بابے نے کہا "ٹھہر جاؤ اوئے منڈیو! مینوں ساہ تے لین دے او۔" قدرے تامل کے بعد بابے نے "مرزا غلام احمد" کے بارے میں مختلف قصے اور قادیان کی کہانیاں سنانی شروع کر دیں۔ اسی دوران اس نے سیلاب کے دنوں کا ایک لطیفہ بھی سنا ڈالا۔ لطیفہ انتہائی غلیظ تھا۔ مجھے اتنے بزرگ بندے کے منہ سے ایسا لطیفہ سن کر بڑی مایوسی ہوئی۔ مگر تمام سامعین اس لطیفے پر قہقہے لگا رہے تھے اور کہہ رہے تھے "باباجی اک ہور سناؤ۔"

بابا اپنے "نبی" کے تذکرے کو غلیظ لطیفوں کے ساتھ مکس کر کے کوئی گھنٹہ بھر اپنے ماننے والوں کو محظوظ کرتا رہا۔ اس دوران اس کے لیے دودھ کا ایک بھرا ہوا پیالہ لایا گیا جو اس نے پیا اور کہا "جاؤ اوئے منڈیو! ہن مینوں جان دیو۔"

بابا چلا گیا۔ میں نے سلیم سے پوچھا یہ بابا کون تھا؟ سلیم حسب معمول مسکرایا۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا، ایک اور شخص مجھے سرزنش کے انداز میں کہنے لگا "اسے بابا مت کہو، بلکہ باباجی کہو، یہ تو ہمارے حضرت مسیح موعود کے صحابی ہیں۔ انھیں بہت بلند مقام حاصل ہے۔ یہ تو کبھی موج میں آ جائیں تو بات کرتے ہیں ورنہ تو لوگ ان کی باتیں سننے کو ترستے ہیں۔"

"صحابی" میں نے ذرا لمبا کر کے کہا، اور شپٹا کر رہ گیا۔ لیکن مجھ سے نہ رہا گیا۔ میں نے سلیم سے کہا "صحابی کا درجہ تو وہ ہوتا ہے جو حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کو حاصل تھا، جن کی زندگی کا لمحہ لمحہ، ان کی گفتگو کا حرف حرف ایک درس اور مشعل راہ تھا۔ یہ کیسا صحابی ہے جس نے اتنے بیہودہ

لطائف سنا ڈالے اور لوگ واہ واہ کر رہے ہیں۔" اس سے پہلے کہ مذکورہ شخص کے ساتھ میری تو تکار ہو جاتی، سلیم نے نہایت معاملہ فہمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بات کو سنبھال لیا اور جب وہ شخص چلا گیا تو سلیم کہنے لگا "بھیا! تم خواہ مخواہ ان پھڈوں میں نہ پڑا کرو۔ ہر شخص کی عقیدت کا اپنا معیار ہوتا ہے۔ انھیں یہی پسند ہے پھر لڑنا کیسا۔"

میں بھی یہ سوچ کر خاموش ہو گیا کہ جس نبی کا یہ صحابی ہے، وہ "نبی آخر کیسا ہوگا" کیونکہ مرزا غلام احمد کے مختصر سے مختصر کلام میں بھی زیادہ سے زیادہ دشنام شامل رہتی ہیں۔ چنانچہ اس کے مصاحب جیسے پڑھتے ہیں، ویسے ہی پڑھائیں گے۔

مجھے ذاتی طور پر بھی مرزائیوں کے ایک نیم صحابی سے ملاقات کا پالا پڑا۔ یہ شخص بھی کوئی 80 کے پیٹے میں تھا۔ اس کی زبان کترنی کی طرح چلتی تھی۔ اس کے ہر موضوع کی تان آ کر "سیکس" پر ٹوٹا کرتی تھی۔ اس کے پاس کوئی بھی شخص گھڑی بھر بیٹھتا، یہ اس سے جنسی موضوعات پر بات چیت کرتے خوش وقت ہوتا۔ ایک دن کہنے لگا میں اگرچہ عمر کے اس حصے میں ہوں جب انسان "خصی بیل" جیسے حال میں ہوتا ہے لیکن میرے اندر زندگی کے تمام تر "کرنٹ" موجود ہیں۔ اب بھی میں بس، ریل یا تانگے میں بیٹھوں تو عورتیں بالخصوص نو عمر لڑکیاں مجھے بوڑھا آدمی سمجھ کر ساتھ بٹھا لیتی ہیں۔ ان کے خیال میں، میں بے ضرر سا بوڑھا ہوں حالانکہ صورت حال اس کے برعکس ہوتی ہے۔ میرا تو رواں رواں اس وقت عمر رفتہ کو صدائیں دے رہا ہوتا ہے اور مجھے انتہائی ضبط کا مظاہرہ کرنا پڑتا ہے جو میری عمر کا تقاضا نہیں ہے۔

ربوہ میں مجھے "مرزا غلام احمد" کے ایک اور صحابی کو بھی دیکھنے کا موقع ملا۔ یہ سال خوردہ شخص اپنی عمر کی سنچری بنانے والا تھا۔ سرخ سر اور داڑھی والا سیاہ رو بابا "آرے آرے تیرے گھر تے مینار نے" کہلاتا تھا۔ اسے سوہنی، سہانی اور کومل سی لڑکی سے شادی کا بے حد شوق تھا۔ ایک روز میں سکول سے واپس آ رہا تھا تو اپنی گلی کی نکڑ پر بڑے چھوٹے لوگوں کا ایک مجمع دیکھا جس میں سفید شلوار قمیص اور شملے دار پگڑی والا ایک پستہ قد بوڑھا گڑگڑا کر دعا مانگ رہا تھا جب کہ سب لوگ اونچی آواز میں آمین کہتے جا رہے تھے۔

دعا کا خلاصہ یہ تھا:

> "اے اللہ مجھے اتنی دولت دے کہ میں اس کے ڈھیر کے نیچے دب جاؤں۔ مجھ سے نکالا نہ جائے۔ لوگ آ کر مجھے نکالیں۔ پھر مجھے ایک بڑا سا گھر دے جس میں باغ ہوں، باغیچے ہوں اور پھول کھلیں۔ بہت سے نوکر چاکر اور کنیزیں اس گھر میں چلتی پھرتی نظر آئیں۔ میں ایک کو بلاؤں تو ساری بھاگی چلی آئیں ...... اس گھر میں ہر وقت مختلف انواع کے لذیذ کھانے پکیں۔ اے اللہ میاں جب یہ ساری چیزیں آ جائیں تو پھر اس گھر میں ایک بہت ہی چھوٹی سی عمر کی نازک سی،

شرمیلی سی، خوبصورت سی لڑکی بھیج دے جو مجھ پر فریفتہ ہو جائے۔ وہ مجھے کہے کہ میرے ساتھ شادی کر لو۔ میں کہوں نہیں۔ وہ منانے جائے میں انکار کرتا جاؤں اور پھر میں مان جاؤں۔ جب ہماری شادی ہو جائے تو ہم ہنسی خوشی سکھی سکھی اس گھر میں رہیں اور دن رات یہ گانا گائیں ''آرے آرے تیرے گھرتے متارے ...... آرے آرے تیرے گھرتے متارے۔''

دعا ختم ہونے کے بعد بابے نے یہ گانا شروع کیا تو لوگ بھی ساتھ گانا گانے لگے۔ پھر ''بابے'' نے دھمال ڈالنی شروع کر دی۔ وہ اتنا ناچا کہ کیا کوئی جوان ناچے گا۔ رقص و سرود ختم ہوا تو میں نے اپنے ایک پڑوسی انیس احمد سے پوچھا یہ کون تھا تو کہنے لگا یہ ہمارے حضرت صاحب کے صحابی تھے۔ اس کے بعد میں نے شہر میں اکثر اس بڈھے کو پھرتے دیکھا جو لوگوں کو دیکھتے ہی اپنا راگ ''آرے آرے تیرے گھرتے متارے'' الاپنا شروع کر دیتا تھا۔ جس کے جواب میں لوگ اسے پیسے دیا کرتے تھے۔ اسے دیکھ کر منہ سے بے ساختہ نکلتا ''صحابی نہ ہوا بھکاری ہوا۔''

ہماری گلی میں بلکہ گھر کے بالکل سامنے دو کچے سے مکان تھے۔ ایک میں معذور شخص چاچا محمد حسین رہتا تھا جبکہ دوسرے میں اسلم چیچن اور اس کا بھائی اچھو اپنی والدہ کے ہمراہ رہا کرتے تھے۔ اس مکان کا مالک ایک بوڑھا ضعیف آدمی تھا جس کو لوگ ''بابا ٹل جل'' کہا کرتے تھے۔ مجھے یہ بات معلوم نہیں کہ یہ بابا خود کہاں رہتا تھا لیکن کبھی کبھی جب آتا تو لوگ اسے بھی ''نیم صحابی'' کہا کرتے تھے۔ مرزا غلام احمد کا یہ صحابی جب بھی آتا اپنے کرایہ داروں کو انتہائی غلیظ گالیاں دیتا اور مکان خالی کرنے کے لیے کہا کرتا تھا۔ ایک بار تو اس نے اندھیر ہی مچا دیا۔ اپنے ساتھ کچھ لوگوں کو لایا اور چاچا محمد حسین کے گھر والوں کو مکان خالی کرنے کو کہا۔ انھوں نے منت سماجت کر کے مہلت جو مانگی بس پھر کیا تھا۔ بابا بھڑک گیا اور گالیوں کی بھرمار کر دی۔ اپنا ٹوٹا ڈنڈا در و دیوار پر برسانے لگا۔ اس کی طرف سے فائر کرنے کا حکم ملنے کی دیر تھی، اس کے ساتھ آئے ہوئے حواریوں نے بیچارے محمد حسین کے گھر کا سامان باہر پھینک دیا۔ یہ لوگ رات بھر گلی میں رہے اور اگلے دن نہ جانے کیسے سر چھپانے کے لیے کوئی کوٹھڑی تلاش کی۔ ''بوڑھے ٹل جل صحابی'' نے مکان گروا کر اس کی جگہ نیا مکان تعمیر کروایا۔ اس میں زیادہ کرایہ دینے والے کرایہ دار رکھ لیے۔ یہ تھا ''مرزا غلام احمد'' کے صحابیوں کا کردار۔ حالانکہ صحابی تو اچھی صحبت کے باعث لوگوں پر مہربان ہوتے ہیں اور خود دکھ اٹھا کر خلق خدا کو سکھ پہنچاتے ہیں۔

ربوہ میں ہر دوسرا تیسرا ضعیف و نحیف بوڑھا خود کو صحابی یا نیم صحابی کہلا کر اتراتا پھرتا تھا۔ ہمارے سکول کے ایک لڑکے کا دادا بہت بوڑھا تھا۔ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت تاہم یہ بابا ہر کسی کو گالیاں خوب دیا کرتا تھا۔ اس کی دشنام طرازی سے بچنے کے لیے بابے کی آل اولاد نے اسے ایک

کمرے میں بند کر رکھا تھا۔ ایک دن دروازہ کھلا رہ گیا اور بابا کسی طرح کمرے سے باہر نکل آیا اور گھر کے باہر تھڑے پر بیٹھ کر ہر آنے جانے والے کے شجرہ نسب پر طبع آزمائی شروع کر دی۔ بابے کے گھر والوں نے اسے گھر کے اندر لے جانے کی کوشش کی تو اس نے انہیں اینٹیں مارنی شروع کر دیں۔ آخر کار شام کو بابا تھک ہار کر گھر کے اندر چلا گیا تو اس کے گھر والوں نے اسے کمرے میں بند کر کے "لاک" لگا دیا۔ لوگوں نے صاحب خانہ سے پوچھا کہ یہ بابا جی کون تھے تو جواب دیا گیا یہ ہمارے ابا جی اور حضرت مسیح موعود کے صحابی ہیں۔

میرے کئی کلاس فیلو بہت کٹر مرزائی ہونے کے باوجود "مرزا غلام احمد" اور اس کی ذریت کے بارے میں میرے خیالات کو درست تسلیم کرتے تھے۔ میں نے اپنے ایک ہم جماعت سے پوچھا "یار! یہ صحابی کا کیا چکر ہے۔ تمہارے شہر میں ہر گھر سے کوئی نہ کوئی صحابی نکل آتا ہے۔" موصوف نے کہا "یار تم ان چکروں میں نہ پڑا کرو۔ کون کیا ہے؟ یہ صرف اللہ جانتا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص خود کو صحابی کہہ کر دل پشوری کر لیتا ہے تو تمہیں کیا اعتراض ہے۔ ابھی تو تم نے دیکھا ہی کیا ہے یہاں تو ایک اینٹ اٹھاؤ، اندر سے صحابیوں کے "اجڑ" نکل آئیں گے۔ کیونکہ ربوہ میں یہ فیشن ہے کہ ہر شخص "خاندان نبوت" سے قرابت داری ظاہر کرنے کے لیے اپنے باپ دادا کو صحابی یا نیم صحابی کا درجہ دے ڈالتا ہے۔"

مرزائیوں کی تنظیم مجلس خدام احمدیہ در حقیقت جماعت کی ایک ایسی فوج ہے جس سے ہر جائز و ناجائز کام لیا جا سکتا ہے۔ ان میں بہت سے جرائم کے بادشاہ ہیں اور اس فوج کے کمانڈر مرزا طاہر تھے۔ یہ صبح اپنا کلینک بھگتا کر خدام الاحمدیہ کے دفتر میں آ جاتے اور پھر وہاں مرزائیت کی گھناؤنی سرگرمیوں کے لیے سکیمیں تیار کی جاتی تھیں۔

مرزا طاہر کے کلینک پر مرد و زن دونوں ہوا کرتے تھے۔ لیکن صنف نازک کی تعداد زیادہ ہوتی۔ خواتین کہتی تھیں "میاں تاری تو باتوں سے مرض دور کر دیتے ہیں۔" ایک بار موصوف نے ایک خاتون نور احمد عابد کی بیوی رشیدہ بیگم کو کہہ دیا "آپ کی جوانی تو برسوں قائم رہنے والی ہے" جس پر موصوفہ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔ وہ دنوں تک مرزا طاہر کے تاثرات اپنی سہیلیوں کو بتاتی پھری۔ مزے کی بات یہ تھی کہ وہ جب یہ بات کسی کو بتاتی تو ساتھ ہی شرم سے گلنار ہو جاتی تھی۔ مرزا طاہر کی نیلی شیشیوں میں سفید دانے دار گولیوں میں کوئی شفا تھی یا نہیں تھی، مگر اس کی "زبان اور ہاتھ" خواتین کے لیے بڑے شافی تھے۔

مرزا محمود کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ تخریب کارانہ ذہن کے مالک تھے۔ جماعت میں سے کہیں سے کوئی تنقید یا فتنہ سر اٹھاتا تو وہ بڑی چابکدستی کے ساتھ اسے دبا دیا کرتے تھے۔ اس کے لیے اعلیٰ درجے کے مخبر رکھے جاتے جو اول تو فتنہ اٹھنے ہی نہ دیتے اور کہیں کوئی "انتشار پسندی" نظر آتی، ان کے کارندے وہاں پہنچتے اور صورت حال پر قابو پا لیا کرتے تھے۔ مرزا محمود احمد کے انتقال کے بعد یہ ذمہ داری

بھی مرزا طاہر نے اپنے سر لے لی۔ آل نبوت کے کالے کرتوتوں پر اگر کسی شخص نے انگشت نمائی کرنے کی کوشش کی تو مرزا طاہر نے اس کی گردن وہیں مار دی۔ ربوہ میں "گردن مارنا اور جان مار دینا" کے الفاظ محاورہ کے طور پر استعمال ہوتے تھے اور یہ جملے خاندان نبوت کے سپوت زیادہ تر استعمال کرتے تھے۔ مرزا طاہر کو دہشت گردی اور تخریب کاری کی علامت اور روح رواں سمجھا جاتا تھا۔ اپنی انہی خوبیوں اور سازشوں کی بنا پر انھیں "مسند خلافت" حاصل ہوئی۔

مرزا غلام احمد کسی زمانے میں سیالکوٹ میں رجسٹری محرر تھے، انھیں زمین ہتھیانے اور اپنے نام لگانے کے جملہ گر آتے تھے، پھر انگریز سے انھوں نے خلعت نبوت بھی تو محض مال و زر کے لیے حاصل کی تھی۔ "مرزا غلام احمد" نے قادیان کی ساری زمین لمبی مدت کے لیے پٹے پر حاصل کر لی اور پھر وہ زمین رہائشی پلاٹوں کی شکل میں اپنے ہی پیروکاروں میں فروخت کر کے قیمت حاصل کر لی۔ مگر زمین کے انتقال مرزائی خریداروں کے نام نہ کرائے گئے۔ یوں وہ رند کے رند رہے اور ہاتھ سے جنت بھی نہ جانے دی۔ دولت تو مرزا قادیانی کے گھر کی لونڈی اسی وقت بن گئی تھی جب انھوں نے انگریز کے کہنے پر کاشانۂ رسالت میں نقب لگائی اور جھوٹے نبی بن بیٹھے۔ "مرزا غلام احمد" کے مرنے کے بعد یہ ساری دولت اور زمینیں نصرت جہاں کی اولاد کو مل گئیں جبکہ "محمدی بیگم" اور اس کی ماں نامراد ہی رہے۔ "مرزا محمود احمد" اپنے باپ کے بھی باپ نکلے۔ جھوٹ، عیاری، عیاشی اور مکاری میں باپ کو بھی مات کر دیا۔ باپ مسیح موعود تھا تو بیٹا مصلح موعود۔ باپ نبی تھا تو بیٹا خلیفہ۔ باپ لٹیرا تھا تو بیٹا راہزن تھا۔ بہرکیف قیام پاکستان کے بعد مرزائی نبی کی آل اور مرزائی امت جب باد لِ نخواستہ قادیان سے ربوہ آئے تو یہاں مرزا محمود نے باپ والی چال چلی۔ پہلے تو اس نے قادیان کی جملہ زمینوں کے بدلے سندھ میں سونا اگلتی زمینیں کلیم کرالیں اور ان کو مختلف دیہات بنا کر اپنے بیٹوں کے نام لگا دیا۔ سی کے بقول سندھ میں ناصر آباد، منصور آباد، مبارک آباد سمیت کئی ریلوے سٹیشن مرزائیوں کے نبی زادوں کے نام ہیں۔ ان زمینوں سے اگلنے والا سونا بھی مرزائی آل نبوت کی تجوریوں کو ہی بھرتا ہے۔

اس کے علاوہ مرزا محمود احمد نے ربوہ جس کا اصل نام "چک ڈھگیاں" ہے یہاں 99 سال کے لیے تاحال 1034 ایکڑ زمین ایک آنہ فی مرلہ کے حساب سے حاصل کر لی۔ یہ زمین بھی مرزائی امت کو فروخت کر کے اپنے "مالی گھڑے" بھر لیے گئے۔ مکان خریدنے کے باوجود زمین کا انتقال کبھی بھی خریدار کے نام نہیں کرایا گیا۔ یوں مرزا محمود احمد نے اپنی امت سے دھوکہ دہی کی بنا پر کروڑوں روپیہ کمالیا۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی مرزائی خواہ کتنا ہی اس مذہب سے بیزار کیوں نہ ہو وہ صرف مکان کی خاطر ربوہ چھوڑنے کی جسارت نہیں کرتا۔

ربوہ میں مختلف ادارے بھی ہیں جو خود ساختہ قوانین کے سہارے چل کر اپنی امت سے پیسے

بٹورنے کے لیے حیلہ جوئی کرتے ہیں۔ ان اداروں اور دفاتر میں امور عامہ، تحریک جدید، فضل عمر فاؤنڈیشن، فضل عمر ہسپتال اور مجلس خدام احمدیہ شامل ہیں۔ یہ سب سونے کی مرغیاں ہیں جو مسلسل سونے کا انڈہ دے کر جماعت کے "بڑوں" کے خزانے بھرتی رہتی ہیں۔

عبدالسلام مسی نے صرف فضل عمر ہسپتال کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ہسپتال درحقیقت ایک خیراتی ہسپتال ہے جس کی تعمیر لوگوں کے عطیات سے ہوئی ہے۔ ہسپتال کے ہر کمرے کے باہر نصب تختی یہ بتاتی ہے کہ اس کمرے کا خرچ کس نے دیا ہے۔ یہاں ادویہ لوگوں کے صدقات و خیرات سے آتی ہیں۔ انتہائی قیمتی آلات جماعت کے خون پسینے کی کمائی سے لائے گئے ہیں لیکن علاج کی سہولیات و مراعات صرف "بالا بلندوں اور منہ لگے" لوگوں کو حاصل ہیں۔ جہاں تک غرباء کا تعلق ہے انھیں دوا ملے نہ ملے لیکن دھکے ضرور ملتے ہیں۔ ہسپتال کی باگ ڈور "مرزا مسرور" کے ہاتھ میں ہے۔ جن کی رسائی ہے ان کے وارے نیارے، نہیں تو جہنم میں گئے سارے۔"

چندے جن کی کئی اقسام تھیں، وہ بھی مرزائی خاندان نبوت پر "من" برساتے اور اس "شجر ممنوعہ" کو شاداب رکھتے تھے۔ اطفال کا چندہ بچوں سے، ناصرات کا چندہ لڑکیوں سے، خدام کا چندہ نوجوانوں سے، لجنہ اماء اللہ کا چندہ خواتین سے اور انصار اللہ کا چندہ بوڑھوں سے وصول کیا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ چندہ وصیت سمیت کئی چندے کالے قوانین کی طرح اس امت پر مسلط تھے اور انھیں گھن کی طرح چاٹ رہے تھے۔

جامعہ احمدیہ مرزائیوں کی "مبلغ ساز" فیکٹری تھی جس میں مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لیے تبلیغ کرنے والا خام مال تیار ہوتا تھا۔ جماعت کی خدمت کا جذبہ لے کر یہاں آنے والے مبلغ اپنی زندگی اور زر ادارے کی نذر کرتے اور اسے بخشش کا ذریعہ خیال کرتے تھے۔ حالانکہ یہ ان کی خام خیالی ہے، جلد ہی انھیں اصل حالات سے آگاہی ہو جاتی ہے، مگر وہ اس کمبل کو چھوڑ سکتے ہیں نہ ریچھ انھیں چھوڑتا ہے۔

جماعت کے تمام افراد جن کا کسی نہ کسی حوالے سے کوئی ذاتی کاروبار ہے انھیں بھی آمدنی کا ایک حصہ بلا کسی حیل و حجت کے مرکز کی نذر کرنا پڑتا ہے۔ بے شمار دکاندار، زمیندار، صنعت کار، فیکٹری مالک، ٹرانسپورٹرز اور حکماء، ڈاکٹر اپنی دولت پر لگے ہوئے مرزائیت کے چلتے ٹیکس بڑی باقاعدگی سے جماعت کو دیا کرتے تھے۔ مرزا غلام احمد اور ان کی آل اولاد نے جماعت کو چندہ کی اہمیت اور افادیت سے اس قدر جتا ناز کر رکھا ہے کہ وہ چلتے پھرتے آتے جاتے سوتے جاگتے چندے کی ادائیگی کو ایک مسنون فعل قرار دیا کرتے ہیں۔ "چندا ڈکشن" کا یہ عالم تھا کہ ایک دفعہ ایک مرزائی کو مسلمانوں نے قائل کر لیا کہ "مرزا جھوٹا نبی ہے لہٰذا اسے ماننا خدا اور اس کے رسول کے احکام سے انکار کے مترادف ہے۔ قریب تھا کہ یہ شخص مسلمان ہو جاتا مگر اس نے محض اس وجہ سے اسلام قبول نہیں کیا کہ وہ مرزائیت چھوڑ کر چندہ کسے دے گا۔

میں نے سن رکھا تھا کہ مرزا ناصر قصر خلافت میں جس جگہ عام لوگوں سے ملاقات کرتے ہیں

وہاں ایک بڑا صندوق رکھا ہے۔ اسے یار لوگ "طلسمی صندوق" کہا کرتے تھے۔ ہفتے میں دو روز مرزا ناصر سے عام ملاقات ہوتی تھی۔ جس کے لیے پہلے سے وقت لیا جاتا تھا۔ اور بعض اوقات تو باری بھی بڑی مشکل سے آتی تھی۔ چنانچہ جب یہ لوگ ملاقات کے لیے آتے تو اس صندوق کا پیٹ بھرنے کے لیے دولت، قیمتی کپڑے اور تحائف، اجناس، خوشبویات اور دیگر عطیات جھولیاں بھر کر لاتے تھے۔ جب مجھے اپنے ابا جی کے ہمراہ قصر خلافت جانے کا موقع ملا تو میں نے وہ صندوق دیکھا جسے صدمے سہہ کر صدقات دینے والے بھرتے تھے۔ لوگ آتے صرف "السلام علیکم" کہتے، دعا کی درخواست کرتے اور روپے، زیور، بانڈز اور اپنی متاع گراں اس صندوق میں ڈال کر چلے جاتے۔ اس صندوق کی ساری آمدن صرف اور صرف "مرزا ناصر احمد" کی ہوا کرتی تھی۔ یہ سب تو آمدن کے جائز اور ظاہری ذرائع تھے جن سے مرزائیت پھل پھول رہی تھی۔ اس کے علاوہ بے شمار ناجائز ذرائع بھی مرزائیت کو پال پوس رہے تھے۔

محمد علی پھل فروش گول بازار میں پھلوں کی ریڑھی لگایا کرتا تھا۔ یہ شخص قصر خلافت کے ان پرانے ملازموں میں سے تھا جو اندر کے بھید اور خاصے کی بات جانتے تھے۔ نہ جانے اس شخص سے کیا خطا ہوئی جس کی بنا پر اسے قصر خلافت کی خدمت سے الگ کر دیا گیا۔ محمد علی نے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے گول بازار میں ریڑھی لگالی لیکن جھوٹے خاندان نبوت پر یہ خوف سوار رہنے لگا کہ محمد علی کہیں ان کے اندر کے راز افشا نہ کر دے۔ یہ خوف بالآخر محمد علی کے قتل پر منتج ہوا۔ اسے کسی نامعلوم شخص نے قتل کر کے تعلیم الاسلام ہائی سکول کے قریب پہاڑی کے ساتھ عیسائیوں کی بستی میں پھینک دیا۔ مقتول کے لواحقین کے اصرار کے باوجود مرزائی ارباب حل و عقد نے یہ کیس پولیس کے حوالے کرنے کے بجائے اپنے نام نہاد تھانیدار عزیز بھانبڑی کے حوالے کر دیا لیکن جب دباؤ بڑھا تو مجبوراً یہ مقدمہ پولیس کو دینا پڑا تاہم مرزائیوں نے یہ قتل عیسائیوں پر ڈال دیا۔ جب پولیس نے عیسائیوں کو پکڑا اور تھانے میں مارا پیٹا تو ربوہ بھر کے تمام خاکروبوں نے احتجاجاً ہڑتال کر دی۔ دو تین دن کوڑا کرکٹ اٹھانے جب کوئی نہ آیا تو تعفن نے مرزائی امت اور اس کے آقاؤں کی عقل ٹھکانے لگا دی۔ انھوں نے پولیس کے حکام بالا کی مٹھی اور جیب گرم کر کے عیسائی چھڑا لیے اور یوں محمد علی کا پراسرار قتل داخل دفتر کرا دیا گیا۔ اس قتل کے محرکات کیا تھے، اندر کے لوگ جب دبے دبے الفاظ میں سرگوشیاں کرتے تو کئی باتیں سننے کو ملتی تھیں۔ کہنے والوں کا کہنا تھا کہ محمد علی قصر خلافت کے خواتین و حضرات کے بہت سے رازوں سے واقف تھا۔ ایک بار اس نے اپنے کسی ساتھی ملازم سے یہ بات کہہ دی کہ اسے جب بھی موقع ملا وہ قصر خلافت اور مرزائیت چھوڑ دے گا اور جھوٹے خاندان نبوت کی کہانیاں عام کر دے گا۔ یہ بات "مذہبی وڈیروں" کو پتہ چلی تو انھوں نے محمد علی سے اس کا روزگار، مکان اور بیوی بچے چھین لینے کی دھمکی دی جس پر اس نے جواباً للکارا کہ وہ بھی اندر کے راز ساری امت میں پھیلا دے گا۔ بعد میں اسے قصر خلافت سے نکالتے وقت یہ محسوس ہوا کہ "خاندان" نا سے کوئی

نقصان نہیں پہنچائے گا جبکہ محمد علی بھی اپنی زبان بند رکھے گا۔ محمد علی نے کچھ عرصہ تو زبان بند رکھی مگر مرزائیوں کی سی آئی ڈی کو معلوم ہوا کہ محمد علی وقتاً فوقتاً "خاندان" والوں کے خلاف زہر اگلتا رہتا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ربوہ میں "خاندان" کا لفظ صرف مرزا غلام احمد کے خانوادہ کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ قصہ مختصر یہ کہ مرزائی غالموں نے محمد علی کو قتل کرا دیا۔ شہر میں اکثر واقف حال لوگ کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی ماہر کھوجی محمد علی کے قتل کا کھوج لگائے تو "کھرا" مرزا لقمان کے گھر جا نکلے۔

یہ مرزا لقمان کے قول و عمل کا اثر تھا یا مرزا غلام احمد کی تعلیم کی کرامت تھی کہ ربوہ میں عام لڑکے بھی معمولی معمولی باتوں پر اتنی لمبی لڑائیاں کرتے جو کئی کئی ہفتوں اور مہینوں پر محیط ہو جاتیں اور فریقین موقع ملتے ہی مخالف پر حملہ کر دیا کرتے تھے۔ سکول سے چھٹی کے بعد عموماً لڑکے گھات لگا کر بیٹھ جاتے اور مخالف فریق کو آتے ہی اپنی زد میں لے لیتے۔ لوہے کے "کے اور چاقو" عام سے عام لڑکے کی جیب میں ہوا کرتے تھے۔

مرزا لقمان کے بعد ربوہ میں اگر کسی کا راج تھا تو وہ عزیز بھامبڑی تھا۔ یہ ہمارے سکول ٹیچر مولوی ابراہیم بھامبڑی کا بھائی اور اٹامک انرجی کمیشن کے ایک سرکردہ آفیسر منیر احمد بھامبڑی کا سسر تھا۔ عزیز بھامبڑی نہ صرف مرزا لقمان کے عقوبت خانوں اور ٹارچر سیلز کی نگرانی کرتا بلکہ اس کے اپنے بھی تشدد گھر تھے۔ جرم و خطا اور تعزیر و سزا کو جانچنے کا اس شخص کا اپنا ہی معیار تھا۔ "ستم پہ خوش کبھی لطف و کرم پہ رنجیدہ" کے فلسفے کے مطابق کسی کو معمولی سی بات پر دھن کر کے رکھ دیتا اور کسی کو بڑے سے بڑے جرم پر بھی معافی دے دیتا تھا۔ لڑکوں کے سر پر ٹوپی نہ ہوتی تو انھیں چھڑیوں سے مارتا۔ کسی کے بال بڑھے ہوتے یا قلمیں لمبی ہوتیں تو سر عام بال کاٹ دیتا تھا۔۔۔ اسے دیکھ کر مرزائی لڑکوں کی سٹی گم ہو جاتی تھی۔ اسے مرکز کی طرف سے اچھی رہائش اور بہت سی مراعات حاصل تھیں۔ کہنے والے کہتے تھے کہ یہ سب کچھ محض اس وجہ سے ہے کہ عزیز بھامبڑی "خاندان" والوں کا بھیدی ہے اور اس ڈر سے کہ کسی وقت کوئی لنکا نہ ڈھا دے، وہ لوگ اس کو ہمیشہ خوش رکھا کرتے تھے۔

واقفان حال کا کہنا ہے کہ محمد علی پھل فروش کی زبان بندی کے لیے بھی عزیز بھامبڑی کی خدمات حاصل کی گئی تھیں۔ لیکن مقتول اپنی ضد پر اڑا رہا تو اسے ٹھکانے لگانے میں بھی عزیز بھامبڑی نے کارہائے نمایاں انجام دیے۔ یہ کوتوال شہر وہیل ڈھلتے سائیکل پر سوار ہو کر پورے شہر کا گشت کیا کرتا تھا۔

مرزائی اکابرین کی "ذاتی" بہادری کا یہ عالم تھا کہ ایک بار ربوہ کے باغی نوجوانوں نے رابطہ انقلابی کے نام سے ایک گروہ بنایا اور رابطہ انقلابی کے نام سے مرزا ناصر کو خط لکھا کہ وہ اپنے لاؤ لشکر سمیت ربوہ فتح کرنے آ رہی ہے۔ بس پھر کیا تھا، خوف کی ایک لہر نے "خاندان" کے ہر مرد کو چوڑیاں پہن کر قصر خلافت میں چھپ جانے پر مجبور کر دیا جبکہ "امت" کے نوجوانوں کو قصر خلافت اور شہر کی حفاظت پر مامور کر

دیا گیا۔ شہر کے داخلی راستوں پر موجود پہرے دار شہر میں داخل ہونے والے ہر شخص کی تلاشی لیتے اور کسی اجنبی کو ربوہ میں نہ آنے دیتے۔

یہ صورت حال ایک دو ماہ قائم رہی مگر مرزائی قوم اور اس کے سالار ایک بار تو خوف سے لرز گئے۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ واقعہ تنویر فوٹو سٹوڈیو کے مالک احمد زمان کے ساتھ پیش آیا۔ یہ لوگ لاری اڈا کے پاس پہرہ دے رہے تھے کہ خواتین کا ایک گروپ شہر میں داخل ہوا۔ ان لوگوں نے حسب معمول انھیں پرسش کیے بغیر ہی شہر میں جانے دیا۔ مرکز کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو فوٹوگرافر اور اس کے ساتھیوں کو قصر خلافت طلب کر کے پوچھا گیا کہ مذکورہ خواتین کو تلاشی کے بغیر کیوں جانے دیا گیا ہے؟ تنویر نے مرزا ناصر کو بتایا کہ خواتین کو نہ روکنے کی وجہ یہ تھی کہ وہ "خاندان" کی عورتیں تھیں۔ اس پر سوال کیا گیا کہ "تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ وہ خاندان کی خواتین تھیں" تنویر نے جواب دیا "آنکھوں سے کیونکہ ایسی آنکھیں صرف خاندان والوں کی ہی ہو سکتی تھیں۔" اس معنی خیز جواب نے مرزا ناصر کو چپ کرا دیا۔

منافقت کے چکنے چکنے پات

یہ حقیقت ہر شخص جانتا ہے کہ ملک کی تمام کلیدی آسامیوں پر آج بھی مرزائی براجمان ہیں اور جن دنوں کے حقائق یہاں رقم ہیں تب تو ملک بھر میں مرزائی راج تھا۔ ہر محکمے کی بڑی بڑی کرسی مرزائیوں کے قبضے میں تھی۔ یہ اتفاق کی بات نہیں بلکہ مرزائی نبی اور اس کے خلفاء کی منظم منصوبہ بندی تھی کہ ملک کے اعلیٰ اداروں کی اعلیٰ آسامیوں پر ان کا قبضہ رہے۔ انہی حقائق کے پیش نظر مسلمان کیا، مرزائی بھی نوکریوں کے لیے مرزائی خاندان نبوت کے پیچھے مارے مارے پھرتے تھے۔

غرباء پر چندہ کی جو آفت "مرزائی امت" کی طرف سے مسلط ہے، اس کا تذکرہ اس سے پہلے کئی بار کیا جا چکا ہے۔ ہمارے پڑوس میں چاچا محمد حسین ایک بیمار اور لاچار شخص رہتا تھا۔ اس کی بیوی گھر والوں کا پیٹ بھرنے کے لیے مختلف گھروں کا کام کرتی تھی۔ مگر ان غریبوں کے لیے بھی چندہ دینا لازمی تھا۔ اس کی زبوں حالی دیکھ کر اباجی سے رہا نہ گیا، وہ اسے لے کر مرزا منصور کے پاس گئے اور کہا "ظالمو! دیکھو یہ شخص کچھ کما نہیں سکتا لیکن تم لوگوں کو پالنے کے لیے چندہ باقاعدگی سے دیتا ہے۔ کچھ تو خوف خدا کرو۔"

ربوہ کا سالانہ میلہ

ربوہ میں رمضان شریف کو کوئی اہمیت دی جاتی تھی نہ عیدین پر کسی مسرت کا کوئی اہتمام کیا جاتا تھا۔ یہاں تو بس جلسہ سالانہ ہی عید اور بقر عید تھیں۔ فروری 1966ء کی بات ہے جب ربوہ میں ہمیں پہلا رمضان شریف گزارنے کا موقع ملا۔ ہمارے گھر میں روزہ اور تراویح کی باقاعدہ پابندی ہوتی تھی۔ میں سکول میں روزہ رکھ کر جاتا تو طلبہ میرا خوب مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اکثر ساتھی کہا کرتے:

"او توں روزہ رکھیا ہویا اے"؟

"ہاں تو" جواب دیا جاتا۔

"روزہ تو طلبہ پر فرض ہی نہیں۔ اس سے پڑھنے والوں کا دماغ کمزور ہو جاتا ہے"۔ یہ مرزائی طلبہ کی دلیل ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ مرزائی مکتبہ فکر کا فلسفہ یہ تھا کہ طلبہ محنت کش اور بوڑھے روزہ سے مستثنیٰ ہوتے ہیں۔ ایک مولوی صاحب نے اس بارے میں اپنے "باطل نبی" کا ارشاد سنایا:

"روزہ رکھنے سے انسان خصی ہو جاتا ہے"۔

ہمارے ایک استاد محمد ابراہیم بھانبڑی اپنے باوا کی اس فکر کی بنا پر کہا کرتے تھے: روزہ جماعت پر اس لیے فرض نہیں کہ "مسیح موعود" نے اپنی امت کو اس جسمانی مشقت سے نجات دلا دی ہے۔ ان کا اس سلسلے میں یہ استدلال تھا کیونکہ کام بھی ایک عبادت ہے۔ روزے سے انسان کم غذا لیتا ہے، اس وجہ سے کمزور ہو جاتا ہے۔ یوں اس کی استعداد کار کم ہو جاتی ہے۔ چنانچہ وہ کام جیسی عبادت سے محروم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ایک عبادت کے لیے دوسری عبادت ترک نہیں کی جا سکتی۔

ایک مرتبہ میں اپنے ابا جی کے ہمراہ مرزا ناصر کے فلاسفی کے پروفیسر بیٹے مرزا انس کے تعلیم الاسلام کالج کے دفتر میں بیٹھا تھا کہ مرزا انس نے ابا جی سے کہا:

"صوفی صاحب! آپ مجھے کوئی ایسا طریقہ بتائیں کہ میرا وزن کم ہو جائے"۔

ابا جی نے کہا "آپ روزے رکھا کریں"۔

"نہیں صوفی صاحب نہیں۔ کوئی اور بات بتائیں روزہ رکھنے کے بعد انسان افطاری میں عام حالات سے بھی زیادہ کھا جاتا ہے۔ چنانچہ وزن کم ہونے کے بجائے بڑھ جاتا ہے، ویسے بھی روزہ قابل عمل عبادت نہیں"۔ مرزا انس نے جواب دیا۔

ربوہ میں روزہ اور تراویح کے نعم البدل کے طور پر روزانہ نماز ظہر سے عصر تک مسجد مبارک میں قرآن پاک کا درس ہوا کرتا تھا، جس میں ایک سپارہ کا ترجمہ و تفسیر بیان کی جاتی تھی۔ یہ درس سننا ہر شخص پر لازم تھا۔ رمضان میں سکول و کالج دوپہر میں ایک بجے بند ہو جاتے تھے اور تمام طلبہ و طالبات اور اساتذہ مسجد مبارک پہنچ جاتے تھے۔ کوئی طالب علم درس سنے یا نہ سنے مگر وہاں حاضری لازمی لگوانی پڑتی تھی۔ یہ پابندی رمضان کے ابتدائی ایام میں تو سختی سے کی جاتی تھی مگر رفتہ رفتہ لڑکے مسجد کے بجائے ادھر ادھر پہاڑوں میں گھومتے پھرتے رہتے۔ جبکہ اساتذہ بھی درس سننے کے بجائے گھر بھاگ جاتے تھے۔ اکثر یہ بھی دیکھنے میں آتا کہ مسجد میں لوگ جاتے ہی نہیں تھے اور مولوی صاحب کو درس دیواروں کو سنانا پڑتا تھا۔ رمضان گزرتا تو عید الفطر اس طرح منائی جاتی جس طرح مسلمان کرسمس مناتے ہیں۔ نہ نئے کپڑے سلوانے کا اہتمام کیا جاتا، نہ دکانیں سجتیں نہ کوئی تفریحی پروگرام ہوتا۔ اس کے برعکس جلسہ سالانہ کی مہینوں

پہلے تیاری شروع کر دی جاتی تھی۔

بقر عید پر بھی لوگ ایک دوسرے کے گھروں میں گوشت دینے نہ غیروں میں بانٹا جاتا تھا، جبکہ ہر شخص قربانی کا گوشت آدھا اپنے گھر رکھ لیتا اور آدھا صدر محلّہ کو بھجوا دیتا محلّہ کا صدر گوشت کے ایک ایک کلو کے پیکٹ بنا کر ان لوگوں کے گھروں میں بھیج دیا کرتا جو قربانی نہیں کرتے تھے۔ ہم ربوہ میں کیونکہ اکیلے تھے، کوئی عزیز یا رشتہ دار تو تھا نہیں۔ چنانچہ جب ہم نے پڑوسیوں کو گوشت بھجوایا تو انہوں نے لینے سے انکار کر دیا۔ ہم نے خیال کیا کہ ہم مرزائی نہیں، اس لیے یہ گوشت قبول کرنے سے گریز کر رہے ہیں۔ ہم نے ایک پڑوسی ثناء اللہ زرگر سے پوچھا تو اس نے کہا بات احمدی غیر احمدی کی نہیں اصل قصہ یہ ہے کہ "حضور" کا حکم ہے کہ گوشت خود تقسیم کرنے کے بجائے صدر محلّہ کے حوالے کرو، وہ خود جس کو مناسب سمجھے گا بھیجے گا۔

جلسہ سالانہ جسے عیدین پر فوقیت حاصل تھی جلسہ کم میلہ زیادہ ہوتا تھا۔ مرزائی جلسہ پر حاضری کو حج اور عمرے کے برابر سمجھتے تھے۔ مہینوں سے اس کی تیاریاں شروع ہو جاتیں۔ زنانہ اور مردانہ سکول و کالج کے وسیع کھیل کے میدانوں میں "پرالی" کے پہاڑ لگ جایا کرتے تھے۔ امیر مرزائی تجوریوں کے منہ کھول دیتے۔ بڑے بڑے شہروں میں شاپنگ کی جاتی جبکہ غریب مرزائی سال بھر کی جمع شدہ پونجی جلسہ پر خرچ کر ڈالتے تھے۔ ربوہ میں تین لنگر خانے اور ایک دارالضیافت تھا۔ اول الذکر تینوں سال بھر بند رہتے تھے لیکن جلسہ سالانہ کے دوران 9 دن کے لیے کھول دیئے جاتے۔ یہاں گائے، بیل اور بھینسوں کے ریوڑ لائے جاتے۔ جلسہ سالانہ پر آئے ہوئے مہمانوں کو صبح کے وقت "ماش کی چھلکوں" والی دال اور رات کو "سنڈے" کا گوشت اور آلو پکا کر کھلایا جاتا۔ لنگر خانے سے روٹی کے حصول کے لیے باقاعدہ راشن کارڈ جاری کیا جاتا۔

جلسہ سالانہ پر اندرون ملک اور بیرون ملک سے مہمان آتے جس میں اکثریت اپنے ربوہ میں مقیم رشتہ داروں کے ہاں ٹھہرا کرتی۔ تمام تعلیمی اداروں میں جلسہ کے دنوں میں چھٹیاں کر دی جاتیں اور ان کے کمروں میں بھی مرد و زن قیام کرتے اور پرالی پر سو جاتے تھے۔ اس کے علاوہ بھی کسی کو جائے قیام نہ ملتی تو وہ خیموں میں سوتے اور 26، 27، 28 دسمبر کی ٹھٹھرتی راتوں میں اس چندہ خور خاندان کو بددعائیں دیتے جو سارا سال پیسے لینے کے باوجود ان کے لیے رہائش کا مناسب انتظام بھی نہیں کرتا تھا۔ جلسہ پر سکولوں کے طلباء، اساتذہ، شہریوں اور دیگر دفاتر کے اہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگائی جاتیں جو مہمانوں کی خدمت کرتے۔ یہاں ایک بات قابلِ ذکر ہے۔ ظلی حج یعنی جلسہ سالانہ کے موقع پر ڈیوٹیاں لگاتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جاتا کہ ہر شعبہ میں ڈیوٹی دینے والے "خوش شکل امرد" لازمی شامل کیے جائیں تاکہ وہ اپنے ساتھیوں کے آتش شوق کو سرد کریں۔ کئی خوب رو لڑکوں کو تختہ مشق بنانے کے لیے جلسہ

سالانہ کا انتظار کیا جاتا اور ڈیوٹیوں کی آڑ میں انہیں شکار کیا جاتا تھا۔

مرزائی جلسہ پر اپنے خلیفہ کی تقاریر سنتے' شدید سردی میں "دال اور شوربا" پیتے۔ پرالی پر سوتے' ڈیوٹیاں دیتے اور "درثمین" کے اشعار پڑھتے تھے۔ ربوہ میں جلسہ پر مختلف سٹال لگتے' انواع و اقسام کی نمائش لگتی' سرمہ' انگوٹھیاں' مٹھائیاں بیچنے کے علاوہ "وہ" دھندا بھی عروج پر ہوتا۔ اکثر لڑکے لڑکیاں اپنی غربت کا دوزخ سرد کرنے کے لیے جلسہ سالانہ کا انتظار کرتے اور ضمیر کو سلا کر مال کمالیا کرتے تھے۔

جلسہ سالانہ پر بہت سے لوگ تماشائی بن کر دوسرے شہروں سے حور و غلمان اور میلہ دیکھنے ربوہ آیا کرتے تھے۔ ایک بار ہماری بھیرہ کی ایک پڑوسن "زینبی بھاگاں" "ماچھن" مرزائیوں کا جلسہ دیکھنے ہمارے پاس ربوہ آ گئی۔ امی جان اسے جامعہ نصرت کالج کے زنانہ جلسہ گاہ میں لے گئیں۔ مرزا ناصر کا قاعدہ تھا کہ وہ ہر سال جلسہ سالانہ کے آخر پر تجدید بیعت کراتے تھے۔ میں اور میرا بھائی امی جان کے ساتھ تھے اور وہ ہمارے ساتھ مصروف تھیں کہ اسی دوران مرزا ناصر کی اختتامی تقریر شروع ہو گئی۔ تقریر کے آغاز میں انہوں نے تمام حاضرین جلسہ کو تجدید بیعت کے لیے کہا۔ پہلے قرآنی آیات پھر درود پاک پڑھا گیا۔ ہماری "زینبی بھاگاں" مرزا ناصر کے پیچھے آیات و درود پڑھنے لگی۔ جونہی مرزا ناصر نے کہا کہ "میں مرزا ناصر کے ہاتھ پر سلسلہ احمدیہ کی بیعت کرتی ہوں" ہماری امی جان نے بھاگ کر زینبی کو بازو سے پکڑ لیا اور کہا:

"نی جھلیے! ایہہ مردود تے اپنی بیعت کران لگا ای' توں کافر ہونا اے؟"

زینبی جو روا روی میں مرزا ناصر کے ساتھ ساتھ پڑھے جا رہی تھی فوراً خاموش ہو گئی اور اس نے لاحول پڑھی۔ امی جان نے جب اسے روکا تو ان کی آواز سن کر بہت سی عورتیں ان کی طرف متوجہ ہو گئیں۔ کسی ایک نے ناک بھوں چڑھاتے ہوئے کہا:

"لگتا ہے یہ کوئی غیر احمدی عورت ہے۔"

جلسہ سالانہ پر "مرزائی حوروں" کی بھی چاندی ہوا کرتی تھی۔ ان کی ڈیوٹیاں بھی حسین لڑکوں کی طرح مخصوص خدمات کے لیے لگائی جاتیں جن کا فیصلہ خاندان نبوت کے اکابرین کیا کرتے تھے۔ ڈیوٹیوں کی آڑ میں اکثر لڑکیاں گھروں سے باہر بآسانی رہ لیتی اور "من کی مراد" پاتی تھیں۔

ربوہ میں سگریٹ نوشی ممنوع تھی مگر لوگ سرعام تمباکو نوشی کرتے تھے۔ ریڈیو لگانا منع تھا مگر ٹیپ ریکارڈر پر دیسی اور بدیسی گانے سننے میں کوئی ممانعت نہ تھی۔ ہماری ایک جاننے والی بی اے کی طالبہ بصیرت ایک گانا "او دل ٹھنڈک نگاہوں کو تیرے دیدار سے ہو سکے تو آواز دے" آواز مجھ کو پیار سے" اس لے دھن سے گاتی' یوں لگتا جیسے بالا خود گا رہی ہے۔ اس کے علاوہ ہمارا کلاس فیلو مومن "چلو اک بار پھر سے اجنبی بن جائیں ہم دونوں" سنا کر محفل جمالیا کرتا تھا۔ جبکہ اعجاز اکبر "بھاں نے بوہے اگے چک تان لئی' مرے لے کے گا تا تھا۔ تخیل کی آواز بھی بے مثل تھی۔

ہو میرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت
زندگی ہو میری پروانے کی صورت یارب!
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب!
ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا
میرے اللہ! برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اسی راہ پہ چلانا مجھ کو

اس کے برعکس ہمارے ہیڈ ماسٹر ملک حبیب الرحمٰن کے حکم پر سکول میں اسمبلی کے دوران کلام محمود کی یہ نظم کلام اقبال کا ہم پلہ قرار دے کر پڑھائی جاتی تھی۔

نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے
پر ہے یہ شرط کہ ضائع میرا پیغام نہ ہو
خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو
اس کے بدلے میں کبھی طالب انعام نہ ہو
جب گزر جائیں گے ہم تم پہ پڑے گا سب بار
سستیاں ترک کرو طالب آرام نہ ہو
میری تو حق میں تمہارے یہ دعا ہے پیارو
سر پہ اللہ کا سایہ رہے ناکام نہ ہو

جس کو شاعری سے ذرا سا بھی شغف ہے وہ کلام محمود کا اقبال کی شاعری سے موازنہ کرنے کی جسارت ہی نہیں کر سکتا۔ لیکن مرزائی علامہ سے محض اس وجہ سے بغض وعناد رکھتے ہیں کیونکہ جس طرح انھوں نے پاکستان کا عظیم تصور پیش کیا، اسی طرح اس پیکر حکمت نے مرزائیت کو خطرے کی گھنٹی قرار دیتے ہوئے مسلمانوں کو خبردار کیا کہ قادیانیت، یہودیت کا چربہ ہے۔

علامہ صاحب فرماتے ہیں: مرزائیت اسلام کے ضوابط کو برقرار رکھتی ہے لیکن اس قوت ارادی کو فنا کر دیتی ہے جس کو اسلام مضبوط کرنا چاہتا ہے۔ میں نے تحریک مرزائیت کے ایک رکن کو خود اپنے کانوں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق نازیبا کلمات کہتے ہوئے سنا۔ سیاسی نقطہ نظر سے وحدت اسلامی اس وقت متزلزل ہو جاتی ہے جب اسلامی ریاستیں ایک دوسرے سے جنگ کرتی ہیں اور مذہبی نقطہ نظر سے اس وقت، جب مسلمان بنیادی عقائد یا ارکان شریعت کے خلاف بغاوت کرتے ہیں اور ابدی

وحدت کی خاطر اسلام اپنے دائرے میں کسی باغی جماعت کو روا نہیں رکھتا، صرف اسلام کے دائرے سے باہر ایسی جماعت کے ساتھ دوسرے مذاہب کے پیروؤں کی طرح رواداری برتی جا سکتی ہے اور بس یہ وہ حقائق ہیں جن سے مرزائیت کو سب سے پہلے کافر مذہب علامہ اقبال نے قرار دیا اور انھوں نے اپنے مطالعہ سے مرزا قادیانی کو خدا کا باغی، دین کا قاتل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دشمن قرار دیا ہے یہی وجہ ہے کہ مرزائیوں کو علامہ سے خاص بغض تھا۔

میں نے کئی مرزائیوں سے سنا کہ اگر علامہ اقبال اور شورش کاشمیری مرزائی ہوتے تو مرزائیت کو کوئی خطرہ نہیں تھا، وہ دنوں میں پھلتی پھولتی اور دنیا پر اپنا تسلط قائم کر لیتی۔ یہاں اس امر کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ مرزائی امت کو اپنے جھوٹے نبی کی تصدیق کے لیے علامہ اقبال اور شورش کاشمیری جیسے عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی ضرورت تھی۔ دروغ بر گردن راوی اکثر مرزائی علامہ اقبال پر الزام لگایا کرتے تھے کہ وہ پہلے مرزائی تھے اور بعد میں انھوں نے اس مذہب کو چھوڑ دیا حالانکہ علامہ اقبال کی بالغ نظری کو جدید و قدیم کی اس چپقلش کا تازیست احساس رہا۔ انھوں نے مرزائیوں کے مسئلہ پر جو مضامین لکھے، ان میں کئی جگہ عقیدے کو اپنے ناخن قلم سے کھولا۔ یہی وہ عوامل ہیں جو مرزائی نبی اور اس کے برگ و بار خلفاء اور امت کو علامہ اقبال کی ذات کے خلاف زہر اگلنے پر مجبور کرتے رہے۔

بھارتی روزنامے ''سٹیٹس مین دہلی'' کی تحریریں اس بات کی گواہ ہیں کہ علامہ انگریزوں کو کھلے خطوط تحریر کرتے رہے جن میں قادیانیوں اور مسلمانوں کی نزاع کے معاشرتی اور سیاسی پہلوؤں سے آگاہ کیا گیا۔

ہم لوگ جب ایف۔ اے میں پڑھتے تھے تو ہمارے نصاب میں علامہ اقبال کا یہ کلام شامل تھا۔

کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباس مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبین نیاز میں
طرب آشنائے خروش ہو، تو نوا ہے محرم گوش ہو
وہ سرود کیا کہ چھپا ہوا ہو سکوت پردہ ساز میں
تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہ آئینہ ساز میں
دم طوف کرمک شمع نے یہ کہا کہ وہ اثر کہن
نہ تری حکایت سوز میں نہ مری حدیث گداز میں
نہ کہیں جہاں میں اماں ملی، جو اماں ملی تو کہاں ملی
مرے جرم خانہ خراب کو ترے عفو بندہ نواز میں
نہ وہ عشق میں رہیں گرمیاں، نہ وہ حسن میں رہیں شوخیاں

ربوہ میں مرزائی نبوت نے سینما نہیں بننے دیا لیکن اس کی ضرورت چنیوٹ سے پوری کرنے کو معیوب نہیں سمجھا جاتا۔ ہم لوگ جمعہ کی چھٹی گزار کر ہفتہ کو چنیوٹ سے سکول آتے تو ہمارے مرزائی ساتھی سب سے پہلا سوال یہ کرتے کہ شمع اور نیلم سینما میں کون سی نئی فلم آئی ہے۔ قدرت کے قہر سے مالا مال ربوہ شہر میں گرمیوں میں زندگی گزارنا انتہائی مشکل تھا۔ دوپہر کے وقت تو گھر سے باہر نکلنا تندور میں قدم رکھنے کے مترادف تھا۔ اس شہر کی کلر زدہ زمین جنگلی کیکروں کے علاوہ کوئی چیز اگلتی نہ تھی۔ ایسی صورت میں چنیوٹ کا پڑوس ربوہ کے لیے کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں تھا۔ صبح سویرے چنیوٹ سے سبزی ترکاری کے ریڑھے بھر کر ربوہ آتے۔ گوشت گیہوں بھی وہیں سے لایا جاتا۔ اس کے باوجود مرزائی چنیوٹ کو دشمن شہر کہا کرتے تھے۔

چنیوٹ کے شہید چوک میں ایک کلینک دارالصحت تھا اس کو ایک مرزائی ڈاکٹر عبداللہ چلاتا تھا۔ اس کا بیٹا طاہر بن عبداللہ ہمارا کلاس فیلو تھا۔ موصوف اپنی سدومی صفات کے باعث سکول بھر میں چلتا پھرتا اشتہار تھا۔ طاہر بن عبداللہ نے ایک بار بتایا کہ اس کے باپ کا کلینک پہلے ربوہ میں ہوا کرتا تھا' لیکن کلینک پر مریض کوئی نہیں آتا تھا۔ مرزا منور کی اجارہ داری کے باعث دوسرے ڈاکٹر محض ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہتے تھے۔ چنانچہ طاہر کے والد نے اپنا کلینک چنیوٹ منتقل کیا تو چاندی برسنا شروع ہو گئی۔

ہمارے پڑوسی مستری فضل دین کی بیٹی امتہ المتین ایک مرزائی سلیم کی بیوی اور دو بچوں کی ماں تھی۔ سلیم لائل پور (فیصل آباد) میں ملازم تھا۔ وہاں اس کے ایک خاتون سے تعلقات ہو گئے۔ اس نے امتہ المتین کو دھوکے سے لائل پور بلایا اور اس سے دوسری شادی کے اجازت نامے پر دستخط کرا لیے۔ موصوفہ گھر لوٹی تو اس صدمے نے اس پر اس قدر اثر کیا کہ وہ پاگل ہو گئی۔ ابتدائی علاج کے لیے اسے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں داخل کیا گیا مگر جب صورتحال قابو سے باہر ہو گئی تو اسے لاہور کے مینٹل ہسپتال میں منتقل کرا دیا گیا۔ کافی علاج کے باوجود اسے کوئی افاقہ نہ ہوا تو اس کے گھر والے اسے واپس ربوہ لے آئے۔ امتہ المتین دن رات چھت پر چڑھ کر اپنے ماں باپ' مرزائی نبی' اس کے خاندان کو انتہائی فحش گالیاں دیا کرتی تھی۔ اس کے گھر والے اور محلے دار اس کیفیت سے سخت پریشان اور نالاں تھے۔ لیکن عجیب اتفاق تھا کہ وہ ہم سب کے ساتھ نہایت پیار اور ادب و احترام سے پیش آتی۔ ابا جی صحن میں نماز پڑھ رہے ہوتے تو وہ بڑی عقیدت سے انہیں دیکھا کرتی۔ ایک روز اس کی والدہ رشیدہ بیگم ابا جی کے پاس آئی اور عرض کی "صوفی صاحب! ہم ہیں تو احمدی' آپ سے بات کرنا بھلا معلوم نہیں ہوتا لیکن مجبور ہیں۔ ہماری مدد کریں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر دے گا"۔

ابا جی نے کہا "بہن! بتاؤ میں کیا خدمت کر سکتا ہوں"۔

کہنے لگی "آپ میری بیٹی امتہ المتین کو کوئی ایسا تعویذ دے دیں جس سے وہ ٹھیک ہو جائے"۔ ابا جی نے جواب دیا "آپ لوگ ان چیزوں پر یقین رکھتے ہیں؟ یہ تو ان لوگوں کے لیے ہیں جن کا ان پر کامل

اعتقاد ہوتا ہے"۔

اس پر رشیدہ بیگم رونے لگ گئی اور کہا "احمدیت" بیشک ہمارا مذہب ہے لیکن اسے ہم نے با دل نخواستہ قبول کر رکھا ہے۔ اسے چھوڑیں تو جائیداد رشتہ دار اور سماجی تعلقات جاتے ہیں۔ اس کے اختیار کرنے سے جو کچھ ہم نے کھویا ہے، وہ ہم ہی جانتے ہیں۔ آپ مہربانی فرما کر ہم پر ترس کھائیں مجھ سے اپنی بچی کی حالت دیکھی نہیں جاتی"۔

ابا جی نے امت الحسین کو کچھ تعویذ اور پانی دم کر کے دینا شروع کیا۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ چند یوم میں وہ بالکل ٹھیک ہو گئی۔ وہ ابا جی کی اس قدر معتقد ہوئی کہ باقاعدگی سے آ کر دین کی باتیں پوچھنے لگی۔ تاہم ٹھیک ہونے کے بعد بھی اس نے مرزا قادیانی اور اس کے دین کو برا بھلا اور جھوٹا کہنا نہ چھوڑا، وہ مرعام کہتی "مرزا غلام احمد قادیانی ایک جھوٹا اور مکار انسان تھا۔ یہ صورت حال دیکھ کر مرزائی اسے پاگل سمجھتے مگر درحقیقت وہ بالکل نارمل تھی جس کو اس کے گھر والے بھی تسلیم کرتے تھے۔ ایک بار کسی نے امت الحسین سے پوچھا کہ تم کسی ڈاکٹر کے علاج سے تندرست ہوئی تو اس نے کہا "میں تو صوفی صاحب کے دم کیے ہوئے پانی سے ٹھیک ہوئی ہوں۔" سوال کرنے والے مرزائی نے اس بات پر یقین نہ کیا اور دم کیے ہوئے پانی کو لیبارٹری میں ٹیسٹ کروایا۔ جب وہاں پانی محض خالص پانی ثابت ہوا تو وہ شخص دیگ میں مبتلا ہو گیا کہ مسلمان سچے یا وہ اور اس کا مذہب "مرزائیت"۔

ربوہ کے ہی ایک مرزائی کی چھ بیٹیاں تھیں۔ ان کی شادیاں نہیں ہو رہی تھیں وہ بہت ہی متفکر تھا۔ اپنے "مرزوں" سے بار بار دعائیں کرا کے مایوس ہو چکا تو اسے کسی نے ہمارے ہاں بھیج دیا۔ ابا جی نے اسے کہا کہ تم "مرزائیت" سے تائب ہو جاؤ، اللہ تعالیٰ تمہاری مشکل آسان کر دے گا۔ اس نے واقعی ایسا کیا اور قدرت نے چھ ماہ کے اندر اس کی تمام بیٹیوں کے ہاتھ پیلے کر کے اسے سرخرو کر دیا۔

اقبال دشمنی

علامہ اقبالؒ نے قادیانیت کو کھلم کھلا الگ مذہب قرار دیا۔ یہی وجہ ہے کہ مرزائیوں کو ان کے ساتھ خدا واسطے کا بیر ہے۔ وہ ہر گھڑی، ہر ساعت علامہ کی مخالفت میں سرگرم رہتے ہیں۔ جن دنوں میں تعلیم الاسلام ہائی سکول میں پڑھتا تھا، ان دنوں ملک بھر کے دیگر مدارس میں صبح اسمبلی کے وقت علامہ اقبال کی یہ دعا پڑھائی جاتی تھی۔

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے

نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی، نہ وہ خم ہے زلفِ ایاز میں
جو میں سربسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا
ترا دل تو ہے صنم آشنا! تجھے کیا ملے گا نماز میں

ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پروازی نے یہ کلام پڑھاتے ہوئے زہر اگلا کہ علامہ کی اس نظم کا توڑ مرزا غلام احمد کی بیٹی نواب مبارکہ بیگم نے اپنی کتاب "درعدن" میں کر دیا ہے جس کا مطالعہ کر کے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ موصوفہ کی فکر علامہ اقبال سے کتنی بلند ہے۔ اس وقت میرے دل میں خیال آیا کہ کہاں "راجہ بھون کہاں گنگو تیلی" یہ شخص ایک عظیم انسان کو کس "جنس کاسد" کے ساتھ ملا رہا ہے۔ نواب مبارکہ بیگم کا کلام ملاحظہ ہو۔

مجھے دیکھ طالب منتظر، مجھے دیکھ شکلِ مجاز میں
جو خلوصِ دل کی رمق بھی ہے ترے ادعائے نیاز میں
ترے دل میں میرا ظہور ہے، ترا سر ہی خود سرِ طور ہے
تری آنکھ میں میرا نور ہے، مجھے کون کہتا ہے دور ہے
مجھے دیکھنا جو تو نہیں تو یہ تیری نظر کا قصور ہے
مجھے دیکھ طالب منتظر مجھے دیکھ شکل مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں تیری جبین نیاز میں
مجھے دیکھ رفعت کوہ میں مجھے دیکھ پستی کاہ میں
مجھے دیکھ عجز فقیر میں، مجھے دیکھ شوکت شاہ میں
نہ دکھائی دوں تو یہ فکر کر کہیں فرق ہو نہ نگاہ میں
مجھے دیکھ طالب منتظر، مجھے دیکھ شکل مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں تیری جبین نیاز میں
کبھی بلبلوں کی صدا میں سن کبھی دیکھ گل کے نکھار میں
میری ایک شان خزاں میں ہے میری ایک شان بہار میں
مجھے دیکھ طالب منتظر، مجھے دیکھ شکل مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں تیری جبین نیاز میں
میرا نور شکل ہلال میں میرا حسن بدر کمال میں
کبھی دیکھ طرز جمال میں کبھی دیکھ شان جلال میں
رگ جاں سے ہوں میں قریب تر، ترا دل ہے کس کے خیال میں

مجھے دیکھ طالب منتظر، مجھے دیکھ شکل مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں تیری جبین نیاز میں

مرزائی امت اس بات کی شدت سے خواہش مند تھی کہ وہ حضرت علامہ اقبال کے مدمقابل کے طور پر اپنے ہاں کوئی ایسی شخصیت سامنے لائے لیکن ان احمقوں کو یہ معلوم نہیں کہ دانائے راز صدیوں میں آتا ہے جس کا مقابلہ مرزا غلام احمد جیسے مسیلمہ کذاب نہیں کر سکتے۔ اکثر مرزائی کلاس فیلو یہ دعویٰ بھی کرتے تھے کہ ان کے نبی کے فیض کے اثر سے سب سے زیادہ مرزائی شہر اقبال سیالکوٹ میں ہوئے ہیں۔ قصہ مختصر مرزائیوں نے مرزا غلام احمد کی شان بلند کرنے کے لیے جس طرح کئی پاپڑ بیلے اس طرح علامہ کے مرتبہ کو کم کرنے کے لیے بے شمار حربے استعمال کیے لیکن نہ وہ اپنے ''نبی'' کا مقام بلند کر سکے نہ علامہ کی شان گھٹا سکے۔

کالج کا ماحول بھی بالکل تعلیم الاسلام ہائی سکول جیسا تھا۔ یہاں بھی مذہبی حوالے سے مرزائی اجارہ داری تھی۔ نصابی مضامین کے علاوہ ایک اضافی مضمون ''تھیالوجی'' ہر طالب علم پر پڑھنا لازم تھا اور مرزائی کتب پر مشتمل تھا۔ کالج کے یونیفارم میں ''سوئی'' کالی ٹوپی اور سیاہ انڈر گریجویٹ گاؤن شامل تھا۔ کالج کے تمام اساتذہ بظاہر خوش مزاج مگر تعصب کے ''پرکالے'' تھے۔ ہمیں اردو ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پرواز ی پڑھایا کرتے تھے۔ وہ اپنے پیریڈ میں کسی نہ کسی بہانے مرزائیت کا پرچار جاری رکھا کرتے تھے۔ انھیں کالج کی طرف سے آفس کے لیے جو کمرہ دیا گیا تھا وہ درحقیقت ایک ''کشادہ غسل خانہ'' تھا چنانچہ جب بھی کسی لڑکے کو کمرے میں بلانا مقصود ہوتا تو وہ کہتے ''ارے میاں ذرا میرے غسل خانے میں آ جانا''۔

جو لڑکے کمرے کی حقیقت سے واقف تھے انھیں تو کوئی حیرت نہ ہوتی لیکن نئے لڑکے ایک مرتبہ تو گھبرا جاتے۔ ان کی گھبراہٹ اپنی جگہ بجا ہوتی کیونکہ ربوہ کے اساتذہ کی اکثریت ''مے کچرز'' کی خوگر تھی۔ کلاس میں پرواز ی صاحب اکثر لڑکوں سے پوچھا کرتے بھئی! آپ نے بھی عشق فرمایا ہے؟ لڑکے بھی جواباً پوچھتے ''سر! آپ نے بھی فرمایا ہے؟'' اس پر پرواز ی صاحب کہتے میں نے عشق فرمایا نہیں کیا ہے اور جن سے کیا وہ میری اہلیہ ہیں۔'' ہمارے ایک کلاس فیلو نعیم شاہ سے انہوں نے پوچھا کیا تم نے بھی عشق فرمایا ہے؟ ''کہا جی'' پوچھا ''کس کے ساتھ؟'' نعیم شاہ نے کہا جناب محلے کی ایک لڑکی کے ساتھ۔ اس پر پرواز ی صاحب فرمانے لگے بھئی دیکھ لینا کہیں دولڑکا نہ ہو اور تمہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں''۔

صوفی بشارت ایم اے عربی کی کلاسیں لیا کرتے تھے۔ جن میں لڑکیاں بھی ہوتی تھیں۔ کلاس روم کے وسط میں ایک بڑا سا پردہ لٹکا دیا گیا تھا جس کے دوسری طرف لڑکے ہوتے تھے۔ درمیان میں یعنی دونوں اصناف کے سامنے صوفی صاحب براجمان ہوتے تھے۔ ان پر لڑکیوں کے روئے جمال دیکھنے پر کوئی پابندی نہیں تھی تاہم لڑکوں کے لیے ان کی ہم جماعت لڑکیاں شجر ممنوعہ تھیں جن کی طرف دیکھنا زندان میں

جانے کے مترادف تھا۔ ایک مرتبہ ایک لڑکا اپنے لمبے قد کی وجہ سے دھر لیا گیا۔ موصوف ایم اے عربی کا طالب علم تھا اس کا ''لمبا قد'' کمرے میں معلق پردے سے اونچا تھا۔ وہ کلاس میں کھڑا تھا کہ اس دوران صوفی بشارت کلاس میں وارد ہوئے، انہوں نے سمجھا لڑکا پردے کے اس پار کسی ''پری'' کو دیکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بس پھر کیا تھا قہر بشارت عود کر آیا اور اس طالب علم کو کالج سے بے جرم نکال دیا گیا۔ ربوہ میں یہ بات عام تھی کہ صوفی بشارت اولاد جیسی نعمت سے محروم ہونے کے باعث اپنی محرومیوں کا حساب طلباء سے لیتے تھے۔ عربی کی طالبات میں سے ایک حسن و جمال کی پرتو اپنے ایک ہم جماعت پر فریفتہ ہو گئی لیکن اس طالب علم نے اپنے کالج بدر ہم جماعت کا حوالہ دے کر ہاتھ جوڑتے ہوئے موصوفہ سے کہا ''اے دشمن عقل وآگہی! مجھے معاف ہی کرو مجھ میں قہر بشارت برداشت کرنے کی ہمت نہیں''۔

اسلامیات کے پروفیسر عثمان صدیقی، جنہیں مظہری کے داغوں کے باعث ''بابا عالم سرخ پوش'' کہا جاتا تھا۔ گو مرزائی تھے مگر ان میں دیگر مرزائیوں جیسا حوصلہ نہیں تھا۔ ایک بار وہ سورہ یوسف پڑھا رہے تھے تو انہوں نے حضرت یوسف اور زلیخا کے بارے میں کچھ خرافات بیان کرنے کی کوشش کی جس پر میرے سمیت چند مسلمان طلبہ نے ان سے برملا کہا ''جناب آپ نصابی کتب پڑھا رہے ہیں لہٰذا ان میں ''اپنی جماعت'' داخل نہ کریں ورنہ ہم کلاس کا بائیکاٹ کر دیں گے۔'' بس اتنی بات کہنے کی دیر تھی صدیقی صاحب سیدھے ہو گئے۔

فضل عمر ہوسٹل میں ہر قسم کی شراب ملتی تھی۔ کوئی مرزائی لڑکا مے نوشی کرتا ہوا پکڑا جاتا تو معاملہ دبا دیا جاتا مگر جب کوئی مسلمان لڑکا گرفت میں آ جاتا تو اس کی باقاعدہ تشہیر کی جاتی اور اسے کالج سے نکال دیا جاتا۔ ایک بار ہمارے ایک دوست شاہد نسیم پر بھی شراب نوشی کا الزام لگایا گیا۔ اس سے قطع نظر وہ قصور وار تھا یا نہیں اس کو باقاعدہ سزا دی گئی اور کالج چھوڑنے پر مجبور کر دیا گیا۔

❁...❁...❁

احمدی ڈاٹ آرگ

قادیانیت کے تعاقب میں

زیر نظر مضمون انٹی قادیانیت ویب سائٹ www.alhmedi.org پر قادیانیت سے متعلق نہایت علمی اور انکشافاتی مضامین سے اخذ کردہ ہے۔ قادیانی عقائد و عزائم اور ان کی موجودہ سرگرمیوں پر گہری نظر رکھنے والے معروف صحافی و قلم کار جناب احمد کریم شیخ اور جناب ایس اے خان کے تحقیقی مضامین پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ مضامین قادیانیت کی اندرون خانہ مذموم سرگرمیوں کی حقیقت پر مبنی ہیں اور کوئی ذی شعور شخص ان تلخ حقائق سے انکار نہیں کر سکتا۔ قادیانی جماعت کے بانی آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی اس کے بیٹوں اور تمام نہاد قادیانی خلفاء کی متنازعہ تحریروں اور بھیانک کردار پر ان حضرات کا قلم نشتر کا کام کرتا ہے۔ کچھ اصولی باتوں سے قطع نظر اس سائٹ پر قادیانیت کی موجودہ تمام سرگرمیوں کا بہترین انداز میں تعاقب کیا جاتا ہے۔ پھر یہاں ان سرگرمیوں کا زبردست پوسٹ مارٹم کر کے ہر خاص و عام کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اس ویب سائٹ کے منتظمین کی محنت، جرأت اور بے باکی قابل داد ہے۔ جو جن جانگسل حالات میں کام کر رہے ہیں، یہ تاریخ کا ایک حصہ اور اپنی مثال آپ ہے۔

بعض اہم اور انکشافاتی باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ قادیانی جماعت کے بعض اہم سرکردہ راہنما ذہنی طور پر جماعت چھوڑ چکے ہیں اور ایک خاص مصلحت کے تحت جماعت سے عارضی تعلق قائم رکھے ہوئے ہیں۔ یہ حضرات اندرون خانہ اپنی جماعت کی تمام سرگرمیوں کی رپورٹ اس سائٹ کے منتظمین کو فراہم کرتے ہیں۔ پھر یہ معلومات عام قارئین کے استفادہ کے لیے سائٹ پر جاری کر دی جاتی ہیں۔ یہ مضمون ایسی ہی دلچسپ اور ہوشربا معلومات پر مشتمل ہے۔ پڑھیے، سر دھنیے اور قادیانی ذہنیت پر لعنت بھیجیے! (مرتب)

ایک عیسائی کے لیے دعائے مغفرت

فرینکفرٹ..... جرمنی سے ملنے والے ایک تراشہ کے مطابق محمودی شریعت جس میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے کسی فوت ہونے والے فرد کے لیے نماز جنازہ تو کجا ہاتھ اٹھا کر

دعائے مغفرت کرنے کی بھی اجازت نہیں، اسی جماعت محمودیہ جرمنی کے نیشنل امیر غیر مختون عبداللہ واگس ہاؤزر کے والد Hans Wagishauser کی وفات ہوئی ہے تو ان کی قبر تیار ہونے پر جرمنی کے کثیر تعداد میں جمع افراد جماعت نے اجتماعی دعا کی۔" محمودیت کے کردار کی منافقت اور خبث باطن کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب مرزا محمود سے پوچھا گیا تھا کہ کسی مسلمان کا معصوم بچہ فوت ہو جائے تو کیا اس کا جنازہ پڑھنا جائز ہے؟ تب مرزا محمود نے بڑے غضب کے ساتھ کہا کہ کیا کسی عیسائی ہندو یا یہودی کا بچہ مر جائے تو اس کا جنازہ پڑھو گے؟ ان محمودیوں کے نزدیک کسی مسلمان کے لیے دعائے مغفرت کرنا جائز نہیں ہے۔ کسی ایسے لاہوری احمدی کا جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے جو مسیح موعود پر ایمان رکھتا ہو مگر مرزا محمود کی محمودیت کا منکر ہو اور تو اور ایسے احمدی جو اسی جماعت سے متعلق ہیں مگر کسی وجہ سے سسٹم کی چیرہ دستیوں سے خفا ہوتے ہیں ان کا جنازہ تک نہیں پڑھا جاتا۔ دعا نہیں کی جاتی مگر اب اسی نظام محمودیت نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ ایک عیسائی کی موت پر اس کی قبر پر دعائے مغفرت کرائی ہے اور باقی جماعت کو بھی ان الفاظ میں دعائے مغفرت کرنے کی تحریک کی گئی ہے۔ "قبر تیار ہونے پر کثیر تعداد میں جمع افراد جماعت نے اجتماعی دعا کی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے ساتھ اپنی رحمت و مغفرت کا سلوک فرمائے"۔ (بحوالہ" اخبار احمدیہ جرمنی۔ مئی 2002ء۔۔۔۔ مطبوعہ ضمیمہ الفضل انٹرنیشنل لندن)

انکشافات

فرینکفرٹ۔۔۔ سائٹ کے نمائندہ کے دورہ جرمنی کے دوران یہ انکشاف ہوا ہے کہ وہاں جن افراد کو اخراج کی سزا دی گئی تھی ان میں سے بعض افراد نے جماعت کے اس اقدام کو عدالت میں چیلنج کر دیا ہے۔ ایک مقدمہ کے سلسلہ میں پہلی پیشی دسمبر کے مہینے میں ہے، جبکہ مزید دو تین مقدمات بھی دائر ہو رہے ہیں۔ جماعت کے موجودہ جنرل سیکرٹری زبیر احمد خلیل کے بارے میں مصدقہ اطلاع ہے کہ وہ سابقہ پاکستانی فوجی افسر ہیں۔ پاکستان میں ان کا کورٹ مارشل ہوا تھا۔ وہاں وہ فوج میں ہونے کے باوجود ایک ٹریول ایجنٹ کے ساتھ مل کر جماعت کے افراد کو بیرون ملک اسمگل کیا کرتے تھے۔ جماعت کے خلاف نئے دائر ہونے والے مقدمات میں ایک اہم مقدمہ افراد کی منظم اسمگلنگ کا بھی ہوگا۔ اس میں زبیر احمد خلیل کا کردار اور امور عامہ کے بعض سابقہ سیکرٹریوں کا کردار بھی کھل کر سامنے آئے گا۔ زبیر احمد خلیل کے بہنوئی ان سے پہلے جماعت کے جنرل سیکرٹری تھے اور ان کو دو دفعہ جماعت کی عورتوں کے ساتھ موقع پر پکڑا گیا تھا۔ ایک بار لائکن شہر کی ایک آئس کریم شاپ کی لیٹرین میں اور ایک بار زبیر احمد خلیل کی بہن نے خود نیشنل امیر کی معیت میں انہیں ایک گھر سے رنگے ہاتھوں پکڑا تھا۔۔۔۔۔ زبیر احمد خلیل کے کزن مولوی پادے کے فرزند اور مولانا عطاء المجیب راشد امام مسجد فضل لندن کے داماد منصور الحق جو امور عامہ اور کئی دوسرے اہم شعبوں میں رہ چکے ہیں اور ہمیشہ اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں ان کے بارے میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ

ربوہ میں ایک بار ان کے ساتھ تین احمدیوں نے مل کر زبردستی بدفعلی کی تھی۔ اس پر مقصود الحق نے ربوہ کی پولیس سے رابطہ کیا' وہاں اپنے ساتھ ہونے والی اس بدفعلی کی شکایت درج کرانے گئے، جس کے نتیجہ میں ان کو اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کی ساری تفصیل بتانا پڑی۔ اس زیادتی کی خبر تب اخبارات میں شائع ہوئی تھی۔ نیشنل امیر جرمنی کے بارے میں ایک ''نوری'' خبر کا انکشاف بھی ہوا ہے لیکن ابھی اس کے مزید شواہد جمع کیے جا رہے ہیں، جلد ہی نیشنل امیر جرمنی کی ''نوری خبر'' آن لائن ہوگی۔ ایسے سارے کرتوتوں والے لوگ یہاں جماعت کے افراد کی معمولی معمولی سی کوتاہیوں پر سخت فیصلے صادر کرتے ہیں۔

میں متعدد مغربی ممالک کا سفر کر چکا ہوں اور ان ممالک کے جماعتی عہدیدار گھرانوں کے حالات سے بہت اچھی طرح سے واقف ہوں۔ اس لیے میں سارے محمودیوں کو چیلنج دے کر کہتا ہوں کہ تمہارے سارے انگلینڈ' امریکہ' کینیڈا' جرمنی اور دوسرے یورپین ممالک میں آباد گھرانوں میں سے ایک بھی عہدے دار کا گھر ایسا نہیں ہے جو زنا سے پاک ہو۔

جیسا کرو ویسے چیلے

مرزا محمود کی پوری زندگی میں ان پر زنا کاریوں کے جو خوفناک قسم کے الزامات لگتے رہے ہیں ان کے جواب کے لیے آسان اور معقول راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ ابھی تک جماعت کی طرف سے کسی رنگ میں بھی جتنے جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے یا جو کچھ کہنے کی کوشش کی گئی ہے، ان کے حوالے سے صرف اتنا ظاہر ہوتا ہے کہ اگر کسی پر زنا کا الزام ہو اور اس کی طرف سے مرزا محمود کی صفائی والا جواب دیا جائے تو دنیا کا ہر زناکار اس الزام سے بری قرار پاتا ہے۔ ہمارے نزدیک سابق امریکی صدر بل کلنٹن اس لحاظ سے مرزا محمود سے بہت عظیم ہیں کہ معمولی رد و کد کے بعد انھوں نے نہ صرف اپنے جنسی سکینڈل کو تسلیم کر لیا بلکہ علی الاعلان اس پر شرمندگی کا اظہار بھی کر دیا۔

ایم ٹی اے کی خدمت

کینیڈا کے مشن ہاؤس میں مبشر ڈار کے باکسر بھائی اور ان کی منگیتر کے ساتھ رونما ہونے والا افسوسناک واقعہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ جماعت میں امراء کے سرچڑھے عہدیدار بعض اوقات گھٹیا اور ذلیل حرکات صرف اس لیے کر ڈالتے ہیں کہ انھیں معلوم ہوتا ہے کہ انھیں بچانے والے سائیں موجود ہیں۔ چند برس قبل جرمنی میں ایم ٹی اے کے لیے جب بچیوں کی ایک ہفت روزہ تربیتی کلاس کا فرینکفرٹ میں اہتمام کیا گیا تو ایک رات ایم ٹی اے کے ہنرمندوں نے ہی ایک کلاس میں آئی ہوئی بچی کا اجتماعی ریپ کر ڈالا اور جن کیمروں سے وہ خلیفہ وقت کے روحانی پروگراموں کی عکسبندی کرتے تھے انہی کیمروں سے اس اجتماعی ریپ کی فلمبندی بھی کرتے رہے۔ "مجاہدین" چونکہ اپنوں میں سے تھے اس لیے کیس کو دبا

دیا گیا۔ یاسر بھائی نے اگر اپنے زور بازوؤں سے ردعمل دکھایا تو یہ اس کا فطری عمل تھا جبکہ بدتمیزی کے مرتکب ہونے والے شخص کا اصولی طور پر نظام از جماعت سے اخراج ضروری تھا جو ظاہر ہے سائیں ذاتی ہونے کی وجہ سے نہیں ہوا۔ جماعت کے انتہائی اعلیٰ عہدے پر فائز ان کی بہن کے ساتھ جو بدسلوکی ہوئی یہ بھی غیر انسانی اور غیر مہذب سلوک کے زمرے میں آتی ہے۔ ان مہذب ممالک میں رہ کر بھی اگر ظلم اور زیادتی کے سامنے سر جھکانا ہی جماعت کا مطالبہ ہے تو پھر جماعت کی سچائی کے تمام دعوے ہی مشکوک ہو جاتے ہیں۔ جرمنی کے جلسہ سالانہ پر مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنی پہلی آمد پر ہی یہ احکام دیے ہیں کہ جماعتی عہدیدار اگر آپ پر کوئی غلط اور ظالمانہ فیصلہ بھی صادر کرتا ہے تو اس کا ناانصافی پرمبنی فیصلہ بھی بطور اطاعت مان کر معاملہ خدا پر چھوڑ دیں، یہ وہ حکم ہے جس کی قرآن نہ صرف نفی کرتا ہے بلکہ جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق بلند کرنے کو اوّل درجے کا جہاد قرار دیتا ہے، مرزا مسرور احمد صاحب کے اس غاصبانہ اور قرآن سے منکرانہ فیصلے پر عملدرآمد کر کے پوری جماعت گناہ کی مرتکب ہوگی۔

رہائی یا ظلم؟

ایڈمنٹن (کینیڈا) کی ایک معروف اور مخلص فیملی احمدیہ تحریک کے ظالمانہ نظام کی بھینٹ چڑھ گئی۔ مورخہ 12 نومبر 2004ء کو پورے کینیڈا کی جماعتوں میں اعلان کے مطابق، ایڈمنٹن کے جناب مرزا منظور احمد کے گھرانے جن میں ان کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں بمعہ بچوں اور مسز منظور کو جماعت سے اخراج کی غیر اخلاقی، غیر انسانی اور غیر اسلامی سزا کا حکم سنایا گیا۔ حاصل کردہ معلومات کی تفصیلات کے مطابق اس ظلم کا پس منظر کچھ یوں ہے۔

مرزا منظور احمد کا تعلق ایک مخلص اور پرانے واقف ربوی احمدی گھرانے سے ہے۔ آپ کے ایک بھائی مرزا مقصود احمد پشاور کے امیر جماعت اور ایک بھائی مرزا حفیظ نوشہرہ کے امیر جماعت رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ کینیڈین امیر مولوی نسیم مہدی صاحب کے سیکرٹری جناب کمانڈر اسلم، مرزا منظور کے ہم زلف ہیں، مرزا منظور فیملی کا جرم یہ ہے کہ منظور صاحب کی ایک نواسی نے احمدیہ کلٹ (Cult) کو خیرباد کہہ کر ایک مسلمان نوجوان سے شادی کر لی تھی۔ جس میں خاندان کے کسی فرد نے شرکت نہ کی تھی، چند ماہ پیشتر جولائی میں اسی نواسی نے اپنے میکے اور سسرال کے افراد کے ساتھ کیلگری میں ایک مختصر سا فنکشن کیا جس میں خواتین و حضرات اکٹھے تھے، اس تقریب میں اطلاع کے مطابق لڑکیوں نے شادی کا سا ماحول بنا کر گیت گائے اور ناچ بھی گیا، یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ سب سے زیادہ ناچ دلہن کی بہن نے کیا جو مولوی نسیم مہدی کے سیکرٹری کمانڈر اسلم کی بہو ہیں، اور اس لڑکی کو مولوی مہدی یا مسرور صاحب نے اخراج سے مبرا رکھا، کیوں؟ مرزا منظور صاحب کو اخراج کی سزا نہیں دی گئی حالانکہ وہ شامل تھے، (غالباً اس لیے کہ انہوں ڈانس نہیں کیا تھا؟) جن افراد کا اخراج ہوا ہے ان کی کل تعداد بچوں سمیت تقریباً دس یا تیرہ ہے۔ اس

میں دودھ پیتے بچے بھی شامل ہیں۔ کیا سجادہ نشین مرزا مسرور صاحب آنے والے جلسے کے موقع پر اس کی تعداد کا بھی ذکر کریں گے؟

اس ظلم کے حوالے سے جو چند سوالات پیدا ہوتے ہیں، ان پر اظہار خیال کے لیے ہم اپنے قارئین کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اپنے خیالات سائیٹ کے لیے ہمیں ارسال کریں یا بحث فورم پر براہ راست لکھیں۔

1- تمام احمدیوں کو جو اس تقریب میں شامل تھے خارج کیوں نہیں کیا گیا؟ صرف خاص افراد کو ہی کیوں سزا دی گئی۔

2- احمدی جب اس بات پر بضد ہیں کہ وہ مسلمان ہیں تو پھر دوسرے مسلمان سے شادی یا ان سے ملنا جلنا باعث سزا کیوں؟

3- سجادہ نشین مرزا مسرور احمد صاحب منافقت سے کیوں کام لیتے ہیں، کیوں مسلمانوں کو صاف نہیں کہتے کہ وہ مسلمان نہیں ہیں؟ کیونکہ مسلمان صرف اور صرف وہ ہے جو غلام احمد قادیانی صاحب کو مانتا ہے۔ (جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا، ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں ہے۔ حقیقۃ الوحی، ص 167)

4- کیا یہ نفرت کی انتہا نہیں کہ وہ انسان جو اللہ، اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کتاب پر ایمان رکھتے ہیں، صرف اس وجہ سے نفرت کیے جائیں کہ وہ غلام احمد قادیانی صاحب کو نبی نہیں مانتے، اور اگر ایسے خیالات والے لوگ آپس میں مل بیٹھیں تو مجرم گردانے جائیں اور احمدیہ کلٹ (Cult) کی نفرت کا شکار ہو جائیں۔

5- کیا احمدیہ کلٹ (Cult) نفرت نہیں پھیلا رہا؟ کیا یہ لوگ انسانوں کے بنیادی حقوق اور جذبات کا استحصال نہیں کر رہا؟

ہمارے خیال کے مطابق یہ گھرانہ خوش قسمت ہے کہ اسے صیاد نے آزاد کر دیا، آپ اس کلٹ سے باہر نکل کر دیکھیں آپ کو احساس ہوگا کہ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو نہ تو کسی خاص فرقے یا مذہب کی وجہ سے آپ کو ملنا پسند کریں گے بلکہ آپ سے محبت اور بھائی چارہ صرف اور صرف انسانیت کے ناطے سے رکھنا پسند کریں گے۔ لیکن ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ بدقسمتی سے آپ کے ہمدم، آپ کی رشتہ داریاں آپ کے آڑے آئیں گی، آپ کو اپنے جنازے کا خیال آئے گا، آپ کو اپنے غیر شادی شدہ بچوں کا خیال آئے گا اور یہ احمدیہ کلٹ آپ کو مجبور کر دے گا کہ آپ اپنا سر ان کے پاؤں پر رکھ دیں۔ آپ رو رو کر ناک رگڑ رگڑ کر معافیاں مانگیں، اور فرعونی نظام اور اس کا ہامان ایک عجیب قسم کی خوشی محسوس کرے گا، کیونکہ انھوں نے آپ کے ذہنوں میں یہ ڈال رکھا ہے کہ یہ خدا کے نمائندے ہیں، دوستو جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے، یہ مذہبی غنڈے ہیں، یہ مذہبی دہشت گرد ہیں، خود اللہ کے مجرم ہیں، انھیں اپنی خبر نہیں کہ ان سے ہاتھ اللہ

نے کیا سلوک کرنا ہے۔ عزیزو یہ طوق غلامی اگر خوش قسمتی سے اتر گیا ہے تو اس پر جشن مناؤ، شکرانے ادا کرو، حزن وملال سے کام نہ لو۔ اللہ کی ذات پہ ایمان رکھتے ہوئے بھروسہ رکھو کہ یہ خود اپنی جان بخشی کے لیے باؤلے سگ کی طرح ہلکان ہو رہے ہیں، اللہ نگہبان سب کا۔

ملکہ کا کتا اور تعزیت!

مفادات، چاپلوسی اور غلامی کیا کیا ناچ نچواتی ہے اس کی تازہ ترین مثال کچھ اس طرح سے ہے۔ کرسمس سے پہلے ملکہ برطانیہ کا جان سے پیارا Corgi کتا، ملکہ کی بیٹی شہزادی این کے کتے کے ہاتھوں اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا اور ملکہ برطانیہ کے ساتھ ان کے خونی اور روحانی رشتہ داروں کو بھی سوگوار کر گیا، دنیا کے اخباروں، ٹی وی اور دیگر میڈیا نے بھی اس ناگہانی خبر کو خاص خبر بنایا ہے، جہاں پر دنیا کے سربراہوں نے ملکہ کو تعزیتی پیغامات ارسال کیے ہیں وہاں پر سب سے نمایاں اور حق نمک حلالی اور غلامی ادا کرتے ہوئے اللہ کے بنائے ہوئے خلیفہ نے بھی ملکہ عالیہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے Corgi مرحوم کے لیے فردوس بریں کی دعا کی ہے۔

کچھ احباب کو تعزیت ناگوار گزرے گی اور کہیں گے یہ نہیں ہو سکتا، خلیفہ صاحب نے نہیں ایسا کیا اور کچھ کہیں گے اس میں کوئی برائی نہیں بلکہ ہمارے اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ ہے، جیسے آپ اس پر اپنے دوستوں کے ساتھ اظہار خیال کریں، مگر اس سوال پر غور کریں تو عنایت ہوگی۔

کیا اللہ کے بنائے ہوئے خلیفہ نے کبھی ان مسلمانوں کی موت پر بھی تعزیت کی جن پر حکومت امریکہ اور برطانیہ نے قیامت خیز بمباری کی؟ کیا صرف اس لیے نہیں کہ وہ ہمارے خلیفہ صاحب کی بیعت میں شامل نہ تھے؟ کیا وہ ملکہ کا کتا خلیفہ صاحب کی بیعت کر چکا تھا؟ کیا وہ مسلمان احمدی نہ تھے تو کیا انسان بھی نہ تھے؟ کیا مرزا صاحب کا پیغام دنیا کے لیے نہیں؟ جماعت کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ انگریز اگر کتا بھی پالتا ہے تو اس کا حسب نسب دیکھ کر پالتا ہے لہٰذا یہ پتہ چل سکتا ہے کہ وہ Corgi احمدی تھا یا نہیں!

تعزیت کے بعد اگر خلیفہ صاحب اس کی نماز جنازہ پڑھانے کا فیصلہ کر لیں تو براہ مہربانی اس کا اعلان MTA پر ضرور کرا دیں اور ساتھ ہی دیگر تمام جماعتہائے احمدیہ کو ہدایت جاری فرما دیں کہ وہ بھی تعزیتی پیغامات فوری ارسال کریں، دیر کرنے کی صورت میں کہیں ہم ناشکروں میں شامل نہ کر دیے جائیں!

راسپوٹین

مرزا محمود کی ذاتی زندگی میں جنسی بھوک بھی شدت سے تھی، مرزا محمود نے سات شادیاں کیں،

جو سب کی سب شادی کے وقت کنواریاں تھیں، وفات کے وقت ایک سے زیادہ بیوائیں چھوڑیں، محمودیت نے قادیان میں لوگوں کے قتل کرائے، اخراج جیسی غیر انسانی، غیر اخلاقی سزائیں دیں، گھروں کو جلوایا اور لوگوں کو قادیان بدر کیا۔ مرزا محمود قادیان میں اپنے ظلم و ستم کے میدان گرم کرنے کے بعد تقسیم ہند و پاک پر ربوہ پاکستان میں آ براجمان ہوئے اور اپنے خاص کی تسکین کو پورا کرنا چاہا جس میں پوری طرح کامیاب رہے۔ جہاں پر مرزا محمود ظلم و ستم میں لاثانی تھے وہاں محمودیت کو پھیلانے اور دنیا کے کناروں تک پہنچانے میں بھی لاثانی تھے، گو وہ خود کو ثانی کہلاتے تھے۔

مرزا محمود کی ہوس کاریاں

تاریخ بتاتی ہے کہ مرزا محمود انتہائی زناکار اور بدکار انسان تھے۔ اس جملے سے یقیناً بہت سارے قادیانی حضرات کو دکھ ہوگا۔ ان سب سے معذرت کرنے کے ساتھ ان سے درخواست ہے کہ وہ پہلے ان حقائق کی ایمانداری سے تصدیق کریں پھر جو ان کا ضمیر فیصلہ کرے، اس پر عمل کریں۔ مرزا صاحب کی زندگی میں ہی مرزا محمود پر بدکاری کا پہلا الزام لگا تھا، جس پر ان کے والد نے ایک کمیشن انکوائری کے لیے بٹھایا۔ اس میں مولوی نورالدین اور مولوی محمد علی شامل تھے۔ تب مرزا محمود کی والدہ نے جا کر ان کے سامنے جھولی پھیلا کر مرزا محمود کی بریت کی منت کی۔ یہ حقائق آن دی ریکارڈ ہیں۔ اور مولوی محمد علی نے اس کا اقرار بھی کیا ہے۔ قادیانی حضرات اس سے انکار کریں تو سارے نام اور شواہد پیش کیے جا سکتے ہیں۔ اگرچہ اس کیس میں انہیں باعزت بری نہیں کیا گیا بلکہ شک کا فائدہ دیا گیا لیکن اس سے یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے مرزا محمود پر الزامات کا سلسلہ اوائل عمر سے ہی لگ گیا تھا۔ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات!

1914ء میں اپنے عالم شباب میں زمام اقتدار سنبھالنے کے بعد مرزا محمود کو کھل کر زناکاری کے مواقع ملنے لگے۔ وہ کئی مریدنیوں سے زنا کر کے پھر انہیں دھمکاتے کہ اگر کسی کو بتاؤ گی تو کوئی تمہارا یقین نہیں کرے گا اور تمہیں جماعتی طور پر بھی نقصان اٹھانا پڑے گا۔ یہ کھیل جاری تھا کہ 1927ء میں پہلی بار ایک شور اٹھا۔ یہ شور اٹھانے والے میاں زاہد اور عبدالکریم اور ان کے خاندان کے افراد تھے۔ عبدالحق کی بیوی سکینہ نے بتایا کہ حضور نے اس کے ساتھ زنا کیا ہے۔ سکینہ کے سارے ماںکے والوں اور عبدالحق کے بھائیوں نے خلیفہ کے خلاف آواز اٹھائی۔ مباہلہ کے ذریعے زنا کے الزام سے بریت کا مطالبہ کیا۔ مرزا محمود نے زنا سے بریت کے لیے مباہلہ کا مطالبہ نہیں مانا۔ سکینہ کے شوہر عبدالحق کو جماعتی طور پر نوازا گیا اور وہ آج تک مرزا عبدالحق کے نام سے مشہور ہیں۔ سکینہ مرتے دم تک اپنے الزام پر قائم رہی لیکن اسے نفسیاتی مریضہ بنا دیا گیا۔ مرزا عبدالحق کے بھائی مرزا نہ بن سکے۔ ان سب کو اور زاہد اور عبدالکریم وغیرہ کو قادیانی تاریخ میں "فتنہ مستریاں" قرار دیا گیا۔ اگر وہ بھی اپنی عزتوں کو مرزا محمود کی ہوس کی بھینٹ چڑھا دیتے تو مرزا عبدالحق کی طرح وہ بھی "مستری" کہلانے کے بجائے "مرزا" کے اعزاز سے نواز دیے جاتے۔ مرزا

عبدالحق نہ صرف مستری سے ترقی کر کے مرزا بن گئے بلکہ وہ قادیانی تاریخ کا پہلا ایسا کردار ہیں جو مرزائی فیملی سے نہ ہونے کے باوجود بھی ساری زندگی اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز رہے۔ جماعت کے صوبائی صدر کا عہدہ گزشتہ کئی دہائیوں سے ان کے پاس ہے۔ میاں زاہد تو مرزا محمود کے دست راست تھے۔ ان کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ مرزا محمود ان کی بہن اور عبدالحق کی بیوی سیدہ کے ساتھ بھی زنا کر جائیں گے۔ اس معرکہ حق و باطل میں مرزا محمود مباہلہ کر کے اپنی برأت کے لیے بالکل تیار نہ ہوئے۔ تاہم اس کا چرچا مذہبی دنیا میں بڑے پیمانے پر ہوا۔ 1934ء میں مرزا محمود کی زناکاریاں قادیان کی حدود سے باہر نکل آئیں۔ لاہور کے سسل ہوٹل میں کوئی قادیانی منتظم تھا۔ مرزا محمود وہاں گئے تو اسی ہوٹل کی اطالوی رقاصہ مس روفو کو دیکھ کر پھسل گئے۔ کسی کو پتہ نہ چلا اور مس روفو ہوٹل سے غائب ہوگئی۔ اسی دن شام کو ہوٹل میں ایک تقریب تھی۔ اس تقریب کے سلسلے کا سامان مس روفو کے کمرے میں بند تھا اور مس روفو غائب تھیں۔ اس وجہ سے اس کی گمشدگی کی خبر اخبارات تک پہنچی۔ اخبارات میں شور اٹھا تو پھر بھید کھلا کہ مس روفو کو مرزا محمود قادیان لے گئے ہیں۔ اس پر لوگ ہنسے اور مرزا محمود کے کردار پر پھبتیاں کسی گئیں تو مرزا محمود نے خطبہ دیا (بحوالہ الفضل 18 مارچ 1934ء) کہ میں اس لیڈی کو اپنی بیویوں اور بیٹیوں کو انگریزی سکھانے کے لیے لایا تھا۔ تب اخبارات نے لکھا کہ اطالویوں کا تو اپنا انگریزی لہجہ بھی ٹھیک نہیں ہوتا۔ پھر ایک طوائف اور رقاصہ کے ذریعے مقدس خاندان کی خواتین کو انگریزی سکھانا؟ اور مس روفو تو خود بھی انگریزی نہیں جانتی تھی۔ قادیانی حضرات مولانا ظفر علی خاں کی وہ نظمیں بڑے اہتمام سے اپنے لٹریچر میں بطور سند درج کرتے رہتے ہیں جو انھوں نے مجلس احرار کے خلاف لکھی تھیں۔ مس روفو والے سکینڈل کے موقع پر بھی مولانا ظفر علی خاں نے بڑی مزے کی شاعری کی تھی۔ یہ شاعری تب ہی اخبار "زمیندار" میں شائع ہوتی رہی۔ امید ہے قادیانی حضرات ان دو نظموں سے حقائق کو سمجھنے کی کوشش کرنے کے ساتھ ان سے لطف بھی اٹھائیں گے۔

اطالوی حسینہ

اے کشور اطالیہ کے باغ کی بہار
لاہور کا دمن ہے ترے فیض سے چمن
پیغمبر جمال تیری دل ربا ادا
پروردگار عشق ترا چلبلا چلن
الجھے ہوئے ہیں دل تری زلف سیاہ میں
ہیں جس کے ایک تار سے وابستہ سو فتن
پروردۂ فسوں ہے تری آنکھ کا خمار
آوردۂ فسوں ہے تیری ہر ادا پہ کین

پیمانہ نشاط تیری ساقی معتدل
پیمانہ سرور ترا مرمریں بدن!
رونق ہے ہوٹلوں کی ترا حسن بے حجاب
جس پہ فدا ہے شیخ تو لٹو ہے برہمن
جب قادیاں پہ تیری نشیلی نظر پڑی
سب نشہ نبوت ظلی ہوا ہرن
میں بھی ہوں تیری چشم پہ افسوں کا معترف
جادو وہی ہے آج جو ہو قادیاں شکن

ہوٹل سسل کی رونق عریاں

عشاق شہر کا ہے "زمیندار" سے سوال
ہوٹل سسل کی رونق عریاں کہاں گئی
جس کے جلو میں جاں گئی ایمان کے ساتھ ساتھ
کیا کیا نہ تھا جو لے کے وہ جان جہاں گئی
خوف خدائے پاک دلوں سے نکل گیا
آنکھوں سے شرم سرور کون و مکاں گئی
جن کے خروش حلقہ رندان لم یزل
لے کر گئی وہ حشر کا سامان جہاں گئی
روما سے ڈھل کے برق کے سانچے میں آئی تھی
اب کس حریم ناز میں وہ جان جاں گئی
یہ چیستاں سنی تو "زمیندار" نے کہا
اتنا ہی جانتا ہوں کہ وہ قادیاں گئی

اطالوی حسینہ مس روفو

تمہیں مشی فی النوم کی بھی خبر ہے؟
زمانے کے اے بے خبر نجل سوفو!
ملے گا تمہیں یہ سبق قادیاں سے
جہاں چل کے سوتے میں آئی ہے روفو

دبستان میں جانا تمہیں چاہئے ہو
تو پہنچو شہستان میں اے بے وقوفو
بہار آ رہی ہے خزاں جا رہی ہے
جو گل کھلا کر دمشقی شگوفو!
کرشن اور خورسند کیا اس کو سمجھیں
انہیں داد دو اس کی عہد افروزو!
جب اوقات موجود ہے قادیاں کی
کہاں مر رہی ہو تفو اور زیفو!

31 مارچ 1924ء

فتنۂ آخر زماں

اے قادیاں، اے قادیاں تیرے بڑے لنگور کو
اپنا لیا کرتا ہے جو ہر شب نئی اک حور کو
جس نے بنایا ناچ کر کشمیر اور میسور کو
جس کی ترش روئی ملی نیبو کو اور انگور کو
لکھوں دمشقی گو رشتہ یہ اندلس کی ماویاں
اے قادیاں اے قادیاں اے فتنۂ آخر زماں

پیسہ ترا ایمان ہے، گالی تری پہچان ہے
جنس نفاق و کفر سے چلتی تری دکان ہے
بہتان خدا پہ باندھنا تیرے نبی کی شان ہے
الہام جو بھی ہے ترا آورد شیطان ہے
یہ بھی خدا کا آخری اسلام پہ احسان ہے
نقاش کی مٹھی میں گر پوشیدہ تیری جان ہے
اے قادیاں اے قادیں اے دشمن اسلامیاں
اے فتنۂ آخر زماں

غلط فہمی

قادیانی جماعت کو بحث مباحثہ کا جو طریق ہے اس کے مطابق یہ لوگ ذلت کے ساتھ ہارنے

کے باوجود ہار نہیں مانتے۔ ان کو ان کی شکست کا احساس دلانے کے لیے بار بار باور کرانا پڑتا ہے کہ تمھارے ساتھ یہ ہوا ہے۔ اس دوست کے بقول اگر جماعت محمودیہ کو سرعام تھپڑ بھی مار دیا جائے تو نہایت ڈھٹائی کے ساتھ کہیں گے کہ یہ تو پیار سے میرے گال سہلائے گئے ہیں۔ اس لیے انھیں تھپڑ مارنے کے بعد یہ بتانا ضروری ہو جاتا ہے کہ یہ تمھیں تھپڑ مارا گیا ہے...... اسی طرح جماعت اپنی فاش قسم کی غلطیوں پر پکڑے جانے کے بعد بجائے شرمندہ ہونے کے ان کی بے ہودہ تاویل کرنا شروع کر دیتی ہے۔ اس سلسلے میں لندن کے دوست نے ساتھ ہی ایک لطیفہ بھیجا ہے اور اسے جماعت محمودیہ کی تاویلات پر عمدگی کے ساتھ چسپاں کیا ہے۔ لطیفہ یہ ہے۔ ایک شخص کسی دوسرے شہر کے پانچ روزہ دفتری دورے پر گیا ہوا تھا لیکن اسے اتفاق سے تیسرے دن ہی واپس آ جانا پڑا۔ واپس آیا تو گھر کے برآمدے میں ہی اس نے دیکھا کہ اس کی بیوی کسی غیر مرد کے ساتھ رنگ رلیاں منا رہی ہے۔ وہ خاموشی سے گھر سے اپنے سسر کے پاس چلا گیا اور اسے بتایا کہ یہ واقعہ ہوا ہے۔ میں نے اسے ٹیلی گرام دے دیا تھا کہ دورہ مختصر کر کے آ رہا ہوں..... لیکن واپس آیا ہوں تو تمہاری بیٹی کے یہ کرتوت ہیں۔ اس لیے میں کسی جھگڑے میں پڑنے کی بجائے اسے طلاق دینے لگا ہوں۔ اس کے سسر نے کہا تم ابھی طلاق نہ دو، لگتا ہے تمھیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔ اس لیے مجھے اس سے ایک بار بات کر لینے دو۔ چنانچہ وہ اپنی بیٹی سے بات کرنے گیا اور جب واپس آیا تو محمودی حضرات کی طرح بے حد خوش تھا۔ کہنے لگا دیکھا میں نہ کہتا تھا کہ کوئی غلط فہمی ضرور ہوئی ہوگی۔ میری بیٹی نے قسم کھا کر کہا ہے کہ اسے تمہارا ٹیلی گرام نہیں ملا۔ ساری خرابی محکمہ ٹیلی گرام والوں کی ہے۔ بے شک محمودی حضرات کی ساری تاویلات کا سلسلہ بھی مذکورہ سسر کے جیسا ہے۔

ملک مشتاق احمد آف ٹیکساس پر حملہ

سائٹ کو اطلاع ملی ہے کہ ملک مشتاق احمد جو کہ لطف الرحمٰن (موجودہ امام الصلوٰۃ) اور شفیق الرحمٰن سابق صدر جماعت احمدیہ آسٹن کے بہنوئی ہیں' ان پر 3 مئی 2004ء کو تقریباً رات ساڑھے گیارہ بجے ان کے مخلص احمدی بیٹے ملک احمد بلال نے اپنی والدہ اور دو بہنوں کی موجودگی میں جان لیوا حملہ کیا۔ ملک صاحب کی چھوٹی بیٹی امۃ العزیز طوبیٰ نے پولیس کو فون کر کے اپنے والد کی جان بچائی۔ سائٹ کی اطلاع کے مطابق اس حملے کا اصل محرک جماعت کی پالیسی سے عدم اتفاق ہے، کیونکہ ملک مشتاق صاحب نے اپنی چھوٹی بیٹی طوبیٰ کا نکاح' جماعت کی مرضی کے خلاف ایک نومسلم (سابق عیسائی) Anthony McMray کے ساتھ کر دیا ہے۔ نکاح سے قبل ملک صاحب نے جماعت سے رابطہ کیا تو جماعت نے کہا کہ مسٹر انتھونی کے لیے مسلمان ہونا کافی نہیں' وہ بیعت کرے اور کم از کم چھ مہینے احمدی رہے تو جماعت اس نکاح کی منظوری دے دے گی۔ ملک صاحب نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا اور لڑکے کا صرف مسلمان ہونا ہی کافی سمجھا اور اپنی بیٹی کا نکاح بذریعہ مسلمان مفتی کے پڑھوا دیا۔

یہ بات نہ تو مقامی جماعت اور نہ ہی ملک صاحب کے بیٹے اور بیوی اور ایک بیٹی کو منظور تھی۔
اب ملک صاحب جب بھی گھر والوں کے ساتھ اس بیٹی کی رخصتی کا پروگرام بنانے لگتے تو وہ (گھر والے) حیلوں بہانوں سے ٹال دیتے' جس رات ملک صاحب پر حملہ ہوا اس وقت بھی اسی ٹال مٹول کی وجہ سے بات تو تو میں میں تک پہنچی اور مخلص احمدی بلال نے باپ پر حملہ کر دیا۔ خوش قسمتی سے پولیس بروقت پہنچ گئی اور ملک صاحب کی جان بچ گئی پولیس نے کیس درج کر کے اور آئندہ اس قسم کے کسی حملے سے ملک مشتاق صاحب کو بچانے کے لیے مخلص احمدی ملک بلال کو اس کے باپ کے گھر سے نکال دیا ہے۔

جب ملک صاحب نے مقامی جماعت کے موجودہ صدر افتخار نفیس صاحب سے رابطہ کیا تو انہوں نے ایک ہفتہ سے قبل ملنے سے معذرت کر لی کہ ان کے پاس وقت نہیں' اور یہ بات بھی نوٹ کرنے کے قابل ہے کہ ملک صاحب نے اپنے بیٹے اور بیوی کے رویہ اور جماعتی نظام کی درپردہ شہ کو دیکھتے ہوئے اس قسم کے حملے کا خدشہ تقریباً دو ماہ قبل ہی اپنے برادران نسبتی (لطف الرحمٰن اور شفیق الرحمٰن صاحبان) سے کر دیا تھا۔ کیا یہ حملہ جماعت نے کروایا ہے؟ کیا جماعت کسی طرح اس کی پلاننگ میں شامل ہے؟ (ہماری رائے میں یہ جماعت کی وہ تعلیم ہے جسے برین واش کہا جاتا ہے' اس وجہ سے ایسا ہوا ہے۔)

بشیر رفیق کو صدمہ؟

لندن سے آمدہ اطلاع کے مطابق لندن میں قادیانی عبادت گاہ کے سابق امام بشیر رفیق کے صاحبزادے جو جعلی پاسپورٹ بنانے کا کاروبار کرتے تھے اور جنھوں نے جماعت کے بے شمار افراد کو برطانیہ میں سیاسی پناہ دلوائی تھی۔ ان پر جعلی پاسپورٹ بنانے کا جو مقدمہ چل رہا تھا' اس کا فیصلہ لندن کی عدالت نے کر دیا ہے اور انہیں 3 سال 10 ماہ سخت قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

ڈھکنے

ربوہ سے ایک احمدی بہن لکھتی ہیں کہ ایک مرتبہ مسجد مبارک میں حضرت خلیفہ ثالث درس قرآن دے رہے تھے۔ جب آپ اس آیت کی تفسیر کر رہے تھے "ناموں کو بگاڑا نہ کرو" تو میرا ذہن ناموں میں الجھ کر رہ گیا' میں سوچنے لگی کہ خاندان مسیح موعود میں ہر اصل نام کو پیار سے بگاڑ کر پکارتے ہیں مثلاً آپا امۃ النصیر کو "بی بی چھیرو" امۃ الباسط کو "بی بی باچھی" یا مرزا مجید کو "میاں موجی" مرزا طاہر کو "میاں طاری" وغیرہ۔ تو کیا حضور کے خاندان کے لوگ قرآن کے حکم کے منافی چلتے ہیں؟ میرا ذہن کہاں سے کہاں جا رہا تھا کہ درس ختم ہو گیا اور میں گھر واپس آ گئی تو امی سے اپنی سوچ کا اظہار کیا' امی نے بتایا کہ حضرت مسیح موعود اپنے ہر بچے کا پورا اور صحیح نام لے کر پکارتے تھے آپ نے کبھی بھی کسی بچے کا نام نہ پیار سے نہ غصے سے بگاڑ کے لیا تھا۔ میں نے کہا میں یہی تو سوچ رہی ہوں کہ اب ایسا کیوں اور خصوصاً خاندان مسیح موعود میں؟ اور ایک واقعہ ایسا یاد آیا جو اتنا پرانا نہیں چند روز پہلے حضور خلیفہ الخامس کے دورہ افریقہ کی تصاویر دیکھ رہی تھی

کہ حضور اور بیگم صاحبہ جہاز سے باہر آ رہے ہیں' بیگم صاحبہ حضور سے آگے ہیں۔ اس سے وہ بات یاد آ گئی جب آپ ابھی حضور نہیں بنے تھے' اس وقت آپ ناظر اعلیٰ تھے' آپا صبوحی (بیگم صاحبہ) نے کہیں جانا تھا اور حضور سے کہا کہ گاڑی کی ضرورت ہے' آپ نے دفتر فون کیا تو پتہ چلا کہ جو گاڑی آپ کے مصرف میں ہوتی ہے وہ کوئی ناظر صاحب لے گئے ہیں' حضور نے آپا سے کہا کہ آپ انتظار کر لیں گاڑی آ جائے تو چلی جانا' آپا کو کوئی ضروری کام تھا تھوڑا سا غصہ آ گیا اور کہنے لگیں کہ آپ سختی نہیں کرتے بہت نرم ہیں جس کی وجہ سے یہ سب لوگ بہت لاپرواہ ہی نہیں بلکہ آپ کو ناظر اعلیٰ بھی نہیں سمجھتے' اور آپ کی نرمی کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور آپ بالکل ''ڈھیلے'' ہیں۔ حضور نے مسکرا کر جواب دیا اگر ہم نرم دل نہ ہوتے تو آپ بھی ہمیں ڈھیلا کہہ کر بچ نہ جاتیں۔ تصویریں دیکھ کر یہ بات یاد آ گئی اور مجھے یوں لگا کہ میں کہہ رہی ہوں ''ہمارے ڈھیلے خلیفہ'' اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرے جو میرے دل میں ایسا گستاخانہ خیال آیا۔

نئے احمدی؟

جناب مرزا مسرور احمد صاحب کا دورۂ افریقہ بظاہر تو کامیاب رہا' کامیاب نظر آ رہا ہے۔ کچھ گھڑ سوار بادشاہ (یاد رہے کہ وہ بادشاہ پاکستان کے نمبرداروں کے برابر ہیں) بھی برکت ڈھونڈنے آئے اور غریب و نادار ملکوں کے صاحبان نے بھی ملاقاتیں کر لیں' اور ایک ملاقات میں تو سننے کو یہ بھی ملتا ہے کہ جب بنین کے صدر سے ملاقات ختم ہوتی ہے تو مرزا مسرور صاحب اپنے ترجمان کے ذریعہ پوچھتے ہیں (آخر غلامانہ ذہنیت ابھی تک پوری شان و شوکت کے ساتھ موجود ہے) کہ کیا ہم آپ کی ملاقات کو اپنے ٹی وی پر دکھا سکتے ہیں' صدر صاحب جواب دیتے ہیں کہ آپ بیشک آسمانوں پر بھی دکھائیں۔ لیکن احمدیوں اور دوسروں کو انتظار تھا کہ 200 ملین نئے احمدیوں میں سے کچھ کی جھلک مل سکے گی لیکن سادہ لوح مخلصین کے چہرے لٹک گئے کہ وہاں دس بیس ملین تو کیا ایک ملین بھی نہیں' بلکہ ایک لاکھ بھی نہیں نظر آئے' حالانکہ ہر احمدی کے لیے خلیفہ صاحب کی وزٹ ایک بہت بڑا روحانی واقعہ ہے' جو افریقیوں کی زندگی میں کبھی کبھار ہی پیش آتا ہے' اس لیے یہ کیسے ممکن ہے کہ انہوں نے یہ موقع جانے دیا ہو۔ بنین ہی کی بات ہے' جہاں جماعت کے انٹرنیشنل پریس سیکرٹری کے مطابق ملین احمدی ہوئے' وہاں ایک جگہ حضور پہنچے ہیں' تو اتنا زیادہ مجمع تھا' اتنا زیادہ مجمع تھا' کہ گنتی کرنے والے بھی پیچھے ہٹ گئے' وہاں موجود تمام احباب سے حضور نے فرداً فرداً ہاتھ ملایا اور بچوں میں چاکلیٹ بھی تقسیم کیں' اور یہ سب ''حضور کے معجزہ'' سے صرف دس منٹ میں فارغ ہو گئے۔ اس سے صرف ایک بات ہی ظاہر ہوتی ہے کہ جماعت کا دعووں کا جھوٹ اور فراڈ کھل کر سامنے آ گیا ہے اور ناقابل تردید شواہد ان لوگوں کو مہیا کر دیا ہے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ سب جھوٹ تھا۔ ان کا یہ سوال برحق اور ابھی تک جواب کا محتاج ہے کہ نئے احمدی کہاں ہیں؟ ایسے بھی اب کینیڈا کے جلسہ میں مرزا مسرور صاحب شامل ہو رہے ہیں اور اس جلسہ میں نہ صرف امریکہ کے بلکہ دنیا کے

بہت سے ملکوں حتیٰ کہ ہندوستان اور پاکستان سے بھی لوگ شامل ہوں گے۔ دیکھتے ہیں کہ وہاں 200 ملین کی کونسی جھلک ملتی ہے؟

جماعت احمدیہ کا اسلامی نمونہ

کینیڈا کی مسی ساگا جماعت کی لجنہ اور ناصرات کی طرف سے 9 مئی 2004ء کو مسجد میں ایک مزاحیہ خاکہ / ٹیبلو پیش کیا گیا جس سے جماعت کے نظام کی اور ذہنی' سماجی و دینی حالت کی لاشعوری طور پر بڑی صحیح عکاسی کی گئی' یہ کوشش جس رنگ میں بھی تھی شعوری یا لاشعوری' اگر یہ باتیں جماعت میں پائی جاتی ہیں تو ایک ایسی جماعت کے لیے باعث شرم ہے جو اپنے آپ کو صحیح اسلام کی دعویدار گردانتی ہے۔ اور جہاں تک ہمارا علم ہے ایسے واقعات جماعت میں ہوئے بھی ہیں۔ جناب خلیفۃ الخامس کو چاہیے کہ یہ شو اپنے دورۂ کینیڈا کے موقع پر خاص (ہو بہو) کروا کر اپنی بیگم صاحبہ کے ساتھ دیکھیں۔ اس کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ مائیں جب اپنے لڑکے کے لیے رشتے ڈھونڈنے نکلتی ہیں تو لڑکی کیسی ہونی چاہیے؟ رنگ کیسا ہونا چاہیے' ناک موٹا یا پتلا ہونا چاہیے وغیرہ وغیرہ' لیکن اصل بات کی طرف آتے ہیں' کہانی یہ ہے کہ ''ایک نو بیاہتا جوڑا ہے' خیر سے ساس سسر اور ایک عدد نند بھی ہے' ایک لڑکی نئی نئی پاکستان سے بیاہ کر لائی جاتی ہے' اب یہ نو بیاہتا جوڑا' کار میں مشن ہاؤس کی طرف روانہ ہوتا ہے' اور ساتھ میں ساس سسر اور نند بھی ہیں' لڑکا کار میں اگلی سیٹ پر اپنے ساتھ اپنی نو بیاہتا دلہن کو بٹھا لیتا ہے' یہ دیکھتے ہی ساس کی طبیعت خراب ہونا شروع ہو جاتی ہے' دوسرے دلہن جب بھی کوئی بات کرنے لگتی ہے ساس فوراً مداخلت کرتی ہے اور اس کو کوئی بات نہیں کرنے دیتی' دولہا میاں یہ صورتحال دیکھ اور سمجھ کر کار روکتے ہیں اور دلہن کو پچھلی نشست پر بھیج دیتے ہیں اور اپنی اماں جان کو آگے بٹھا لیتے ہیں' فرنٹ سیٹ پر بیٹھتے ہی بڑھیا کی طبیعت ایک دم ٹھیک ہو جاتی ہے اور تمام تکلیفیں از خود ہو جاتی ہیں' لیکن چند لمحات کے بعد بڑھیا کی نظر پچھلی سیٹ پر پڑتی ہے تو وہ دیکھتی ہے کہ درمیان میں سسر صاحب بیٹھے ہیں اور ایک طرف بیٹی ہے اور دوسری طرف بہو ہے' فوراً گاڑی رکوا کر وہ کہتی ہیں کہ یہ بہو اور سسر اکٹھے کیوں بیٹھے ہیں ان کے درمیان میں بیٹی کو بیٹھنا چاہیے۔ جماعت میں ایسے واقعات ہو چکے ہیں' کیا یہ ہمارے بزرگوں کے اصلاحی خیالات ہیں اور دینی تربیت ہے؟ یہ عورتوں کے مردوں کے بارے میں خیالات ہیں؟ کیا آپ بھی مرزا مسرور صاحب اسی لیے عورتوں میں جا کر خطاب نہیں کرتے؟ جماعت پیسے اکٹھے کرنے کے چکر میں پڑی ہوئی ہے اور یہاں بچیوں کی یہ تربیت ہو رہی ہے؟ اور عورتوں سے حسن سلوک کی جتنی بہتر اسلامی تعلیمات ہیں' کیا جماعت کے اندر یہی اسلامی نمونہ ہے؟

مرزا مسرور سے چند گزارشات

سنا ہے کہ مرزا مسرور صاحب جو اعظم امریکہ کی جماعتوں سے کافی ناراض تھے کہ یہاں سے تبلیغ

پر کوئی کام نہیں ہوا اور نہ ہی جماعت کی روحانی حالت بہتر ہوئی' مگر بیگم صاحبہ کے اصرار پر صرف کینیڈا آنا قبول کر لیا' حضرت اب جب آپ کینیڈا آ رہے ہیں تو آپ کی خدمت میں کچھ گذارشات ہیں۔ اگر آپ کی نظر کرم سے گذر جائیں تو شائد کچھ شکوک رفع ہو جائیں یا پھر یہ بات سچ ثابت ہو کہ آپ کو بنانے والے ہی اصل میں خدا ہیں۔

1- کیا جماعت احمدیہ (Ahmadiyya Movement in Islam) مذہبی جماعت ہے یا خیراتی ادارہ؟

2- کیا آپ تمام نوع انسانی کے لیے خلیفہ ہیں یا صرف ان کے جو جماعت احمدیہ کے ممبر ہیں؟

3- کیا آپ جماعت احمدیہ کے نظام کو منصفانہ' انسانیت کا محترم اور مثالی نظام سمجھتے ہیں؟

4- کیا آپ جماعت سے صرف مالی قربانی ہی توقع کرتے ہیں یا جماعت کے معاشرتی' اخلاقی اور سماجی مسائل کا حل بھی آپ کے پاس ہے؟

اس بات کو ہم اس طرح کہہ لیتے ہیں کہ اگر جماعت کا کوئی فرد چندہ ادا نہ کرے تو باقاعدہ اس کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے اور مرکز کو اس کی اطلاع ہوتی ہے' اور نادہندہ کو جماعت کے کسی عہدہ پہ فائز نہیں کیا جاتا وغیرہ' لیکن اس کے برعکس اگر کسی جماعت کے فرد کو کوئی سماجی یا معاشرتی مشکل پیش آ جاتی ہے تو جماعت ملکی قوانین کا بہانہ بنا کر اپنا دامن بچا لیتی ہے' مزید اس وقت جماعت میں ان لڑکیوں کی تعداد خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے جو شادی کے چند سال بعد ہی مطلقہ ہو گئی ہیں، ان میں وہ بھی ہیں جن کا ابھی کوئی بچہ نہیں وہ بھی جن کے بچے ہیں، کسی کا ایک تو کسی کا ایک سے زیادہ۔ حضرت آپ یہ بتائیں کسی کو کھانے کو ملے یا نہ ملے' کسی کو حکومت سے خیرات ملے تھوڑی یا صرف پیٹ بھرنے کی حد تک مگر اس احمدی پر لازم ہے کہ وہ اپنی خیرات میں سے ''احمدیہ خیراتی'' ادارے کا حصہ ضرور ادا کرے ورنہ وہ آپ کے درشن سے ہی نہ صرف محروم رہے گا' بلکہ احباب جماعت کی نفرت بھری نگاہوں کا بھی ہر دم شکار ہوگا۔ حضور کینیڈا اور امریکہ کی نوجوان نسل ہی نہیں بلکہ یورپ اور پاکستان سے بھی نوجوان آپ سے سوال کرتے ہیں کہ آپ کے خاندان کی مالی ہوس کب پوری ہوگی؟ آپ کب اس نوجوان نسل کے مسائل پر توجہ فرمائیں گے؟ آپ کینیڈا کے خدام و اطفال سے چند دینی سوالات پوچھ کر دیکھ لیں اور ساتھ ہی فلمی دنیا اور سیکس (Sex) سے متعلق بھی پوچھ لیں، پھر اگر ہمت ہو تو ایم۔ ٹی۔ اے پر اس کے نتیجے کا اعلان فرما دیجئے گا۔ لیکن حضور آپ کو تو ممبرز آف پارلیمنٹ و دیگر سیاسی اکابرین سے ہی فرصت نہ ہوگی۔ آپ کی بلا سے یہ نوجوان لڑکیاں تباہ ہوتی ہیں یا جسم فروشی کا دھندہ اختیار کرتی ہیں آپ کو تو آپ کا حصہ پھر بھی ملے گا۔ ویسے بھی حضرت مسیح موعود جسم فروشی کا پیسہ نظام جماعت اور اپنے لیے (اسلام کی خدمت کے نام پر) حلال کر چکے ہیں! جماعت کے نوجوان ڈرگز (Drugs) یا دوسری اخلاقی برائیوں میں ملوث ہوتے ہیں، آپ کی بلا سے!

نیز اس کے علاوہ کینیڈا کے قانون میں واضح طور پر لکھا ہے کہ چیریٹی تنظیمیں سیاست میں حصہ نہیں لے سکتیں لیکن جماعت احمدیہ اس قانون کو نظر انداز کرتے ہوئے پوری طرح سیاست میں ملوث ہے اس کا واضح اور ناقابل تردید ثبوت مبشر ڈار صاحب کا واقعہ ہے!! ویسے بھی یہ کیسی چیریٹی یا دینی / مذہبی اکیڈیمی ہے کہ جماعت نہ صرف سیاست کو پروموٹ کرتی ہے بلکہ اپنے ممبران کو ملکی قانون کے بھی خلاف مجبور کرتی ہے کہ فلاں کو ووٹ دو اور فلاں کو نہ ووٹ دو؟ کیا کوئی اس کی کسی قسم کی وضاحت پیش کرے گا؟

مبارک مشن

وکیل التبشیر مرزا مبارک احمد 1961ء کی گرمیوں میں یورپ آئے جس کو جماعت کے مشنوں کے کام کی پڑتال کا نام دیا جاتا تھا۔ مگر جو فی الواقع موصوف کی سالانہ یورپ یاترا ہوتی تھی۔ جس کا مقصد سیر و سفر اور خرید اشیاء تھا۔ میں اس کا ہمبرگ میں عینی شاہد ہوں۔ میرا خیال تھا کہ وہ لطیف صاحب سے اور مجھ سے ہمبرگ میں تبلیغی سرگرمیوں کی روداد جاننا چاہیں گے۔ مگر ہوا اس کے الٹ۔ اس بارے میں مجھ سے کوئی سوال نہ کیا گیا۔ ان کو مشن کے خرچ پر ہمبرگ کے مہنگے ترین ہوٹل میں ٹھہرایا گیا۔ وہ دو بار مشن ہاؤس میں ایک دو گھنٹوں کے لیے آئے جس کے دوران کھانا کھایا گیا اور ادھر ادھر کی باتیں ہوئیں۔ مشن کے کام اور تبلیغی سرگرمیوں کے بارے میں ایک بھی سوال نہ کیا گیا۔ لطیف صاحب ان کے ساتھ بازار میں خریداری کے لیے گئے اور چونکہ ایک پرفیوم ان کو پسند نہ آئی تھی۔ اس لیے مجھے وہ پرفیوم واپس دینے کے لیے بازار بھیجا گیا۔ کیا میری غیر حاضری میں ان کو لطیف صاحب نے مشن کے کام کی رپورٹ پیش کی تھی؟ مجھ سے کیوں کوئی سوال نہ کیا گیا؟ کیا ان کو مشن کے کام میں کوئی دلچسپی نہ تھی؟

قادیانی عبادت گاہ میں مجامعت

ہمبرگ کے علاوہ جماعت احمدیہ نے ایک مسجد فرانکفرٹ میں بھی بنائی تھی۔ جس کا امام جرمن احمدی عبدالشکور کنزے تھا جس کو میں ربوہ کے زمانے سے جانتا تھا۔ اسے یہاں سے شکاگو بھیجا گیا تھا۔ جہاں پر کچھ برسوں تک کام کرنے کے بعد اس کو جرمنی بلا لیا گیا۔ ابتداء میں اسکو کچھ عرصہ تک ہمبرگ میں لطیف صاحب کے ساتھ مشن ہاؤس میں رہنا پڑا تھا۔ کیونکہ فرانکفورٹ میں بنائی جانے والی مسجد ابھی مکمل نہ ہوئی تھی۔ دونوں خاندان صاحب اولاد تھے اور مشن ہاؤس کی سکانیت بہت محدود تھی۔ لطیف صاحب نے کنزے صاحب کی فیملی کو تہہ خانے میں رکھنا چاہا تھا۔ مگر وہ لوگ اس کے لیے تیار نہ ہوئے اور انھوں نے مشن ہاؤس کے چار کمروں میں سے دو کو اپنے قبضے میں کر لیا۔ پھر عین انہی دنوں میں مرزا لطف الرحمن کو ہمبرگ میں متعین کر دیا گیا۔ جن کو تہہ خانے کے اس کمرے میں رکھا گیا۔ جس میں آگے چل کر مجھے رہنا پڑا۔ جب خدا خدا کر کے فرانکفرٹ کی مسجد بن گئی اور کنزے صاحب کو وہاں کا مبلغ بنا کر بھیج دیا گیا تو مرزا لطف الرحمن نے اپنا بوریا بستر تہہ خانے والے کمرے سے اٹھا کر ان دو کمروں میں سے ایک میں رکھ دیا جو

کنزے فیملی نے خالی کیے تھے۔ لطیف صاحب کو یہ چیز بالکل پسند نہ آئی اور انھوں نے وکالت التبشیر کو شکایت کا خط لکھا کہ مرزا لطف الرحمٰن کے اس طرح ان کی فیملی کے درمیان آ کر مقیم ہو جانے کے سبب ان کی بیوی کی پردہ دری ہوتی ہے۔ پھر ان کی بیٹی امتہ المجیب جو نعت کو پہنچ رہی ہے اور وہ نہیں چاہتے کہ مرزا صاحب کی وجہ سے کوئی بدمزگی پیدا ہو۔ نیز مرزا صاحب ان کے احکام کی پابندی کرنے سے انکاری ہیں۔ جب مرزا صاحب سے جواب طلبی ہوئی تو انھوں نے لکھا کہ تہہ خانے میں رہنے کے سبب وہ نزلہ و زکام کے دائمی مریض بن چکے ہیں۔ ڈاکٹر نے کہا ہے کہ اگر ان کی رہائش کا تہہ خانے سے باہر انتظام نہیں ہو سکتا تو خطرہ ہے کہ ان کی بیماری بڑھ کر تپ دق کی صورت اختیار کر سکتی ہے۔ اس لیے وہ لطیف صاحب کا حکم ماننے سے قاصر ہیں۔ اس پر ان کو تبدیل کر دیا گیا اور وہ خاموشی سے ادھر چلے گئے۔ انھیں جرمنی میں آئے ہوئے بمشکل ڈیڑھ برس ہوا تھا۔ میرے ہمبرگ آنے کے کچھ عرصہ بعد فرانکفورٹ مشن سے تشویش ناک خبریں آنے لگیں کنزے کی بیوی قدسیہ نے اپنے خاوند کو عین مسجد (دارالذکر) کے اندر ایک مرد کے ساتھ مجامعت کرتے ہوئے پکڑ لیا تھا۔ اس نے شور مچایا کہ اس کا خاوند ہم جنس پرست ہے۔ یہ بات البتہ شاکر کے زمانے سے اس کے علم میں تھی۔ ہمبرگ میں بھی کنزے کا اٹھنا بیٹھنا ہم جنس پرستوں کے ساتھ تھا۔ چنانچہ اس کے ذریعہ احمدی ہونے والا امین والٹر ہم جنس پرست تھا جب وہ ایک بار ہمبرگ مشن ہاؤس میں ہمیں ملنے کے لیے آیا، تو میں پہلی ہی نظر میں جان گیا تھا کہ اس کا جسم مردانہ ہے مگر اس کی روح زنانہ ہے۔ لطیف صاحب بھی کنزے کی ہم جنس پرستی سے خوب واقف تھے مگر جب کنزے کی بیوی نے شور مچایا اور اپنے خاوند کو دھمکایا کہ وہ اس کی پولیس کے پاس رپورٹ کر دے گی کیونکہ وہ لونڈوں کو مسجد میں لا کر ان کے ساتھ لواطت کرتا ہے، تو بات بڑھ گئی میاں بیوی کے درمیان چپقلش پہلے سے چل رہی تھی۔ اب رپورٹیں ربوہ تک پہنچ گئیں۔ وہاں سے ایک نیا مبلغ بھیجے جانے کی خبر آ گئی۔ (قادیانی خلیفہ مرزا مسرور نے قادیانی جلسہ سالانہ کینیڈا 2004ء سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ "احمدی جس ملک میں آباد ہے، وہ وہاں احمدیت کا سفیر ہے۔)

❀....❀....❀

محمد طاہر عبدالرزاق

نوکر ووہٹی دا

مسیلمۂ ہند مرزا قادیانی زندگی کی پچپن خزائیں دیکھ چکا ہے۔ بڑھاپے کے سیاپے شروع ہو چکے ہیں۔ چہرے پر جھریاں بریک ڈانس کر رہی تھیں۔ بیماریوں نے بی اف رنگ کے جسم کو اپنے باپ کی جاگیر سمجھ کر قبضہ کر لیا تھا۔ اعصاب ڈھیلے پڑ چکے تھے۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں مزید سکڑ گئی تھیں۔ دائیں آنکھ تو بالکل ہی سمارٹ ہو گئی تھی۔ ای ٹانک کی شراب کی بوتلیں غٹاغٹ پینے کے باوجود چہرے کا رنگ خزاں رسیدہ چمن کی طرح زرد تھا۔ پچیس سال کی مسلسل الیہ خوری نے دماغ کا ستیاناس کر دیا تھا اور اللہ اور اس کی مخلوق کی لاتعداد لعنتیں برسنے کی وجہ سے چہرہ "لعنت ہاؤس" بن چکا تھا۔ ان تمام مصائب میں جکڑے ہونے کے باوجود مرزا قادیانی کا بیمار دل ایک اٹھارہ سالہ لڑکی نصرت جہاں پر لٹو ہو جاتا ہے۔ مرزا قادیانی اس دوشیزہ کے حصول کے لیے دیوانہ وار کوششیں کرتا ہے۔ آخر لڑکی کی ماں کے تعاون سے رشتہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور یوں ایک اٹھتی ہوئی جوانی اور ایک مرتا ہوا بڑھاپا شادی کے بندھن میں بندھ جاتے ہیں۔ شادی کے بعد مرزا قادیانی دربار زوجہ کا غلام بن جاتا ہے۔ بیگم کے قدموں میں بچھ بچھ جاتا ہے۔ اس کے اشارۂ ابرو پر ناچتا ہے اور ذرا سی آواز دینے پر بوتل کے جن کی طرح حاضر ہو کر کہتا ہے کہ "کیا حکم ہے۔ میرے آقا!" انگریزوں اور مریدوں سے بٹوری ہوئی دولت اس کی ہر ہر خواہش پر لٹاتا ہے۔ نصرت جہاں بیگم گھر پر مکمل کنٹرول حاصل کر لیتی ہے اور مرزا قادیانی گھر میں صرف "نوکر ووہٹی دا" بن کے رہ جاتا ہے۔ یہ "نوکر ووہٹی دا" کس اعلیٰ پایہ کا تابعدار و فرمانبردار تھا اس کے لیے قادیانی کتابوں کے حوالے شہادت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

جاناں سب کچھ تیرے لیے

"ایک دفعہ چٹھی رساں منی آرڈر لے کر آیا اور دروازہ پر آواز دی تو حضرت ام المومنین نے ایک خادمہ کو بھیج کر سارے فارم منگوا لیے۔ چٹھی رساں اس انتظار میں کھڑا رہا کہ حضرت صاحب دستخط کر کے فارم بھیج دیں گے تو میں اندر روپیہ بھیج دوں گا۔ جب دیر ہو گئی اور فارم نہ آئے تو حضرت صاحب خود باہر تشریف لائے۔ جب حضرت صاحب کو معلوم ہوا کہ فارم بیوی صاحبہ کے پاس ہیں تو آپ نے بیوی

صاحبہ سے کہا کہ فارم ہمیں دے دو چٹھی رساں انتظار کر رہا ہے۔ بیوی صاحبہ نے کہا ہم نہیں دیتے۔ تب آپ تھوڑی دیر خاموش رہے اور پھر فرمایا، آپ ان فارموں کو کیا کریں گے۔ بیوی صاحبہ نے کہا کہ آپ ہر روز روپیہ منگواتے ہیں۔ آج روپیہ ہم منگوائیں گے۔ (یعنی فنفی فنفی۔ ناقل) حضرت صاحب اس پر کچھ ناراض نہ ہوئے۔ نہ غصہ کا اظہار کیا بلکہ خندہ پیشانی سے فرمایا کہ وہ تو روپیہ ہمارے دستخطوں کے بغیر نہیں دے گا۔ لاؤ ہم دستخط کر دیتے ہیں پھر آپ ہی روپیہ منگوا لیں۔ اس پر بیوی صاحبہ نے فارم دے دیئے اور حضرت صاحب نے دستخط کر کے پھر فارم ان کو دے دیئے۔ بہت اچھا کیا آخر گھر میں بھی تو رہنا تھا۔ (ناقل) (روزنامہ الفضل 3 اپریل 1946ء)

بڑا مزہ ہے تیرے ساتھ ٹہلنے میں

"بیان کیا مجھ سے مولوی نورالدین صاحب نے کہ ایک دفعہ حضور کسی سفر میں تھے۔ جب سٹیشن پر پہنچے تو ابھی گاڑی آنے میں دیر تھی۔ آپ بیوی صاحبہ کو ساتھ لے کر سٹیشن کے پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگ گئے۔ یہ دیکھ کر مولوی عبدالکریم صاحب نے مجھے (یعنی مولوی نورالدین کو) کہا کہ پلیٹ فارم پر بہت لوگ ہیں اور حضرت صاحب اور بیوی کو اکٹھا پھرتے دیکھ کر کیا کہیں گے۔ آپ حضرت صاحب سے عرض کریں کہ بیوی صاحبہ کو الگ بٹھا دیں۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میں تو نہیں کہتا۔ آپ کہہ کر دیکھ لیں۔ ناچار مولوی عبدالکریم خود حضرت صاحب کے پاس گئے اور کہا کہ لوگ بہت ہیں۔ بیوی صاحبہ کو ایک طرف بٹھا دیجئے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ "جاؤ جی میں ایسے پردہ کا قائل نہیں" (سیرت المہدی جلد اول ص 63 مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی) عجیب واہیات آدمی تھا۔ مرید غیرت سے دانت پیس رہا ہے۔ جل بھن رہا ہے لیکن مجسمہ بے غیرتی مرزا قادیانی کو شرم ہی نہیں آ رہی۔ بیوی کو ساتھ لیے پلیٹ فارم پر ٹہل رہا ہے۔ لوگ دیکھ رہے ہیں لیکن ماڈرن جوڑا تماشہ بنے اپنی چہل قدمی میں مگن ہے۔

میں نوکر تیرا

کذاب قادیاں فسٹ کلاس رن مرید تھا۔ بیوی کے اشارۂ ابرو پر صدقے واری جاتا۔ دربار زوجہ سے جو حکم ملتا فوراً سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔ سارے مریدوں کی جیبیں کاٹ کر سب کچھ بیوی کے قدموں میں ڈھیر کر دیتا۔ "مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی اپنی کتاب سیرت المہدی میں لکھتا ہے" مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے اپنی کتاب "سیرت المسیح موعود" میں لکھا ہے کہ "اندرون خانہ کی خدمت گار عورتوں کو میں نے بارہا خود تعجب سے کہتے سنا ہے کہ مرزا بیوی دی گل بڑی مندا اے" مرزا بیوی کی بات بہت مانتا ہے۔ (سیرت المہدی جلد اول ص 239 مصنف بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

تجھ سے گلہ نہیں

مرزا قادیانی کی گھر میں کیا وقعت اور اہمیت تھی ملاحظہ ہو ''منشی عبدالخالق صاحب لاہوری نے کمال محبت اور دوستی کی بنا پر بیماری کی نسبت پوچھا اور عرض کیا کہ آپ کا کام بہت نازک ہے اور آپ کے سر فرائض کا بھاری بوجھ ہے آپ کو چاہیے کہ جسم کی صحت کی رعایت کا خیال رکھا کریں اور ایک خاص مقوی غذا لازما اپنے لیے ہر روز تیار کرایا کریں۔ حضرت نے فرمایا ہاں بات تو درست ہے اور ہم نے کبھی کبھی کہا بھی ہے مگر عورتیں کچھ اپنے ہی دھندوں میں مصروف رہتی ہیں اور ان باتوں کی پرواہ نہیں کرتیں۔''

(سیرت المسیح الموعود ص 7)

یہ سارا چندہ تیرے لیے

''لدھیانہ کا ایک شخص تھا جس نے ایک دفعہ مسجد میں مولوی محمد علی صاحب' خواجہ کمال الدین صاحب اور شیخ رحمت اللہ کے سامنے کہا کہ جماعت مقروض ہو کر اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ کاٹ کر چندہ میں روپیہ بھیجتی ہے مگر یہاں بیوی صاحبہ کے کپڑے اور زیورات بن جاتے ہیں۔''

(خطبہ میاں محمود احمد خلیفہ قادیان: اخبار الفضل جلد 26 ص 330' 21 اگست 1938ء)

سچ ہی تو کہا تھا بھلے مرید نے۔ وہ تنگی کاٹ کر چندہ دے اور ''مسز مرزا قادیانی'' مریدوں کے چندوں سے نت نئے زیورات بنا بنا کر اپنی زیبائش ونمائش میں مصروف ہو۔ چندہ چور اور حرام خور مرزا قادیانی نے اپنی لاڈلی اور چہیتی بیوی نصرت جہاں بیگم کو جو زیورات پہنائے اس کی تفصیل دیکھیے اور سوچیے کہ ایک شخص جو پہلے کچہری میں منشی تھا پھر گھر آ کر بے کار بیٹھا ہے۔ پہلی بیوی اور اس کے بچے پڑے ہیں' دوسری بیوی کو اتنے زیورات کہاں سے پہنا رہا ہے؟ جب فہرست پر نگاہ ڈالتے ہیں تو مرید سچا نظر آتا ہے اور انگریزی نبی جھوٹا۔ فہرست پیش خدمت ہے۔

کڑے خورد طلائی۔ 250 روپے' بندے طلائی۔ 500 روپے' کنٹھ طلائی۔ 225 روپے۔ کنگن طلائی۔ 220 روپے' بندے طلائی۔ 300 روپے' بالے گھنگھروؤں والے۔ 300 روپے۔

حسیاں خورد۔ 300 روپے' پونچیاں طلائی۔ 150 روپے' موتی۔ 200 روپے

چاند طلائی۔ 50 روپے' بالیاں جڑاؤ۔ 150 روپے' نتھ طلائی۔ 40 روپے

ٹیپ جڑاؤ۔ 70 روپے' کڑے کلاں طلائی۔ 750 روپے

کل رقم۔ 3505 روپے (قادیانی نبوت ص 85 بحوالہ فسانہ قادیان مصنفہ حافظ محمد ابراہیم کمیر پوری) اس زمانہ میں سونا تقریباً بیس روپے تولہ تھا۔ اس حساب سے اس زمانہ میں چندہ چور مرزا قادیانی نے اپنی بیوی کو تقریباً 175 تولے سونا پہنایا یعنی دو سیر تین چھٹانک۔ (مولف)

جیسے تیری مرضی.....

قادیان کے سالانہ جلسہ منعقدہ دسمبر 1945ء میں مفتی محمد صادق نے مرزا قادیانی کی "گھریلو زندگی" پر تقریر کی، جو الفضل 3 اپریل 1946ء میں شائع ہوئی۔ مفتی صادق نے مرزا قادیانی کی گھریلو زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا "ایک دفعہ کسی نے خیر خواہی سے کہا کہ بیوی صاحبہ اپنے زیورات کو بار بار تڑواتی ہے اور نئی نئی شکل میں بنوالی رہتی ہے۔ اس طرح تو بہت سا نقصان ہوتا ہے وہ بہت سا حصہ زرگر ہی کھا جاتے ہیں۔ بیوی صاحبہ کو روکنا چاہیے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ ان کا مال ہے جس طرح چاہیں کریں۔"

بالکل ٹھیک کہا۔ مال مفت دل بے رحم (ناقل)

بے غیرت خاوند.......

"بیوی صاحبہ مرزا جی کے مریدوں کو ساتھ لے کر لاہور سے کپڑے بھی خود ہی خرید لایا کرتی تھیں۔" (کشف الظنون مرتبہ ڈاکٹر بشارت احمد لاہور ص 88)

سچا نبی امت میں غیرت پیدا کرتا ہے لیکن نبی قادیان کے گھر پر بے غیرتی کا جھنڈا لہرا رہا ہے۔ شرافت سر پیٹ رہی ہے اور حیا منہ چھپائے بیٹھی ہے۔ توجہ فرمایئے! مرزا قادیانی کی جوان بیوی جواسے بڑھاپے میں ملی مریدوں کے ساتھ شپلی چھلکتی جا رہی ہے....... گاڑی میں سوار ہو رہی ہے ...... قادیان سے لاہور آ رہی ہے........ خاصا طویل سفر ہے ...... راستے میں کھانے پینے کی احتیاج ہے...... لاہور آ گیا ہے...... تانگہ میں سوار ہو کر بازاروں میں جا رہی ہے ...... مریدوں کی معیت میں شاپنگ ہو رہی ہے ...... معلوم نہیں واپسی ایک دن میں ہے یا چار دن میں ...... اگر ایک دن سے زیادہ ہے تو رات کہاں ٹھہرتی ہے...... پھر واپسی ہوتی ہے ...... زن مرید خاوند سرچڑھی بیوی کا استقبال کرنے کے لیے سراپا انتظار بنے سر کے بل کھڑا ہے۔ ایسا وہی کر سکتا ہے جس کی غیرت نے کفن پہن لیا ہو اور جس کی حمیت لاش بن چکی ہو۔ جی ہاں! خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و ناموس پر حملہ کرنے کی ناپاک جسارت کرنے والوں پر خدا کی پھٹکار اسی طرح پڑتی ہے اور رب ذوالجلال ان کے ذہنوں سے عزت و غیرت کا مفہوم چھین لیتا ہے۔ (مؤلف)

گھر میں کوئی عزت نہیں

"خاکسار عرض کرتا ہے کہ مولوی عبدالکریم صاحب اپنی کتاب "سیرت المہدی الموعود" میں لکھتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت اقدس نازک سے نازک مضمون لکھ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ عربی زبان میں بے مثل فصیح کتابیں لکھ رہے ہیں اور پاس ہنگامہ قیامت برپا ہے۔ بے تمیز بچے اور سادہ عورتیں جھگڑ رہی ہیں، چیخ رہی ہیں، چلا رہی ہیں۔ یہاں تک کہ بعض آپس میں دست و گریبان ہو رہی ہیں اور پوری

زنانہ کرتو تیں کر رہی ہیں۔ مگر حضرت صاحب یوں لکھے جا رہے ہیں۔ کام میں یوں مستغرق ہیں گویا خلوت میں بیٹھے ہیں۔ یہ معارف الکبیر اور عظیم الشان عربی، اردو، فارسی کی تصنیف ایسے ہی مکانوں میں لکھی گئیں۔"
(سیرت المہدی ص 279 مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

جس کے اپنے گھر میں اخلاقیات کا اس حد تک جنازہ نکلا ہو وہ لوگوں کے اخلاق کیا سنوارے گا؟ اس حوالے سے یہ نکتہ بھی ابھرتا ہے کہ مرزا قادیانی کا اپنے گھر میں کوئی رعب نہیں تھا۔ بچے چیخیں مار رہے ہیں، عورتیں دست و گریبان ہیں اور مرزا قادیانی سامنے بیٹھا لکھ رہا ہے۔ لیکن کسی کو اس کی جوتی برابر بھی پروا نہیں۔ رہا یہ مسئلہ کہ اس وقت مرزا قادیانی کیا لکھ رہا ہوتا ہے؟ صاف ظاہر ہے کہ جس وقت عورتیں ایک دوسرے کا گریبان کھینچ رہی ہوں، زبانیں قینچی کی طرح چل رہی ہوں، بچوں نے لڑ لڑ کر آسمان سر پہ اٹھایا ہوا ہو۔ لازمی بات ہے کہ اس شدت کی لڑائی میں گالیوں کا تبادلہ بھی ہوتا ہوگا۔ ادھر سے فریقین گالیاں بک رہے ہیں اور مرزا قادیانی دھڑا دھڑ ان گالیوں کو لکھے جا رہا ہے اور پھر ساری گالیاں اکٹھی کر کے اپنی تصانیف میں مسلمانوں کو لکھ دیتا ہے جو اس کی تصانیف میں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ (ناقل)

بیگم کی ناز برداری

"آخری سالوں میں حضور عموماً ایک سالم سیکنڈ کلاس کمرہ اپنے لیے ریزرو کرا لیا کرتے تھے اور اس میں حضرت بیوی صاحبہ اور بچوں کے ساتھ سفر فرماتے تھے اور حضور کے احباب دوسری گاڑی میں بیٹھتے تھے مگر مختلف سٹیشنوں پر اتر اتر کر وہ حضور سے ملتے رہتے تھے۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضور الگ کمرہ کو اس خیال سے ریزرو کروا لیتے تھے کہ تا کہ حضرت والدہ صاحبہ کو علیحدہ کمرہ میں تکلیف نہ ہو اور حضور اپنے اہل و عیال کے ساتھ اطمینان کے ساتھ سفر کر سکیں۔"

(سیرت المہدی حصہ دوم ص 101 مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

ایک سیکنڈ کلاس کے کمرہ میں ایک سو چار (104) مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ لیکن انگریز کا لاڈلا نبی بیگم کے حکم کی بجا آوری کرتے ہوئے پورا کمرہ ریزرو کروا کے بیٹھا ہوا ہے۔ ویسے اس شاہی خرچے میں مرزا قادیانی کی جیب سے کچھ نہیں جاتا تھا۔

ناز نخرے بیگم کے اور دولت انگریز کی!!!

ملکہ کا راج

"مکرمی مفتی محمد صادق صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک دفعہ مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں میں کسی وجہ سے اپنی بیوی مرحومہ پر کچھ خفا ہوا۔ جس پر میری بیوی نے مولوی عبدالکریم صاحب کی بڑی بیوی کے پاس جا کر میری ناراضگی کا ذکر کیا اور مولوی صاحب کی بیوی نے مولوی صاحب سے ذکر کر

دیا۔ اس کے بعد میں جب مولوی عبدالکریم صاحب سے ملا تو انہوں نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ مفتی صاحب آپ کو یاد رکھنا چاہیے کہ یہاں ملکہ کا راج ہے، بس اس کے سوا اور کچھ نہیں کہا مگر میں ان کا مطلب سمجھ گیا۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ مولوی عبدالکریم صاحب کے یہ الفاظ عجیب معنی خیز ہیں، کیونکہ ایک طرف تو ان دنوں میں برطانیہ کے تخت پر ملکہ وکٹوریہ متمکن تھیں اور دوسری طرف حضرت مولوی صاحب کا اس طرف اشارہ تھا کہ مسیح موعود علیہ السلام اپنے خانگی معاملات میں حضرت ام المؤمنین کی بات بہت مانتے ہیں اور گویا گھر میں حضرت ام المومنین ہی کی حکومت ہے۔''

(سیرت المہدی ص 103 حصہ دوم مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

واہ ملکہ قادیان!

کیا چرچے ہیں تیری حکومت کے! معلوم ہوتا ہے کہ ''زن مریدی'' مذہب قادیان کا ایک اہم رکن ہے۔

میاں فخرالدین صاحب ملتانی ثم قادیانی نے مجھ سے بیان کیا کہ جب 1907ء میں بیوی صاحبہ لاہور تشریف لے گئیں تو ان کی واپسی کی اطلاع آنے پر مسیح موعود علیہ اسلام ان کو لانے کے لیے بٹالہ تک تشریف لے گئے۔ میں نے بھی مولوی سید محمد احسن صاحب مرحوم کے واسطے سے حضرت صاحب سے آپ کے ساتھ جانے کی اجازت حاصل کی اور حضرت صاحب نے اجازت عطا فرمائی مگر مولوی صاحب سے فرمایا کہ فخرالدین سے کہہ دیں کہ اور کسی کو خبر نہ کرے اور خاموشی سے ساتھ چلا چلے۔ بعض اور لوگ بھی حضرت صاحب کے ساتھ ہمرکاب ہوئے۔ حضرت صاحب پالکی میں بیٹھ کر روانہ ہوئے جسے آٹھ کہار باری باری اٹھاتے تھے۔ بٹالہ پہنچ کر حضرت صاحب نے سب خدام کی معیت میں کھانا کھایا اور پھر سٹیشن پر تشریف لے گئے۔ جب حضرت صاحب سٹیشن پر پہنچے تو گاڑی آ چکی تھی اور حضرت بیوی صاحبہ گاڑی سے اتر کر آئی ہوئی تھیں اور حضرت صاحب کو ادھر دیکھ رہی تھیں۔ حضرت صاحب بھی بیوی صاحبہ کو دیکھتے پھرتے تھے کہ اتنے میں لوگوں کے مجمع میں حضرت بیوی صاحبہ کی نظر حضرت صاحب پر پڑ گئی اور انہوں نے محمود کے ابا کہہ کر حضرت صاحب کو اپنی طرف متوجہ کیا اور پھر حضرت صاحب نے سٹیشن پر ہی سب لوگوں کے سامنے بیوی صاحبہ کے ساتھ مصافحہ فرمایا اور ان کو ساتھ لے کر فرودگاہ پر واپس تشریف لے آئے۔''

(سیرت المہدی ص 106,107 حصہ مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

قارئین! مندرجہ بالا حوالہ پڑھ کر ہر ذی شعور کے ذہن میں سوال اٹھتے ہیں۔

نوجوان نصرت جہاں بیگم لاہور کیا لینے گئی تھی؟

اکیلی کیوں گئی تھی اور اکیلی کیوں آئی؟

مرزا قادیانی غیر محرم مردوں کا ہجوم ساتھ لے کر سٹیشن پر بیوی کا استقبال کر کے کس غیرت کا

مظاہرہ کر رہا ہے؟

مرزا قادیانی کا مرید جو نصرت جہاں بیگم کی ہر ہر ادا دیکھ کر دور سے ان کی آواز سن کر ساری کہانی بیان کر رہا ہے، اس کا نصرت جہاں بیگم سے کیا تعلق ہے؟

نصرت جہاں بیگم کا مرزا قادیانی کو سٹیشن پر دور سے دیکھ کر پورے مجمع میں بے تکلفانہ "محمود کے ابا" کہہ کر پکارنے میں کس شوخی اور بے باکی کا اظہار ہے؟

مرزا قادیانی کا سینکڑوں دیکھتی آنکھوں کے سامنے نصرت جہاں بیگم سے پر جوش دست پنجہ لینا کس شرم وحیا کی تحقیق ہے؟

کسی بزرگ نے کیا خوب کہا ہے کہ سچا نبی امت میں غیرت پیدا کرتا ہے اور جھوٹا نبی بے غیرتی! اور یہی بے غیرتی و بے حمیتی قادیانی نبوت کا شناخت نامہ ہے۔

الٰہی محفوظ رکھنا ہر بلا سے
خصوصاً آج کل کے انبیاء سے

محمد طاہر عبدالرزاق

مرزا قادیانی کی اُدھ مُلگّے کی شادی

تقریباً ایک صدی پہلے مشرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور میں ایک نہر کی کھدائی کا کام شروع ہوا۔ اس نہر کو قادیان سے دو اڑھائی میل مغرب کی جانب سے بھی گزرنا تھا۔ قادیان کے قریب جب اس نہر کی کھدائی شروع ہوئی تو محکمہ نہر کے ایک ملازم میر ناصر نواب کی ڈیوٹی اس نہر پر لگی۔ میر ناصر نواب دلی کا رہنے والا تھا اور ملازمت کے سلسلہ میں بمعہ اہل و عیال یہاں آیا تھا اور قادیان کے قریب ایک گاؤں "تتلہ" میں رہائش اختیار کر لی تھی۔ قادیان میں اس کی ملاقات ایک شخص مرزا غلام قادر سے ہوئی تھی اور تھوڑی سی مدت بعد یہ ملاقات ایک گہری دوستی میں بدل جاتی ہے۔ ایک دن میر ناصر نواب کی اہلیہ بیمار ہو جاتی ہے۔ پردیس میں آیا ہوا میر ناصر نواب بیماری سے پریشان ہو جاتا ہے اور وہ اپنی اس پریشانی کا اظہار اپنے دوست مرزا غلام قادر سے کرتا ہے۔ مرزا غلام قادر اسے کہتا ہے کہ تم فکر نہ کرو میرا باپ ایک ماہر طبیب ہے۔ تم بیوی کو لے کر میرے گھر آ جانا "میں" والد صاحب سے اس کا علاج کروا دوں گا۔ میر ناصر نواب بیوی کو لے کر قادیان پہنچتا ہے۔ اس کے دوست مرزا غلام قادر کا باپ مرزا غلام مرتضیٰ مریضہ کی نبض دیکھتا ہے اور ایک نسخہ لکھ دیتا ہے۔ اس واقعہ کے بعد دونوں کی دوستی اور پکی ہو جاتی ہے۔ اس واقعہ کے کچھ مدت بعد غلام قادر کا باپ مرزا غلام مرتضیٰ فوت ہو جاتا ہے۔ مرزا غلام قادر میر ناصر نواب سے کہتا ہے کہ آپ گاؤں "تتلہ" میں رہتے ہیں۔ وہ گاؤں بدمعاشوں کا گاؤں ہے اور آپ پردیسیوں کا وہاں رہنا مناسب نہیں۔ میں گورداسپور میں رہتا ہوں اور ہمارا قادیان والا مکان خالی پڑا ہے۔ میرا چھوٹا بھائی مرزا غلام احمد اس مکان کے ایک حصہ میں رہتا ہے اور وہ بھی کبھی کبھی گھر آتا ہے ورنہ اس کا زیادہ وقت باہر ہی گزرتا ہے۔ اس لیے آپ کو پردہ وغیرہ کی ضرورت بھی پیش نہیں آئے گی۔ میر ناصر نواب مرزا غلام قادر کی پیشکش کو قبول کر لیتا ہے اور اپنی فیملی کو لے کر قادیان میں منتقل ہو جاتا ہے۔ یہاں پہنچتے ہی مرزا غلام احمد اور میر ناصر نواب کی بیوی کے محبت بھرے تعلقات استوار ہو جاتے ہیں۔ طائر محبت آسمان سے باتیں کرنے لگتا ہے اور دونوں ایک دوسرے پر دل نثار کرنے لگتے ہیں۔ دونوں اطراف سے تحائف کا تبادلہ شروع ہو جاتا ہے۔ جب ان محبت بھرے خفیہ تعلقات کا پتہ مرزا غلام قادر کی بیوی یعنی مرزا غلام احمد کی بڑی بھابی کو چلتا ہے تو

وہ ان ناجائز تعلقات کا حق ہے نوٹس لیتی ہے۔ جس سے محبت بھرے جوڑے اور غلام قادر کی بیوی میں ٹھن جاتی ہے۔ اس ساری صورت حال کو مرزا غلام احمد قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر احمد اپنی کتاب سیرت المہدی میں میر ناصر نواب کی بیوی یعنی اپنی نانی کی زبان سے یوں بیان کرتا ہے۔ بیان کو ذرا پوری توجہ سے پڑھیے۔

"ان دونوں جب بھی تمہارے تایا (مرزا غلام قادر) گورداسپور سے قادیان آتے تھے تو تمہارے لیے پان لایا کرتے تھے اور میں ان کے واسطے کوئی اچھا سا کھانا تیار کر کے بھیجا کرتی تھی۔ ایک دفعہ جو میں نے شامی کباب ان کے لیے تیار کیے اور بھیجنے لگی تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ گورداسپور واپس چلے گئے ہیں۔ جس پر مجھے خیال آیا کہ کباب تو تیار ہی ہیں ان کے چھوٹے بھائی (مرزا غلام احمد) کو بھجوا دیتی ہوں۔ چنانچہ میں نے نائن کے ہاتھ تمہارے ابا کو کباب بھجوا دیئے اور نائن نے مجھے آ کر کہا کہ وہ بہت ہی شکر گزار ہوئے تھے، اور انہوں نے بڑی خوشی سے کباب کھائے اور اس دن انہوں نے اپنے گھر سے آیا ہوا کھانا نہیں کھایا۔ اس کے بعد میں ہر دوسرے تیسرے دن ان کو کچھ کھانا بنا کر بھجوا دیا کرتی تھی، اور وہ بڑی خوشی سے کھاتے تھے۔ لیکن جب اس بات کی اطلاع تمہاری تائی کو ہوئی تو انہوں نے بہت برا منایا کہ میں کیوں ان کو کھانا بھیجتی ہوں۔ کیونکہ وہ اس زمانہ میں تمہارے ابا کے سخت مخالف تھیں اور چونکہ گھر کا سارا انتظام ان کے ہاتھ میں تھا۔ وہ ہر بات میں انہیں تکلیف پہنچاتی تھیں مگر تمہارے ابا صبر کے ساتھ ہر بات کو برداشت کرتے تھے۔" یعنی بہت ذہین تھے۔ (ناقل)

(سیرت المہدی حصہ دوم ص 110 مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

مرزا غلام احمد نے جہاں اپنے شیطانی جال میں میر ناصر نواب کی بیوی کو جکڑ رکھا تھا۔ وہاں اس نے میر ناصر نواب کی نو عمر بیٹی نصرت جہاں بیگم پر بھی اپنی حریص آنکھ رکھی ہوئی تھی اور لڑکی کو بھی اس نے رام کر لیا اور وہ بڈھا کھوسٹ اس سے شادی رچانا چاہتا تھا۔ مرزا قادیانی کے پاس ماں بیٹی سے ملنے کے کھلے مواقع تھے اور وہ جی بھر کر ان سے فائدہ اٹھاتا تھا۔ مرزائی بھی اس سے انکار کی جرات نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ان کی اپنی کتابیں مرزا قادیانی کی خباثت پر گواہی دے رہی ہیں۔

"بیان کیا مجھ سے والدہ صاحبہ (زوجہ مرزا قادیانی) نے کہ جب میں چھوٹی لڑکی تھی، تو میر صاحب (یعنی خاکسار کے نانا جان) کی تبدیلی ایک دفعہ یہاں قادیان بھی ہوئی تھی اور ہم چھ سات ماہ یہاں ٹھہرے تھے۔ پھر یہاں سے دوسری جگہ میر صاحب کی تبدیلی ہوئی۔ تو وہ تمہارے تایا سے بات کر کے ہم کو تمہارے تایا کے مکان میں چھوڑ گئے تھے اور پھر ایک مہینے کے بعد آ کر لے گئے۔ اس وقت تمہارے تایا قادیان سے باہر رہتے تھے اور آٹھ روز کے بعد یہاں آیا کرتے تھے اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ میں نے ان کو دیکھا ہے۔ خاکسار نے پوچھا کہ حضرت صاحب کو بھی ان دنوں میں آپ نے دیکھا تھا یا نہیں؟ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ حضرت صاحب رہتے تو اس مکان میں تھے مگر میں نے آپ کو نہیں دیکھا اور والدہ صاحب

نے مجھے وہ کمرہ دکھایا جس میں ان دنوں حضرت صاحب رہتے تھے۔"

(سیرت المہدی حصہ اول ص 56-57 مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

قارئین کرام! آپ نے دیکھا کہ میر ناصر نواب پورا ایک مہینہ گھر پر نہیں۔ مرزا قادیانی کا بھائی مرزا غلام قادر ہفتے کے بعد صرف تھوڑی دیر کے لیے قادیان آتا ہے۔ گھر میں میر ناصر نواب کے اہل خانہ کے ساتھ مرزا قادیانی گھسا ہوا ہے اور اپنی شنیع حرکات میں مصروف ہے۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے

بیٹا ماں سے پوچھ رہا ہے کہ کیا آپ نے شادی سے پہلے مرزا قادیانی کو دیکھا تھا، جس کے جواب میں نصرت جہاں بیگم کمال سادگی سے کہہ رہی ہے کہ انہیں تو نہیں دیکھا تھا مگر ان کا کمرہ دیکھا تھا۔ یعنی مکان دیکھا ہے، مکین نہیں دیکھا۔

ہائے اس سادگی پہ کون نہ مر جائے

مرزا قادیانی نے نصرت جہاں بیگم سے شادی کے لیے اس کی ماں سے اصرار کیا تو اس کی ماں نے اسے جواب دیا، تھوڑی دیر صبر کرو، میں تمہارے لیے راستہ بناتی ہوں تاکہ ہماری عزت بھی لوگوں کی نگاہوں میں محفوظ رہے اور تمہارا کام بھی بن جائے۔ نصرت جہاں بیگم کے لیے جو بھی رشتہ آئے گا۔ میں اس کے باپ سے اس رشتہ کے بارے میں انکار کروایا کروں گی اور پھر جب پانچ سات رشتوں کو ٹھکرا دوں گی تو اس کے ساتھ ہی تمہارے لیے راستہ ہموار کر دوں گی۔ میر ناصر نواب قادیان سے دفتری رخصت لے کر اپنے شہر دہلی واپس چلا جاتا ہے۔ وہاں پہنچ کر میر ناصر نواب کی بیوی اس سے کہتی ہے کہ اب نصرت جہاں بیگم اٹھارہ سال جوان ہو چکی ہے، ہمیں اس کی شادی کا سوچنا چاہیے اور اس کے ساتھ ہی وہ اپنے خاوند سے کہتی ہے کہ اس سلسلہ میں ہمیں مرزا غلام احمد کی ضرور مدد لینی چاہیے کیونکہ وہ بااثر اور تعلقات رکھنے والا آدمی ہے۔ میر ناصر کی بیوی اسے شیشے میں اتار لیتی ہے اور میر ناصر نواب فوراً مرزا قادیانی کو اس بارے میں خط لکھتا ہے۔ اب اس کہانی کی صورت حال مرزا بشیر احمد سے سنئے، جسے وہ اپنی نانی کی زبانی بیان کر رہا ہے۔

"اس کے بعد ہم رخصت پر دہلی گئے اور چونکہ تمہاری اماں اس وقت جوان ہو چکی تھی۔ ہمیں ان کی شادی کا فکر پیدا ہوا اور میر صاحب نے ایک خط تمہارے ابا (مرزا قادیانی) کے نام لکھا کہ مجھے اپنی لڑکی کے واسطے بہت فکر ہے، آپ دعا کریں کہ خدا کسی نیک آدمی کے ساتھ تعلق کی صورت پیدا کر دے۔ تمہارے ابا نے جواب میں لکھا کہ اگر آپ پسند کریں تو میں خود شادی کرنا چاہتا ہوں اور آپ کو معلوم ہے کہ گو میری پہلی بیوی موجود ہے اور بچے بھی ہیں مگر آج کل میں عملاً مجرد ہی ہوں، وغیرہ ذالک۔"

کتنی بے تکلفی تھی ساس اور داماد میں۔ پیچھے سے دال میں کالا کالا مرزا قادیانی پکڑا جاتا ہے۔ (ناقل)

میر صاحب نے اس ڈر کی وجہ سے کہ میں اسے برا مانوں گی، مجھ سے اس خط کا ذکر نہیں کیا

(اس بدھو کو کیا پتہ تھا کہ سارا کھیل ہی تیرا بنایا ہوا ہے۔) اور اس عرصہ میں اور بھی کئی جگہ سے تمہاری اماں کے لیے پیغام آئے۔ لیکن میری کسی جگہ تسلی نہ ہوئی۔ حالانکہ پیغام دینے والوں میں سے بعض اچھے اچھے متمول آدمی بھی تھے اور بہت اصرار کے ساتھ درخواست کرتے تھے۔

بالآخر ایک دن میر صاحب نے ایک لدھیانہ کے باشندے کے متعلق کہا کہ اس کی طرف سے بہت اصرار کی درخواست ہے اور ہے بھی وہ اچھا آدمی اسے رشتہ دے دو۔ میں نے اس کی ذات وغیرہ دریافت کی تو مجھے شرح صدر نہ ہوا اور میں نے انکار کیا۔ جس پر میر صاحب نے کچھ ناراض ہو کر کہا کہ لڑکی اٹھارہ سال کی ہو گئی ہے کیا ساری عمر اسے یونہی بٹھا چھوڑو گی۔ میں نے جواب دیا کہ ان لوگوں سے تو پھر غلام احمد ہی ہزار درجہ درجہ اچھا ہے۔ (تیر چلا دیا۔ ناقل) میر صاحب نے جھٹ ایک خط نکال کر میرے سامنے رکھ دیا کہ لو پھر مرزا غلام احمد کا خط بھی آیا ہوا ہے۔ (کسی ذریعہ سے مرزا قادیانی کو خط بھیجنے کا پیغام بھجوا دیا ہوگا) جو کچھ بھی ہو ہمیں اب جلد فیصلہ کرنا چاہیے۔ میں نے کہا اچھا غلام احمد کو لکھ دو۔ چنانچہ تمہارے ابا جان نے اسی وقت قلم دوات لے کر خط لکھ دیا (تیر نشانے پر لگا۔ مبارک ہو۔ ناقل) اور اس کے آٹھ دن بعد تمہارے ابا دہلی پہنچ گئے۔ (سیرت المہدی حصہ دوم 110۔ 111 مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

میر ناصر نواب کے دہلی جانے کے وقت سے لے کر شادی کی ہاں ہونے تک کے درمیانی وقت میں مرزا قادیانی کے دل پر غم فراق کے آرے چلتے رہے۔ اس کی آنکھیں نصرت جہاں کو دیکھنے کے لیے ترپتی رہیں اور آپ ہجر میں اس کا دماغ ابلتا رہا۔ اس کے دن انگاروں پر اور راتیں کانٹوں پر بسر ہوتی رہیں۔ وہ کس کرب درد و سوز کے ساتھ چلاتا تھا۔ اس کیفیت کا پتہ ہمیں خود قادیانی ہی بتاتے ہیں۔ حوالہ پیش خدمت ہے۔

''خاکسار عرض کرتا ہے مرزا سلطان احمد صاحب سے مجھے حضرت مسیح (مرزا قادیانی) موعود کی ایک شعروں کی کاپی ملی ہے، جو بہت پرانی معلوم ہوتی ہے۔ غالباً نوجوانی کا کلام ہے۔ حضرت صاحب کے اپنے خط میں ہے۔ جسے میں پہچانتا ہوں۔

بعض شعر بطور نمونہ درج ذیل ہیں۔

عشق کا روگ ہے کیا پوچھتے ہو اس کی دوا
ایسے بیمار کا مرنا ہی دوا ہوتا ہے

کچھ مزا پایا میرے دل! ابھی کچھ پاؤ گے
تم بھی کہتے تھے کہ الفت میں مزا ہوتا ہے

O

ہائے کیوں ہجر کے الم میں پڑے
مفت بیٹھے بٹھائے غم میں پڑے
اس کے جانے سے صبر دل سے گیا
ہوش بھی ورطۂ عدم میں پڑے

o

جب کوئی خداوندا بنا دے
کسی صورت سے وہ صورت دکھا دے
کرم فرما کے آ او میرے جانی
بہت روئے ہیں اب ہم کو ہنسا دے
کبھی نکلے گا آخر تنگ ہو کر
دلا اک بار شور و غل مچا دے

o

نہ سر کی ہوش ہے تم کو نہ پا کی
سمجھ ایسی ہوئی قدرت خدا کی
مرے بت اب سے پردہ میں رہو تم
کہ کافر ہو گئی خلقت خدا کی

o

نہیں منظور تھی گر تم کو الفت
تو یہ مجھ کو بھی جتلایا تو ہوتا
مری دلسوزیوں سے بے خبر ہو
مرا کچھ بھید بھی پایا تو ہوتا
دل اپنا اس کو دوں یا ہوش یا جاں
کوئی اک حکم فرمایا تو ہوتا

(سیرت المہدی حصہ اول ص 232-233 مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

پچپن سالہ دولہا اٹھارہ سالہ دولہن کو لینے کے لیے دہلی پہنچ گیا۔ بارات میں مرزا قادیانی کے قریبی ہندو دوست بھی شامل تھے۔ نکاح ہوا مرزا قادیانی اٹھارہ سالہ دولہن کو چپک چپک کرتی گاڑی میں بٹھا کر قادیان لے آیا۔ والدین نے بچی کے ساتھ ایک عورت کو بھی بھیجا۔ قادیان پہنچ کر نصرت جہاں بیگم

اداس اداس اور گھبرائی رہنے لگی۔ وہ دیدے کھول کھول کر فضاؤں میں گھورتی رہتی اور کبھی ان اداس دیدوں سے موٹے موٹے اور گرم گرم آنسو گر کر اس کے کپڑوں پر پھیل جاتے۔ وہ آنسو بھری سرخ آنکھیں پونچھ کر پھر فضاؤں میں گھورنے لگتی گویا اڑ کر دہلی جانا چاہتی ہو۔ دل کا غم قلم کے ذریعے کاغذ پر پھیل گیا یعنی نصرت جہاں بیگم نے اپنے والدین کو اپنی دلی کیفیات بیان کرتے ہوئے خطوط لکھے، جس کی گواہی اس کی ماں ان الفاظ میں دیتی ہے۔

"جب تمہاری اماں قادیان آئیں تو یہاں سے ان کے خط گئے کہ میں سخت گھبرائی ہوئی ہوں اور شاید میں اس غم اور گھبراہٹ سے مر جاؤں گی۔ چنانچہ ان خطوں کی وجہ سے ہمارے خاندان کے لوگوں کو اور بھی اعتراض کا موقع مل گیا اور بعض نے کہا کہ اگر آدمی نیک تھا تو اس نیکی کی وجہ سے لڑکی کی عمر کیوں خراب کی۔ اس پر ہم لوگ بھی کچھ گھبرائے اور رخصتانہ کے ایک مہینہ کے بعد میر صاحب قادیان آ کر تمہاری اماں کو لے گئے۔ جب وہ دہلی پہنچیں تو میں نے اس عورت سے پوچھا جس کو میں نے دلی سے ساتھ بھیجا تھا کہ لڑکی کیسی رہی؟ اس عورت نے تمہارے ابا کی بہت تعریف کی اور کہا لڑکی یونہی شروع شروع میں اجنبیت کی وجہ سے گھبرا گئی ہوگی ورنہ مرزا صاحب نے تو ان کو بہت ہی اچھی طرح سے رکھا ہے اور وہ بہت اچھے آدمی ہیں اور تمہاری اماں نے بھی کہا کہ مجھے انہوں نے بڑے آرام کے ساتھ رکھا مگر میں یونہی گھبرا گئی تھی۔ اس کے تھوڑے عرصے کے بعد واپس ہمارے پاس آ گئیں۔"

(سیرت المہدی حصہ دوم ص 111-112 مصنفہ مرزا بشیر احمد قادیانی ابن مرزا قادیانی)

اس مندرجہ بالا بیان کو پڑھ کر ذہن میں بہت سے سوال ابھرتے ہیں:

نصرت جہاں بیگم کیوں اداس اداس اور پریشان رہی؟

نصرت جہاں بیگم کیوں گھبراہٹ سے مری جا رہی تھی؟

تھوڑے دنوں کے بعد نصرت جہاں بیگم کا گھبرایا دل کیسے خوشی سے جھوم اٹھا؟

جب ہم ذہنوں پر زور دے کر اس سوالوں کے جوابات تلاش کرتے ہیں تو خود مرزا قادیانی ہی ہمیں ان تمام سوالوں کا جواب دے دیتا ہے۔ حوالہ پیش خدمت ہے۔

"اس شادی کے وقت مجھے یہ ابتلاء پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ سخت کمزور تھا اور میں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا اور دو مرضیں یعنی ذیابیطس اور درد سر مع دوران سر قدیم سے میرے شامل حال تھیں۔ جن کے ساتھ بعض اوقات مجھے تشنج قلب بھی ہوتا تھا۔ اس لیے میری حالت مردمی کالعدم تھی (دہلی کیا لینے گئے تھے؟ ناقل) اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی۔ غرض اس ابتلاء کے وقت میں نے جناب الٰہی سے دعا کی اور مجھے اس نے دفع مرض کے لیے الہام سے دوائیں بتائیں اور میں نے کشفی طور پر یہ دیکھا کہ ایک فرشتہ (حکیم نورالدین۔ ناقل) وہ دوائیں میرے منہ میں ڈال رہا

ہے۔ چنانچہ وہ دوا میں نے تیار کی اور اس میں خدا تعالیٰ نے اتنی برکت ڈال دی کہ میں نے دلی یقین سے معلوم کیا کہ وہ صحت طاقت جو ایک پورے تندرست انسان کو دنیا میں مل سکتی ہے وہ مجھ دی گئی .... میں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سے ایک بچہ کی طرح تھا اور اپنے آپ کو خداداد طاقت میں پچاس مردوں کے قائم مقام پایا (تریاق القلوب ص 68-67 مصنفہ مرزا قادیانی) واہ رے مجھکو! بیوی تو اس راز کو چھپاتی رہی اور تو نے ہنڈیا چوراہے میں پھوڑ دی۔ دوائیوں کے سہارے اور دوستوں کے تعاون سے مرزا قادیانی کا گھر پرانی سائیکل کی طرح چوں چوں اور کھڑ کھڑ کرتا چل تو پڑا لیکن نصرت جہاں بیگم نے گھر کے ہر میدان میں مرزا قادیانی کو شکست فاش دیتے ہوئے نصرت کے ایسے جھنڈے گاڑے کہ گھر میں مرزا قادیانی کی حالت اس تانگے کے مریل گھوڑے کی طرح تھی جس پر آٹھ سوار بیٹھے ہوں اور وہ سخت گرمی میں پسینے میں شرابور چابک کھاتا اور منہ سے جھاگ نکالتا ہوا کھڈے دار سڑک پر بٹالہ سے قادیان جا رہا ہو۔

”تم ایسے مذہبی پیشوا تو نہیں ہو جس کے جبہ و عمامہ اور پاکبازی کا سارا انحصار لوگوں کی سادہ لوحی اور اخلاص پر ہو اور صرف ان کی مہربانی اور نیک دلی نے تمہارے سر پر بزرگی کا تاج رکھ دیا ہو لیکن اندرونی طور پر وہ مذہبی پیشوا ہو جو شیطنت اور بداطواری کا بدترین نمونہ ہو۔ اگر ایسا ہے تو تم کافر اور لامذہب ہو اور اس امر سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ تم ہر روز فاقہ کرتے ہو اور ساری رات عبادت میں کھڑے رہتے ہو۔“

خلیل جبران

راحت ملک

خرقہ پوش شاطر

اگر ریاست ربوہ کا عمرانی احتساب کیا جائے تو یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پاکستان میں اس کی وہی حیثیت ہے جو "اسرائیل" کی بلاد اسلامیہ میں ہے۔ اسلامی معاشرے کے دل میں یہ تیر نیم کش کی طرح پیوست ہے۔ اس خلش سے سارا سماج نڈھال ہو رہا ہے۔ قانون کی بے بسی نے اس "دینی پاکستان" کو ایک قسم کا فروغ بخشا ہے۔ عوام اور حکام اس اختلاء سے خوب آگاہ ہیں۔ ملکی قانون میں اس کے استیصال کا کوئی نسخہ موجود نہیں۔ اس واسطے ربوہ کا مذہبی آمر تقریر اور تحریر میں ایسے تمرد کا مظاہرہ کر جاتا ہے جس کا تصور بھی اسلامی ریاست میں مشکل ہے۔ حکومت اپنی مصلحت بینیوں سے عاجز ہے اور عوام حکومت کے عجز پر نوحہ کناں ہیں۔ خدا نے پاکستان کی داغ بیل اس لیے نہیں ڈالی تھی کہ وہ حکومتی معذوریوں کی وجہ سے ایک عمرانی فتنہ کا شکار ہو جائے۔ جوں جوں حکومت قانون کی آڑ لے کر اپنے فرائض سے گریز کرے گی، توں توں خدا اس وطن مقدس کی بقا اور عروج کے سامان پیدا کرنے لگا۔ اس کا باطنی فتنہ اپنے "خرقہ پوش شاطر" کے ہاتھوں فنا ہو جائے گا۔ جن لوگوں کی حکومت سے زیادہ خدا اور اس کی سنت قدیم کے اعجاز اور کرشموں پر نظر ہے وہ دیکھ رہے ہیں کہ قادیانی خلافت داخلی انتشار میں مبتلا ہے۔ جماعتی نظام پر جذام کی سی کیفیت طاری ہے۔

ابلیسانہ تلبیس والتباس کے چکر دیکھ رہا ہے۔ ابتداء میں اس نے عمرانی فتنے سے اغماض کیا لیکن خلیفہ کی بڑھتی ہوئی جارحیت سے اس کی چشم بصیرت وا ہو گئی۔ اب ایک کوچہ نورد کو بھی شعور ہے کہ اس شخص نے دین کی نظر فریب پردے میں چہار سو دام تزویر پھیلا رکھا ہے۔ اس نے خود ساختہ الہاموں سے نہ صرف الوہیت کے خلاف علم بغاوت کھڑا کر رکھا ہے بلکہ اس نے انسانوں کی انسانیت پر بھی شبخون مارا ہے۔ اس نے اپنے مریدوں کو طرفہ معاشین بنا رکھا ہے۔ وہ اس کے ہاتھ میں اس طرح رقص کرتے ہیں جس طرح بندر مداری کے ہاتھ میں۔ بندر مداری سے بھاگ کر جنگل میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ اس کی فطرت مسخ ہو چکی ہے اور وہ جنگل کے بندروں میں رہنے کے قابل نہیں رہا۔ اگر مداری اس کو چھوڑ دے تو وہ بھاگ کر اسی کے کھونٹے پر آ جائے گا۔ اس کو اب مداری کی زنجیر میں ہی آرام ہے۔ اگر وہ کہیں جنگل میں جا نکلے تو جنگل کے بندر اس کو مار ڈالیں گے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ مداری کی تربیت سے اس کا بندر اپنے فطری خواص کھو

چکا ہے اس کی صورت بندر کی سی ہے اس کی فطری ہم جنسی تباہ ہو چکی ہے۔ یہی حال قادیانیوں کا ہے۔ چالیس سال ذہنی غلامی میں رہ کر وہ ہر لحاظ سے ایک اجنبی قوم بن چکے ہیں، نہ وہ مسلمان معاشرے سے واسطہ پیدا کرنا چاہتے ہیں اور نہ مسلمانوں کا سواد اعظم ہی ان کو قبول کرنا چاہتا ہے۔ اس عمل مسخ کو خلیفہ ربوہ اپنا شاہکار تصور کرتا ہے اور دن رات اس کا ڈھنڈورہ پیٹتا اور اہل عمرانی غارت گری کو اپنی ربانی کامرانی سے موسوم کرتا ہے۔

یہ شخص سازش کا ایک کامیاب چکر چلا کر 20 فروری 1914ء کو قادیانی جماعت کا خلیفہ بن بیٹھا۔ خلافت اور ابنیت کے اس مناجاتی امتزاج نے ایک دیہاتی فتنہ کی سی صورت اختیار کر لی۔ اس وقت اس شخص کی عمر پچیس سال تھی جو قیادت کے ابدی اصول کے مطابق بڑی ناپختگی کی عمر ہے کیونکہ عمر کے اس دور میں جذبات میں تلاطم ہوتا ہے اور وہ عقل خام پر حاوی رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی سنت کے مطابق قوم کی رہبری اور رہنمائی کا فرض چالیس سال کے بعد تفویض ہوتا ہے کیونکہ اس وقت افکار و اعمال میں اعتدال اور توازن آ جاتا ہے۔ عام نفسیاتی لحاظ سے بھی پھسلنے کے امکان بہت کم ہو جاتے ہیں۔ میاں محمود نے خدا کی اس سنت قدیم کو پائے استحقار سے ٹھکرا دیا اور خام عمر میں ہی زائغ ہوتے ہوئے عقابوں کے نشیمن پر متصرف ہو گیا۔ اس نے فوراً ملہم ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ اور اس کے قول کے مطابق قرآن کریم کی آیات اس پر نازل ہونی شروع ہو گئیں۔ افتراء پردازی کا اس سے بڑا شاہکار تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ قوم کے جھکاؤ کو دیکھتے ہی اس نے "فضل عمر" ہونے کا اعلان کر دیا یعنی وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے افضل ہے۔ جس "نبی" کا وہ خلیفہ ہے وہ تو اپنے آپ کو حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ادنیٰ ترین غلام ہونے کا مدعی تھا اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ ثانی حضرت فاروق اعظم سے افضل ہونے کا مدعی بنا اور اپنی قوم سے یہ دعویٰ تسلیم کروا لیا۔ اس ایک واقعہ سے اس شخص اور اس کی جماعت کی روحانیت کا راز طشت ازبام ہو جاتا ہے۔

اس شاطر "خرقہ پوش" نے مسلمانوں کی دو عظیم نعمتوں پر چھاپہ مارا، ایک ختم المرسلین پر اور دوسرا فاروقیت عظمیٰ پر۔ یہ افتراء برطانوی سنگینوں کے سائے میں پروان چڑھا۔ ہر چند کہ مسلمان اس دجل و فریب کے خلاف مجاہدانہ آمادہ رہے لیکن ان کے اپنے باطنی انتشار نے میاں محمود کے نامحمود نظام کی رسی دراز کر دی۔ مسلمانوں پر بے بسی کا عالم طاری رہا۔ مسلمانوں کی اس قنوطیت کو دیکھ کر میاں محمود یہ کہتا رہا:

خضر بھی بے دست و پا الیاس بھی بے دست و پا
مرے طوفاں یم بہ یم دریا بہ دریا جو بہ جو

لیکن حق دیر تک چھپا نہیں رہ سکتا۔ وہ باطنی توانائی سے بروئے کار آ کر رہتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ کہا جاتا ہے۔ الحق یعلو ولا یُعلیٰ جونہی برطانوی استعمار حریت کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھا اور میاں

محمود کے سفید فام آقا بیک بینی و دو گوش وطن عزیز سے رخصت ہوئے، میاں محمود کا برپا کیا ہوا فتنہ بھی حالت نزع میں مبتلا ہو گیا۔ 1947ء میں قادیانیوں نے "دارالامان" کو "دارالبوار" کہہ کر ترک کیا۔ محمودیت کے گوسالۂ سامری پر یہ پہلی ضرب کلیم تھی۔

یہ نام نہاد "اولوالعزم" خلیفہ معرکۂ روح و بدن میں مبتلا ہو گیا۔ اس کو اشداء علی الکفار کی آیت بھول گئی۔ موتوا قبل ان تموتوا کی آیت کریمہ بھی حرف نسیاں ہو گئی کیونکہ "معرکہ تخت ہے اور جان عزیز" کا معاملہ درپیش تھا۔ اس نے قادیانیت کی "دیوار گریہ" کو تھامنے کی ایک ناکام کوشش کی۔ اس نے اعلان کیا کہ وہ قادیان کو ترک نہیں کرے گا کیونکہ اس نے مرزا صاحب آنجہانی کی نعش کو سپرد لحد کرتے ہوئے خدا سے عہد کیا تھا کہ اگر سارے لوگ بھی اس مقدس زمین کو چھوڑ جائیں۔ وہ اسی میں رہے گا اور اس کا ہی ہو کر رہے گا۔ ایک گشتی چٹھی تمام جماعتوں کو بھیج دی جس سے قادیانیوں کو تقویت ملی۔ ان کی ہمت پر دوسرے لوگ ششدر رہ گئے۔ اخباروں میں مقالے چھپے لیکن مقالوں کی سیاہی ابھی خشک نہیں ہوئی تھی کہ یہ "حضرت" سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے اور اس ارض مقدس میں پناہ گزیں ہوئے جس کی تخلیق کے خلاف انھوں نے کئی ناکام فتنے تخلیق کیے تھے۔ یہ یاد رہے کہ خلیفہ صاحب ہندو سادھو کے بھیس میں قادیان سے رخصت ہوئے۔ جان بچانے کے لیے اس "ملہم" نے مشرک قوم سے تشبیہ پیدا کر کے من تشبہ بقوم فھو منھم کا مصداق بنا۔

مریدوں نے اس کے بھاگنے کے منظر کو دیکھا، راستے میں اس کی حفاظت کی لیکن وہ اس کو اسی طرح نہ چھوڑ سکے جس طرح سدھایا ہوا بندر مداری کو نہیں چھوڑ سکتا۔ اس میں بندر کا کوئی کمال نہیں، ہاں مداری کے تخریبی فن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس شخص نے بھی بیالیس سال میں اسی قسم کا کارنامہ سر انجام دیا ہے۔

یہ لوگ اپنے خلیفہ کی دامے درمے قدمے سخنے مدد کر کے اس کو ہر ابتلاء اور بحران سے بچاتے ہیں پھر بھی اسی کو اپنا رہنما سمجھتے ہیں۔ اس تربیت نے ان سے تخلیقی عمل کی صلاحیت سلب کر لی ہے تاکہ وہ دانہ و دام میں تمیز نہ کر سکیں۔ ان کی نیاز مندیوں کو وہ لعبت چمن سے زیادہ حیثیت نہیں دیتا۔ وہ جب چاہے عقائد بدل دیتا ہے۔ اس نے منیر ٹربیونل کے سامنے مسلمانوں کے جنازے کے جواز کا اقرار کیا۔ کسی قادیانی کے کان پر جوں نہ رینگی۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ سینکڑوں مریدوں کو اس ایک بات پر سزائیں دے چکا تھا۔ کسی وقت ایک قادیانی باپ نے اپنے مسلمان بیٹے کا جنازہ پڑھا اور کسی وقت ایک قادیانی بیٹے نے مسلمان باپ کی نماز جنازہ پڑھ کر اس کے جنازے کو کندھا دیا۔ جونہی ختم نبوت کی برق آسا تحریک نے زور پکڑا، اس نے فوراً قادیانیت کی تبلیغ کو منسوخ کر دیا۔ اپنے متعلقہ محکموں کے نام بدل ڈالے، پریس میں اعلان کیا کہ وہ اس کی جماعت اپنے خانہ ساز دین کی تبلیغ سے مجتنب رہے گی۔ گویا اس نے ثابت کر دیا کہ

اس کی خلافت انگریزوں کا "خود کاشتہ پودا" ہے۔ اپنے عقائد کے معیب عواقب سے بچنے کے لیے اس نے مسلمانوں سے الگ رہنے کے ہر فعل کو ایک بزدلانہ مدافعت قرار دینے میں ذرا دریغ سے کام نہ لیا کیونکہ اس کے صمٌ بکمٌ عمیٌ قسم کے مرید اس کے ارتداد کو بھی الہامی سمجھ کر سرنگوں ہو جائیں گے کیونکہ ان کو یہ نصیحت ہے:

دیکھ جو کچھ سامنے آئے زبان سے کچھ نہ بول
آنکھ آئینے کی پیدا کر دہن تصویر کا

خلافت پر متمکن ہوتے ہی اس "دشمن ایمان و آگہی" اور "رہزن تمکین و ہوش" نے پرانے اور بزرگ قسم کے مریدوں کو کمال چابکدستی سے حقیر مناصب پر مقرر کیا۔ ان پر اپنے "یاران سرپل" کو مسلط کیا کیونکہ یہ وہ لوگ تھے جو حسن و قبح کے معیار کے لیے اس کے چشم و ابرو کو دیکھتے تھے اور اس کی پیشانی کی شکنوں کو گنتے رہتے تھے۔ اس کے احکام کو "آواز سروش" سمجھتے تھے۔ جب یہ لوگ چکی کی پاٹوں میں پس کر سرمہ صفت نظر ہو گئے تو تقریباً بیس سال کے بعد اس نے اپنے ساختہ پرداختہ نظام کی نیو ڈالی، اس کا نام رکھا "تحریک جدید"۔ اس طرح جماعت میں یہ تاثر پیدا کیا کہ بانی سلسلہ کی چلائی ہوئی تحریک اپنے اثر سے عاری ہو چکی ہے اور جماعت ایک تازہ زندگی کی محتاج ہے۔ اس تحریک جدید میں "تازہ واردان بساط ہوائے دل" کو فروغ نصیب ہوا۔ انھوں نے 1914ء کی بنائی ہوئی انجمن کے ناظروں کو اس طرح بے اثر کر دیا، جس طرح ناظروں نے مرزا قادیانی کے رفقاء کو 1914ء میں بے دخل اور بے اثر کر دیا تھا۔ جوں جوں تحریک جدید زور پکڑتی گئی توں توں ناظر صاحبان حرو کات تخن ہو کر رہ گئے۔ تحریک جدید خود ایک سازش کی آفریدہ تھی، اس کے توسط سے مرکزی نظام صید لاغر ہو کر خلیفہ کے پاؤں پر آ گرا۔ اس تحریک پر اس کے اپنے خاندان کے لوگ مستولی ہو گئے اور دفتری نظام اور اس کے تمام شعبہ جات ایک گھریلو صنعت ہو کر رہ گئے۔ مریدوں نے اپنی ارادتوں کے مرکز کو اپنی آنکھوں کے سامنے مرقد بنتے دیکھا مگر وہ بول نہ سکے کیونکہ معاشی احتیاج نے ان کے جذبۂ احتجاج کو موت کی نیند سلا دیا تھا۔

تحریک جدید کو فروغ دینے کے لیے خلیفہ صاحب نے جماعت کے نوجوانوں سے وقف زندگی کی اپیل کی۔ نوجوان دینی خدمت کی تمناؤں سے سرشار ہو کر خلیفہ کے یمین و یسار میں جمع ہو گئے۔ خلیفہ صاحب نے پرانے اور قدیم لوگوں کو عضو معطل بنانے کے لیے نوجوانوں کو ایسے ایسے عہدے تفویض کیے جو ان کی عمر اور تجربہ سے کہیں بڑھ کر تھے۔ گویا خلیفہ صاحب اپنی جماعت کی تخریب کے معمار بن کر تقدیر کی تحریر کو دعوتِ عمل دے رہے تھے۔ نوجوان جو قوت قدسی کی جستجو میں خلیفہ کے چوکھٹ پر سرنگوں ہوئے تھے وہ خلیفہ صاحب کے کرب انگیز قرب سے خلیفہ کے خلوت کدوں کے اسرار و غوامض سے آگاہ ہو کر دہریت کی طرف مائل ہو گئے۔ خلیفہ صاحب کی نجی زندگی کے رنگین و سنگین مناظر ان کی عقیدتوں کے لیے پیغام

اجل ثابت ہوئے، ان کی طبائع میں خروج کی روح بیدار ہوئی کیونکہ جو کچھ روز دیکھنے میں آتا تھا وہ دیکھا نہ جا سکتا تھا۔ آنکھیں اس عریانی کے دیکھنے کے لیے نہ بنی تھیں جو قصر خلافت کے اندر باہر پھیلی ہوئی تھی۔ ان میں سے اکثر پھسل کر خلافت کے اس جوہڑ میں جا گرے گویا ان کو خلافت مآب کے درون خانہ کا حق الیقین ہو گیا۔ ان میں بعض تھے جن کو ان کا عین الیقین تھا بعضوں کو علم الیقین۔ ہر چند کہ وہ خلافت کی قہرمانیوں سے لرزتے تھے وہ اپنی زبانوں پر قفل بھی نہ لگا سکتے تھے۔ تو وہاں میں ہی خلیفہ کی مجلس مستورات کے سارے راز زبان زد خلائق ہو گئے تھے۔ ربوہ کے ویرانہ آباد نما میں خلیفہ کے جنون زوج نے وہ وہ گل کھلائے کہ ان کی باطنی غلاظت ابل کر کوچہ و بازار میں آ گئی۔ وہ نوجوان جو "واقف زندگی" ہو کر گئے تھے وہ "واقف راز" ہو کر نکلنے لگے۔ خلیفہ صاحب کا ایک ہی سہارا تھا وہ تھی راز کی سنگینی۔ ان کو یقین تھا کہ نہ کوئی وہ راز کہہ سکتا ہے اور نہ کوئی باور کر سکتا ہے۔ گویا وہ اپنے ہوش ربا اعمال کی پردہ پوشی کے لیے انسان کی فطری حیا پر تکیہ کیے بیٹھے تھے۔ جو انسان اپنے جرائم . . . کے اخفاء کے لیے لوگوں کی بے بسی کا سہارا لیتا ہے وہ خود کتنا بے بس ہوتا ہے۔

منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید
ناامیدی اس کی دیکھا چاہیے

واقفین راز بھی ایک عجیب قلبی خلفشار میں مبتلاء تھے۔ جب وہ گھناؤنے مناظر جو قصر خلافت میں دیکھنے میں آتے تھے، ان کے سامنے آئے تو وہ باور نہ کر سکے۔ جب باور کیا تو اس کو اپنے وجود کے اندر سمو نہ سکے۔ جب ان کو سمو لیا تو بیان نہ کر سکے۔ جب وہ آتشیں راز دل و دماغ کی گہرائیوں سے ابل کر لب تک آیا تو وہ سامعین کو تسلیم نہ کروا سکے کیونکہ جو عریانی روئیت پر برق خاطف بن کر گرتی ہے وہ سماعت کو کیونکر گوارا ہو سکتی ہے۔ دل کی یہ کیفیت اوائل میں محض بے بسی تھی لیکن یہ بے بسی مداوا نہ پا کر برق و رعد بنی اس نے مجروح قلب نوجوانوں کو ایک نقطہ پر منظم کیا۔ انھوں نے زیر زمین تحریک چلائی کیونکہ یہ ناممکن تھا کہ وہ اس آتشیں راز کو اپنے سینے میں محفوظ کر لیتے۔ غالب نے خوب کہا ہے ۔

لپٹنا پرنیاں میں شعلہ آتش کا آساں ہے
ولے مشکل ہے حکمت دل میں سوز غم چھپانے کی

ویسے بھی تحلیل نفسی نے اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ وہ اذیت و اخفاء جو لاشعور میں چلا جاتا ہے، وہ تمام شعوری اعمال کو متاثر کرتا رہتا ہے۔ اس کے شعوری مظاہر میں تنگی کا اثر ہوتا ہے۔ یہی وہ بجلیاں تھیں جو ربوہ میں کوندیں اور ایوان خلافت کو متزلزل کر دیا۔ خلیفہ صاحب یوم تبلی السرائر کے خوف سے لرزہ براندام ہو گئے اور اس کے روک تھام کی تدبیریں سوچنے لگے۔ انھوں نے علاج بالمثل کے اصول پر عمل کرتے ہوئے ایک اور فتنہ کھڑا کر دیا۔ وہ فتنہ تھا اپنے بیٹے میاں ناصر احمد کی خلافت کا۔ اس ترکیب

سے انھوں نے چاہا کہ لوگوں کی توجہ ان کے اعمال سے ہٹ جائے اور وہ ایک فتنہ سے الجھ جائیں لیکن یہ تدبیر بھی کوئی کارگر ثابت نہ ہوئی کیونکہ اس سے ایک شخصی پیکار کا آغاز ہوا اور اس پیکار سے چند صالح اور سرفروش نوجوان کھل کر سامنے آ گئے۔ انھوں نے اپنی مساعی کو منظم کیا اور اس تنظیم کا نام "حقیقت پسند پارٹی" رکھا۔ وہ خلیفہ صاحب کے ہتھکنڈوں سے خوب واقف تھے۔ وہ مسائل میں بالکل نہ الجھے اور عوام اور حکام کی توجہ کو قصر خلافت کے باطنی رازوں پر مرکوز کرنا شروع کر دیا۔ ان کے جوش و خلوص کا یہ نتیجہ ہے کہ اسلامی اخبارات کا شعور طبقہ ان کے ساتھ تعاون کر رہا ہے۔ ارباب بصیرت کی نظریں بھی من قال سے زیادہ ما قال پر لگی ہوئی ہیں۔ یہ دلیر نوجوان خلیفہ کی سفاکیوں اور تعدیوں کا مقابلہ کرتے ہوئے اب تک برابر نبرد آزما ہیں اور اس کی بیہودہ شخصیت کو قادیانیوں اور مسلمانوں کے سواد اعظم کے سامنے بے نقاب کر رہے ہیں۔

انھوں نے کمال تدبر سے خلیفہ صاحب کی زندگی کے تاریک گوشوں کو اجالے میں لانے کی کامیاب کوششیں کی ہیں۔ انھوں نے قادیانیوں کو جتایا ہے کہ تمہارا "اجالا داغ داغ" اور تمہاری سحر "شب گزیدہ" ہے۔ انھوں نے خلیفہ کے دین کے چہرے سے نقاب اٹھا کر اس کی لادینی کو لوگوں پر روشن کیا ہے۔ انھوں نے بتایا ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو پندرہ سال "ہز ہولی نیس" کے لقب سے ملقب کرتا رہا، وہ اسلام سے کتنا دور اور کلیسائی شرک سے کتنا قریب ہے کیونکہ اسلام تجسیم خداوندی کا دشمن ہے اور عیسائیت اس کی علمبردار۔ یہ ان نوجوانوں کی سعی مشکور کا نتیجہ ہے کہ خلیفہ صاحب بوکھلا کر بے توازن خطبات سے اپنے رازوں کو طشت از بام کر رہے ہیں۔ کبھی اپنے آپ کو "فخر رسل" کہہ کر اسلام اور رسالت مآب کے خلاف بغاوت کرتے ہیں کبھی پاکستان اور ہندوستان کی حد فاصل کو مٹانے کے لیے دعائیں کرتے ہیں۔ گویا نہ وہ دین کے وفادار ہیں، نہ وطن کے بہی خواہ:

مولوی محمد علی لاہوری کے اختلاف کے دس پندرہ برس بعد چند اور مریدوں نے شاطر سیاست سے علیحدگی اختیار کی اور اس علیحدگی اور اختلاف کی وجہ شاطر سیاست کی اخلاقی پستی بیان کی اور چنانچہ عبدالکریم صاحب اور ان کے رفقائے کار نے انھیں مباہلے کی دعوت دی اور قادیان ہی سے ایک اخبار شائع کیا جس کا نام بھی مباہلہ رکھا اور اس میں مباہلہ کے چیلنج کو بار بار دہرایا اور جتایا کہ دور حاضر کی عظیم سیاسی شخصیت تقدس کے پردے میں نہایت بھیانک اقدام کرتی ہے چنانچہ اخبار مباہلہ یکم دسمبر میں لکھتا ہے:

> "خلیفہ قادیان کے چال چلن پر الزامات کوئی انوکھی بات نہ تھی بلکہ جب سے جناب نے مسند خلافت پر قبضہ جمایا ہے اس وقت سے ہی وقتاً فوقتاً ان الزامات کا سلسلہ شروع رہا ہے۔ گو یہ اعتراضات قادیان سے کسی قدر باہر بھی تھے لیکن زیادہ تر زور قادیان دارالامان تک ہی محدود رہا۔ خلیفہ صاحب ان الزامات کو کئی طریق سے دباتے رہے لیکن یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ نہ تو ہر وقت یکساں ہوتا ہے اور نہ ہی

کسی راز کو چھپانے کے لیے حکمت عملی یا ہوشیاری ہی ہمیشہ کام آیا کرتی تھی۔ اس لیے کسی نہ کسی وقت ان سوالات کا اٹھنا ایک لازمی امر تھا بلکہ دباؤ سے الزامات کو روکنے کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ کسی وقت بزور اٹھیں چنانچہ یہی ہوا کہ اس مرتبہ منافقت کے فتوے اور مختلف قسم کی دھمکیاں، زدوکوب اور بائیکاٹ غرضیکہ تمام حربے ناکام ثابت ہوئے بلکہ خلیفہ صاحب کا دلائل کو چھوڑ کر اپنی طاقت کو استعمال میں لانے نے اس امر کو اور بھی واضح کر دیا کہ یہ اعتراضات بالکل سچے ہیں کیونکہ ان اعتراضات کا حل نہایت آسان تھا اور ہے کہ اگر خلیفہ صاحب کے نزدیک معترضین کاذب تھے تو وہ طریق مباہلہ اختیار کرتے جو حق و باطل میں فیصلہ کر دیتا۔"

اس عبارت سے حسب ذیل امور کا علم ہوتا ہے:

1- خلیفہ قادیان سے عبدالکریم صاحب اور ان کے ساتھیوں کا اختلاف ان کا ذاتی اخلاق و کردار تھا جس کو معترضین پست تصور کرتے تھے۔

2- مکری عبدالکریم صاحب اور ان کے رفقائے کار سے قبل بھی بیشتر لوگوں نے شاطر سیاست کے کردار پر اعتراض کیا تھا۔

3- شاطر سیاست معترضین کے اعتراضات کو اپنی طاقت سے دبا دیا کرتے تھے۔

4- اس وقت بھی منافقت کے فتوے دیے گئے تھے۔ سوشل بائیکاٹ و دیگر ہتھیاروں کے علاوہ بعض لوگ زدوکوب بھی کیے گئے تھے۔

5- معترضین نے میاں صاحب کو چیلنج کیا تھا کہ اگر وہ پاک ہیں تو مباہلہ کر لیں۔

چنانچہ معترضین نے اخبار مباہلہ میں اپنی طرف سے مباہلہ کی دعوت کو بار بار شائع کیا اور کہا کہ ہمارے نزدیک مرزا محمود احمد کا اخلاق پست ہے اور وہ زنا جیسے قبیح فعل کے بھی مرتکب ہوتے ہیں۔ اگر وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹے ہیں اور شاطر سیاست اپنے آپ کو بے عیب سمجھتے ہیں تو وہ دعوت مباہلہ قبول کریں تا کہ حق و باطل میں فیصلہ ہو سکے۔ معترضین کی طرف سے مباہلہ کے لیے بار بار اصرار پر مجبوراً اس عظیم سیاسی شطرنج باز کو جواب دینا پڑا، چنانچہ انھوں نے لکھا کہ:

"مجھے یہ یقین کامل ہے اور ایک دو کی طرح یقین ہے کہ ایسے امور کے متعلق مباہلہ کا مطالبہ کرنا یا ایسے مباہلہ کو منظور کرنا ہرگز درست نہیں بلکہ شریعت کی ہتک ہے۔" (مکتوب خلیفہ قادیان صفحہ 2)

مرزا محمود کے دعوت مباہلہ سے صریحاً فرار اختیار کرنے پر معترضین نے اپنے اخبار میں اپنے اعلان مباہلہ کو پھر دہرایا اور اس دعوت مباہلہ کے جواز میں مرزا قادیانی کا حسب ذیل فتویٰ شائع کیا:

"سو واضح رہے کہ مباہلہ صرف دو صورت میں جائز ہے۔

1- اوّل اس کافر کے ساتھ جو یہ دعویٰ رکھتا ہو کہ مجھے یقیناً معلوم ہے کہ اسلام حق پر نہیں اور جو کچھ غیر اللہ کی نسبت خدا کی صفتیں میں مانتا ہوں وہ یقینی امر ہے یہ تمام خبریں تحقیقات طلب ہیں۔

2- دوم اس ظالم کے ساتھ جو بے جا تہمت کسی پر لگا کر اس کو ذلیل کرنا چاہتا ہے مثلاً ایک مستورہ عورت کو کہتا ہے کہ میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہ عورت زانیہ ہے کیونکہ میں نے بچشم خود اس کو زنا کرتے دیکھا ہے یا مثلاً ایک شخص کو کہتا ہے کہ میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہ شراب خور ہے کیونکہ بچشم خود اسے شراب پیتے دیکھا ہے۔ سو اس حالت میں بھی مباہلہ جائز ہے کیونکہ اس جگہ کوئی اجتہادی اختلاف نہیں۔ غرض مباہلہ صرف ایسے لوگوں سے ہوتا ہے جو اپنے قول کی بناء اور یقین پر بناء رکھ کر دوسرے کو مفتری اور زانی قرار دیتے ہیں۔" (الحکم 24 مارچ 1902ء)

جب معترضین نے مرزا قادیانی کا مباہلہ سے متعلق یہ واضح فتویٰ شائع کیا اور اس پر پے در پے دعوت مباہلہ کے اعلانات شائع کیے تو تنگ آ کر چودھویں صدی کے اس لاجواب سیاسی شطرنج باز اور رؤیا و کشوف کے بہت بڑے علمبردار کو حسب ذیل الفاظ میں مباہلہ سے گریز کی راہ ڈھونڈنا پڑی۔

"میں اس امر پر مباہلہ کرنے کو تیار ہوں کہ میں خلیفہ برحق ہوں اور جس شخص کو میری خلافت پر شک ہو وہ مجھ سے مباہلہ کر لے۔ (الفضل 13 دسمبر 1927ء)

معترضین نے خلافت مآب کو اس بات پر مباہلہ کی دعوت دی تھی کہ آپ زنا جیسے قبیح فعل کا ارتکاب کرتے ہیں، اگر نہیں کرتے تو آیئے مباہلہ سے حق و باطل کا فیصلہ کر لیں۔ ہر دو فریق میں سے جو بھی جھوٹا ہوگا وہ تباہ ہو جائے گا اور دنیا پر حقیقت واضح ہو جائے گی۔ مرزا محمود احمد نے مباہلہ کی اس دعوت پر کہ پاک ہیں مباہلہ کرنے کی بجائے جواب یہ دیا کہ اگر کسی کو ان کے اخلاق پر شبہ ہے تو ہوا کرے۔ میں مباہلہ کے لیے تیار نہیں ہاں جس شخص کو میری خلافت پر شک ہو وہ میرے ساتھ مباہلہ کرے۔ حالانکہ معترضین نے ان پر زناء کا الزام لگایا تھا اور مباہلہ کی دعوت بھی اسی الزام پر دی تھی لیکن مرزا محمود احمد نے اس دعوت کو قبول کرنے کی بجائے ایک دوسری دعوت دے کر جہاں مباہلہ کے جواز کا اقرار کر لیا وہاں یہ بھی ثابت کر دیا کہ معترضین کے الزامات صحیح تھے۔ چنانچہ جب انھوں نے معترضین کی دعوت مباہلہ کو قبول کرنے کی بجائے اپنی خلافت سے متعلق مباہلہ کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا تو معترضین نے اسے بھی قبول کر لیا۔ اب شاطر سیاست بہت گھبرائے اور اپنے مریدوں کو بے وقوف بنانے اور ان کی توجہ کو دوسری طرف مبذول کرانے کی غرض سے رؤیا و کشوف بیان کرنے شروع کر دیے۔ چنانچہ الفضل 29 مئی 1928ء میں رقم ہے۔

''میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص خلافت پر اعتراض کر رہا ہے میں اسے کہتا ہوں اگر تم سچے اعتراض تلاش کر کے بھی میری ذات پر کرو گے تو خدا کی تم پر لعنت ہوگی اور تم تباہ ہو جاؤ گے۔''

اور پھر ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں:

''دنیا میں ہر قسم کی غلطیاں ہوتی ہیں بعض غلطیاں ایسی بھی ہوتی ہیں جن سے خدا تعالیٰ کے انبیاء بھی پاک نہیں ہوتے اور بعض سے انبیاء تو پاک ہوتے ہیں لیکن خلفاء پاک نہیں ہوتے دیکھنے والی چیز جو ہے وہ صلاحیت اور قابلیت ہوتی ہے۔''

(قول خلیفہ صاحب الفضل 4 نومبر 1927ء)

یعنی معترضین جو اعتراضات مجھ پر کر رہے ہیں یہ بے معنی ہیں کیونکہ زنا کے الزام کی اس لیے کوئی اہمیت نہیں کہ یہ غلطی صرف مجھ ہی سے سرزد نہیں ہوئی بلکہ بعض غلطیاں انبیاء سے بھی ہو جاتی رہی ہیں اور بعض غلطیاں انبیاء نہیں کرتے بلکہ خلفاء سے سرزد ہو جاتی ہیں اس لیے زنا یا اس قسم کی دوسری غلطیاں اگر مجھ میں موجود بھی ہیں تو یہ کوئی اعتراض کی بات نہیں ہے بلکہ اصل چیز جو خلافت کے لیے ضروری ہے وہ تو صرف صلاحیت اور قابلیت ہے اور وہ دیکھو تو مجھ میں موجود ہے لہٰذا میں خلیفہ برحق ہوں۔

مرزا محمود احمد کی اس حیرت انگیز تشریح اور عجیب و غریب منطق نے معترضین کو غور و فکر کے ایک اتھاہ سمندر میں غوطہ زن کر دیا۔ جو لوگ تقدس کے پردے میں عبرتناک حرکات کا ارتکاب دیکھ کر پہلے ہی سخت پریشان تھے اور جن کی دنیا میں محبوبیت خداوندی کے دعویداروں کے اعمال دیکھ کر ایک زلزلہ بپا تھا اور وہ بڑے حیران ہو کر اور یہ سمجھ کر کہ زنا حرام ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی سزا دیتا ہے بڑے جوش و خروش سے دعوت مباہلہ دے رہے تھے، ان لوگوں کے کانوں تک مرزا محمود احمد کے مندرجہ بالا الفاظ پڑے اور انھیں معلوم ہوا کہ زنا حرام ہی نہیں اور نیز یہ کہ خلافت کے لیے پاک ہونا لازمی نہیں بلکہ صرف صلاحیت و قابلیت کا ہونا ضروری ہے تو ان کی امیدوں کے ایوان دھڑام سے گر پڑے۔ ان کا دعوت مباہلہ فضا میں معلق ہو گیا۔ وہ زنا کے حرام اور حلال ہونے کے مسئلہ پر غور کرتے رہ گئے اور دور حاضر کا یہ عظیم سیاسی شاطر اپنے لکیر کے فقیر مریدوں کی توجہ کو یہ کہہ کر دوسری طرف لے گیا کہ ایسی غلطیاں تو (نعوذ باللہ) نبی بھی کرتے رہے ہیں اگر میں بھی کوئی ایسی غلطی کروں تو کوئی بات نہیں تم صرف میری صلاحیت و قابلیت دیکھو۔ گناہ نہیں ہے جو چھپ کر نہیں کیا جائے (مصنف) لکیر کے فقیر مریدوں نے نعرۂ تکبیر اللہ اکبر حضرت امیر المومنین زندہ باد کے نعرے بلند کیے اور بات آئی گئی ہوگی۔

معترضین کچھ روز تو سکتہ کی سی حالت میں رہے، اس سانحہ پر غور کرتے رہے کہ زنا بھی جائز ہے اور پھر انبیاء یہ فعل قبیح کرتے رہے ہیں۔ (نعوذ باللہ) لیکن کئی روز کے بعد آخر انھیں سمجھ آ ہی گئی اور انھوں

نے سوچا کہ زنا جائز نہیں بلکہ اس عظیم شاطر سیاست نے انھیں یہ کہہ کر کہ یہ فعل قبیح جائز ہے دعوت مباہلہ سے بچنے کا ایک راستہ تلاش کیا ہے چنانچہ انھوں نے کرامت باندھی اور پھر دعوت مباہلہ دی اور کہا کہ آؤ اسی بات پر مباہلہ کر لو کہ تم خلیفہ برحق ہو لیکن خلافت مآب کی طرف سے کوئی جواب نہ ملا۔ آخر معترضین نے تنگ آ کر اپنی ایک عزیزہ کا خط شائع کیا جس میں بتایا گیا تھا کہ وہ جب اپنے باپ کا ایک خط لے کر خلافت مآب کے حضور میں گئی تو اسے کس قیامت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

قادیانی خاتون کا بیان

"میں میاں صاحب کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں اور لوگوں پر ظاہر کر دینا چاہتی ہوں کہ وہ کیسی روحانیت رکھتے ہیں۔ میں اکثر اپنی سہیلیوں سے سنا کرتی تھی کہ وہ بڑے زانی شخص ہیں مگر اعتبار نہیں آتا تھا کیونکہ ان کی مومنانہ صورت اور نیچی شرمیلی آنکھیں ہرگز یہ اجازت نہ دیتی تھیں کہ ان پر ایسا بڑا الزام لگایا جا سکے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ میرے والد صاحب نے جو ہر کام کے لیے حضور سے اجازت حاصل کیا کرتے ہیں اور بڑے مخلص احمدی ہیں ایک رقعہ حضرت صاحب کو پہنچانے کے لیے دیا جس میں اپنے ایک کام کے لیے اجازت مانگی تھی۔ خیر میں رقعہ لے کر گئی، اس وقت میاں صاحب نئے مکان (قصر خلافت) میں مقیم تھے میں نے اپنے ہمراہ ایک لڑکی لی جو وہاں تک میرے ساتھ گئی اور ساتھ ہی واپس آ گئی۔ چند دن بعد مجھے پھر ایک رقعہ لے کر جانا پڑا اس وقت بھی وہی لڑکی میرے ہمراہ تھی۔ جونہی ہم دونوں میاں صاحب کی نشست گاہ میں پہنچے تو اس لڑکی کو کسی نے پیچھے سے آواز دی، میں اکیلی رہ گئی۔ میں نے رقعہ پیش کیا اور جواب کے لیے عرض کیا مگر انھوں نے فرمایا کہ میں تم کو جواب دے دوں گا گھبراؤ مت باہر ایک دو آدمی میرا انتظار کر رہے ہیں ان سے مل آؤں۔ مجھے یہ کہہ کر اس کمرے کے باہر کی طرف چلے گئے اور چند منٹ بعد پیچھے کے تمام کمروں کو قفل لگا کر اندر داخل ہوئے اور اس کا بھی باہر والا دروازہ بند کر دیا اور چٹخنیاں لگا دیں۔ جس کمرے میں میں تھی وہ اندر کا چوتھا کمرہ تھا۔ میں یہ حالت دیکھ کر سخت گھبرائی اور طرح طرح کے خیال دل میں آنے لگے آخر میاں صاحب نے مجھ سے چھیڑ چھاڑ شروع کی اور مجھ سے برا فعل کروانے کو کہا میں نے انکار کیا۔ آخر زبردستی انھوں نے مجھے پلنگ پر گرا کر میری عزت برباد کر دی اور ان کے منہ سے اس قدر بدبو آ رہی تھی کہ مجھ کو چکر آ گیا اور وہ گفتگو بھی ایسی کرتے تھے کہ بازاری آدمی بھی

ایسی نہیں کرتے۔ ممکن ہے جسے لوگ شراب کہتے ہیں انھوں نے پی ہو کیونکہ ان کے ہوش و حواس بھی درست نہیں تھے مجھ کو دھمکایا کہ اگر کسی سے ذکر کیا تو تمہاری بدنامی ہوگی مجھ پر کوئی شک بھی نہ کرے گا۔ (مباہلہ جون 1929ء)

اس خط کا شائع ہونا تھا کہ قصر خلافت قادیان میں ایک زلزل آ گیا۔ جب حقائق و براہین اور صداقت کی تند و تیز ہوائیں چلتی ہیں تو جھوٹ خزاں رسیدہ درختوں کے سوکھے ہوئے پتوں کی طرح چشم زدن میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جا گرتا ہے۔ بحر زخار کے بپھرے ہوئے طوفان کی زد میں آیا ہوا انسان اپنے آپ کو پانی کے سہارے چھوڑ دیتا ہے اور تنکوں کا سہارا تلاش کرتا ہے۔ عدل و انصاف کے کٹہرے میں جھوٹا اور کذاب شخص ریت کی چٹانوں پر اپنے آپ کو محفوظ نہ دیکھ کر جھوٹی قسموں اور جھوٹے دعاوی کا شکار ہو جاتا ہے۔ بعینہٖ دور حاضر کے اس آمریت مآب نے جب یہ دیکھا کہ پانی سر سے گزر گیا ہے تو اس نے حکومت کا دروازہ کھٹکھٹانا شروع کیا اور اپنے انگریز دیوتاؤں سے رحم کی بھیک مانگی۔ کئی وفود حکومت کے ارباب بست و کشاد کے پاس بھیجے اور انھیں نازک صورت حال سے آگاہ کیا۔ انگریز نے اپنے اس دیرینہ خدمتگار اور مخلص مدح سرا کی ناؤ ڈوبتی ہوئی دیکھی تو اس کا جی بھر آیا اور اس نے معترضین کے اخبار پر دفعہ 144 نافذ کر دی آخرکار اس اخبار کو بند کر دیا۔ معترضین کی زبان بندی کے لیے متعدد تدابیر اختیار کی گئیں، انھیں قید و بند کی صعوبتیں پہنچانے کی دھمکی دی گئی اور وہ مظلوم اور بے بس لوگ دانتوں میں زبانیں داب کر خاموش ہو رہے۔ اس طرح حق و صداقت کا یہ سب سے بڑا علمبردار اپنی لغزشوں پر پردہ ڈالنے میں کامیاب ہو گیا اور مباہلہ کا وہ چیلنج جسے معترضین بار بار دہرا رہے تھے اور جو بلائے ناگہانی کی طرح سر پر منڈلا رہا تھا، ٹل گیا اور چودھویں صدی کا یہ رنگیلا قصر خلافت سوسائٹی کے رنگا رنگ پروگراموں میں پھر کھو گیا۔ رسوائی اسی خاتون کی ہوئی جس نے اپنی حالت زار بیان کی اور کسی نے بھی قصر خلافت سوسائٹی کے ڈرامہ کے اس ولن سے باز پرس نہ کی اور نہ ہی اس کے اخلاق کو شک کی نظروں سے دیکھا اور اس نے اپنی وہ بات سچ کر دکھائی جو اس نے اس خاتون کو کہی تھی "کہ تمہاری بدنامی ہوگی مجھ پر کوئی شک بھی نہ کرے گا۔" اور دوسری طرف وہ مظلوم خاتون اور اس کا سارا خاندان اپنی مظلومیت پر آنسو بہاتا خاموش ہو گیا لیکن ان کے دل آج بھی دبے سروں میں ظلم و تعدی کے خلاف آواز بلند کرنے میں مصروف ہیں۔

یہاں خلوص کے پردے میں سانپ پلتے ہیں
عجیب رنگ زمانہ ہے کیا کیا جائے

شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری

مباہلے والوں کے الزامات اور مباہلہ کی دعوت کے نقوش ابھی تازہ ہی تھے کہ 1937ء میں کچھ اور لوگ منظر عام پر آئے اور انھوں نے بھی شاطر سیاست پر یہی اعتراض کیا کہ آپ کی زندگی آلودہ ہے۔

شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری جماعت احمدیہ قادیان کے بہت بڑے عالم تھے اور ایک بزرگ کی حیثیت سے بھی جماعت میں ان کا بہت اثر و رسوخ تھا۔ ان دنوں تعلیم الاسلام ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے اور ان پر شاطر سیاست کی خاص الخاص عنایات ہوتی رہتی تھیں۔ شیخ صاحب شاطر سیاست کو نجات کا باعث سمجھتے، ہر ایک کام میں مشورہ لینا، دعا کے لیے درخواستیں کرتے رہنا اور شاطر سیاست سے اندھی عقیدت رکھنا جزو ایمان تصور کرتے تھے لیکن ان کے دل و دماغ پر اچانک ایک زلزلہ آیا اور عقیدت کے پہاڑ گر پڑے۔ اپنی ناموس سے زیادہ عزیز شے شاید دنیا میں کوئی نہ ہو اور یہی ایک خصوصیت ہی تو ہے جو انسان کو عروج پر لے جاتی ہے۔ دنیا میں آئے دن اپنی عزت و ناموس پر سینکڑوں لوگ جانیں دے دیتے ہیں۔ شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری بھی انہی غیور انسانوں میں سے ایک ہیں جو اپنی ناموس کے لیے جان کی پروا نہیں کرتے چنانچہ جب انھیں علم ہوا کہ "مومنین" کا امیر یعنی امیر المومنین کہلانے والا خدا کا محبوب ہونے کا دعویٰ کرنے والا اور اپنے آپ کو عورتوں اور مردوں کا روحانی باپ کہنے والا تقدس کے پردے میں بھولی بھالی لڑکیوں کا شکار کھیلتا ہے تو انھیں عبدالکریم مباہلہ والوں کے حالات یاد آ گئے۔ جب مباہلہ والوں نے میاں محمود احمد صاحب پر یہی الزامات عائد کیے تھے تو شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری اسے مباہلہ والوں کے ذاتی عناد کی وجہ سمجھتے تھے چنانچہ شیخ صاحب نے اندھی عقیدت کے جوش میں مباہلہ والوں کے الزامات کی تردید اور شاطر سیاست کے حق میں مضامین بھی لکھے اور معترضین کے الزامات کو ان کی ذاتی رنجش قرار دیا۔ شیخ صاحب کو علم نہ تھا کہ معترضین حق پر ہیں اور ایک وقت آنے والا ہے جب خدا شیخ صاحب پر بھی ان کی سچائی ظاہر کرے گا اور شیخ صاحب کو خود بھی اپنے روحانی باپ پر وہی الزامات عائد کرنا پڑیں گے سو شیخ صاحب نے مباہلہ والوں کے الزامات پر متعدد مضامین شائع کیے اور انھیں جھوٹ اور کذب بیانی سے تعبیر کیا لیکن چند ہی سال بعد جب انھوں نے اپنی عزت پر ڈاکہ پڑتے دیکھا تو ان کا ذہن چکرا گیا۔ ان کی دنیا بدل گئی ان پر سکتہ کا سا عالم طاری ہو گیا اور ایمان پر ایسا زلزلہ آیا کہ مباہلہ والوں کے الزامات پر یقین ہو گیا۔ اب شیخ صاحب کو احساس ہوا کہ تقدس کا یہ بہت بڑا علمبردار کیا گل کھلاتا ہے۔ چنانچہ انھوں نے اپنے "آقائی و مولائی" شاطر سیاست کو چند خطوط لکھے اور دریافت کیا کہ زنا جائز ہے؟

مصری صاحب کا یہ سوال کرنا ہی تھا کہ شاطر سیاست نے مصری صاحب کی نیت بھانپ لی۔ انھوں نے سمجھ لیا کہ اب یہ شخص ہاتھوں سے نکل چکا ہے اور مریدوں کے ایمانوں کے متزلزل کرنے کا باعث بن سکتا ہے لہٰذا پیشتر اس کے کہ وہ کوئی الزام مجھ پر جماعت کے سامنے عائد کرے خیر اسی میں ہے کہ الزام عائد ہونے سے پہلے ہی اسے جماعت میں بدنام کر دیا جائے۔ چنانچہ شاطر سیاست نے اپنے سرکاری اخبار میں ایک مضمون شائع کیا جس میں لکھا کہ مصری صاحب مجھے اپنی لڑکی کا رشتہ دیتے تھے چونکہ میں نے رشتہ نہیں لیا لہٰذا اب مصری صاحب جماعت میں میرے خلاف زہر اگل رہے ہیں۔ احباب جماعت ہوشیار

رہیں حالانکہ ابھی مصری صاحب نے جماعت کے کسی شخص سے بھی اس کا ذکر نہیں کیا تھا۔

چنانچہ الفضل مورخہ 3 جولائی 1937ء میں لکھا ہے۔

"چونکہ ان کی (مصری صاحب) لڑکی کا رشتہ خاندان نبوت میں نہ ہو سکا لہٰذا وہ علیحدہ ہو گئے ہیں۔"

اس قسم کے متعدد مضامین شائع کیے گئے اور اپنا ایک خاص آدمی بھیج کر تمام جماعتوں میں یہ زہر پھیلا دیا گیا کہ مصری صاحب اپنی لڑکی کا رشتہ خاندان نبوت میں کرنا چاہتے تھے چونکہ ہو نہیں سکا اس لیے اب مصری صاحب جماعت سے علیحدہ ہو گئے ہیں حالانکہ اتنی معمولی سی بات پر کوئی صحیح العقل شخص اتنا بڑا فیصلہ نہیں کرتا اور ایمان کی ٹھوکر کا باعث اتنی سی بات کبھی نہیں ہوئی۔

فخر الدین ملتانی کا قتل

ابھی مصری صاحب کا سلسلہ جاری ہی تھا اور مرزا محمود احمد کا سرکاری اخبار الفضل ان پر گند اچھالنے میں مصروف تھا کہ فخر الدین ملتانی نے جو میاں صاحب کے بڑے مخلص مرید تھے اور جنھوں نے ذاتی مشاہدات کی بنا پر جماعت احمدیہ سے علیحدگی اختیار کی تھی ایک پمفلٹ بعنوان "فحش مرکز" لکھا جس میں میاں صاحب موصوف کی پرائیویٹ زندگی پر تنقید کی اور اسے فحش قرار دیا۔ جس پر مرزا محمود احمد کے اخبار الفضل نے چند مضامین لکھے اور بڑے دردمندانہ انداز میں اپنی "مظلومیت" کا رونا رویا اور ساتھ ہی اپنے مریدوں کو پرامن رہنے اور اشتعال میں نہ آنے کی تلقین کی اور اس قسم کی تلقین بار بار کی جس کا مقصد اس اقدام کا حفظ ماتقدم تھا جس کا انھوں نے پروگرام مرتب کر لیا تھا۔ چنانچہ چند ہی روز بعد فخر الدین صاحب ملتانی پر قاتلانہ حملہ کیا گیا جس پر وہ ہسپتال میں جا کر فوت ہو گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مرزا محمود احمد نے چند غنڈوں کو روپیہ دے کر انھیں مروایا تھا۔ چنانچہ جس غنڈے نے انھیں قتل کیا تھا جب عدالت نے اسے سزائے موت دی اور وہ تختہ دار پر لٹکایا گیا تو خود مرزا محمود احمد نے اس کا جنازہ بڑی دھوم دھام سے نکلوایا اور اسے بڑی شان و شوکت سے دفن کیا گیا۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ جس دن فخر الدین صاحب ملتانی فوت ہوئے اس سے چند ہی روز بعد الفضل میں ایک مضمون شائع کیا گیا جس میں مقتول کے گناہ گنے گئے اور اسے مجرم گردانا گیا۔ جس کا ایک ہی مطلب ہے اور وہ یہ کہ فخر الدین صاحب ملتانی کے قتل میں شاطر سیاست کا ہاتھ تھا۔ ان دنوں ہندوستان پر سفید فام اجنبی حکمران تھا اور میاں صاحب ان کے پرانے خدمتگار تھے لہٰذا اخبارات نے شور مچایا لیکن حکومت کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔ فخر الدین صاحب ملتانی آنجہانی ہو گئے اور دنیا مرزا محمود احمد کے ان الفاظ کا مفہوم سمجھنے میں مصروف رہی کہ "احباب پرامن رہیں اور اشتعال میں نہ آئیں۔" بہت سے لوگوں نے اس کا مفہوم سمجھ بھی لیا لیکن انگریز حکمرانوں نے انھیں سمجھتے ہوئے بھی کچھ نہ سمجھنے دیا اور شاطر سیاست کا کارواں چلتا رہا۔ قصر خلافت کے خلوت کدے

جگمگاتے رہے اور شیطان انسانوں کی غفلت شعاری، اندھی عقیدت اور شخصیت پرستی پر مسکراتا رہا الفضل کے صفحات فخر الدین صاحب ملتانی کو ظالم اور مجرم گردانتے اور اپنی مظلومیت اور خلافت مآب کی معصومیت کا ڈھنڈورہ پیٹتے رہے اور اس مظلوم شخص کی روح کسی کا یہ شعر الاپتی ہوئی سوئے گردوں پرواز کرتی گئی۔

ہے معترف یہ جہاں جن کی پارسائی کا
وہ میکدے میں کئی بار مجھ سے ٹکرائے

اور شاطر سیاست کے اندھے عقیدت مند بغیر سوچے سمجھے اپنی دھن میں یہی کہتے رہے کہ اگر ہم اپنی آنکھوں سے بھی خلافت مآب کو روسیاہ دیکھ لیں تو ہم اسے اپنی آنکھوں ہی کا دھوکہ تصور کریں گے۔

تاریخی انقلاب

فخر الدین ملتانی اور شیخ عبدالرحمٰن مصری کی مرزا محمود احمد سے علیحدگی کے تقریباً بیس سال بعد جولائی 1956ء میں نوجوانوں کا ایک گروہ اٹھا اور اس نے میاں صاحب کی دھاندلیوں اور ان کی خلوت کدے کی زندگی پر کڑی تنقید کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میاں صاحب نے انھیں منافق قرار دے کر جماعت سے خارج کر دیا۔ ان تمام حالات پر مفصل بحث کرنے سے قبل ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس کا پس منظر بیان کر دیا جائے تاکہ قارئین کو سمجھنے میں آسانی ہو اور عبرت حاصل کرنے والوں کے لیے باعث عبرت ثابت ہو۔

شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری کی علیحدگی سے دس سال بعد ہندوستان تقسیم ہوا اور پاکستان معرض وجود میں آیا تو مرزا محمود احمد اس وقت قادیان میں تھے اور انھوں نے اعلان کیا تھا کہ چاہے دشمن احمدیوں کی لاشوں پر سے گزرتا ہوا مجھ تک پہنچ جائے میں قادیان سے نہیں جاؤں گا۔ اپنے اس فیصلے کے حق میں انھوں نے ایک واقعہ بھی بیان کیا اور کہا کہ "جب مرزا غلام احمد قادیانی (مسیح موعود) فوت ہوئے تھے میں نے (یعنی مرزا محمود احمد نے) ان کے سرہانے کھڑے ہو کر یہ عہد کیا تھا کہ اے "مسیح موعود" اگر قادیان سے سارے احمدی بھی آپ کو چھوڑ کر چلے گئے تو میں یہاں سے نہیں جاؤں گا۔ تاوقتیکہ موت آجائے"۔ چنانچہ اپنے اس عہد کو پورا کرنے کی غرض سے 1947ء میں میاں صاحب نے قادیان میں اعلان کیا کہ میں قادیان سے نہیں جاؤں گا۔ لیکن اس اعلان کے چند ہی روز بعد جب حالات مزید مخدوش ہوئے تو سادھو کا بھیس بدل کر لاہور آپہنچے اور یہاں آکر یہ کہا کہ میں چند روز کے لیے آیا ہوں پھر واپس چلا جاؤں گا۔ لیکن آج تک واپس جانا نصیب نہیں ہوا۔

زبان اور اخلاق

شاطر سیاست کا دعویٰ ہے کہ انھیں مسند خلافت پر اللہ تعالیٰ نے بٹھایا ہے اور نیز یہ کہ وہ مصلح

موعود ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی زبان سے بولتا ہے۔ ان دعاوی کی روشنی میں ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم ان کی زندگی کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ ان کا عمل اور قول ان دعاوی پر پورے اترتے ہیں یا نہیں۔ اگر ان کا عمل اور ان کا قول ان کے ان دعاوی پر پورے اتریں تو ہمیں ان دعاوی پر ایمان لانا پڑے گا لیکن اگر ان کا عمل اور قول ان کے دعاوی سے اتنے ہی دور ہوں جتنا آسمان زمین سے دور ہے تو پھر ہمیں یہ کہنا پڑے گا کہ خلافت مآب کے دعاوی کذب بیانی کے سوا کچھ بھی نہیں ہیں۔ لھذا ان کے اخلاق پر نوک قلم کو جنبش دینے سے قبل یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ ہم کسی کے اخلاق کو زیر بحث لانا معاشرتی اور اخلاقی آئین کے منافی سمجھتے ہیں لیکن چونکہ خلافت مآب کا دعویٰ مصلح موعود اور اللہ تعالیٰ کا محبوب ہونے اور مرزا غلام احمد قادیانی کی اس پیشگوئی کا مصداق ہونے کا ہے جو انھوں نے اپنی ذریت میں سے مصلح موعود کے بارے میں کی تھی اور اس پیشگوئی میں چونکہ مصلح موعود کے لیے پاک ہونے کی شرط رکھی گئی ہے اس لیے خلافت مآب کے اخلاق کو زیر بحث نہ لانے کی کوشش اور تمنا کے باوجود ہم مجبور ہیں کہ ان کی زندگی کو ان تمام دعاوی کے تحت پرکھیں جن کی کسوٹی کے طور پر پاک ہونے کی شرط رکھی گئی ہے۔

ان کا ایک دعویٰ یہ ہے کہ خدا ان کی زبان سے بولتا اور ان سے محبت کرتا ہے۔ آیئے دیکھیں کہ خدا ان کی زبان سے کیا بولتا ہے۔

الفضل 27 اگست میں رقمطراز ہیں۔

"خلیفہ اوّل کی اولاد اوّل درجہ کی کذاب ہو چکی ہے۔"

پھر الفضل 31 اگست میں لکھتے ہیں۔

"جو بھی (مسلمان) تمھیں ورغلانے کے لیے آتا ہے وہ شیطان ہے۔ پس جب بھی کوئی ایسا شخص تمھارے پاس آئے تم فوراً لاحول پڑھنے لگ جاؤ اور کہو کہ ہمیں مدت سے شیطان دیکھنے کا شوق تھا۔ آج تمھیں دیکھنے کی حسرت پوری ہو گئی۔"

الفضل 11 ستمبر 1956ء میں فرماتے ہیں۔

"اس وقت جن لوگوں نے اس فتنہ میں حصہ لیا ہے وہ نہایت ذلیل اور گھٹیا قسم کے ہیں۔"

الفضل 11 ستمبر 1956ء میں پھر رقمطراز ہیں۔

"میں چودھری غلام رسول صاحب منگر جھٹہ کا نام کذاب رکھتا ہوں اس لیے ساری جماعت ان کو کذاب سمجھے۔"

علاوہ ازیں مختلف مقامات پر بکواسی، لومڑی، مسیلمہ کذاب، حرامزادہ اور کمینہ صفت کتے کے الفاظ بھی استعمال کیے ہیں۔ خلافت مآب کے علاوہ الفضل جو ان کا سرکاری گزٹ ہے اور جسے ان ہی کی

زبان سمجھتا ہے جانشین اور ان کے وہ خوشامدی جنھیں وہ اپنے "خالد بن ولید" کروانے ہیں (نعوذ باللہ) کی زبانیں بھی ملاحظہ فرمایئے۔

الفضل 11 ستمبر میں ایک صاحب رقمطراز ہیں۔

"ان تمام آدمیوں پر جو اس فتنہ میں شریک ہیں لعنت بھیجتا ہوں۔" "لیکن اخبار مذکور (سفینہ) کی خباثت ملاحظہ ہو کہ میرا نام بھی اس نے ان لعنتیوں میں شامل کر دیا ہے۔"

الفضل 3 جولائی 1937ء میں لکھا ہے۔

"ہم فتنہ پرداز منافقین کی کمینہ اور مکروہ حرکات کے خلاف نفرت و حقارت کا اظہار کرتے ہیں۔"

مولانا ظفر علی خاں صاحب سے متعلق لکھا ہے۔

"جہان بھر کا فریبی، مکار، بد بخت، سیاہ کار، بے بصیرت، ناعاقبت اندیش، حیوان بشکل انسان، دیوانہ، بدخواہ انسان، بد قسمت، بد طینت، گرگٹ، ابن الوقت۔"

مولوی محمد علی صاحب سے متعلق ارشاد ہوتا ہے۔

دھوکا باز، بدگو، معاند، منافق، بے حیا، پطرس ثانی، امیر المنکرین، رئیس المنکرین۔"

بزرگان امت کے لیے۔

"بدخصال، لغوگو، یہودی، حار، بازاری لوگ، ظالم، جاہل۔"

قاضی احسان اللہ صاحب سابق ایڈیٹر روزنامہ زمیندار سے متعلق لکھتے ہیں۔

"دروغ گو، اندھا، غلط گو، ریا کار، متلون، حریص، بے اصولا، خود غرض، مکار۔"

علاوہ ازیں اپنے ایک نام نہاد خالد بن ولید مولوی ابوالعطاء جالندھری کو طاعون کا چوہا کہہ کر پکارتے ہیں۔

اور پھر الفضل 22 اگست میں خلافت مآب رقمطراز ہیں۔

"مولوی عبدالوہاب عمر کو بیہودہ بکواس کی عادت ہے۔"

الغرض خلافت مآب اور ان کے وظیفہ خوار جب کبھی بھی بات کرتے ہیں تو ان کے منہ سے "لفظ بکواس" ہی نکلتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ شاید ان کے منہ میں غلاظت کا ستور ہے کہ جب بھی منہ کھلا غلاظت کے ڈھیر باہر آ پڑے لیکن خلافت مآب فرماتے ہیں کہ ان کی زبان سے خدا بولتا ہے۔ اب کون بتائے کہ مندرجہ بالا الفاظ خدا کے الفاظ ہیں یا خلافت مآب کے اپنے ہیں۔ اگر کوئی کہے کہ یہ خدا کے نہیں بلکہ خلافت مآب کی اپنی ایجاد ہیں تو پھر بھی یہ ماننا پڑے گا کہ جس شخص کی زبان سے اس قسم کے

الفاظ نکلتے ہوں وہ خدا کی طرف سے نہیں اور اس کا خدا سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔

خلافت مآب کی زبان پر ایک کتاب لکھی جا سکتی ہے لیکن اس موضوع پر مختصری بحث کے بعد ہم ان کے اخلاق کا تجزیہ کیے دیتے ہیں تاکہ ان کے جملہ دعاوی کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ خلافت مآب نے 1914ء میں زمام خلافت سنبھالی اور اس سے قبل جب ابھی مرزا قادیانی زندہ ہی تھے تو ان (شاطر سیاست) پر زناء کا الزام عائد ہوا، جس پر ایک تحقیقاتی کمیشن مولوی محمد علی صاحب کی زیر نگرانی قائم کیا گیا۔ مخلص مریدوں کو باپ (مرزا غلام احمد قادیانی) کے ساتھ جو والہانہ عقیدت تھی اس کے تحت اور شاطر سیاست کی والدہ کی عرضداشتوں پر انھوں نے بیٹے (مرزا محمود احمد) کو اس الزام سے بری الذمہ قرار دیا لیکن باپ (مرزا قادیانی) کی وفات کے بعد جب مولوی نورالدین صاحب (خلیفہ اول) فوت ہوئے اور جب شاطر سیاست نے زمام خلافت سنبھالی تو مولوی محمد علی صاحب جنھوں نے شاطر سیاست کو اپنے پیر (مرزا قادیانی) سے بے پناہ عقیدت کے تحت زناء کے الزام سے بری قرار دیا تھا، شاطر سیاست کی خلافت سے انکار کر دیا اور اس کی وجہ شاطر سیاست کی اخلاقی پستی ہی بیان کی۔ مولوی محمد علی صاحب کی علیحدگی کے چودہ سال بعد مستری عبدالکریم صاحب مباہلے والے جو شاطر سیاست کے عقیدت مند تھے شاطر سیاست سے علیحدہ ہوئے اور اپنی علیحدگی کی وجہ ان...... کی ذاتی اخلاقی بے راہروی بیان کی۔ مباہلہ والوں کی علیحدگی کو ابھی آٹھ سال ہی کا عرصہ گزرا تھا کہ ان پر ... چند مرید اشخاص نے زناء کا الزام لگایا اور وہ جماعت سے علیحدہ ہو گئے۔ 1937ء میں علیحدہ ہونے والوں اور شاطر سیاست پر زناء کا الزام عائد کرنے والوں میں ان کے وہ مخلص اور فرشتہ سیرت مرید تھے جنھیں جماعت میں خاص اہمیت حاصل تھی اور جو شاطر سیاست کے چوٹی کے مریدوں میں سے تھے۔ شیخ عبدالرحمن صاحب مصری اور فخرالدین صاحب ملتانی کے اسمائے گرامی سے کون واقف نہیں۔ انھوں نے شاطر سیاست سے اپنی مخلصانہ وابستگی کے باوجود ان سے علیحدگی اختیار کرتے وقت ان کی دعائدلیں اور زناء جیسے فتیح فعل کے ارتکاب کے الزامات عائد کیے۔ فخرالدین صاحب ملتانی نے ایک پمفلٹ شائع کیا اور اس کا عنوان "نقش مرکز" رکھا اس میں انھوں نے شاطر سیاست کی نجی اور خلوت کدوں کی زندگی کا ناک نقشہ پیش کیا اور بتایا کہ دور حاضر کا یہ رنگیلا خلافت کا لبادہ اوڑھ کر عیش وعشرت کو کیسے جنم دیتا ہے۔ ان کا پمفلٹ شائع ہوا ہی تھا کہ خلافت مآب نے اپنے چند غنڈوں کو فخرالدین صاحب ملتانی کے قتل پر مامور کر دیا۔ چنانچہ چند ہی دنوں میں ان .... کے وظیفہ خوار (تنخواہ دار غنڈے) مریدوں نے فخرالدین صاحب ملتانی کا کام تمام کر دیا۔ فخرالدین صاحب ملتانی کے قتل کے بعد الفضل نے متعدد مضامین شائع کیے اور ان کو مجرم اور خطاوار قرار دیا۔ اس کے مابعد جب مقتول کے قاتل کو عدالت نے سزائے موت دی اور اسے تختہ دار پر لٹکایا گیا تو اس کی لاش کو قادیان میں بڑی دھوم دھام سے سپرد خاک کیا گیا۔ 1937ء کے ان مجاہدوں کے الزامات کے نقوش ابھی خشک ہی ہوئے تھے کہ

1956ء میں چند نوجوانوں نے ان پر تنقید کے بے شمار نشتر چلائے اور زناء کے الزام کے علاوہ خیانت اور بددیانتی کے الزامات بھی عائد کیے۔ ایک پمفلٹ بعنوان مرزا محمود احمد ہوش میں آؤ۔ شائع کیا گیا اور اس میں جن بارہ امور پر ان کو دعوت مباہلہ دی گئی، ان میں سے ایک الزام زناء کا بھی تھا لیکن شاطر سیاست نے حسب معمول ان الزامات کا بھی کوئی جواب نہ دیا حالانکہ مرزا قادیانی کے فتویٰ کے مطابق جس شخص پر زناء کا الزام عائد ہو اسے الزام عائد کرنے والے کو دعوت مباہلہ دینی چاہیے تاکہ کوئی شخص اس الزام کی بنا پر ٹھوکر نہ کھا جائے۔ چنانچہ مرزا قادیانی کے فتویٰ کے مطابق ان کے لیے ضروری تھا کہ وہ الزام عائد کرنے والوں کو دعوت مباہلہ دیتے لیکن دعوت مباہلہ الزام عائد کرنے والوں کی طرف سے دی گئی اور انھوں نے چپ سادھ لی اور کوئی جواب نہ دیا۔ تادم تحریر خلافت مآب پر زنا اور بددیانتی کے الزامات عائد ہو رہے ہیں لیکن ان کی طرف سے معترضین کو کوئی مضبوط اور صحیح جواب نہیں دیا گیا۔ (یاد رہے شاطر سیاست پر جب بھی بھی جس نے کوئی الزام لگایا تو صف اوّل پر زناء ہی کا الزام تھا)

1956ء کے وہ مظلوم شخص نے ان سے علیحدگی ان کی پست اخلاقی کی وجہ سے اختیار کی ان خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں، جو شاطر سیاست کی جماعت میں بہت مشہور ہیں اور جو اخلاص اور قربانیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے لیکن جب مشاہدات نے انھیں شاطر سیاست سے بدظن کیا تو انھوں نے اپنے خیالات کی علانیہ نشر و اشاعت کی لیکن شاطر سیاست اس کا کوئی جواب نہ دے سکے۔ صرف چند وظیفہ خواروں نے ان الزامات کے جواب میں لکھا ہے کہ اس قسم کے الزامات تو خلفائے راشدین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی عائد ہوتے رہے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

کتنا ظلم ہے اور وظیفہ خواروں کی یہ کتنی بڑی جسارت ہے کہ وہ اپنے حقیقی رب کو بھول کر اپنے ظاہری ربوبیت کرنے والے (مرزا محمود احمد) کو خوش کرنے کے لیے محبوب خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی بہتان تراشنے سے نہیں گھبراتے حالانکہ جو استدلال وہ پیش کرتے ہیں وہ سراسر کذب بیانی ہے کیونکہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دعویٰ نبوت سے قبل تو کسی قسم کا بھی کوئی الزام عائد نہیں ہوا تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی معصومیت اور پاکیزہ زندگی کی گواہی دی ہے اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو اپنی سچائی کے لیے دلیل ٹھہرایا ہے: فقد لبثت فیکم عمراً من قبلہ افلا تعقلون یعنی میں نے تمھارے ساتھ ایک لمبی عمر گزاری ہے کیا تم میری اس زندگی پر اعتراض کر سکتے ہو؟ لیکن آپ کے سب سے بڑے دشمن ابوجہل کو بھی اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ باقی رہے خلفائے راشدین تو ان پر اغیار نے تو اعتراضات کیے لیکن ان کے اپنے مریدوں میں سے کسی نے بھی ان پر زناء جیسے قبیح فعل کا الزام نہیں لگایا لیکن شاطر سیاست پر بیگانے تو ایسے الزامات عائد کرتے ہیں ان کے اپنے مریدوں کے اعتراضات و الزامات کی وجہ کیا ہے؟ لیکن مرید ہیں کہ عقل و خرد سے بالکل ہی دست معلوم ہوتے ہیں اور

"حضور" کی نجی زندگی کا مطالعہ کیے بغیر ان کے تمام دعاوی پر آمنا وصدقنا کہتے چلے جاتے ہیں۔

جس کی آغوش میں ہر شب ہے نئی ماہ لقا
اس کے سینے میں خدا ہے ہمیں معلوم نہ تھا

لیکن واقعہ یہ ہے کہ شاطر سیاست اور ان کے چند خوشامدی زناء بالجبر کو ناجائز اور زنا بالرضاء کو جائز تصور کرتے ہیں اور ان کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ گناہ جس کا کسی کو بھی علم نہ ہو گناہ نہیں ہے۔

یہ کہہ رہی ہے ہمیں واعظوں کی بے عملی
گناہ نہیں ہے جو چھپ کر کہیں کیا جائے

اسلام کے نزدیک کس قسم کی بدظنی پھیلانے والا مجرم ہے۔ اسلام نے زناء کے سلسلہ میں یہ قاعدہ کلیہ بنایا ہے کہ جب تک چار گواہ یہ نہ کہیں کہ فلاں شخص کو انھوں نے زناء کرتے دیکھا ہے اس وقت تک کسی ایک شخص کی گواہی قابل قبول نہیں اور اگر کوئی شخص کسی پر زناء کا الزام عائد کرتا ہے اور اس کی تشہیر کرتا ہے اور اس کے لیے چار گواہ پیش نہیں کر سکتا تو وہ مجرم ہے۔ اب اس وضاحت کے بعد ہمیں معلوم ہو گیا کہ ان کے نزدیک بدظنی کا مفہوم زناء کا الزام ہے اب اس تشریح کی روشنی میں مندرجہ بالا اقتباس پڑھا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انھیں قبل از وقت علم تھا کہ ان پر اس قسم کے الزامات عائد ہوں گے ظاہر ہے کہ اس قسم کا علم مجرمانہ ذہنیت کا واضح اظہار ہے یعنی چونکہ انھیں اپنی بداعمالیوں کا علم تھا اس لیے انھوں نے اپنے مریدوں کو بے وقوف بنانے کی غرض سے پیش بندی کر دی اور گول مول الفاظ میں جہاں اپنے جرم کا اقرار کر لیا وہاں زناء جیسے فعل کو جائز کہہ دیا اور پھر یہاں تک کہہ دیا کہ یہ فعل صرف میں ہی نہیں کرتا بلکہ پہلے (یعنی خلفائے راشدین وغیرہ) بھی کرتے رہے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

؎ آئینہ دیکھیں تو رخ اپنا نظر آتا ہے

حلفیہ شہادت

شاطر سیاست کے اخلاق کا تذکرہ چل نکلا ہے تو لگے ہاتھوں چند مزید حقائق بھی ملاحظہ فرمایئے۔ ہمیں ایک نوجوان مسٹر محمد یوسف کی ایک تحریر موصول ہوئی ہے۔ مسٹر یوسف کا خاندان شاطر سیاست کے خاص الخاص مریدوں میں سے ایک ہے اور وہ ان دنوں کراچی میں مقیم ہیں۔ ہم ان کی وہ تحریر بغیر تبصرہ کے شائع کر رہے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ واشھد ان محمد عبدہ و رسولہٗ۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے نبی اور خاتم النبیین ہیں اور اسلام سچا مذہب ہے میں احمدیت کو بھی برحق سمجھتا ہوں اور مرزا قادیانی کے دعویٰ پر ایمان رکھتا ہوں اور مسیح موعود مانتا ہوں اور اس اقرار کے بعد میں موکد

بعذاب حلف اٹھاتا ہوں۔

میں اپنے علم اور مشاہدہ اور رویت عینی اور آنکھوں دیکھی بات کی بنا پر خدا کو حاضر ناظر جان کر اس کی پاک ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفہ ربوہ نے خود اپنے سامنے اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد سے زناء کروایا۔ اگر میں اس حلف میں جھوٹا ہوں تو خدا کی لعنت اور عذاب مجھ پر نازل ہو۔ میں اس بات پر مرزا بشیر الدین محمود احمد کے ساتھ بالمقابل حلف اٹھانے کے لیے بھی تیار ہوں۔

دستخط محمد یوسف معرفت عبدالقادر

تیرتھ سنگھ بے للوانی روڈ عقب شالیمار ہوٹل کراچی

رویا و کشوف کا دباؤ

انسان کی فطرت میں ایک خوف کھانے والی حس ہے اور انسان اللہ تعالیٰ کے وجود کا قائل ہونے کے بعد جنت اور جہنم کے نظریات کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کے خوف سے پاکیزگی اور صالح اعمال بجا لانے کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ کرتا ہے۔ شاطر سیاست کو انسان کی اس کمزوری کا علم ہے چنانچہ وہ اپنے بھولے بھالے مریدوں کو رویا و کشوف سنا سنا کر ڈراتے رہتے ہیں اور عاقبت کا خوف دلا کر اپنا الو سیدھا کرتے ہیں۔ آخری شادی جو انھوں نے چند ہی سال قبل کی تھی وہ بھی رویا کے ذریعہ ہی معرض وجود میں آئی تھی۔ ایک دن خطبہ جمعہ میں انھوں نے کہا کہ رات میں نے رویا میں دیکھا کہ میرا نکاح فلاں لڑکی سے ہو رہا ہے، اس کی خصوصیات فلاں فلاں ہیں۔ اگر اس کے باپ نے اپنی لڑکی کا نکاح میرے ساتھ نہ کیا تو اللہ تعالیٰ کا عذاب اس پر نازل ہوگا۔ چنانچہ اس لڑکی کے باپ نے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے گھبرا کر اور "حضور پرنور" کے رویا سے ڈر کر اپنی لڑکی کا رشتہ "حضور پرنور" کو دے دیا۔ اسی طرح شاطر سیاست دوسرے معاملات میں بھی بھولے بھالے مریدوں پر عاقبت کا خوف طاری کرتے اور رویا و کشوف کا دباؤ ڈال کر اپنا الو سیدھا کرتے رہتے ہیں۔ جب کبھی بھی کسی شخص نے ان کی نجی زندگی کا جائزہ لیا اور اپنے ذاتی مشاہدات کی روشنی میں.... ان کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تو انھوں نے اس شخص کے باپ یا دیگر رشتہ داروں پر عاقبت کا خوف طاری کر کے اس کے خلاف تحریریں لکھوا کر اپنے سرکاری گزٹ میں شائع کر دیں۔

اسلام کے نزدیک ناقدین قوم کی روح ہوتے ہیں اور حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے سب سے زیادہ محبوب شخص وہ ہے جو مجھ پر تنقید کرتا ہے اور شاطر سیاست ناقدین کے خلاف اظہار بیزاری کرنے کو مومنانہ دلیری قرار دیتے ہیں۔

علاوہ ازیں وہ رویا و کشوف کو اپنی ڈھال بناتے ہیں۔ جب کسی نے کوئی سوال کیا اور ان سے کوئی جواب نہ بن آیا تو رویا سنا دیا۔ کسی نے پوچھا کہ حضور یہ سندھ کے مربعے جو آپ کی ذاتی ملکیت ہیں کہاں سے آئے تو کشف سنا دیا۔ کسی نے استفسار کیا کہ حضور آپ خویش پروری کرتے ہیں تو اس پر عاقبت کا

عذاب نازل کر کے اسے منافق قرار دے دیا۔ الغرض وہ رویا و کشوف سے اپنا تمام تر کاروبار چلاتے ہیں اور وہ بھولے بھالے لوگ جو خدمت اسلام اور شمع رسالت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کی بنا پر شاطر سیاست سے وابستہ ہیں وہ غلط بے جوڑ اور مہمل قسم کے رویا و کشوف کا تجزیہ کیے بغیر آمنا وصدقنا کہتے چلے جاتے ہیں حالانکہ ان کے رویا و کشوف سن گھڑت اور ابہام کی زندہ مثالیں ہوتے ہیں۔ ہر ذی شعور شخص موجودہ حالات سے آئندہ حالات کا اندازہ کر لیتا ہے۔ چنانچہ شاطر سیاست شیطان کی آنت کی طرح ایک گول مول رویا شائع کر دیتے ہیں اور جب وہ حالات معرض وجود میں آ جاتے ہیں تو الفضل میں جلی حروف کے ساتھ رویا کے عظیم الشان طریق سے پورا ہونے کا ڈھنڈورہ پیٹ دیا جاتا ہے حالانکہ اگر رویا وکشوف ان کے اپنے ذہن کی پیداوار بھی ہوں تو ضروری نہیں کہ ہر کشف درست ہی ہو۔ چنانچہ مرزا قادیانی لکھتے ہیں:

"سنت اللہ قدیم سے اور جب سے دنیا کی بنا ڈالی گئی ہے، اس طرح پر جاری ہے کہ نمونہ کے طور پر عام لوگوں کو قطع نظر اس کے کہ وہ نیک ہوں یا بد ہوں اور صالح ہوں یا فاسق ہوں اور مذہب میں سچے ہوں یا جھوٹا مذہب رکھتے ہوں، کسی قدر سچی خوابیں اور سچے الہام وجاہت اور بزرگی پر دلالت نہیں کرتے۔ یہ کمال شقاوت اور نادانی اور بدبختی ہے کہ یہ سمجھا جائے کہ انسانی کمال بس اسی پر ختم ہے کہ کسی کو کوئی سچی خواب آ جائے یا اس کو الہام ہو جائے بلکہ انسانی کمال کے لیے اور بہت سے لوازم اور شرائط ہیں اور جب تک وہ محقق نہ ہوں تب تک یہ خوابیں اور الہام بھی مکر اللہ میں داخل ہیں۔ وہی الوسیلہ بعض اوقات موجب ہلاکت ہو جاتی ہے جیسا کہ ملہم اسی وجہ سے ہلاک ہوا۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ 908)

یعنی سچی خوابیں فاسق اور غیر صالح لوگوں کو بھی آ جاتی ہیں اس لیے یہ نادانی اور بدبختی ہے کہ بعض سچی خوابوں پر اپنی وجاہت اور بزرگی کا دعویٰ کیا جائے۔ علاوہ ازیں مرزا قادیانی ایک دوسری جگہ پھر لکھتے ہیں:

> "یاد رکھنا چاہیے کہ شیطان انسان کا سخت دشمن ہے۔ وہ طرح طرح کی راہوں سے انسان کو ہلاک کرنا چاہتا ہے اور ممکن ہے کہ ایک خواب سچی بھی ہو اور پھر بھی وہ شیطان کی طرف سے ہو کیونکہ اگرچہ شیطان بڑا جھوٹا ہے لیکن کبھی سچی بات بتلا کر دھوکا دیتا ہے۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ اوّل)

یعنی کسی سچی خواب سے یہ نہیں سمجھ لینا چاہیے کہ جس شخص کو سچی خواب آئی ہے وہ بزرگی کی کسی منزل پر پہنچ گیا ہے بلکہ بعض اوقات شیطان بھی انسان کو گمراہ کرنے کے لیے سچی خوابیں دکھا دیتا ہے، اس لیے اپنی کسی سچی خواب کو بھی اپنی بزرگی اور بڑائی کے لیے دلیل ٹھہرانا ناجائز ہے۔ پھر مرزا قادیانی ان لوگوں کے متعلق بھی وضاحت کرتے ہیں جو اپنے خوابوں اور الہامات پر بنا رکھ کر غلط اعتقادوں اور ناپاک مذہبوں

کو فروغ دیتے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے لکھا ہے:

"افسوس کہ اکثر لوگ ایسے ہیں کہ ابھی شیطان کے پنجہ میں گرفتار ہیں مگر پھر بھی اپنی خوابوں اور الہاموں پر بھروسہ کر کے اپنے ناراست اعتقادوں اور ناپاک مذہبوں کو ان خوابوں اور الہاموں کے ذریعہ فروغ دینا چاہتے ہیں بلکہ بطور شہادت ایسی خوابوں اور الہاموں کو پیش کرتے ہیں۔" (حقیقت الوحی صفحہ 2)

یعنی اپنے چند سچے خوابوں کو جیاد اور دلیل ٹھہرا کر اپنے غلط اعتقادات اور غلط مذہب کا پرچار کرنا بھی ناجائز ہے اور جو شخص اپنے خوابوں پر اپنی بزرگی کی بنا رکھتا ہے وہ بھی شیطان کا اسیر ہے، چنانچہ شاطر سیاست کی سوانح حیات دیکھئے تو ایک لمحہ بھی ایسا نہیں ملتا جب رؤیا و کشوف سے انھوں نے اپنی بزرگی اور اپنے اعتقادات کی سچائی نہ ثابت کی ہو۔ وہ لوگ جو الفضل کا باقاعدہ مطالعہ کرتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ الفضل میں جہاں ان کے رؤیا و کشوف کثرت سے شائع ہوتے رہتے ہیں وہاں بڑی بڑی سرخیوں میں ان کے عظیم الشان طریق سے پورا ہونے کا ڈھنڈورا بھی پیٹا جاتا ہے جو ان کے والد مرزا قادیانی کے نزدیک ناجائز اور شیطان کے اسیر ہونے کی نشانی ہے۔ مرزا قادیانی مزید رقمطراز ہیں:

"اور بعض محض فضول اور فخر کے طور پر اپنی خوابیں سناتے ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں کہ چند خوابیں یا الہام ان کے جو ان کے نزدیک سچے ہو گئے ہیں ان کی بنا پر وہ اپنے تئیں اماموں یا پیشواؤں یا رسولوں کے رنگ میں پیش کرتے ہیں، یہ وہ خرابیاں ہیں جو اس ملک میں بہت بڑھ گئی ہیں اور ایسے لوگوں میں بجائے دینداری کے بجا تکبر اور غرور پیدا ہو گیا ہے۔" (حقیقت الوحی صفحہ 2)

ان سطور میں جو باتیں بیان کی گئی ہیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ وہ مرزا قادیانی نے اپنے بیٹے (شاطر سیاست) سے متعلق ہی لکھی تھیں کیونکہ وہ اپنے رؤیا و کشوف کی بنا پر اپنے آپ کو مصلح موعود اور خلیفہ برحق ثابت کرتے اور اپنے بھولے بھالے مریدوں پر اپنی بزرگی ثابت کرتے ہیں حالانکہ ان کے والد مرزا قادیانی کہتے ہیں کہ یہ وہ خرابیاں ہیں جو اس ملک میں بہت بڑھ گئی ہیں اور ایسے لوگوں میں بجائے دینداری کے بجا تکبر اور غرور پیدا ہو گیا ہے۔ یہی عالم شاطر سیاست کا ہے ان میں بھی جب سے یہ نقص پیدا ہوا ہے غرور اور تکبر نے انھیں بری طرح سے جکڑ رکھا ہے اور ان سے دینداری اور راستبازی بھی اسی وجہ سے کوسوں دور ہے کہ وہ اپنے رؤیا و کشوف کو اپنی بزرگی کی بنا کر دانتے ہیں۔ حالانکہ سچی خوابیں تو ہر شخص کو آ جاتی ہیں خواہ وہ بازاری عورت ہی کیوں نہ ہو۔ یہ بات صرف ہم اپنے پاس ہی سے نہیں لکھ رہے بلکہ مرزا قادیانی بھی اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے لکھا ہے:

"ایک اور امر بھی ہے اور وہ یہ کہ بعض فاسق اور فاجر اور زانی اور ظالم اور غیر

حسد، خن اور چور اور حرام خور اور خدا کے احکام کے مخالف چلنے والے بھی ایسے دیکھے گئے ہیں کہ ان کو بھی کبھی کبھی سچی خوابیں آ جاتی ہیں اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ بعض عورتیں جو قوم کی چوہڑی یعنی بھنگن تھیں جن کا پیشہ مردار کھانا اور ارتکاب جرائم کا تھا انھوں نے ہمارے روبرو بعض خوابیں بیان کیں اور وہ سچی نکلیں۔ اس سے بھی عجیب تر یہ کہ بعض زانیہ عورتیں اور قوم کے کنجر جن کا رات دن زنا کاری کام تھا ان کو دیکھا گیا کہ بعض خوابیں انھوں نے بیان کیں اور وہ پوری ہو گئیں اور بعض ایسے ہندوؤں کو بھی دیکھا کہ جو نجاست شرک سے ملوث اور اسلام کے سخت دشمن ہیں بعض خوابیں ان کی جیسا کہ دیکھا تھا ظہور میں آ گئیں۔"

(حقیقۃ الوحی صفحہ 2 و صفحہ 3)

ان سطور میں صاف الفاظ میں بتایا گیا ہے کہ سچی خوابیں بعض ہندوؤں کو بھی آ جاتی ہیں، اس لیے ان پر اپنی صداقت کی دلیل ٹھہرانا درست نہیں۔ ہمارے اس استدلال پر اگر کوئی یہ کہے کہ مرزا صاحب کی مندرجہ بالا سطور عام انسانوں سے متعلق ہیں خواص سے متعلق نہیں اور چونکہ شاطر سیاست عوام الناس میں سے نہیں خواص میں سے ہیں اس لیے ان سطور کو ان پر چسپاں کرنا غلط ہے تو ہم مرزا قادیانی کا حسب ذیل اقتباس پیش کیے دیتے ہیں۔ انھوں نے یہاں فرمایا ہے:

"دنیا میں بعض ایسے لوگ بھی ہیں جو کسی حد تک زہد اور عفت کو اختیار کرتے اور علاوہ اس بات کے کہ ان میں رویا اور کشوف کے حصول کے لیے ایک غیر فطری استعداد ہوتی ہے اور دماغی بناوٹ اس قسم کی واقع ہوتی ہے کہ خواب و کشف کا کسی قدر حصہ ان پر ظاہر ہو جاتا ہے جس کی آمد سے ایک محدود دائرہ تک رویا صادقہ اور کشوف صحیحہ کے انوار ان میں پیدا ہو جاتے ہیں مگر تاریکی سے خالی نہیں ہوتے بلکہ ان کی بعض دعائیں بھی قبول ہو جاتی ہیں مگر عظیم الشان کاموں میں نہیں کیونکہ ان کی راستبازی کامل نہیں ہوتی بلکہ اس شفاف پانی کی طرح ہوتی ہے جو اوپر سے تو شفاف نظر آتا ہو مگر نیچے اس کے گوبر اور گند ہو۔" (حقیقت الوحی صفحہ 11)

یعنی دنیا میں بعض لوگ ایسے بھی ہیں جن کے ذہن کی بناوٹ ہی اس قسم کی ہوتی ہے کہ انھیں رویا و کشوف نظر آ جاتے ہیں لیکن ان کشوف کی حالت یہ ہے کہ ایک محدود دائرہ تک ہی رویا و کشوف کے انوار ظاہر ہوتے ہیں اور وہ بھی تاریکی سے خالی نہیں ہوتے بلکہ ان رویا و کشوف میں بھی بعض غلط ہوتے ہیں اسی طرح بعض لوگوں کی چند دعائیں بھی قبول ہو جاتی ہیں چونکہ ان لوگوں کی راستبازی کامل نہیں ہوتی اس لیے ان کی دعائیں کسی عظیم الشان کام میں پوری نہیں ہوتیں۔ یہاں مرزا صاحب نے ان لوگوں کی

راستبازی کی بھی تشریح کر دی کہ ان کی راستبازی اس شفاف پانی کی طرح ہوتی ہے جو اوپر سے شفاف نظر آتا ہے مگر اس کے نیچے گوبر اور گند ہوتا ہے۔ جس شخص نے بھی قریب سے شاطر سیاست کو دیکھا ہے وہ مرزا قادیانی کے مندرجہ بالا اقتباس کے مطالعہ سے بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے کہ یہ اقتباس ایک سو پچاس فیصدی شاطر سیاست ہی سے متعلق ہے کیونکہ ان کی راستبازی مشکوک ہے اور ان کا ظاہر شفاف پانی کی مانند اور باطن گوبر اور گند کی مانند ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان کی دعائیں بھی بھی کسی قابل ذکر کام میں پوری نہیں ہوئیں اور نہ ہی ان کا کوئی کشف ایسا ہے جسے کشفی انوار کے اعتبار سے مکمل کہا جاسکے۔ پس چونکہ اس قسم کے رؤیا وکشوف دنیا میں بے شمار لوگوں پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں اس لیے ان سے اپنی بڑائی ثابت کرنا اور ان کا ڈھنڈورہ پیٹ کر خلافت حقہ کا ثبوت بہم پہنچانا سراسر ناجائز دھوکا اور حقائق کے خلاف ہے بلکہ شاطر سیاست کے رؤیا وکشوف کا جو تجزیہ ہم نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ ان کو بعض خوابیں سچی بھی آجاتی ہیں لیکن انھیں اکثر خوابیں ایسی آتی ہیں جو مبہم اور ان کے اپنے ذہن کی پیداوار ہوتی ہیں۔ اس قسم کی خوابوں سے انھیں اپنے مریدوں کو بے وقوف بنانا مقصود ہوتا ہے اور وہ اس طرح کی ریاکاری سے اپنا مقصد حل کر لیتے ہیں۔ گویا دوسرے الفاظ میں وہ رؤیا کے ساتھ بھی ریا کرنے سے نہیں چوکتے۔

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ انھوں نے اپنے خوابوں کے لیے رؤیا کا لفظ پسند کیا ہے اور اکثر رؤیا ہی کا لفظ استعمال کیا ہے۔ عجیب سانحہ ہے کہ ان کا چونکہ ریاکاری سے بھی دخل ہے اور رؤیا سنانے سے ان کی مراد بھی ریاکاری سے لوگوں کو بے وقوف بنانا ہے اس لیے خدا نے ان سے لفظ بھی وہی انتخاب کروایا جو حقیقت حال کے عین مطابق تھا۔ لفظ رؤیا کے چار حروف ہیں۔ چاروں حروف میں سے اگر واؤ نکال دیں تو باقی ریا رہ جاتا ہے۔ واؤ سے مراد وحی یا خواب وغیرہ ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ واؤ کا حرف لفظ ریا کے درمیان ہے گویا وحی کو بھی ریاکاری کا آلہ کار بنایا جارہا ہے۔

جل برسات برستے ہیں چھپا تجھ رؤیا
واؤ بھی بیچ ریا ہے ہمیں معلوم نہ تھا

(مصنف)

❀....❀....❀

خالد چوہدری

ظفر اللہ خاں کا معاشقہ

آنجہانی سر ظفر اللہ خاں پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ مقرر ہوئے۔ وہ قادیانی مذہب کے سرگرم مبلغ بھی رہے۔ اس مذہب سے تعلق رکھنے والوں کو کفریہ عقائد کی بنا پر بھٹو دور حکومت میں ملک کی منتخب پارلیمنٹ نے ایک آئینی ترمیم کے ذریعے متفقہ طور پر غیر مسلم قرار دے دیا تھا۔ سر ظفر اللہ خاں نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا جنازہ بھی پڑھنے سے انکار کر دیا تھا۔ صحافیوں کی طرف سے وجہ پوچھنے پر انھوں نے بتایا کہ ''آپ مجھے کافر حکومت کا مسلمان وزیر سمجھ لیں یا مسلم حکومت کا کافر وزیر۔''

سر ظفر اللہ خان کے بارے میں قادیانیوں میں تاثر پایا جاتا ہے کہ وہ پڑھے لکھے اور باکردار انسان تھے لیکن چوہدری سر ظفر اللہ خان نے ایک عرب لڑکی سے کس طرح شادی رچائی، یہ واقعہ دلچسپی سے خالی نہیں۔

''بشریٰ ربانی کے سابق شوہر محمود قزق نے اخبار ''نیوز'' کے نامہ نگار کو ایک بیان میں بتایا کہ ''سر ظفر اللہ خان نے میری منکوحہ بشریٰ ربانی کو کس طرح خریدا اور جبراً طلاق دلوائی۔ پہلی ملاقات میں ظفر اللہ خان نے لڑکی سے پوچھا: ''تیرا کیا نام ہے؟'' لڑکی نے عقیدت و ادب سے ہاتھ چوم کر جواب دیا ''آپ کی کنیز کو بشریٰ ربانی کہتے ہیں۔''

دمشق میں احمدی مشن نے قادیانی خلیفہ کے اعزاز میں جلسہ کیا، جو علاج کے لیے ظفر اللہ خان کے ساتھ یورپ جا رہے تھے، میری بیوی بھی اپنی ماں کے ساتھ جلسے میں حاضر تھی تاکہ دوسرے احمدیوں کی طرح ظفر اللہ خان کا استقبال کرے اور ''امیر المومنین'' (امیر الشیاطین) کے ہاتھ کو بوسہ دے۔ ظفر اللہ خان نے خلیفہ سے کچھ سرگوشی کی تو حاضرین نے ''امیر المومنین'' کو بلند آواز سے فرماتے سنا ''یہ تو اس خاندان کے لیے سب سے بڑی عزت ہے'' اور سننے والے سمجھ گئے کہ کسی شادی کا ذکر ہو رہا ہے۔ پھر ظفر اللہ خان نے دمشق کے بڑے قادیانی سردار کے کان میں کچھ کہا تو سردار نے اونچی آواز میں جواب دیا: ''اس کا صرف ایک ہی بھائی ہے۔'' اب ظفر اللہ خاں نے بھی اونچی آواز میں گفتگو شروع کر دی۔ کہنے لگے: ''کیا اس کا بھائی یہاں دمشق کے پاکستانی سفارت خانے میں ملازمت پسند کرے گا'' اور دوسرے ہی دن میری بیوی کے بھائی محمود ربانی کو سفارت خانے میں عہدہ مل گیا۔

پھر ظفر اللہ خان نے اپنی خاص مجلس میں دمشق کے معزز احمدیوں سے کہا: ''میں اس لڑکی کو خوش

نصیب اور اس کے خاندان کو خوشحال بنا دوں گا۔" عرض کیا گیا: "لڑکی اپنے خالہ زاد بھائی سے منسوب ہو چکی ہے، جو خلیج فارس کے ایک ملک میں دولت کمانے گیا ہوا ہے۔"

ظفر اللہ خان نے برہم ہو کر کہا "یہ کتنا بڑا ظلم ہے کہ اس نازک پھول کو اس خوفناک کانٹے کی گود میں ڈال دیا جائے۔"

عرض کیا گیا: "ممکن ہے خود لڑکی آپ کی عمر کے آدمی سے رشتہ جوڑنا پسند نہ کرے اور کہے کہ آپ کی بیوی بھی موجود ہے اور اولاد بھی۔"

ظفر اللہ خان نے جواب دیا: "میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں گا۔" اور انھوں نے یہی کیا بھی تاکہ بشریٰ کو حاصل کر سکیں۔

دوسرے دن "حضرت" لڑکی کے گھر پہنچے اور جب وہ چائے لے کر آئی تو اس پر نگاہیں گاڑے ہوئے کہنے لگے:

"بشریٰ تو کیا کہتی ہے، دیکھ ظاہری شکل پر نہ جانا، میں آج بھی......"

بشریٰ کی نظریں شرم سے جھک گئیں اور چہرہ گلابی ہو گیا۔ پھر آہستہ سے کہنے لگی: "مالک میں تو حضور کی کنیز ہوں۔"

یہ سنتے ہی ظفر اللہ خان نے جیب سے ایک ڈبیہ نکالی، کھولی اور ہیرے کا کیٹھا نکال کر خود اپنے ہاتھ سے لڑکی کے گلے میں ڈال دیا۔ پھر اس کی انگلیوں پر انگشتری باندھ دی، وہ سمجھ گئی۔ اس نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا اور انگلی سے میرے نکاح کی انگوٹھی اتار دی۔

تین دن بعد ظفر اللہ خان لاہائی (ہالینڈ) جانے کے لیے تیار ہو گئے، جہاں وہ بین الاقوامی عدالت کے جج ہیں۔ جاتے وقت بشریٰ کی ماں اور بھائی کے ہاتھ میں ایک بڑی رقم دیتے ہوئے حاکمانہ انداز سے فرمانے لگے:

"دیکھو بشریٰ کی طلاق کا معاملہ جلد سے جلد انجام پا جانا چاہیے۔ خرچ کی پروا نہ کرنا۔"

میری عقل کچھ کام نہیں دیتی۔ اب تک سمجھ ہی میں نہیں آتا کہ آخر یہ کیا ہوا؟ اور سمجھ میں آئے بھی کیسے، میں نے اپنے وجود سے محبت کی تھی اور حق الیقین تھا کہ بشریٰ بھی مجھے سچے دل سے چاہتی ہے۔ ہم دونوں گھڑیاں گن رہے تھے کہ رخصتی کا دن آ جائے اور ہم دونوں ایک جان ہو جائیں۔ میں خلیج فارس کے ایک علاقے میں بہت دور تھا مگر بشریٰ کے محبت بھرے خطوں سے ڈھارس بندھی رہتی تھی۔ بشریٰ ہر خط کے ساتھ کئی کئی تصویروں کے تراشے بھیجتی۔ یہ دیکھیے تراشے میں ایک جوڑے کی تصویر ہے جو عروسی لباس پہنے ہے اور یہ عبارت تراشے پر خود بشریٰ کے قلم سے لکھی ہے: "اللہ! ہم دونوں کب ایسا ہی جوڑا پہنیں گے۔" یہ دوسرا تراشہ ہے، دو بچے کھڑے ہیں اور بشریٰ نے اس پر لکھا ہے: "خدا ہمیں بھی ایسے ہی بچے دے گا۔"

بہت سے خط سنا کر بدنصیب شوہر چپ ہو گیا اور کسی گہرے خیال میں ڈوب گیا، اچانک اس کے منہ سے قہقہہ پھوٹ پڑا اور اس نے کہنا شروع کیا: "کوئی سوچ بھی سکتا تھا کہ بشریٰ کے یہ سب جذبات

سراسر فریب تھے اور وہ میرے دل سے صرف کھیل رہی تھی۔ کیا دولت کی طمع اس پر غالب آ گئی۔" بھلا کیونکر مان لوں، اس نے تو مجھے اس وقت قبول کیا تھا جب میں بالکل فقیر تھا۔ میں قادیانی نہیں تھا، محض بشریٰ کو حاصل کرنے کے لیے قادیانیت میں نے قبول کی۔ بشریٰ اور اس کا خاندان قادیانی بن چکا تھا۔ ظفر اللہ خان قادیانی مذہب کے ایک بڑے رکن ہیں اور میرے دل میں وہم بھی پیدا نہیں ہو سکتا تھا کہ کبھی ظفر اللہ میرے دل کو گھائل کر کے کچل ڈالیں گے اور قادیانیت کے "امام" اور "امیر المومنین" اپنے ایک مرید و معتقد کی زندگی اس بے دردی سے اجاڑ کر رکھ دیں گے۔ بیشک اس قسم کی کوئی بات بھی خیال میں نہیں آ سکتی تھی لیکن فلسطین میں ایک کہاوت ہے: گھنی داڑھیوں کی آڑ میں کبھی بندر بھی چھپے ملتے ہیں اور ظفر اللہ کی داڑھی واقعی عجائبات کو چھپائے ہوئے تھی۔"

محمود ترزق نے سلسلہ گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا: "1953ء میں، میں نے کتنی کوشش کی کہ لبنان میں کوئی روزگار مل جائے مگر کامیابی نہ ہوئی۔ پھر میں شام چلا آیا اور ایک سکول میں مدرسی مل گئی۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنی خالہ سے ملنے دمشق آیا اور خالہ کی لڑکی بشریٰ کو دیکھتے ہی دل دے بیٹھا۔ دوسرے دن بشریٰ کے ساتھ سینما گیا۔ فلم میں ہیرو اور ہیروئن کی شادی دکھائی جا رہی تھی۔ بشریٰ میرے کان میں کہنے لگی: "یہ خوشی ہمیں کب نصیب ہو گی؟"

54ء میں ہمارا نکاح ہو گیا۔ میں پھر خلیج فارس کی ایک ریاست میں چلا گیا تاکہ جلد سے جلد بہت سا روپیہ جمع کر کے لوٹوں اور اپنی دلہن کو رخصت کرا لاؤں۔

بشریٰ کے خط دسمبر کے مہینے سے بند ہو گئے۔ آخر ایک خط بہت دنوں کے بعد ملا۔ اس کی عبارت یہ تھی:

"حضرت امیر المومنین" دمشق آئے، ظفر اللہ خان بھی ہمراہ تھے۔ کس قدر چاہتی تھی کہ تم بھی یہاں موجود ہوتے اور "حضرت امیر المومنین" کی زیارت کرتے۔"

بشریٰ کے خط نے میرا دماغ اور بھی خراب کر دیا اور میں طرح طرح کے مطالب نکالنے لگا۔ دمشق پہنچتے ہی سیدھا خالہ کے گھر گیا مگر بشریٰ کی انگلی میرے عقد کی انگوٹھی سے خالی تھی۔

میں نے کہا: "انگوٹھی اور چوڑیاں غائب ہیں؟"

بشریٰ: "میں آزاد ہوں۔ تم میری خالہ کے بچے ہو، اس لیے تم سے شادی منظور نہیں کر سکتی۔"

اس کے بھائی محمود نے مجھ سے کہا:

"بشریٰ تمہیں پسند نہیں کرتی، تم طلاق کیوں نہیں دے دیتے؟"

میں بے اختیار چلا اٹھا: "ابھی قاضی کے پاس چلو، طلاق نامہ لکھے دیتا ہوں۔"

قاضی نے جب معاملہ سنا تو خفا ہوئے۔ میں تو غصہ سے بے خود ہو رہا تھا، کہا گیا: "قاضی

صاحب نکاح فرضی تھا اور میں بشریٰ کو طلاق دے چکا ہوں۔"

بعد میں معلوم ہوا کہ ظفر اللہ خان نے 45 ہزار پونڈ میں بشریٰ کو خرید لیا ہے اور بیس ہزار پونڈ میں بشریٰ کے خاندان کے لیے ایک مکان دمشق کے محلے "بستان الجری" میں مول لے دیا ہے۔ بعد ازاں معلوم ہوا کہ ظفر اللہ چند روز میں دمشق آ رہے ہیں تاکہ بشریٰ سے شادی رچائیں اور میں نے طے کر لیا کہ اس شخص کو قتل کر ڈالوں گا۔ میں نے پستول خرید لیا مگر بشریٰ کے خاندان نے ظفر اللہ کو بھی خبر کر دی۔ اس پر جلسے کا پروگرام روک دیا گیا اور آدھے گھنٹے کے اندر ہی ظفر اللہ نکاح کر کے ہوائی جہاز سے بھاگ گئے۔"

(بشکریہ روزنامہ "نوائے پاکستان" لاہور)

(بحوالہ ماہنامہ "صوت الاسلام" فیصل آباد، جلد 1 شمارہ 4/5 ستمبر، اکتوبر 1985ء)

معروف صحافی و کالم نگار جناب شفیق مرزا اپنی شہرۂ آفاق کتاب "شہر سدوم" میں انکشاف کرتے ہوئے "لارڈ ملی اور ظفر اللہ خان" کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

"لاہور کے سیاسی و سماجی حلقوں کے لیے چودھری نصیر احمد ملی المعروف لارڈ ملی کا نام اجنبی نہیں۔ وہ ون یونٹ کے دوران مغربی پاکستان کے وزیر تعلیم رہے اور پھر انھوں نے پنجاب کلب میں اپنا ایسا مستقل ذریعہ بنایا کہ یہ ان کی دوسری رہائش گاہ بن کر رہ گئی۔ ان کا تھوڑا ہی عرصہ ہوا، انتقال ہوا ہے۔ ان کے بیٹے چودھری افضال احمد ملی ایڈووکیٹ لاہور بار کے رکن ہیں۔ لارڈ ملی مرحوم نے ترقی پسندی سے لے کر بقول ممتاز کالم نگار رفیق ڈوگر آخری عمر میں مذہب کی طرف مراجعت کا بڑا طویل سفر کیا لیکن انھیں قریب سے جاننے والے جانتے ہیں کہ وہ جھوٹ نہیں بولتے تھے اور کسی واقعہ کے بیان میں ان کی ذات بھی ہدف بن جاتی تھی تو وہ اسے بچانے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔

ایک مرتبہ کلاسیک پر کھڑے کھڑے بات چل نکلی تو میں نے ان سے چودھری ظفر اللہ خان کے کردار کے بارے میں پوچھا تو کہنے لگے، طالب علمی کے دور میں، میں نے شاہنواز (شاہنواز موٹرز اور شیزان والے) سے اس بارے میں پوچھا تو چونکہ وہ میرے بہت قریبی دوست اور عزیز تھے، اس لیے بے ساختہ کہنے لگے "یار! وہ تو جب آتا ہے، جان ہی نہیں چھوڑتا اور اس نے مجھے اپنی بیوی کے طور پر رکھا ہوا ہے۔" لارڈ ملی نے مزید بتایا کہ "انہی ایام میں ظفر اللہ خان نے مجھے بھی پھانسنے کی کوشش کی تھی لیکن میں اس کے قابو میں نہیں آیا۔"

یہ ہے جنرل اسمبلی میں قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے، قائد اعظم کا اپنے نام نہاد عقائد و نظریات کی خاطر جنازہ نہ پڑھنے والے اور اپنے آپ کو ایک کافر حکومت کا مسلمان وزیر یا ایک مسلمان حکومت کا کافر وزیر قرار دینے والے کا اصل کردار اور یہ صرف ظفر اللہ خان ہی سے مخصوص نہیں، ہر بڑا قادیانی دوہرے کردار کا مالک ہوتا ہے۔"

❀.....❀.....❀

علامہ احسان الٰہی ظہیر

قادیانیت کا شرمناک کردار

قادیانی، کتاب اللہ، سنت رسول اللہ اور تمام اسلامی ادیان کے بالکل برعکس یہ عقیدہ بھی رکھتے ہیں:

''اللہ مباشرت ومجامعت بھی کرتا ہے، اور وہ اولاد بھی جنتا ہے۔''

اور اس سے عجیب تر کہ:

''خدا نے ان ہی کے نبی مرزائے غلام سے مباشرت ومجامعت کی اور پھر نتیجتہً پیدا بھی وہی ہوئے یعنی:

مرزا قادیانی ہی سے جماع کیا گیا،

۲۔ اور وہی حاملہ ٹھہرے۔

۳۔ اور پھر خود ہی اس حمل کے نتیجہ میں پیدا بھی ہوئے۔''

اب ذرا قادیانیوں ہی کی زبان سے سنیئے۔ قاضی یار محمد قادیانی رقمطراز ہے:

''حضرت مسیح موعود (مرزا) نے ایک موقع پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی کہ کشف کی حالت آپ پر اس طرح طاری ہوئی، کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت کی قوت کا اظہار فرمایا۔''

(''اسلامی قربانی'' ص ۱۲ مصنفہ قاضی یار محمد قادیانی)

اور خود مرزائے قادیان کہتا ہے:

''مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں، بذریعہ اس الہام کے مجھے مریم سے عیسیٰ بنا دیا گیا۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔'' (''کشتی نوح'' ص 47 مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

مرزا قادیانی، اس کی امت، اس کے بیٹوں، پوتوں اور ان کی بیویوں کے بارہ میں ایسے ایسے ہوش ربا حقائق ہیں جن کی تردید کی جرأت آج تک کسی مرزائی کو نہیں ہو سکی۔ چند خبریں تو آج کی صحبت میں محفوظ کر لیں اور مزے کی بات کہ ایک بھی بیگانے سے نہیں۔

مرزا غلام احمد کا اپنا بیٹا اور مرزائیت کا یکے از معناد ید مرزا بشیر احمد اپنے باپ کے سوانح میں لکھتا ہے:

"بیان کیا مجھ سے میری والدہ صاحبہ نے ایک دفعہ اپنی جوانی کے زمانہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام تمہارے دادا کی پنشن وصول کرنے گئے تو پیچھے پیچھے مرزا امام الدین بھی چلے گئے۔ جب آپ نے پنشن وصول کر لی تو آپ کو پھسلا کر اور دھوکہ دے کر بجائے قادیان لانے کے باہر لے گیا اور ادھر ادھر پھراتا رہا۔ جب آپ نے سارا روپیہ اڑا کر ختم کر دیا تو آپ کو چھوڑ کر کہیں اور چلا گیا۔ حضرت مسیح موعود (مرزا غلام) اس شرم سے واپس گھر نہیں آئے اور چونکہ تمہارے دادا کا منشا رہتا تھا کہ آپ کہیں ملازم ہو جائیں اس لیے آپ سیالکوٹ شہر میں ڈپٹی کمشنر کی کچہری میں قلیل تنخواہ پر ملازم ہو گئے۔"

(سیرۃ المہدی ج 1، ص 34، مصنفہ مرزا بشیر احمد قادیانی)

مرزا غلام احمد کا بڑا لڑکا اور مرزائیوں کا دوسرا خلیفہ اپنے باپ کے بارہ میں یوں گوہر افشانی کرتا ہے:

"حضرت مسیح موعود علیہ السلام تریاق الٰہی دوا خدا تعالیٰ کی ہدایت کے ماتحت بنائی، اور اس کا ایک بڑا جز و افیون تھا اور یہ دوا کسی قدر اور افیون کی زیادتی کے بعد حضرت خلیفہ اول کو حضور چھ ماہ سے زائد تک دیتے رہے اور خود بھی وقتاً فوقتاً مختلف امراض کے دوروں کے وقت استعمال کرتے رہے۔"

(مضمون میاں محمود، مندرجہ اخبار "الفضل" قادیان 19 جولائی 1929ء)

اور خود مرزا غلام احمد اپنے بارہ میں یوں خبر دیتے ہیں:

محبی اخویم حکیم محمد حسین صاحب

اس وقت میاں یار محمد بھیجا جاتا ہے، آپ اشیائے خوردنی خود خرید دیں اور ایک بوتل ٹانک وائن کی پلومر کی دکان سے خرید دیں، مگر ٹانک وائن چاہیے۔ اس کا لحاظ رہے۔ باقی خیریت ہے۔"

(خطوط امام بنام غلام ص 5)

اور پلومر کی دوکان سے جب پوچھا گیا کہ ٹانک وائن کیا ہے تو انھوں نے جواب دیا:

"ٹانک وائن ایک قسم کی طاقت ور اور نشہ دینے والی شراب ہے جو ولایت سے سربند بوتلوں میں آتی ہے، اس کی قیمت 8 روپے ہے۔ 31 ستمبر 1933۔"

(منقول از سودائے مرزا ص 30، حاشیہ مصنفہ حکیم محمد علی پرنسپل طبیہ کالج امرتسر)

مرزائی اخبار "پیغام صلح" کا نامہ نگار ایک اشتہار "گنجینہ صداقت" میں لکھتا ہے:

"کہاں مولوی نور الدین صاحب کا حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو نبی اللہ اور رسول اللہ اور اسمہ احمد کا مصداق یقین کرنا اور کہاں وہ حالت کہ وصیت کے وقت مسیح موعود کی رسالت کا اشارہ تک نہ کرنا، استقامت میں فرق آنا اور پھر بطور سزا گھوڑے سے گر کر بری طرح زخمی ہونا۔ آخر مرنے سے پہلے

کئی دنوں تک بولنے سے بھی لاچار ہو جانا اور نہایت مفلسی میں مرنا اور آئندہ جہاد میں بھی کچھ مرزا اٹھانا اور اس کے جوان فرزند عبدالحی کا عنفوان شباب میں مرنا اور اس کی بیوی کا جاوہ کن طریق پر کسی اور جگہ نکاح کر لینا وغیرہ۔ یہ سب باتیں کم عبرت انگیز نہیں تھیں۔" (منقول از الفضل قادیان مورخہ 23 فروری 1922ء)

اب ذرا سینہ تھام کے ان خبروں کو تاریخ کے سینہ میں محفوظ رکھنے کا بندوبست کیجئے، جو ان کے خلیفہ ثانی اور مرزا غلام کے بڑے لڑکے کے بارہ میں چھپیں اور جن کی تردید کی جرأت نہ آج تک کسی کو ہوئی اور نہ خود مرزا بشیر الدین کو اس کا حوصلہ ہوا اور وہ خبریں ہیں باقاعدہ گواہوں کی ایک فوج کے ساتھ، خلیفہ مرزائیت مرزا بشیر الدین محمود کے بارہ میں ایک مرزائی خاتون خود اپنا واقعہ بیان کرتی ہیں:

"میں میاں صاحب کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں اور لوگوں میں ظاہر کر دینا چاہتی ہوں کہ وہ کیسی روحانیت رکھتے ہیں۔ میں اکثر اپنی سہیلیوں سے سنا کرتی تھی کہ وہ بڑے زانی شخص ہیں مگر اعتبار نہیں آتا تھا، کیونکہ ان کی مومنانہ صورت اور نیچی شرمیلی آنکھیں ہرگز یہ اجازت نہیں دیتی تھیں کہ ان پر ایسا بڑا الزام لگایا جا سکے۔ ایک دن کا ذکر کہ میرے والد صاحب نے جو ہر کام کے لیے حضور سے اجازت حاصل کرتے ہیں اور بڑے مخلص احمدی ہیں۔ ایک رقعہ حضرت صاحب کو پہنچانے کے لیے دیا، جس میں اپنے ایک کام کے لیے اجازت مانگی تھی۔ خیر میں رقعہ لے کر گئی۔ اس وقت میاں صاحب نئے مکان میں مقیم تھے۔ میں نے اپنے ہمراہ ایک لڑکی لی جو وہاں تک میرے ساتھ گئی اور ساتھ ہی واپس آ گئی۔ چند دن بعد مجھے پھر ایک رقعہ لے کر جانا پڑا۔ اس وقت بھی وہی لڑکی میرے ہمراہ تھی۔ جوں ہی ہم دونوں میاں صاحب کی نشست گاہ میں پہنچیں تو اس لڑکی کو کسی نے پیچھے سے آواز دی۔ میں اکیلی رہ گئی، میں نے رقعہ پیش کیا اور جواب کے لیے عرض کیا، مگر انھوں نے فرمایا کہ تم کو جواب دے دوں گا، گھبراؤ مت۔ باہر ایک دو آدمی میرا انتظار کر رہے ہیں ان سے مل آؤں، مجھے یہ کہہ کر اس کمرے کے باہر کی طرف چلے گئے اور چند منٹ بعد پیچھے کے تمام کمروں کو قفل لگا کر اندر داخل ہوئے اور اس کا بھی باہر والا دروازہ بند کر دیا اور چٹخنیاں لگا دیں۔ جس کمرے میں میں تھی وہ اندر سے چوتھا کمرہ تھا۔ میں یہ حالت دیکھ کر سخت گھبرائی اور طرح طرح کے خیال دل میں آنے لگے۔ آخر میاں صاحب نے مجھ سے چھیڑ چھاڑ شروع کی اور مجھ سے برا فعل کروانے کو کہا، میں نے انکار کر دیا۔ آخر زبردستی انھوں نے مجھے پلنگ پر گرا کر میری عزت برباد کی اور ان کے منہ سے اس قدر بدبو آ رہی تھی کہ مجھ کو چکر آ گیا اور وہ گفتگو بھی ایسی کرتے تھے کہ بازاری آدمی بھی ایسی نہیں کرتے، ممکن ہے جسے لوگ شراب کہتے ہیں انھوں نے پی ہو، کیونکہ ان کے ہوش و حواس بھی درست نہیں تھے۔ مجھ کو دھمکایا کہ اگر کسی سے ذکر کیا تو تمہاری بدنامی ہو گی۔ مجھ پر کوئی شک نہ کرے گا۔"

(اخبار مباہلہ بابت جون 1929ء، خاندان قادیانی منقول از "ربوہ کا مذہبی آمر" مصنف راحت ملک برادر خورد عبدالرحمن)

ذرا اور آگے چلیے! اور دیکھیے کہ اس امت مرزائیہ کے سربراہ کا کردار کیسا ہے جس کی رفاقت و

غلامی پر مدیر "الفرقان" نازاں ہے اور جس کے بکتے ہوئے شیش محلوں میں بیٹھ کر مرزائیت کا یہ بزعم خویش اور برخود غلط "خالد" دوسروں پر پتھر پھینکتا ہے۔

ایک خاندانی مرزائی اور خلیفہ قادیان کے خاندان سے انتہائی قربت رکھنے والا نوجوان محمد یوسف لکھتا ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ

واشھد ان محمداً عبدہ و رسولہ

میں اقرار کرتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے نبی اور خاتم النبیین ہیں اور اسلام سچا مذہب ہے۔ میں احمدیت کو بھی برحق سمجھتا ہوں اور حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کے دعویٰ پر ایمان رکھتا ہوں اور مسیح موعود مانتا ہوں اور اس اقرار کے بعد میں موکد بعذاب حلف اٹھاتا ہوں۔

میں اپنے علم اور مشاہدہ اور رویت عینی اور آنکھوں دیکھی بات کی بناء پر خدا کو حاضر ناظر جان کر اس کی پاک ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفہ ربوہ نے اپنے سامنے اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد سے زنا کروایا۔ اگر میں اس حلف میں جھوٹا ہوں تو خدا کی لعنت اور عذاب مجھ پر نازل ہو۔ میں اس بات پر مرزا بشیر الدین کے ساتھ بالمقابل حلف اٹھانے کے لیے بھی تیار ہوں۔" (محمد یوسف معرفت عبدالقادر تیر تو نگر بے پلوان روڈ عقب شالیمار ہوٹل کراچی۔ منقول از ربوہ کا مذہبی آمر ص 169 مصنف راحت ملک قادیانی برادر خورد عبدالرحمن خادم مبلغ قادیانی)

اے چشم اشکبار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو جل رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو!

اب ذرا اس پر خود مرزائیوں کی اپنی گواہیاں بھی شمار کر لیجئے!

گواہی نمبر 1

شیخ مشتاق احمد قادیانی مرزا محمود کے متعلق خبر سناتے اور ان کے متعلق گواہی دیتے ہیں:

"خاکسار پرانا قادیانی ہے اور قادیان کا ہر فرد بشر مجھے خوب جانتا ہے۔ ہجرت کا شوق مجھے بھی دامن گیر ہوا اور میں قادیان میں ہجرت کر آیا۔ قادیان میں سکونت اختیار کی۔ خلیفہ قادیان کے محکمہ قضاء میں بھی کچھ عرصہ کام کیا مگر دل میں آرزو آزاد روزگار کی تھی اور اخلاص مجبور کرتا تھا کہ اپنا کاروبار شروع کر کے خدمت دین بجا لاؤں۔ چنانچہ خاکسار نے "احمدیہ دوا گھر" کے نام سے ایک دواخانہ کھولا جس کے اشتہارات عموماً اخبار "الفضل" میں شائع ہوتے رہے ہیں مگر میں یہ کہوں تو بجا ہوگا کہ قادیان کی رہائش

میری عقیدت کو زائل کرنے کا باعث ہوئی، ورنہ اگر میں اور قادیانی بھائیوں کی طرح دور دور ہی رہتا تو آج مجھے اس تجارتی کمپنی کے ایکٹروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف نہ ہوتا۔ یا اگر میں خاص قادیان میں اپنا مکان بنا لیتا، یا خلیفہ قادیان کا ملازم ہو جاتا، تو بھی مجھے آج اس اعلان کی جرأت نہ ہوتی۔۔۔''

(خاکسار، شیخ مشتاق احمد، احمدیہ دواخانہ قادیان)

گواہی نمبر 2

ڈاکٹر محمد عبداللہ قادیانی کہتے ہیں:

''میں خدا تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر، اسی کی قسم کھا کر جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتیوں کا کام ہے، یہ شہادت دیتا ہوں کہ میں اس ایمان اور یقین پر ہوں کہ موجودہ خلیفہ مرزا محمود احمد دنیادار، بدچلن اور عیش پرست انسان ہے۔ میں ان کی بدچلنی کے متعلق خانہ خدا، خواہ وہ مسجد ہو یا بیت اللہ شریف یا کوئی اور مقدس مقام ہو، میں حلف موکد بعذاب اٹھانے کے لیے ہر وقت تیار ہوں، اگر خلیفہ صاحب مباہلہ کے لیے نکلیں تو میں مباہلہ کے لیے حاضر ہوں۔

یہ الفاظ میں نے دلی ارادہ سے لکھ دیے ہیں، تاکہ دوسروں کے لیے ان کی حقیقت کا انکشاف ہو سکے۔ والسلام۔''

(ڈاکٹر محمد عبداللہ آنکھوں کا ہسپتال قادیان حال لائلپور)

گواہی نمبر 3

مستری اللہ بخش قادیانی، خلیفہ قادیان کی پاک بازی کا قصہ یوں بیان کرتے ہیں:

''میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس کی قسم کھا کر یہ تحریر کرتا ہوں کہ موجودہ خلیفہ مرزا محمود احمد دنیادار، عیش پرست اور بدچلن انسان ہے۔ میں ہر وقت اس سے مباہلہ کے لیے تیار ہوں۔''

(مستری اللہ بخش احمدی قادیانی)

گواہی نمبر 4

بیگم صاحبہ ڈاکٹر عبداللطیف صاحب مرحوم ہم زلف خلیفہ ربوہ فرماتی ہیں:

''مرزا محمود احمد خلیفہ ربوہ بدچلن، زناکار انسان ہیں۔ میں نے ان کو خود زنا کرتے دیکھا اور میں اپنے دونوں بیٹوں کے سر پر ہاتھ رکھ کر موکد بعذاب حلف اٹھاتی ہوں۔'' (بیگم ڈاکٹر عبداللطیف)

گواہی نمبر 5

خان عبدالرب برہم صدر انجمن کے دفتر بیت المال میں کام کرتے، اور سر محمد ظفر اللہ کی کوٹھی کے ایک حصہ میں رہائش پذیر تھے۔ آپ نے مرزا محمود کی ہمشیرہ کا دودھ پیا ہوا ہے، اس سے آپ کے گھرے

مراسم کا اندازہ لگایئے، وہ کہتے ہیں:

''میں شرعی طور پر پورا پورا اطمینان حاصل کرنے کے بعد خدا کو حاضر و ناظر جان کر یہ لکھتا ہوں کہ موجودہ خلیفہ صاحب یعنی مرزا محمود احمد کا چال چلن نہایت خراب ہے۔ اگر وہ مباہلہ کے لیے آمادگی کا اظہار کریں تو میں خدا کے فضل سے ان کے مدمقابل مباہلہ کے لیے ہر وقت تیار ہوں۔ والسلام۔''

(عبدالرب خان برہم)

گواہی نمبر 6

عتیق الرحمن فاروق سابق مرزائی مبلغ لکھتے ہیں:

''میری قادیانی جماعت سے علیحدگی کے وجوہات منجملہ دیگر دلائل و براہین کے ایک وجہ اعظم، جناب خلیفہ صاحب کی سیاہ کاریاں اور بدکاریاں ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ خلیفہ صاحب مقدس اور پاکیزہ انسان نہیں بلکہ نہایت ہی سیاہ کار اور بدکار ہے۔

اگر خلیفہ صاحب اس امر کے تصفیہ کے لیے مباہلہ کرنا چاہیں تو میں بطیب خاطر میدان مباہلہ میں آنے کے لیے تیار ہوں۔ فقط۔''

(خاکسار عتیق الرحمن فاروق، سابق مبلغ جماعت احمدیہ قادیان)

گواہی نمبر 7

علی حسین قادیانی اپنی والدہ کا واقعہ بیان کرتے ہیں:

''میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس کی قسم کھا کر، جس کی جھوٹی قسم کھانا لعینوں کا کام ہے۔ مندرجہ ذیل شہادت لکھتا ہوں:

بیان کیا مجھے میری والدہ نے کہ میں حضرت خلیفہ مرزا محمود احمد صاحب کے ہاں رہا کرتی تھی۔ میں نے دیکھا کہ حضرت صاحب جوان نامحرم لڑکیوں پر عمل مسمریزم کر کے انھیں سلا دیا کرتے تھے، پھر آپ ان کو کسی جگہ سے ہاتھ سے کاٹتے، تب بھی انھیں ہوش نہ ہوتی تھی۔

-2 ایک دفعہ حضرت صاحب کے گھر میں سیڑھیاں چڑھ رہی تھی کہ اوپر سے حضرت صاحب انھیں سیڑھیوں پر سے اترتے آ رہے تھے۔ جب میرے مقابل پہنچے تو انھوں نے میری چھاتی پکڑ لی۔ میں نے زور سے چھڑائی۔'' (خاکسار علی حسین قادیانی)

گواہی نمبر 8

ملک عزیز الرحمن جنرل سیکرٹری احمدیہ حقیقت پسند پارٹی لاہور قادیانی جماعت کے مشہور و معروف سرگرم مبلغ ملک عبدالرحمن خادم گجراتی، مصنف احمدیہ پاکٹ بک کے حقیقی برادر ہیں۔ آپ واقف

زندگی ہو کر ربوہ میں عرصہ تک قیام پذیر رہے اور دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں بطور سپرنٹنڈنٹ کے فرائض انجام دیتے رہے اور آپ فارن مشن اکاؤنٹس کے انچارج بھی تھے، فرماتے ہیں:

''میں اس قہار خدا کی قسم کھا کر جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتیوں کا کام ہے یہ بیان کرتا ہوں کہ ڈاکٹر نذیر احمد صاحب ریاض واقف زندگی ربوہ (حال راولپنڈی) نے میرے سامنے میرے مکان واقع لاہور پر کئی ایسے واقعات بیان کیے جن سے خلیفہ صاحب ربوہ کے اوّل درجہ بدکار ہونے کا یقین کامل ہو جاتا ہے، اس نے میرے اور چند دوستوں کے سامنے بالوضاحت یہ بیان دیا کہ خلیفہ صاحب ربوہ مع اپنی بیویوں کے باقاعدہ پروگرام کے تحت بدکاری کرتے ہیں، ڈاکٹر صاحب نے مزید فرمایا کہ میں نے اس تمام بدکاری کو بچشم خود دیکھا ہے۔ اگر ڈاکٹر نذیر احمد صاحب ریاض اس بیان مذکورہ بالا سے انحراف کریں تو میں ان سے حلف مؤکد بعذاب کا مطالبہ کروں گا۔ مزید برآں مجھے چونکہ خلیفہ صاحب کے دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں بطور سپرنٹنڈنٹ کام کرنے اور خلیفہ صاحب کو نزدیک سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ میں بھی خلیفہ صاحب سے اس ضمن میں اور ان کے جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کے بارہ میں مباہلہ کرنے کو ہر وقت تیار ہوں۔ فقط۔ (ملک عزیز الرحمٰن جنرل سیکرٹری احمدیہ حقیقت پسند پارٹی لاہور)

گواہی نمبر 9

مشہور مرزائی مبلغ شیخ عبدالرحمٰن جن کو مرزا محمود اپنے دورۂ انگلستان میں اپنے ہمراہ لے کر گیا تھا، یوں گوہر افشاں ہیں:

''موجودہ خلیفہ سخت بدچلن ہے۔ یہ تقدس کے پردہ میں عورتوں کا شکار کھیلتا ہے۔ اس کام کے لیے اس نے بعض مردوں اور بعض عورتوں کو بطور ایجنٹ رکھا ہوا ہے۔ ان کے ذریعہ یہ معصوم لڑکیوں اور لڑکوں کو قابو کرتا ہے۔ اس نے ایک سوسائٹی بنائی ہوئی ہے جس میں مرد اور عورتیں شامل ہیں۔ اس سوسائٹی میں زنا ہوتا ہے۔'' (عبدالرحمٰن مصری قادیانی)

گواہی نمبر 10

عبدالحمید قادیانی جو اپنی خدمات جلیلہ کی بناء پر خدام الاحمدیہ حلقہ مسجد اقصیٰ کا جنرل سیکرٹری رہ چکا ہے، رقمطراز ہے:

''قسم ہے مجھ کو خدا تعالیٰ کی وحدانیت کی، قسم ہے مجھ کو قرآن پاک کی سچائی کی، قسم ہے مجھ کو حبیب کبریا کی معصومیت کی کہ میں اپنے قطعی علم کی بناء پر جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفہ ربوہ کو ایک ناپاک انسان سمجھنے میں حق الیقین پر قائم ہوں۔ نیز اس بات پر بھی شرح صدر حاصل ہے کہ آپ جیسے شعلہ بیان یعنی (سلطان البیان) مقرر سے قوت ناطقہ کا چھن جانا اور دیگر بہت سے امراض کا شکار ہونا مشائل

نسیان، فالج وغیرہ یقیناً خدائی عذاب ہیں جو کہ خدائے عزیز کی طرف سے اس کی قدیم سنت کے مطابق مفتریان کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔

علاوہ دیگر واسطوں کے آپ کے مخلص ترین مریدوں کی زبانی وقتاً فوقتاً آپ کے گھناؤنے کردار کے بارہ میں عجیب وغریب انکشافات اس عاجز پر ہوئے۔ مثال کے طور پر آپ کے ایک مخلص مرید جناب محمد صدیق صاحب شمس نے بارہا میرے سامنے جناب خلیفہ صاحب کے چال چلن اور غیر شرعی افعال کے مرتکب ہونے کے بارہ میں بہت سے دلائل وثبوت اور خلیفہ صاحب کے پرائیویٹ خط پیش کیے۔

اس جگہ میں احتیاطاً یہ لکھ دینا ضروری خیال کرتا ہوں کہ اگر محترم صدیق کو میرے بیان بالا کی صحت کے بارہ میں کوئی اعتراض ہو تو میں ہر دم ان کے ساتھ اپنے اس بیان کی صداقت پر مباہلہ کے لیے تیار ہوں۔'' (اختر احمد عبدالمجید اکبر مکان نمبر 5 بلاک ڈی نسبت روڈ لاہور)

گواہی نمبر 11

حافظ عبدالسلام مرزائی شہادت دیتا ہے:

''میں خدا کو حاضر وناظر جان کر جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، جو جبار وقہار ہے، جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتی اور مردود کا کام ہے، حسب ذیل شہادت دیتا ہوں:

میں 1932ء سے لے کر 1936ء تک مرزا گل محمد صاحب رئیس قادیان کے گھر میں رہا۔ اس دوران میں کئی مرتبہ ایک عورت مسماۃ عزیزہ بیگم صاحبہ کے خطوط خفیہ طریقہ سے ان کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے کہ ان خطوں کا کسی سے بھی ذکر نہ کرنا، خلیفہ محمود کے پاس لے جاتا رہا۔ خلیفہ مذکور بھی اس طریقہ سے اور ہدایت بالا کو دہراتے ہوئے جواب دیتا رہا۔ خطوط انگریزی میں تھے۔

اس کے علاوہ ایک عورت کو رات کے دس بجے بیرانی راستہ سے لے جاتا رہا جب کہ اس کا خاوند کہیں باہر ہوتا۔ عورت غیر معمولی بناؤ سنگھار کر کے خلیفہ کے دفتر میں آتی تھی۔ میں بموجب ہدایت اسے گھنٹہ یا دو گھنٹہ بعد لے آتا تھا۔

ان واقعات کے علاوہ بعض اور واقعات سے اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ خلیفہ صاحب کا چال چلن خراب ہے اور میں ہر وقت ان سے مباہلہ کرنے کے لیے تیار ہوں۔''

(حافظ عبدالسلام پسر حافظ سلطان حامد خاں صاحب استاد میاں ناصر احمد)

گواہی نمبر 12

مرزائی غلام حسین کہتا ہے:

''میں خدا کو حاضر وناظر جان کر اور اس کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے اپنی آنکھ سے حضرت

صاحب (یعنی مرزا محمود احمد کو صادقہ کے ساتھ زنا کرتے دیکھا ہے، اگر میں جھوٹ لکھ رہا ہوں تو اللہ کی مجھ پر لعنت ہو۔" (غلام حسین احمدی)

گواہی نمبر 13

مرزا منیر احمد نصیر قادیانی حلفاً کہتا ہے۔

مجھے دلی یقین ہے کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب، خلیفہ قادیان نہایت بدچلن، لوز کریکٹر انسان ہے۔ بیشار عینی شہادتیں جو مجھ تک پہنچ چکی ہیں، جن کی بناء پر میں یہ جاننے کے لیے تیار ہوں کہ واقعی خلیفہ صاحب قادیان زانی اور اغلام باز (فاعل ومفعول) بھی ہیں۔

اس دلی یقین کا ثبوت میں یہاں تک دے سکتا ہوں، اگر خلیفہ صاحب قادیان اپنے کریکٹر چال چلن کی صفائی کے لیے مباہلہ کرنے کو تیار ہوں تو ہر طرح اسے قبول کرنے کو تیار ہوں۔"

(مرزا منیر احمد نصیر قادیانی)

گواہی نمبر 14

شیخ بشیر احمد مصری قادیانی یوں کہہ رہا ہے:

''میں خداوند تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر بیان کرتا ہوں کہ میں نے مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کو بچشم خود زنا کرتے دیکھا ہے۔ اگر میں جھوٹ بولوں تو مجھ پر خدا کی لعنت ہو۔"

(شیخ بشیر احمد مصری قادیانی)

گواہی نمبر 15

مرزائیوں کی اہم ترین جماعت، انجمن انصار احمدیہ قادیان کے سابق صدر فرماتے ہیں:

''میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس کی قسم کھا کر جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتیوں کا کام ہے، یہ تحریر کرتا ہوں کہ میں مرزا محمود احمد صاحب کی بیعت سے اس لیے علیحدہ ہوا تھا کہ مجھے ان کے خلاف احمدی لڑکوں، لڑکیوں اور عورتوں کے صحیح واقعات پہنچے تھے، جن کے ساتھ مرزا محمود احمد نے بدکاری کی تھی، اسی بناء پر میں نے مرزا محمود احمد صاحب کو لکھا تھا، کہ آپ کے خلاف احمدی لڑکے لڑکیاں اور عورتیں اپنے واقعات بیان کرتی ہیں۔

ایسی صورت میں آپ یا جماعتی کمیشن کے سامنے معاملہ پیش ہونے دیں یا میدان مباہلہ کے لیے تیار ہوں، یا حلف مؤکد بعذاب اٹھائیں یا ہمیں موقع دیں کہ ہم تمام واقعات پیش کرکے جلسہ سالانہ کے موقع پر تمام احمدیوں کی موجودگی میں آپ کے سامنے حلف مؤکد بعذاب اٹھائیں تاکہ روز بروز کا جھگڑا ختم ہو کر حق کا بول بالا ہو لیکن مرزا محمود احمد صاحب کو کسی طریق پر بھی عمل پیرا ہونے کی جرأت نہیں ہوئی۔

سوائے کفارہ والا حربہ بائیکاٹ مقاطعہ استعمال کرنے کے۔

37ء سے لے کر آج تک میں اسی عقیدہ پر علیٰ وجہ البصیرت قائم ہوں کہ میاں محمود احمد ایک زانی اور بدچلن انسان ہے جس کو خدا رسول اور اس کے خادم حضرت مسیح موعود سے کسی قسم کی کوئی نسبت نہیں۔ اگر میں اپنے اس عقیدہ میں باطل پر ہوں تو اللہ تعالیٰ کی مجھ پر لعنت ہو۔"

(حکیم عبدالعزیز سابق پریذیڈنٹ انجمن احمدیہ قادیان)

گواہی نمبر 16

اور منیر احمد قادیانی کچھ اور اضافہ کرتے ہیں:

"میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر جس کی جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہے، یہ تحریر کرتا ہوں کہ میں نے حضرت مرزا محمود احمد صاحب قادیانی کو اپنی آنکھ سے زنا کرتے دیکھا ہے۔

اور میں اقرار کرتا ہوں کہ اس نے میرے ساتھ بھی بدفعلی کی ہے اور میں جھوٹ بولوں تو مجھ پر خدا کی لعنت ہو۔

میں بچپن سے وہیں رہتا تھا۔" (منیر احمد قادیانی)

گواہی نمبر 17

محمد عبداللہ مرزائی اس پر مزید اضافہ کرتے ہیں:

"مصری عبدالرحمٰن صاحب کے بڑے لڑکے حافظ بشیر احمد نے میرے سامنے ہاتھ میں قرآن شریف لے کے یہ لفظ کہے۔ خدا تعالیٰ مجھے پارہ پارہ کر دے اگر میں جھوٹ بولتا ہوں، کہ موجودہ خلیفہ صاحب نے میرے ساتھ بدفعلی کی ہے۔

میں خدا کی قسم کھا کر یہ واقعہ لکھ رہا ہوں"

(بقلم خود محمد عبداللہ احمدی فرنیچر ہاؤس مسلم ٹاؤن لاہور)

گواہی نمبر 18

سمن آباد لاہور کی ایک خاتون سیدہ ام صالحہ بنت سید ابرار حسین کہتی ہیں:

"مرزا گل محمد صاحب مرحوم (آپ قادیان کے رئیس اعظم تھے اور وہاں بڑی جائداد کے مالک تھے) اور مرزا غلام احمد صاحب کے خاندان کے رکن تھے اور ان کی دوسری بیوہ چھوٹی بیگم نے مجھے بیان کیا کہ خلیفہ صاحب کو میں نے اپنی آنکھوں سے ان کی صاحبزادی اور بعض دوسری عورتوں کے ساتھ زنا کرتے ہوئے دیکھا ہے، میں نے خلیفہ صاحب سے ایک دفعہ عرض کی کہ حضور یہ کیا معاملہ ہے؟

آپ نے فرمایا، کہ قرآن و سنت میں اس کی اجازت ہے۔ البتہ اس کو عوام میں پھیلانے کی

ممانعت ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک!

میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر حلفیہ بیان کر رہی ہوں، شاید میری مسلمان بہنیں اور بھائی اس سے کوئی سبق حاصل کریں۔ (مجیدہ ام صالحہ بنت سید ابرار حسین سمن آباد لاہور)

گواہی نمبر 19

مرزا محمود کا اپنا بیٹا مرزا حنیف احمد اپنے باپ کے بارہ میں کیا نقطہ نگاہ رکھتا ہے، مرزائی چوہدری محمد علی جنھوں نے اپنی پوری زندگی مرزائیت کے لیے وقف کر رکھی تھی، بیان کرتے ہیں:

یاد رہے یہی وہ چوہدری محمد علی ہیں جو مرزائی تنظیم خدام الاحمدیہ کے نائب آڈیٹر اور مرزائی حساب کے شعبہ میں اکاؤنٹنٹ بھی رہ چکے ہیں اور جن کی دیانت کا اعتراف خود مرزا محمود نے بھی کیا:

''میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس پاک ذات کی قسم کھاتا ہوں جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتیوں کا کام ہے کہ صوفی روشن دین صاحب جو ربوہ میں انجن کی چکی پر عرصہ تک بطور مستری کام کرتے رہے اور وہ قادیان کے پرانے رہنے والوں میں سے ہیں اور مخلص احمدی ہیں اور جن کے مرزا محمود احمد صاحب اور ان کے خاندان کے بعض افراد سے قریبی تعلقات تھے اور خصوصاً مرزا حنیف احمد ابن مرزا محمود احمد کے صوفی صاحب موصوف کے ساتھ نہایت عقیدت مندانہ مراسم تھے اور اسی عقیدت کی بناء پر مرزا حنیف احمد گھنٹوں صوفی صاحب کے پاس روزانہ ان کے گھر جا کر بیٹھتے اور بسا اوقات صوفی صاحب کو قصر خلافت میں اپنے ایک کمرۂ خاص میں بھی لے جا کر ان کی خاطر و مدارات کرتے۔ انھوں نے مجھ سے بارہا بیان کیا کہ مرزا حنیف احمد خدا کی قسم کھا کر کہتا ہے کہ:

جس کو تم لوگ خلیفہ اور مصلح الموعود سمجھتے ہو، وہ زنا کرتا ہے اور یہ کہ مرزا حنیف نے اپنی آنکھوں سے اپنے والد کو ایسا کرتے دیکھا۔ صوفی نے یہ بھی کہا کہ انھوں نے کئی دفعہ مرزا حنیف احمد سے کہا کہ تم ایسا سنگین الزام لگانے سے قبل اچھی طرح اپنی یادداشت پر زور ڈالو۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ جس کو تم کوئی غیر سمجھے ہو، وہ دراصل تمہاری کوئی والدہ ہی تھیں۔ مبادا خدا کے قہر و غضب کے نیچے آجاؤ تو اس پر مرزا حنیف احمد اپنی پوری بیٹی پر حلفاً مصر رہے کہ ان کا والد پاک سیرت نہیں ہے اور یہ بھی کہا کہ انھوں نے اپنے والد کی کبھی کوئی کرامت مشاہدہ نہیں کی۔ البتہ یہ تڑپ شدت کے ساتھ پائی ہے کہ کسی طرح انھیں جلد از جلد دنیاوی غلبہ حاصل ہو جائے۔

اگر میں اس بیان میں جھوٹا ہوں اور افراد جماعت کو اس سے محض دھوکا دینا مقصود ہے تو خدا تعالیٰ مجھ پر اور میری بیوی پر ایسا عبرت ناک عذاب نازل فرمائے جو مخلص اور ہر دیدہ بینا کے لیے ازدیاد ایمان کا موجب ہو۔

ہاں! ان نام نہاد خلیفہ کی بدعنوانیوں، خیانتوں اور دھاندلیوں کے ریکارڈ کی رو سے میں بھی

شاہد ہوں، کیونکہ خاکسار نے ساڑھے نو سال تحریک جدید اور انجمن احمدیہ کے مختلف شعبوں میں اکاؤنٹنٹ اور نائب آڈیٹر کی حیثیت سے کام کیا ہے۔"

(خاکسار چوہدری علی محمد عفی عنہ واقف زندگی حال نمائندہ خصوصی "کوہستان" لاہور)

گواہی نمبر 20

مولوی محمد صالح نور واقف زندگی سابق کارکن وکالت تحریک جدید ربوہ مولوی محمد یامین صاحب تاجر کتب کے چشم و چراغ ہیں۔ مرزائی ہونے کے علاوہ سلسلہ مرزائیہ کا بے شمار لٹریچر شائع کرتے ہیں۔ یہ قادیان میں 1929ء میں پیدا ہوئے اور مولوی فاضل تک تعلیم حاصل کی، بعد ازاں مختلف شعبہ جات میں نہایت خوش اسلوبی سے خدمت سر انجام دیتے رہے، مثلاً!

1۔ قادیان میں مسجد الاحمدیہ کے جنرل سیکرٹری کے عہدہ پر فائز رہے۔

2۔ زعیم مجلس خدام الاحمدیہ دارالصدر ربوہ۔

3۔ نائب منتظم تبلیغ مرکزیہ خدام الاحمدیہ ربوہ۔

4۔ سندھ ویجی ٹیبل اینڈ پروڈکٹس کے ہیڈ آفس میں کام کیا۔

5۔ رسالہ ریویو آف ریلیجنز اور سن رائز اخبار کے مینیجر بھی رہے۔

6۔ محتسب امور عامہ کے معتمد خاص ربوہ بھی رہے۔

ان شعبہ جات کے علاوہ بھی جماعتی طور پر جس خدمت پر بھی مامور کیا گیا آپ نے دیانت اور امانت کی راہ پر چل کر صحیح معنوں میں خدمت کی۔ آپ میاں عبدالرحیم احمد جو خلیفہ مرزا محمود کا داماد ہے اس کے پرسنل اسسٹنٹ وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ بھی تھے۔ آپ جس جاں فشانی، اخلاص اور محنت سے کام کرتے تھے، اس کی وجہ سے آپ کے ذمہ مزید کام سپرد کیے جاتے تھے۔ آٹھوں شعبہ جات کی کارکردگی آپ کی مقبولیت کی شاہد ہے اور گہرے تعلقات کا اندازہ بھی اس سے لگایا جا سکتا ہے، آپ کا حلفیہ بیان ہدیہ ناظرین ہے

"میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر مندرجہ ذیل سطور صرف اس لیے سپرد قلم کر رہا ہوں کہ جو لوگ اب بھی مرزا محمود احمد صاحب خلیفہ ربوہ کے تقدس کے قائل ہیں ان کے لیے راہنمائی کا باعث ہو، اگر میں مندرجہ ذیل بیان میں جھوٹا ہوں تو خدا تعالیٰ کا عذاب مجھ پر اور میرے اہل و عیال پر نازل ہو۔

میں پیدائشی احمدی ہوں اور 57ء تک میں مرزا محمود احمد صاحب کی خلافت سے وابستہ رہا۔ خلیفہ صاحب نے مجھے ایک خود ساختہ فتنہ کے سلسلہ میں جماعت ربوہ سے خارج کر دیا۔ ربوہ کے ماحول سے باہر آ کر خلیفہ صاحب کے کردار کے متعلق بہت ہی گھناؤنے حالات سننے میں آئے، اس پر میں نے خلیفہ صاحب کی صاحبزادی امۃ الرشید بیگم بیگم میاں عبدالرحیم احمد سے ملاقات کی، انھوں نے خلیفہ صاحب کے

بدچلن اور بدقماش اور بدکردار ہونے کی تصدیق کی۔ باتیں تو بہت ہوئیں لیکن خاص بات قابل ذکر تھی کہ جب میں نے امۃ الرشید بیگم سے کہا کہ آپ کے خاوند کو ان حالات کا علم ہے تو انھوں نے کہا کہ صالح نور صاحب آپ کو کیا بتلاؤں کہ ہمارا باپ ہمارے ساتھ کیا کچھ کرتا رہا ہے اور اگر وہ تمام واقعات میں اپنے خاوند کو بتلادوں تو وہ مجھے ایک منٹ کے لیے بھی اپنے گھر میں بسنے کے لیے تیار نہ ہوگا تو پھر میں کہاں جاؤں گی۔ اس واقعہ پر امۃ الرشید کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور یہ لرزہ خیز بات سن کر میں بھی ضبط نہ کر سکا۔ اور وہاں سے اٹھ کر دوسرے کمرے میں چلا گیا۔ اس وقت میں ان واقعات کی بنا پر جو میں ڈاکٹر نذیر احمد ریاض، محمد یوسف ناز، راجہ بشیر احمد رازی سے سن چکا ہوں، حق الیقین کی بنا پر خلیفہ صاحب کو ایک بد کردار اور بدچلن انسان سمجھتا ہوں اور اسی کی بنا پر وہ آج خدا کے عذاب میں گرفتار ہیں۔"

(خاکسار محمد صالح نور واقف زندگی، سابق کارکن وکالت تعلیم تحریک جدید ربوہ)

(منقول از "تاریخ محمودیت" مصنفہ مظہر ملتانی، شائع کردہ دفتر انصار احمدیہ دیو سماج ہوٹل نمبر 87۔ سنت نگر لاہور)

آخر میں ایک اطالوی حسینہ اور مرزا محمود کے مشہور عالم واقعہ پر اس مضمون کو یہ کہتے ہوئے ختم کرتے ہیں۔

ادھر آ اے دلبر ہنر آزمائیں
تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں

لاہور میں ایک ہوٹل تھا سسل اس کا نام اور منٹگمری روڈ پر واقع، وہاں ایک اطالوی حسینہ مس روفو کام و دہن کی لذت کے ساتھ ساتھ قلب و نظر کے سرور کا سامان بھی مہیا کرتی تھی۔ مرزا محمود اس ہوٹل کے ماکولات و مشروبات سے زیادہ کشور اطالیہ کے باغ کی بہار میں زیادہ دلچسپی رکھتے تھے اور ایک دن روز نامہ آزاد کے الفاظ میں کیا ہوا!

"مرزا بشیر الدین محمود کی آمد سسل ہوٹل کی منتظمہ کی گمشدگی،
تلاش کے باوجود اس کا کوئی پتہ نہیں مل سکا۔"

یکم مارچ سسل ہوٹل کی طرف سے مشتہر ہوا تھا کہ جمعرات یکم مارچ پانچ سے ساڑھے نو بجے رات تک ناچ اور اکاؤنٹ ڈرائیو ہوگا۔ بڑے بڑے انعامات حسب دستور سابق تقسیم کیے جائیں گے تماشائی چار بجے شام سے جمع ہونے شروع ہو گئے۔ اور پانچ بجے اچھا خاصا مجمع ہو گیا۔ ہر ایک شخص کھیل شروع ہونے کا منتظر تھا، مگر خلاف توقع رسٹ ڈرائیو شروع ہوا، نہ ناچ کا بینڈ بجنا شروع ہوا۔ آخر استفسار پر سسل ہوٹل کے ایک بیرے سے معلوم ہوا کہ رسٹ ڈرائیو کا تمام سامان منتظمہ کے کمرے میں ہے اور منتظمہ کو مرزا بشیر الدین محمود موٹر پر بٹھا کر لے گئے ہیں۔" (نامہ نگار آزاد 3 مارچ 1934ء)

" اس واقعہ کو "زمیندار" کے مدیر شہیر مولانا ظفر علی خانؒ نے "زمیندار" میں یوں رقم کیا!

اطالوی حسینہ

اے کشورِ اطالیہ کے باغ کی بہار
لاہور کا دمن ہے تیرے فیض سے چمن
خیبر ، جمال تیری دل ربا ادا
پروردگار عشق ترا چلبلا چلن
الجھے ہوئے ہیں دل تری زلف سیاہ میں
ہیں جس کے ایک تار سے وابستہ سو فتن
پروردۂ فسوں ہے تری آنکھ کا خمار
آوردۂ جنوں ہے تیری بوئے پیرہن
بیخود نشاط تیری ساق صندلی
بیعانۂ سرور ترا سرمئی بدن!
رونق ہے ہوٹلوں کی ترا حسن بے حجاب
جس پر فدا ہے شیخ تو لٹو ہے برہمن
جب قادیاں پہ تیری نشیلی نظر پڑی
سب نشۂ نبوت ظلی ہوا ہرن
میں بھی ہوں تیری چشم پہ افسوں کا معترف
جادو وہی ہے آج جو ہو قادیاں شکن

اطالوی رقاصہ کا "الفضل" میں اعتراف

اس کے بعد مختلف اخباروں میں شور و غوغا ہوئے۔ خلیفہ قادیاں کی خطبہ جمعہ کی تقریر شائع ہوئی جس میں اس اطالوی لیڈی کے لے جانے کا اعتراف کیا، مگر اس کی وجہ یہ بتائی کہ!

"اس لیڈی کو اپنی بیویوں اور لڑکیوں کی انگریزی لہجہ کی درستگی کے لیے لایا تھا۔"

اس کا جواب اہل حدیث نے یوں لکھا!

"چلیں مطلع صاف ہو گیا، مگر سوال یہ ہے کہ اطالوی عورت تو ہو کر ہوٹل کی خادمہ انگریزی کیا پڑھائے گی۔ اطالوی لوگ تو خود انگریزی کا صحیح نہیں بول سکتے۔ انگریزی زبان میں دو حروف ڈی اور ٹی بالخصوص ممتاز ہیں۔ دونوں حروف اطالوی لوگ عربوں کی طرح ادا نہیں کر سکتے۔ علاوہ اس کے اُنکی معلمہ کا اثر معصومات لڑکیوں اور پردہ نشین بیویوں پر کیا ہو گا؟"

اطالوی حسینہ

سسل ہوٹل لاہور کی ایک اطالوی منتظمہ جو ہوٹل میں مرزا محمود احمد خلیفہ قادیان کے ایک روزہ قیام کے بعد اچانک غائب ہوگئی تھی۔ دوسرے دن قادیان کی ''مقدس سرزمین'' میں دیکھی گئی۔ مولانا ظفر علی نے اس پر لکھا!

ہوٹل سسل کی رونق عریاں

عشاق شہر کا ہے ''زمیندار'' سے سوال
ہوٹل سسل کی رونق عریاں کہاں گئی

اس کے جلو میں جاں گئی ایمان کے ساتھ ساتھ
کیا کیا نہ تھا جو لے کے وہ جان جہاں گئی

خوف خدائے پاک دلوں سے نکل گیا
آنکھوں سے شرم سرور کون و مکاں گئی

بن کے خروش حلقہ رندان لم یزل
لے کر گئی وہ حشر کا سامان جہاں گئی

روما سے ڈھل کے برق کے سانچے میں آئی تھی
اب کس حریم ناز میں وہ جان جاں گئی

یہ چیستان سنی تو ''زمیندار'' نے کہا
اتنا ہی جانتا ہوں کہ وہ قادیاں گئی

نیز لکھا:

اطالوی حسینہ مس روفو

تمہیں مشی فی النوم کی بھی خبر ہے؟
زمانے کے اے بے خبر قیل سوفو!

ملے گا تمہیں یہ سبق قادیاں سے
جہاں چل کے سوتے میں آئی ہے روفو

دبستان میں جا نہیں پوچھتے ہو
تو پہنچو شبستان میں اے بے وقوفو

بہار آ رہی ہے، خزاں جا رہی ہے
ہنسو کھل کھلا کر دمشقی شگوفو!
کرشن اور خورسند کیا اس کو سمجھیں
تمہیں داد دو اس کی عبد الرؤفو!
جب اوقات موجود ہے قادیاں کی
کہاں مر رہی ہو تفو اور زوفو!

31 مارچ 1924ء

فتنۂ آخر زماں

اے قادیاں، اے قادیاں تیرے بڑے لنگور کو
لپٹا لیا کرتا ہے جو ہر شب نئی اک حور کو
جس نے ہنسایا ناچ کر کشمیر اور میسور کو
جس کی ترش روئی لگی نیچو کو اور اچھوت کو
ٹکلوں دمشق گوردھ یا اندلس کی وادیاں
اے قادیاں اے قادیاں اے فتنۂ آخر زماں
پیسہ ترا ایمان ہے، گالی تری پہچان ہے
جنس نفاق و کفر سے چنگی تری دکان ہے
بہتان خدا پہ باندھنا تیرے نبی کی شان ہے
الہام جو بھی ہے ترا آوردۂ شیطان ہے
یہ بھی خدا کا آخری اسلام پہ احسان ہے
نقاش کی مٹھی میں گر پوشیدہ تیری جان ہے
اے قادیاں اے قادیاں اے دشمن اسلامیاں
اے فتنۂ آخر زماں

چوہدری غلام رسول

مرزا قادیانی کی تحریر میں مرزا محمود کی تصویر

قادیانی جماعت کے متلاشیان حق، مرزا غلام احمد قادیانی صاحب اور حکیم نورالدین کی مندرجہ ذیل تحریروں کو بغور پڑھیں اور پھر آواز خلق جو گذشتہ تیس سال سے بڑی شدت کے ساتھ بلند ہو رہی ہے پر کان دھریں اور سوچیں کہ قادیانی جماعت 1914ء سے لے کر اب تک کیوں مختلف پارٹیوں میں بٹی چلی جا رہی ہے۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں۔

(ا) "بسا اوقات تو ایسے آدمی کو پائے گا جو باوجود فسق و فجور میں مبتلا ہونے کے خوب مضبوط اور خوش و خرم پھرتا اور خوشی کے لباسوں میں مشک چھڑک کر چلتا ہے۔ خوشیوں کے نشانے سے اس کا تیر کبھی خطا نہیں جاتا ہے۔ اس کے لیے تازہ گوشت کے لذیذ کباب تیار ہوتے ہیں، چوزے اس کے لیے بھونے جاتے ہیں اور اعلیٰ قسم کے کھانے اس کے لیے تیار کیے جاتے ہیں اور وہ ہرنوں کی مانند خوشی سے اچھلتا پھرتا ہے یا باتوں میں اسے خزانے مل جاتے ہیں اور وہ سراب کی مانند انسانوں کا شکار کرتا پھرتا ہے اور باوجود اس حالت کے اس پر کوئی تنگی اور تکلیف وارد نہیں ہوتی اور نہ مشکلات سے دوچار ہوتا ہے۔ نازک اندام اور گانے والی عورتوں سے اسے حظ وافر دیا جاتا ہے۔ اموال اور اولاد اور جائیدادیں اور زمینیں، ملازم اور خادم کثرت سے اسے عطا کیے جاتے ہیں لیکن اس کی حالت یہ ہے کہ وہ بدکاریوں میں نہایت تیز رو ہوتا ہے اور ممنوعات سے کبھی رجوع نہیں کرتا اور بدیوں کو نیکیوں کے ذریعہ دور کرنے میں کبھی سعی نہیں کرتا اور موت سے پہلے اپنی لغزشوں کی تلافی کرنے کی اسے کبھی فکر لاحق نہیں ہوتی بلکہ اس کے خلاف دلیری سے ان تمام باتوں کا مرتکب ہو جاتا ہے جن سے خدا تعالیٰ نے روکا ہوا ہے اور عاصی آدمیوں کی مانند اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کرتا ہے اور پرہیزگاری کو اختیار نہیں کرتا ہے اور لوگوں اور اہل دیانت لوگوں کے قرب سے مجتنب رہتا ہے بلکہ اس کا میلان طبیعت خوش آواز عورتوں کو دیکھنے کی طرف ہوتا ہے اور وہ نہ غیروں کی نصیحت پر اور نہ اپنوں کی نصیحت پر کان دھرتا ہے بلکہ بچھوؤں کی مانند نصیحت کرنے والوں کو ڈنگ مارتا ہے اور بجائے ان کی نصیحت کی طرف توجہ

اگرچہ میں نے خلیفہ صاحب ربوہ کا مباہلے کا مطالبہ پورا کر دیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ان تحریروں میں کسی نقص کا جواز نکال لیں۔ یہ ممکن ہے کہ یہ کہیں کہ اس کی زنا کاری کی وضاحت نہیں کی گئی۔ اس لیے مباہلہ نہیں کر سکتے۔ وقت کی بچت کی خاطر میں محمد یوسف ناز کا بیان ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ۔ اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ

میں اقرار کرتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ خدا کے نبی اور خاتم النبیین ہیں اور اسلام سچا مذہب ہے

اور اس کے بعد میں موکد بعذاب حلف اٹھاتا ہوں۔

"میں اپنے علم، مشاہدہ اور رویت عینی اور آنکھوں دیکھی حالت کی بناء پر خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس پاک ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفہ ربوہ نے خود اپنے سامنے اپنی "مخدرات" کے ساتھ دیوثی کا منظر پیش کروایا۔ اگر میں اس حلف میں جھوٹا ہوں تو خدا کی لعنت اور عذاب مجھ پر نازل ہو۔ اس بات پر مرزا بشیر الدین محمود احمد کے ساتھ بالمقابل حلف اٹھانے کو تیار ہوں۔"

دستخط محمد یوسف ناز

معرفت عبدالقادر رحیم تھو سنگھ بے بلوائی روڈ۔ عقب شالیمار ہوٹل کراچی۔

ماخوذ از "کمالات محمودیہ" صفحہ 39 ناشر بیت القرآن پوسٹ بکس 1048 لاہور۔

نوٹ: اس حلفیہ بیان میں عریانی کے ازالے کی سعی کی گئی ہے۔ (مؤلف)

ڈاکٹر میر محمد اسماعیل سول سرجن خلیفہ صاحب کے ماموں اور خسر بھی تھے، وہ کہتے ہیں۔

... بڑا الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ خلیفہ عیاش ہے۔ اس کے متعلق میں کہتا ہوں۔ میں ڈاکٹر ہوں اور میں جانتا ہوں کہ وہ لوگ جو چند دن بھی عیاشی میں پڑ جائیں وہ ایسے ہو جاتے ہیں جنہیں انگریزی میں (Wreck) کہتے ہیں۔ ایسے انسان کا نہ دماغ کام کا رہتا ہے، نہ عقل درست رہتی ہے، نہ حرکات صحیح طور پر کرتے رہتے ہیں۔ غرض سب قویٰ اس کے برباد ہو جاتے ہیں اور سر سے لے کر پیر تک اس پر نظر ڈالنے سے فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ عیاشی میں پڑ کر اپنے آپ کو برباد کر چکا ہے۔ اسی لیے کہتے ہیں:

الزنا یخرج البناء

کہ زنا انسان کو بنیاد سے نکال دیتا ہے

(الفضل 10 جولائی 1937ء)

خلیفہ ربوہ بعینہ ان امراض میں مبتلا ہو کر مرا ... اس کا دماغ ماؤف ہو چکا تھا۔ نہ عقل کام کرتی تھی، نہ اعضاء صحیح طور پر کام کرتے تھے۔ جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ زنا انسان کو بنیاد سے نکال دیتا ہے، من وعن یہی حالت طاری تھی۔ خبیث مرض یعنی فالج کا شکار تھا۔ خصوصاً لوگوں نے اس کی عقل وفہم کا اندازہ جلسہ سالانہ پر بخوبی لگا لیا تھا کہ کس طرح وہ اپنی عقل کے دیوالیہ پن کا مظاہرہ کرتے تھے اور حاشیہ بردار درمیان میں لقمہ دیتے تھے مگر یہ لقمہ بے سود ثابت ہوتا تھا۔ خود خلیفہ صاحب کا بیان بھی اس کی تصدیق کر رہا ہے۔ اس کی اپنی عبارت درج ذیل ہے۔

"میری بیماری کی وجہ سے دماغ کو خوراک پہنچنی بند ہو گئی ہے۔ ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ چند ہفتوں میں دماغی حالت اپنے معمول پر آ جائے گی لیکن اب تک جو ترقی ہوئی ہے اس کی رفتار اتنی تیز نہیں ... آدمیوں

کے سہارے سے ایک دو قدم چل سکتا ہوں مگر وہ بھی مشکل ہے۔ دماغ اور زبان کی کیفیت ایسی ہے کہ میں تھوڑی دیر کے لیے بھی خطبہ نہیں دے سکتا اور ڈاکٹروں نے دماغی کاموں سے قطعی طور پر منع کر دیا ہے۔"

"مجھ پر فالج کا حملہ ہوا اور اب میں پاخانہ پیشاب کے لیے بھی امداد کا محتاج ہوں۔ دو قدم بھی نہیں چل سکتا۔" (الفضل 12 اپریل 1955ء)

"26 فروری کو مغرب کے قریب مجھ پر بائیں طرف فالج کا حملہ ہوا اور تھوڑے وقت کے لیے میں ہاتھ پاؤں سے معذور ہو گیا۔ دماغ کامل معطل ہو گیا اور دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ میں اس وقت بالکل بے کار ہوں اور ایک منٹ نہیں سوچ سکتا۔" (الفضل 26 اپریل 1955ء)

باپ کی بیٹے کے متعلق پیش بینی تھی "جو اس مقدس تعلیم کو اپنی بدکرداری کے نمونہ سے ناپاک کرے گا اس کا حشر ڈاکٹر ڈوئی سے کم نہ ہوگا۔ نہایت سخت دکھ کی مار قہر الٰہی، غضب الٰہی اور خبیث امراض یعنی فالج اور پاگل پن کا شکار ہوگا۔"

خلیفہ صاحب خود کہتے ہیں:

"میں اب 68 سال کی عمر کا ہوں اور فالج کا شکار ہوں۔" (الفضل 4 اگست 1956ء)

خلیفہ صاحب قادیان (ربوہ) کی اپنی شریعت میں سب کچھ جائز ہے۔ فرانس کے ناچ گھر میں ننگے ناچ دیکھنا شریعت محمودیہ کے عین مطابق ہے۔ پھر اطالوی حسینہ کو سسل ہوٹل سے لے جانا ان کے جھوٹے تقدس کی ادنیٰ مثال ہے۔ مرزا محمود نے خود ہی تسلیم کیا۔

"جب میں ولایت گیا تو مجھے خصوصیت سے خیال تھا کہ یورپین سوسائٹی کا عیب والا حصہ بھی دیکھوں گا۔ قیام انگلستان کے دوران میں مجھے اس کا موقع نہ ملا۔ واپسی پر جب ہم فرانس آئے تو میں نے چودھری ظفر اللہ خاں صاحب سے جو میرے ساتھ تھے کہا کہ مجھے کوئی ایسی جگہ دکھائیں جہاں یورپین سوسائٹی عریاں نظر آ سکے۔ وہ بھی فرانس سے واقف تو نہ تھے۔ مگر مجھے اوپیرا (Opera) میں لے گئے جس کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔ چودھری صاحب نے بتایا یہ وہی سوسائٹی کی جگہ ہے۔ اسے دیکھ کر آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔ میری نظر چونکہ کمزور ہے اس لیے دور کی چیز اچھی طرح سے نہیں دیکھ سکتا۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے جو دیکھا تو ایسا معلوم ہوا کہ سینکڑوں عورتیں بیٹھی ہیں۔ میں نے چودھری صاحب سے کہا۔ کیا یہ ننگی ہیں؟ انھوں نے بتایا کہ یہ ننگی نہیں بلکہ شفاف کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ اس لیے ننگی معلوم ہوتی ہیں۔"

(الفضل 28 فروری 1924ء)

انگریزی ہوٹلوں میں اکثر جوان لڑکیاں خدمت گار ہوتی ہیں جو معزز لوگ وہاں کھانے پینے جاتے ہیں وہ جوان لڑکیاں ان کے سامنے ان کی خوشی کی اشیاء لا کر پیش کرتی ہیں۔ آج کل کی تہذیب کی رو سے ان مہذبوں کا یہی دستور ہے کہ کھانا لانے والیوں کی بھی تواضع کرتے ہیں اور وہ عموماً اس کھانے میں شریک ہو جاتی ہیں۔ اسی اثناء میں تفریحی گفتگو ہوتی رہتی ہے۔ حتیٰ کہ دوران گفتگو میں ہی سب مراحل طے ہو

جایا کرتے ہیں خلیفہ قادیان لاہور سسل ہوٹل منٹگمری روڈ میں گئے وہاں پر جو کچھ ہوا اخبارات کی زبانی سنئے
"مرزا محمود کی آمد اور سسل ہوٹل کی منتظمہ کی گمشدگی تلاش کے باوجود اس کا کوئی پتہ نہیں مل سکا۔ یکم مارچ 1934ء کو سسل ہوٹل کی طرف سے مشتہر ہوا تھا کہ جمعرات یکم مارچ پانچ بجے سے ساڑھے نو بجے رات تک ناچ ہوگا۔ بڑے بڑے انعامات بدستور سابق تقسیم کیے جائیں گے۔ تماشائی شام چار بجے سے جمع ہونے شروع ہو گئے اور پانچ بجے اچھا خاصا مجمع ہو گیا۔ ہر ایک شخص تعمیل شروع ہونے کا منتظر تھا۔ مگر خلاف توقع رسٹ ڈرائیو شروع ہوا۔ ناچ کا بینڈ بجنا شروع ہوا۔ آخر استفسار پر سسل ہوٹل کے ایک بیرے سے معلوم ہوا کہ رسٹ ڈرائیو کا تمام سامان منتظمہ کے کمرے میں ہے اور منتظمہ کو مرزا محمود موٹر میں بٹھا کر لے گئے ہیں۔

نامہ نگار آزاد 13 مارچ 1934ء

اس واقعہ کو زمیندار نے نظم کی صورت میں یوں شائع کیا۔

اطالوی حسینہ از "نقاش"

اے کشور اطالیہ کے باغ کی بہار
لاہور کا دمن ہے تیرے فیض سے چمن
پیغمبر جمال تیری دل ربا ادا
پروردگار عشق ترا چلبلا چلن
الجھے ہوئے ہیں دل تری زلف سیاہ میں
ہیں جس کے ایک تار سے وابستہ سو فتن
پروردۂ فسوں ہے، تری آنکھ کا خمار
آوردۂ جنوں ہے تیری بوئے پیرہن
پیمانۂ نشاط تیری ساق صندلی
بیعانۂ سرور ترا مرمری بدن!
رونق ہے ہوٹلوں کی ترا حسن بے حجاب
جس پہ فدا ہے شیخ تو لٹو ہے برہمن
جب قادیاں پہ تیری نشیلی نظر پڑی
سب نشۂ نبوت ظلی ہوا ہرن
میں بھی ہوں تیری چشم پر افسوں کا معترف
جادو وہی ہے آج جو ہو قادیاں شکن

اطالوی رقاصہ کا "الفضل" میں اعتراف

اس کے بعد مختلف اخباروں میں شور و غوغا ہوئے۔ خلیفہ قادیاں کی خطبہ جمعہ کی تقریر شائع ہوئی جس میں اس اطالوی لیڈی کے لے جانے کا اعتراف کیا، مگر اس کی وجہ یہ بتائی کہ!

"اس لیڈی کو اپنی بیویوں اور لڑکیوں کی انگریزی لہجہ کی درستگی کے لیے لایا تھا۔"

اس کا جواب اہل حدیث نے یوں لکھا!

"بس مطلع صاف ہو گیا' مگر سوال یہ ہے کہ اطالوی عورت خاص کر ہوٹل کی خادمہ انگریزی کیا پڑھائے گی۔ اطالوی لوگ تو خود انگریزی صحیح نہیں بول سکتے۔ انگریزی زبان میں دو حروف ڈی اور ٹی بالخصوص ممتاز ہیں۔ دونوں حروف اطالوی لوگ عربوں کی طرح ادا نہیں کر سکتے۔ علاوہ اس کے اس کی صحبت کا اثر معصومات لڑکیوں اور پردہ نشین بیویوں پر کیا ہو گا؟" (اہل حدیث امرتسر)

اطالوی حسینہ

سسل ہوٹل لاہور کی ایک اطالوی منتظمہ جو ہوٹل میں مرزا محمود احمد خلیفہ قادیان کے ایک روزہ قیام کے بعد اچانک غائب ہو گئی تھی، دوسرے دن قادیان کی سرزمین میں دیکھی گئی اور اخبار (زمیندار) نے نظم کی صورت میں اسے یوں شائع کیا۔

ہوٹل سسل کی رونق عریاں

عشاق شہر کا ہے "زمیندار" سے سوال
ہوٹل سسل کی رونق عریاں کہاں گئی

اس کے جلو میں جاں گئی ایمان کے ساتھ ساتھ
کیا کیا نہ تھا جو لے کے وہ جان جہاں گئی

خوف خدائے پاک دلوں سے نکل گیا
آنکھوں سے شرم سرور کون و مکاں گئی

جن کے خروش حلقہ رندان لم یزل
لے کر گئی وہ حشر کا سامان جہاں گئی

روحہ سے وصل کے برق کے سانچے میں آئی تھی
اب کس حریم ناز میں وہ جان جاں گئی

یہ چیستان سنی تو "زمیندار" نے کہا
اتنا ہی جانتا ہوں کہ وہ قادیاں گئی

اطالوی حسینہ مس روفو

تمہیں مشی فی النوم کی بھی خبر ہے؟
زمانے کے اے بے خبر مل سوفو!
ملے گا تمہیں یہ سبق قادیاں سے
جہاں چل کے سوتے میں آئی ہے روفو
دبستان میں جانا نہیں چاہتے ہو
تو پہنچو شبستان میں اے بے وقوفو
بہار آ رہی ہے خزاں جا رہی ہے
ہنسو کھل کھلا کر دمشقی شگوفو!
کرشن اور خورسند کیا اس کو سمجھیں
تمہیں داد دو اس کی عبد الروفو!
جب اوقات موجود ہے قادیاں کی
کہاں مر رہی ہو تقو اور زوفو!

31 مارچ 1924ء

(ارمغان قادیان صفحہ 50 مکتبہ کارواں کچہری روڈ، لاہور)

جب چار دانگ عالم شور مچا تو "خلیفہ" نے اطالوی حسینہ کو اپنے رازدار ڈرائیور کے ساتھ پانچ ہزار روپے دے کر قادیان سے رخصت کر دیا۔ یہ بات ڈرائیور مذکور نے مؤلف کو قادیان میں بتائی تھی۔ لاہور آن کر حسینہ نے لوگوں کے کہنے سننے پر مقدمہ کی تیاری پر کمر باندھی۔ وہ اس وقت ایک وکیل کے پاس گئی (جو جج اعلیٰ ہو کر ریٹائر ہوا) تو اس وکیل نے اس سے کہا تم جیسی پیشہ ور لڑکیاں یہاں اسی کسب کے لیے آتی ہیں تم کو عصمت کا دعویٰ زیب نہیں دیتا اور نہ ہی تم عصمت شکنی ثابت کر سکتی ہو۔ جواباً اس پیشہ ور حسینہ نے کہا: "آپ کی بات صحیح ہے لیکن مجھے جس بات سے صدمہ ہوا ہے وہ خلوت سینہ تھی بلکہ اس جنسی ملاپ کے وقت خلیفہ کا اپنی بیٹی کو پاس بٹھا لینا مجھ پر شاق گزرا۔" جونہی اس نے یہ کہا وکیل نے اس کے کاغذات پھینک دیے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ کوئی معصیت کے وقت بیٹی کو پاس بٹھا لے۔ اطالوی حسینہ کی بات ٹھیک تو تھی لیکن اس کو فوراً احساس ہو گیا کہ خلیفہ کا یہ طریقہ واردات ہے کہ اس کی یورش زدہ لڑکی کی بات نامقبول ہو کر رہ جائے بلکہ مقدمہ کرنے پر وہ خود پھنس جائے۔ خلیفہ کی معصیت ہی اس کی مدافعت بن جاتی تھی۔

❁ ❁ ❁

عزیز الرحمٰن ثانی

قادیانی چکلہ

آج کل یہ ایک شور وغوغا ہے کہ قادیانی بڑے اعلیٰ اخلاق اور سچے کردار کے مالک ہیں۔ بلکہ اس طرح کا پروپیگنڈہ معاشرے میں یہ خود پھیلاتے ہیں تاکہ ان کے ظاہری اخلاق سے لوگ متاثر ہو کر قادیانیت کے جھوٹے مذہب میں پھنس جائیں۔ قادیانیوں کے اعلیٰ اخلاق اور سچے کردار کا حال اگر کسی کو معلوم کرنا ہے تو ہم سے پوچھیں کہ وہ کس قماش کے لوگ ہیں۔ ہمارے پاس ان کے کردار و اخلاق کی پوری تاریخ محفوظ ہے بلکہ بعض کہانیاں تو ان لوگوں نے، جنھوں نے قادیانیت کو ترک کیا ہے شائع بھی کی ہیں۔ مذکورہ تاریخ اتنی گری ہوئی ہے کہ ہمارے صفحات اس کے متحمل نہیں۔ لیکن 26 اکتوبر 1979ء کو راولپنڈی میں ایک واقعہ رونما ہوا۔ بدکاری کے اڈے پر چھاپہ مارا گیا۔ بہت سے لوگ گرفتار ہوئے۔ بعضوں کو سزا کے طور پر کوڑے مارے اور بدکاری کے اڈہ کے مالک پیر صلاح الدین کا منہ کالا کیا گیا۔ پھر نا معلوم کن وجوہ کی بناء پر باقی ماندہ سزائیں معاف کر دی گئیں۔

اخبارات میں تفصیل کے ساتھ وہ رپورٹ چھپی، چونکہ صلاح الدین کا تعلق نہ صرف قادیانی جماعت سے ہے بلکہ وہ رشتہ کے لحاظ سے قادیانی خلیفہ مرزا صاحب کے قریبی رشتہ دار بھی ہیں۔ لہٰذا ہم قارئین کے خدمت میں اخباری رپورٹ پیش کر رہے ہیں تاکہ ان کی اصلیت سامنے آجائے۔

راولپنڈی 25 اکتوبر (نمائندہ جسارت) آج یہاں سنٹرل گورنمنٹ ہسپتال کے وسیع و عریض میدان میں پیرز ہوٹل اور دوسرے ہوٹل سے بدکاری کے الزام میں گرفتار کیے جانے والے 27 افراد کو کوڑے لگائے گئے۔ یہ میدان پیرز ہوٹل کے بالکل سامنے واقع ہے۔ اس میدان میں زیر تعمیر ایک عمارت کے چھت پر سٹیج بنایا گیا تھا جہاں ٹکٹکی لگائی گئی تھی۔ مارشل لاء حکام، جیل حکام اور پولیس کے اعلیٰ افسر یہاں موجود تھے۔ میدان میں ٹرکوں پر اور ارد گرد کی عمارتوں پر ہزاروں افراد موجود تھے۔ جب ملزموں کو کوڑے لگائے جاتے تھے تو لوگ تالیاں بجاتے تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بریگیڈیئر سرفراز بھی موجود تھے۔ تمام ملزموں کو کوڑے لگانے کی کارروائی تقریباً چار گھنٹے میں مکمل ہوئی۔ بریگیڈیئر سرفراز اس دوران وہاں موجود رہے۔ کارروائی شروع ہونے سے قبل پیرز ہوٹل کے مالک پیر صلاح الدین اور ہوٹل

کے منیجر اور لڑکیوں کی سپلائی کا کام کرنے والے ملزم نذر بخاری کو سٹیج پر لایا گیا اور اعلان کیا گیا کہ چونکہ ان دونوں کی عمر زیادہ ہے۔ اس لیے انہیں کوڑوں کی سزا نہیں دی جا سکتی۔ لیکن انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ عوام کے سامنے ان کے منہ کالے کیے جائیں۔ سٹیج پر ان دونوں ملزموں کے چہروں پر سیاہی مل گئی اور اس کے بعد انہیں پورے سٹیج پر گھمایا گیا تا کہ وہاں تمام لوگ ان کے سیاہ چہرے دیکھ لیں۔ اس وقت وہاں موجود ہزاروں افراد نے تالیاں بجائیں۔

آج صبح 10 بجے ہی سے لوگ سنٹرل اسپتال کے میدان میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے۔ یہ سزا صرف ایک مقدمہ کے سلسلہ میں ہے۔ ان ملزموں کے خلاف اور مقدمات بھی زیر سماعت ہیں جن کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ اعلان کیا گیا کہ مارشل لاء حکام کی یہ خواہش رہی ہے کہ کوڑوں کی سزائیں نہ دی جائیں لیکن ان مجرموں کے جرم کی نوعیت اور جس طرح یہ مظلوم اور بے سہارا لڑکیوں کو ورغلا کر گناہ کی زندگی گزارنے پر مجبور کرتے تھے، اس پر انہیں برسرعام کوڑے لگانے کی سزا دینا ضروری تھا۔ اس موقع پر لوگوں نے زبردست تالیاں بجائیں۔ سٹیج پر کہا گیا کہ اب حکومت کی یہ پُرخلوص کوشش ہے کہ جو لوگ ملک میں اخلاقی قدروں کو پامال کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور غیر اسلامی اور غیر انسانی حرکات کر رہے ہیں، انہیں اس بات کی اجازت نہ دی جائے۔ حکومت ایسے لوگوں کو تنبیہ کرتی ہے کہ وہ اپنی ان قبیح حرکات سے باز آ جائیں یا اپنے ناپاک وجود لے کر اس ملک سے نکل جائیں۔ سٹیج سے اعلان کیا گیا کہ ان مجرموں کا یہ طریق کار تھا کہ وہ غریب اور بے سہارا لڑکیوں کو سرپرستی کا لالچ دے کر پھنساتے اور انہیں ورغلا کر گناہ کی زندگی گزارنے پر مجبور کرتے۔ یہ مجرم اس گناہ کے کاروبار سے اس قدر دولت بنا رہے تھے جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب مارشل لاء حکام نے پیرز ہوٹل پر چھاپہ مارا تو ایک رات کی آمدنی کے طور پر 35 ہزار روپے ہوٹل کے کیش بکس سے برآمد ہوئے۔ اس قدر مجمع تھا کہ ٹریفک کا انتظام کرنے کے لیے پولیس کا خصوصی دستہ متعین کیا گیا اور خود ڈی ایس پی ٹریفک وہاں موجود تھے۔

ملزموں کو ڈیڑھ بجے پولیس کی نگرانی میں لایا گیا۔ سٹیج پر لاؤڈ سپیکر لگا ہوا تھا جس سے فوج کے ایک کیپٹن پیرز ہوٹل اور عروسہ ہوٹل پر چھاپہ، اس کارروائی کا پس منظر اور ملزموں کو دی جانے والی سزاؤں کے بارے میں اعلانات کر رہے تھے۔

اس کے بعد پیرز ہوٹل کے مالک پیر صلاح الدین کو جو انگلیتی فرقہ قادیانیوں کے سربراہ مرزا ناصر احمد کا قریبی عزیز ہے، سٹیج پر لایا گیا اور سٹیج سے اعلان کیا گیا کہ گھناؤنے کردار کا مالک یہ شخص اس بات کا مستحق ہے کہ اسے بھی کوڑوں کی سزا دی جاتی لیکن اس کی عمر 64 سال ہے اور قانون کے مطابق 45 سال سے زیادہ عمر کے آدمی کو کوڑوں کی سزا نہیں دی جا سکتی۔ اس لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس کا منہ کالا کیا جائے۔ اس کے بعد نذر بخاری کو سٹیج پر لایا گیا اور اعلان کیا گیا کہ لوگ یورپ علم سیکھنے کے لیے جاتے ہیں

لیکن یہ وہ بدکردار شخص ہے جو بدکاری کے اڈے چلانے کی تربیت حاصل کرنے کے لیے یورپ گیا تھا۔ اس کی عمر 67 سال ہے۔ اس لیے اسے بھی کوڑوں کی سزا نہیں دی جا سکتی اور اس کا منہ کالا کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد پیر صلاح الدین کے بیٹے محی الدین مظاہر احمد کو سٹیج پر لایا گیا اور ٹکٹکی پر باندھ کر 2 بج کر 17 منٹ پر پہلا کوڑا لگایا گیا۔ اس وقت لوگوں نے "شرم شرم" کے نعرے لگائے۔ جب اسے پانچواں کوڑا لگایا گیا تو اس نے کہا ڈاکٹر صاحب مجھے بچالیں اور ان سے کہیں کہ ذرا آرام سے کوڑے ماریں اور مجھے پانی پلایا جائے۔ مجرم کو پانی پلایا گیا اور 15 کوڑے پورے کیے گئے۔ اس کے بعد مجرم عبدالرشید، کشر خاں، پیرز ہوٹل کے منیجر نذر بخاری اور کسٹم انسپکٹر خضر حیات کو سٹیج پر لایا گیا۔ اس وقت بتایا گیا کہ خضر حیات کی ذمہ داری تھی کہ وہ ناجائز کارروائیوں کو روکتا لیکن یہ بدکاری کے اڈوں پر شراب مہیا کرتا تھا۔ ملزم کشر خان 15 کوڑے کھانے کے بعد بے ہوش ہو گیا۔ ڈاکٹر نے اس کا معائنہ کیا اور انجکشن لگایا۔ جس کے بعد اسے ایمبولنس میں ڈال کر ہسپتال بھیج دیا گیا۔ اس کے بعد کسٹم انسپکٹر شبیر حسین شاہ اور کسٹم انسپکٹر طاہر مقبول کو کوڑے لگائے گئے۔

طاہر مقبول کو جب پانچواں کوڑا لگا تو جیل حکام نے کوڑے لگانے والوں کو صحیح کوڑا نہ پڑنے کی بناء پر یہ کوڑا مارنے کی ہدایت کی۔ اس پر طاہر مقبول نے کہا کہ مجھے کوڑا ٹھیک لگا ہے۔ مجھ پر ظلم نہ کریں۔ خدا کے واسطے مجھ پر رحم کریں۔ اس کے بعد مجرم نصیب الرحمٰن اور افتخار حسین کو پندرہ پندرہ کوڑے مارے گئے۔ اس کے بعد مظفر حسین کو 5 کوڑے، یوسف کو 5 کوڑے، مسعود کو 5 کوڑے، موسیٰ کو 5 کوڑے اور سلیم کو 5 کوڑے لگائے گئے۔ موسیٰ اور سلیم کوڑے کھانے کے بعد بے ہوش ہو گئے اور اس کے بعد مجرم جاوید اقبال کو 15 کوڑے مارے گئے اور پھر افتخار حسین کو 15 کوڑے لگے۔ اس کے بعد 3 بج کر 45 منٹ پر 10 منٹ کا وقفہ کیا گیا اور اس کے بعد جب دوبارہ کارروائی شروع ہوئی تو سب سے پہلے یعقوب، اشرف، قمر سلطان، سلیم، اخلاق احمد، رشید خان، مہربان اور نسیم شاہ کو پندرہ پندرہ کوڑے لگائے گئے۔ اخلاق احمد نے چلا کر کہا کہ اللہ کے لیے بے گناہ پر رحم کرو۔ مجھے پانی پلا دو۔ میرے گناہ بخش دے مالک۔ اس کے بعد مصلح کو 5 کوڑے لگائے گئے۔ پھر گلزار، عبدالوحید اور باتوش خاں کو پندرہ پندرہ کوڑے لگائے گئے۔ آخر میں سٹیج سے اعلان کیا گیا کہ ایسے تمام افراد جو اس قسم کے گھناؤنے کاموں میں ملوث ہیں، انہیں تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ باز آ جائیں۔ ورنہ انہیں بھی عبرت ناک سزائیں دی جائیں گی۔ عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ اس قسم کے گھناؤنے کاموں میں ملوث لوگوں کی نشاندہی کریں تاکہ وطن عزیز کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کیا جا سکے۔ اس پر لوگوں نے پر جوش تالیاں بجائیں۔

پہلے پیشاب خطا ہوا، پھر بیہوشی طاری ہوئی اور بالآخر سٹریچر پر ڈال کر لایا گیا، آخری کوڑا باتوش خان نے خوش جان کیا

راولپنڈی 25 اکتوبر (نمائندہ جسارت) عروسہ گیسٹ ہاؤس اور پیرز ہوٹل سے بدکاری کے

الزام میں گرفتار ہو کر سزا پانے والے مجرمان کو آج راولپنڈی میں سرعام کوڑے لگائے گئے۔ اس عبرت ناک منظر کو ہزاروں افراد نے دیکھا۔ اس واقعہ کی چند خاص باتیں یہ ہیں:

0۔ عروسہ گیسٹ ہاؤس اور جیز ہوٹل سے بدکاری کے الزام میں پکڑے جانے والے 26 ملزموں کو آج مجموعی طور پر 35 کوڑے لگائے گئے جبکہ مجرموں کو سرسری سماعت کی فوجی عدالت نے مجموعی طور پر 345 کوڑوں کی سزا دی تھی۔ 6 زائد کوڑے ان دو مجرموں کو لگائے گئے جنہیں بعض کوڑے بھرپور انداز میں نہیں لگے تھے اور حکام نے ان کوڑوں کو منسوخ کر دیا تھا۔ کسٹم انسپکٹر طاہر مقبول کو 3 کوڑے دوبارہ لگانے گئے۔ اسی طرح کسٹم انسپکٹر شبیر حسین شاہ اور دیگر 2 مجرموں بشیر خان اور قمر سلطان کو بھی ایک ایک کوڑا دوبارہ لگایا گیا۔

0۔ ایک مجرم نصیب الرحمٰن کا کوڑا لگنے کے دوران پیشاب خطا ہو گیا۔ آخری کوڑا لگنے کے بعد مجرم بے ہوش ہو گیا اور اسے سٹریچر پر ڈال کر لے جایا گیا۔

0۔ 5 بج کر 22 منٹ پر پالوش خان کو آج کا آخری کوڑا لگایا گیا۔

0۔ کوڑے لگنے والے دونوں قیدیوں کے لیے تھرماس میں جیل سے خاص طور پر چائے لائی گئی تھی اور دو لگنے کے دوران ان کی چائے اور بسکٹوں سے تواضع کی گئی۔

ڈی ایم ایل اے نے کوڑے مارنے والوں کو دودھ پینے کے لیے انعامات دیے، مجرم اپنی کاروباری جگہ کو دیکھتے رہے

راولپنڈی 25 اکتوبر (نمائندہ جسارت) آج جب یہاں 26 مجرموں کو کوڑے مارنے کی کارروائی مکمل ہو گئی تو ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بریگیڈیئر سرفراز ملک سٹیج پر آئے اور اس کارروائی میں حصہ لینے والوں سے ملے۔ انہوں نے جیل سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ کوڑے لگانے والے بشارت اور زمرد کو میری جانب سے دودھ پینے کے لیے پچاس پچاس روپے انعام دیں۔ انہوں نے زمرد سے ہاتھ بھی ملایا۔ بعد میں انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ مجرموں کو عبرت ناک سزائیں دی جائیں گی اور ہم نے اسے لیے اس جگہ کا انتخاب کیا تاکہ مجرموں کو وہ جگہ بھی نظر آتی رہے، جہاں وہ اپنا گھناؤنا کاروبار کرتے تھے۔

ہجوم کی وجہ سے دیوار منہدم ہو گئی

راولپنڈی 25 اکتوبر (نمائندہ جسارت) آج یہاں جیز ہوٹل اور عروسہ ہوٹل کے ملزموں کو کوڑے مارے جانے کا منظر دیکھنے کے لیے زبردست ہجوم تھا۔ بھیڑ کی وجہ سے ایک قریبی پٹرول پمپ کی دیوار پر لوگ چڑھے ہوئے تھے کہ اچانک یہ دیوار گر پڑی اور متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ ایک درخت پر بھی

بے شمار لوگ چڑھے ہوئے تھے۔ درخت کی شاخ ٹوٹ گئی۔ اس کے نیچے بھی کچھ افراد زخمی ہو گئے۔

غیر ملکیوں نے بھی کوڑے مارنے کا منظر دیکھا

راولپنڈی 25 اکتوبر (نمائندہ جسارت) آج راولپنڈی میں تین 26 ملزموں کو سر عام کوڑے مارے گئے۔ ان کو کوڑے مارنے والوں میں ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے دو قیدی زمرد اور بشارت شامل تھے زمرد قتل کے جرم میں عمر قید کی سزا بھگت رہا ہے اور اسے کوڑے مارنے کے لیے جیل میں باقاعدہ تربیت دی گئی ہے۔ جیل حکام کے مطابق زمرد جیل میں نمبردار ہے اور بہتر رویہ اور اس ڈیوٹی کے باعث اسے ہر تین ماہ بعد سزا میں 18 دن تخفیف کی رعایت ملتی ہے جبکہ بشارت کا فوج میں کورٹ مارشل ہوا تھا۔

(جسارت کراچی۔ 26 اکتوبر 1979ء)

بیرز ہوٹل سے گرفتار شدہ افراد کی سزائیں معاف

راولپنڈی 4 مئی (نمائندہ جنگ) معلوم ہوا ہے کہ بیرز ہوٹل کے مالک کے لڑکے پیر مطاہر احمد اور ہوٹل سے گرفتار کیے جانے والے تمام افراد کی باقی ماندہ سزائیں معاف کر دی گئی ہیں۔ یہ لوگ مختلف جیلوں میں سزا بھگت رہے ہیں۔ (جنگ کراچی 5 مئی 1980ء)

پریس فوٹو گرافروں کو دھمکی دینے پر سزا

راولپنڈی 5 نومبر (نمائندہ جنگ) آج شب سرسری سماعت کی فوجی عدالت نمبر 18 کے سربراہ میجر جوزف شیروف نے پریس فوٹو گرافروں کو دھمکی دینے کے سلسلہ میں مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ یہ مقدمہ بیرز ہوٹل کے مالک پیر صلاح الدین اور اس کے لڑکے مطاہر احمد کے خلاف زیر سماعت تھا۔ فیصلہ رات ساڑھے آٹھ بجے سنایا گیا۔ میجر جوزف شیروف نے زیر دفعہ 506 تعزیرات پاکستان کے تحت اخباری فوٹو گرافروں کو دھمکی دینے کے جرم میں پیر صلاح الدین کو ایک سال قید سخت اور 40 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا دی ہے جبکہ عدالت کے سربراہ نے پیر صلاح الدین کے لڑکے مطاہر احمد کو عدم ثبوت کی بناء پر بری کر دیا ہے۔ فاضل عدالت نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ پیر صلاح الدین کو اس سے قبل ایک مقدمہ میں ایک سال قید سخت کی سزا دی جا چکی ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلہ میں یہ بھی کہا ہے کہ پیر صلاح الدین پر جو 40 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ مجرم کو یہ رقم ادا کرنا ہو گی اور اگر وہ جرمانے کے 40 لاکھ روپے ادا نہیں کرے گا تو اس کی املاک میں سے 40 لاکھ روپے جرمانہ کی جائیداد بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ عدالت نے مجرم صلاح الدین کو اس فیصلہ کے خلاف اپیل کرنے کا حق دیا ہے کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر اپیل کر سکتا ہے۔ استغاثہ کے مطابق دو ہفتہ قبل جب بدکاری ایکٹ کے تحت صلاح الدین اور دیگر متعدد افراد کے خلاف سمری ملٹری کورٹ میں مقدمہ کی سماعت ہو رہی تھی تو اس موقع پر اخباری فوٹو گرافروں نے صلاح الدین اور دیگر

مجرموں کی تصویریں بنانے کی کوشش کی تو اس موقع پر صلاح الدین اور اس کے لڑکے مظاہر احمد نے فوٹو گرافروں کو تصاویر بنانے پر خطرناک انجام بھگتنے کی دھمکیاں دی تھیں۔ چنانچہ فوٹو گرافروں کی شکایت پر سمری ملٹری کورٹ کے سربراہ کی تحریر پر چھاؤنی تھانہ کی پولیس نے صلاح الدین اور مظاہر احمد کے خلاف دھمکیاں دینے کا مقدمہ درج کیا تھا۔ پی پی آئی کے مطابق قبل ازیں فاضل عدالت نے مقدمہ میں گواہوں کے بیانات قلم بند کیے۔ ان میں روزنامہ جنگ راولپنڈی کے فوٹو گرافر رفیق ناز، ایک دوسرے مقامی روزنامہ کے اقبال زیدی اور دو پولیس اہلکار شامل ہیں۔ (جنگ کراچی، 6 نومبر 1979ء)

پیر صلاح الدین کی جائداد کی چھان بین کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی گئی

راولپنڈی 6 نومبر (نمائندہ جنگ) باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مارشل لاء حکام نے پیرز ہوٹل اور اس سے ملحق تمام جائداد کی چھان بین کرنے کے لیے ایک خصوصی ٹیم مقرر کی ہے جو اس امر کا پتہ لگائے گی کہ صلاح الدین نے دس کینال کا پلاٹ جس میں پیرز ہوٹل اور اس کی رہائش گاہ ہے، کن ذرائع سے حاصل کیا۔ یہ پلاٹ غالباً صلاح الدین کو سٹلائٹ ٹاؤن الاٹمنٹ کمیٹی نے الاٹ کیا تھا اور یہ پلاٹ رہائشی مقاصد کے لیے کہہ کر الاٹ کروایا جس میں پیر صلاح الدین نے ہوٹل تعمیر کر لیا تھا۔ اس امر کی بھی چھان بین کی جا رہی ہے کہ پیرز ہوٹل کی تعمیر کے لیے کس افسر نے اجازت دی تھی جبکہ گنجان اور رہائشی علاقوں میں ہوٹلوں کی تعمیر قانونی طور پر ممنوع ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ صلاح الدین اس املاک کا تقریباً 60ہزار روپے سالانہ ٹیکس ادا کرتا تھا۔ ٹیم یہ بھی دیکھ رہی ہے کہ کیا صلاح الدین ٹیکس کی رقم صحیح دیتا رہا ہے۔ ان افسران کا سراغ لگایا جا رہا ہے جنھوں نے اس رہائشی پلاٹ پر ہوٹل بنانے کی اجازت دی تھی۔ کیونکہ اس نے اپنے اثر و رسوخ کی بنیاد پر یہ ہوٹل تعمیر کیا تھا جبکہ ہوٹل کی تعمیر کے وقت وہاں رہائش پذیر باشندوں نے احتجاج بھی کیا تھا۔ خیال ہے کہ اس معاملہ میں انتظامیہ کے کئی افسران بھی ملوث ہوں گے۔ یہ خصوصی ٹیم چند روز میں اپنی تحقیقات مکمل کر کے حتمی رپورٹ مارشل لاء حکام کو پیش کر دے گی۔

(جنگ کراچی، 7 نومبر 1979ء)

❀....❀...❀

عبدالکریم

قادیانی دیوالی

قادیانی شریعت

قادیانی شریعت ''تذکرہ'' سے زیادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد اور مرزا بشیر احمد کی کتابوں پر مشتمل ہے، ان میں ''حقیقت نبوت، کلمۃ الفصل، انوار خلافت، جنازہ کی حقیقت اور سیرت المہدیٰ'' جیسی کتابیں شامل ہیں۔ لیکن قادیانی اب اپنی شریعت کو چھپاتے ہیں۔ ان کتابوں کے نئے ایڈیشن نہیں چھاپے۔ قیام پاکستان سے پہلے ہی ایڈیشن چھاپ کر بیٹھ گئے ہیں۔ دراصل یہ کتابیں تمام مسلمانوں کو کافر بیان کر کے اسلام اور قادیانیت کے مابین واضح خط فاصل کھینچتی ہیں اور انہی کتابوں سے قادیانی عزائم کا اندازہ ہوتا ہے۔ اب صرف ان کتابوں میں مسلمانوں کے خلاف کی گئی بدزبانی کے باعث قادیانی انہیں چھاپنے سے کتراتے ہیں۔ ''سیرۃ المہدیٰ'' کو نہ چھاپنے میں تو بعض شرمندگیاں بھی شامل ہیں۔

قادیانی تقیہ

قادیانی اخبار الفضل مورخہ 8 مارچ 1989ء کی اشاعت میں ''اخبار جہاں'' کے ایک کالم کا حصہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں بھی یہ درج ہے ''پاکستانی شہریت کے حامل قادیانیوں کی تعداد نامعلوم ہے۔ اس لیے کہ انہیں جب اقلیت قرار دے دیا گیا تو ان کی قیادت نے اس کی اجازت دے دی کہ جو لوگ قادیانی ہونے کا اعلان کے متحمل نہیں ہو سکتے، وہ اپنے عقیدے کو مخفی رکھ سکتے ہیں۔ اس پر قادیانی اخبار نے اسی اشاعت میں یہ تبصرہ کیا ہے ''بعض احمدیوں کے متعلق یہ کہنا کہ انہوں نے خود کو چھپایا ہوا ہے، درست نہیں ہے۔ یہ محض خیال، قیاس آرائی بلکہ ناواجب بدظنی ہے۔ یہ تبصرہ قادیانی فریب کا شاہکار ہے۔ کیونکہ پاکستان میں واقعی سینکڑوں قادیانی خود کو قادیانی نہیں بتاتے اور عرب ممالک میں جتنے قادیانی رہ رہے ہیں، وہ قادیانی قیادت کے علم میں ہیں۔ وہ سارے قادیانی پاسپورٹ پر خود کو مسلمان ظاہر کر کے عرب ممالک میں گئے ہیں اور ظاہر ہے مسلمان ظاہر کرنے کے لیے انہیں اپنے ''مسیح موعود'' کے کذب کا حلف نامہ بھی بھرنا پڑتا ہے۔ اس کے باوجود ایسے قادیانیوں کے خلاف کبھی کوئی تادیبی کارروائی نہیں ہوئی جو اس حقیقت کا

زندہ ثبوت ہے کہ قادیانی قیادت کی اجازت سے ہی قادیانی اپنا مذہب چھپاتے ہیں۔

مباہلے کی برکات

لندن میں 18 نومبر 1988ء کے خطبے میں مرزا طاہر احمد نے دعویٰ کیا کہ ہم دعاؤں، اجتماعی اور روحانی مقابلہ کے سال سے گزر رہے ہیں۔ (الفضل، مورخہ 28 نومبر 1988ء) مباہلے میں مرزا طاہر احمد نے اپنی طرف سے ساری جماعت کو بھی شامل کیا تھا۔ چنانچہ مباہلہ کے کتابچے کے آخری صفحہ پر یہ الفاظ درج ہیں "ہم ہیں فریق اول، (امام جماعت احمدیہ عالمگیر و دنیا بھر کے احمدی مرد و زن، چھوٹے بڑے کی نمائندگی میں)" "گزشتہ برس قادیانیوں کے خاص خاص موصئین موصی حضرات" دو سو سے زیادہ تعداد میں ہلاک ہو گئے، ربوہ کے بہشتی مقبرہ کے ریکارڈ سے اس کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔ مزید برآں جس مریض کے بارے میں بھی "الفضل" نے کثرت سے دعا کی تحریک کی وہی مریض ہلاک ہوا۔ یہ عبرتناک حقیقت "الفضل" کے صفحات میں بکھری پڑی ہے۔ اس سے بھی قادیانی مباہلے کی برکات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ہلاک ہونے والوں میں قادیانی جامعہ کے پروفیسروں، پیشہ ور تنخواہ دار مولویوں اور خاندان خلافت کے بعض افراد سے لے کر عام سرگرم قادیانیوں تک سارے لوگ شامل ہیں۔

قادیانی بے پردگی

عام طور پر قادیانی پردے کی پابندی کا پرچار کرتے ہیں مگر چونکہ ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ جس ملک، علاقہ میں جاتے ہیں، وہاں کے رواج اپنا لیتے ہیں۔ چنانچہ انگریزوں کے دیس انگلستان میں قادیانی عورتوں کا پردہ اتروا دیا گیا ہے۔ قادیانی اخبار "الفضل" ربوہ کی 16 مارچ 1989ء کی اشاعت میں ہارٹلے پول (انگلستان) میں ہونے والے ایک قادیانی فورم کی رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ اس رپورٹ سے یہی ظاہر ہو رہا ہے کہ مخلوط تقریب تھی، جس میں قادیانی مرد اور عورتیں شریک تھیں۔ یہ ہے ان کی پردہ کی پابندی۔ اس تقریب نے یہ ظاہر کر دیا کہ دراصل قادیانیوں کے ظاہر و باطن میں نمایاں فرق ہے۔

قادیانی قبولیت دعا کا عبرتناک نشان

16 نومبر 1988ء کے انتخابات میں جیسے ہی پاکستان پیپلز پارٹی کی قومی اسمبلی میں کامیابی کی خبر نکلی، مرزا طاہر نے لندن سے ایک اور سیاسی چال چلی۔ انہوں نے قادیانیوں کو تلقین کی کہ "اسیران راہ مولیٰ (قاتلان شہدائے ختم نبوت) کی رہائی کے لیے دعائیں کریں اور ساتھ 23 مارچ 1989ء کی ڈیڈ لائن بھی دے دی کہ اس سے پہلے پہلے رہا ہو جائیں گے۔ خدا سے قادیانیوں کے زندہ تعلق کا پہلا نشان تو یہ ظاہر ہوا کہ وہ سارے قیدی رہا ہو گئے جن کی رہائی کے لیے قادیانیوں نے دعائیں کی تھیں اور اب صرف وہی بدنصیب قید میں ہیں جن کے لیے خصوصی دعائیں کی گئی تھیں۔ گویا قادیانیوں کی ساری دعائیں اللہ

تعالیٰ نے اٹھا کر ان کے منہ پر دے ماری ہیں۔ 23 مارچ کی تاریخ بھی گزر گئی ہے اور تا حال شہدائے ختم نبوت میں سے کوئی بھی رہا نہیں ہو سکا۔

مرزا طاہر کی دعا کوئی عام دعا نہیں تھی۔ بلکہ اس کی اہمیت اور شان و شوکت کے پیش نظر 14 مارچ 1989ء تک اخبار الفضل میں ان کا دعائیہ بیان چوکھٹوں میں سجا کر بار بار شائع کیا گیا۔ بے تکرار اشاعت کے بعد اگر بچ بچ تو کیا ان شہدائے ختم نبوت رہا ہو جاتے تو قادیانیوں نے اپنی دعا کی قبولیت کے شور سے آسمان سر پر اٹھا لینا تھا۔ لیکن اب قدرت نے انہیں پوری طرح رسوا کر دیا ہے اور قادیانی قبولیت دعا کا مزعومہ نشان اب عبرت ناک نشان بن کر رہ گیا ہے۔

بابرکت نکاح

قادیانی جماعت کے تیسرے خلیفہ مرزا ناصر بہتر سال کی عمر میں اپنی ایک نوجوان مریدنی ڈاکٹر مریدنی طاہرہ پر فریفتہ ہو گئے۔ موصوف نکاح کرنا چاہتے تھے۔ مگر مریدوں پر اپنے نام نہاد تعلق باللہ کی دھاک بھی بٹھائے رکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ تین قادیانی بزرگوں نے استخارے کیے اور ان میں سے ایک نے تو کہا کہ مجھے کچھ نظر نہیں آیا اور دو نے کہا کہ بڑا بابرکت رشتہ ہے۔ چنانچہ خدا سے تعلق رکھنے کا دعویٰ کرنے والے اس گروہ کے استخاروں کے بعد مرزا ناصر کا طاہرہ سے بیاہ ہو گیا اور اس کی برکات اس طرح ظاہر ہوئیں کہ مرزا ناصر احمد بیاہ کے ایک ماہ کے اندر ہی راہی ملک عدم ہو گئے۔ لڑکی کا باپ اپنی جوان سال بیٹی کی تباہی کے صدمے سے ہلاک ہو گیا۔ لڑکی کا بھائی بھی دل کے دورے سے ہلاک ہو گیا۔ استخارہ کرنے والے دونوں "بزرگ" قادیانی بھی عبرت ناک موت سے دوچار ہوئے۔ یکے بعد دیگرے اتنی اموات سے سبق سیکھنے کے بجائے قادیانی امت کو پھر یہ باور کرایا گیا کہ اس لڑکی سے مرزا ناصر کا وہ بیٹا پیدا ہو گا جس کے ذریعے عظیم قادیانی فتوحات ہوں گی لیکن جب ایک سال گزر گیا تو یہ خوش فہمی بھی ختم ہو گئی۔ یہ ہے قادیانی دعاؤں اور تعلق باللہ کی عبرت ناک حقیقت۔

قصر خلافت

قادیانی خلیفے کی رہائش گاہ "دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو" کی منہ بولتی تصویر بنی ہوئی ہے۔ قصر خلافت ربوہ کی موجودہ محلاتی صورت مرزا ناصر کی پہلی بیوی منصورہ کی فرمائش پر بنائی گئی۔ لیکن قصر خلافت کی تعمیر کے دوران ہی ان کا انتقال ہو گیا اور تعمیر مکمل ہونے سے پہلے ہی مرزا ناصر کا بھی انتقال ہو گیا۔ مرزا طاہر کے دور میں تعمیر مکمل ہوئی اور طاہر کی پسند کے مطابق اس کی آرائش و زیبائش کا کام مکمل ہوا تو مرزا طاہر کو ملک سے فرار ہونا پڑ گیا۔ یوں یہ قصر خلافت قصر نحوست بن کر رہ گیا۔

جشن نحوست کا آغاز

"الفضل" 15 مارچ 1989ء میں کشتی رانی کلب مجلس صحت مرکزیہ ربوہ کی طرف سے اعلان کیا گیا

کہ 15-16-17 تاریخوں کو صد سالہ جشن تشکر کے سلسلے میں دریائے چناب میں کشتی رانی کے مقابلے ہوں گے احباب تشریف لائیں۔ یہ قادیانی جشن تشکر کا آغاز تھا اور آغاز میں پہلے ہی دن دو قادیانی دریا میں ڈوب کر ہلاک ہو گئے۔ قومی اخبارات میں اس حادثے کی خبریں چھپ چکی ہیں۔ یہ سانحہ المناک ہے۔ دراصل یہ سانحہ قادیانیوں کو قدرت کی طرف سے انتباہ ہے کہ تم جو جشن منانے چلے ہو، مجھے قبول نہیں۔ گویا یہ جشن نحوست تھا۔

نوجوانوں میں بیزاری

قادیانی قیادت کی چیرہ دستیوں اور بداعمالیوں سے قادیانی نوجوانوں میں شدید قسم کی بیزاری پائی جاتی ہے۔ میں خدا کو حاضر ناظر جان کر اور جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتی کا کام ہے، حلفاً بیان کرتا ہوں کہ ربوہ کے نوجوانوں میں ایسے ایسے صاف گو موجود ہیں جو یہ باتیں کرتے رہتے ہیں۔

1- قادیانی خلافت صرف دکانداری ہے "خلیفہ خدا بناتا ہے" کا اعتقاد محض ڈھونگ ہے۔ ویسے تو دنیا کی ہر شے خدا بناتا ہے۔ گدھے کو بھی خدا بناتا ہے، خلیفے کو بھی خدا بناتا ہے مگر یہ کوئی علیحدہ روحانی مقام نہیں ہے۔

2- مرزا کی زوجہ اول منصورہ بیگم کا نام لے کر اس کو فحش گالیاں دینے والے نوجوان بھی ربوہ میں موجود ہیں۔

3- مرزا ناصر کو احمق قائد اور اس کی اولاد پر بدکاری کا الزام لگانے والے بھی موجود ہیں۔ ایسے نوجوانوں کا کہنا ہے کہ ہم سماجی اور معاشی طور پر ایسے جکڑے ہوئے ہیں کہ اس دلدل سے نکلنا بھی چاہیں تو نہیں نکل سکتے۔

اب ایک سچا لطیفہ، ایک صاحب نے کہیں کہہ دیا کہ خلیفہ خدا بناتا ہے تو کیا ہوا گدھا بھی خدا ہی بناتا ہے۔ اس کی رپورٹ ہو گئی اور جماعت سے اخراج کر دیا گیا۔ کئی ماہ بعد غریب کو معافی ملی۔ اس کے قریبی دوستوں نے پوچھا، معافی کس طرح ملی؟ اس نے آہستگی سے بتایا، میں نے کہا تھا، معافی دے دیں۔ غلطی ہو گئی۔ گدھا خدا نہیں بناتا صرف خلیفہ کو ہی خدا بناتا ہے۔

صد سالہ جشن تشکر

صد سالہ جشن تشکر دراصل مسلمانوں کے لیے جشن تشکر ہے۔ کیونکہ قادیانی غرور و تکبر کا سر بڑی حد تک نیچا ہو گیا ہے۔ دنیاوی غلبہ و اقتدار کی مرزا محمود کی ساری امیدیں حسرتوں میں بدل گئیں تو مرزا ناصر نے 1965ء میں خلافت سنبھالتے ہی قادیانیوں کو غلبے کے نئے سبز باغ دکھانا شروع کر دیے۔ تخت خلافت میں مرزا ناصر نے کہا:

میں جماعت کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ آئندہ پچیس تیس سال جماعت احمدیہ کے لیے نہایت ہی اہم ہیں۔ کیوں دنیا میں انقلاب عظیم پیدا ہونے والا ہے۔

(خطبہ 10 دسمبر 1965ء مطبوعہ الفضل 9 جنوری 1966ء)

اب 1989ء میں حالت یہ ہے کہ پاکستان جو قادیانیوں کا گڑھ تھا اور جہاں دنیا بھر میں موجود قادیانیوں میں سب سے بڑی تعداد مقیم ہے، وہاں بھی مرزا طاہر کو رہنے کی توفیق نہیں ملی اور انہیں لندن بھاگ جانا پڑا۔ دوسرے حکمرانوں نے تو کیا آنا تھا، خود قادیانی خلیفہ بھی وہاں موجود نہیں۔ اگر قادیانی لیڈروں میں عقل ہوتی تو 23 مارچ 1989ء کو قصر خلافت پر خود ہی مختلف ملکوں کے جھنڈے بنوا کر لہرا دیتے۔ چار پانچ تھان کپڑے کا اور چند بانس کا خرچہ تو ہو جاتا مگر مرزا ناصر کی پیشگوئی پوری ہو جاتی۔ اگر محمدی بیگم والی پیشگوئی پوری کرنے کے لیے منت سماجت اور لالچ سے دھمکیوں تک ساری تدابیر کرنا جائز تھا تو مرزا ناصر کی پیشگوئی پوری کرنے کے لیے چند ملکوں کے جھنڈے بنوا کر لہرا دینا بھی تدبیر ہی ہوتا اور اس میں قادیانی عقیدے کے مطابق کوئی حرج نہ ہوتا۔ مرزا ناصر کی غلبہ واقتدار کی یہ پیشگوئیاں معمولی نہ تھیں۔ انہیں صرف قادیانی اخبار میں ہی شائع نہیں کیا گیا بلکہ قادیانی لٹریچر میں، مستقل نوعیت کی حامل کتابوں میں اس غلبہ واقتدار کی خبر کو محفوظ کر دیا گیا۔ (مثلاً عبداللطیف بہاولپوری کی تفسیر سورۂ یسٰین ص 123) اب اس غلبہ کا یہ عبرتناک منظر سامنے آیا ہے کہ ربوہ شہر میں 23 مارچ کا دن خاموشی سے گزر گیا۔ چنانچہ بازی اور فائرنگ کو قادیانی جائز نہیں سمجھتے مگر اس دن بعض نوجوانوں نے ہوائی فائرنگ اور پٹاخہ بازی کی اور گرفتار ہوئے۔ قادیانیوں کی تمام اہم عمارات پر لائٹوں کے ہار آویزاں تھے مگر انہیں روشن نہیں کیا گیا۔ کیونکہ انہیں روشن کرنے کی صورت میں سرکردہ قادیانیوں کی گرفتاری یقینی تھی۔ اس سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ کلمہ مہم کی آڑ میں قادیانی قائدین نے سینکڑوں غریب قادیانیوں کو گرفتار کرایا مگر جب ربوہ میں صد سالہ دیوالی کا موقع آیا اور یہاں چند گرفتاریوں کا اندیشہ ہوا تو لائٹنگ کا پروگرام ہی منسوخ کر دیا گیا۔ حالانکہ اب قوت ایمانی اور قادیانی غیرت کے اظہار کا موقع تھا۔ کیونکہ 23 مارچ 1989ء کی تاریخ سو سال بعد آئی تھی اور اب اس دن کے لیے قادیانیوں کو 23 مارچ 2089ء تک انتظار کرنا ہوگا۔ 23 مارچ کو ربوہ شہر اس شعر کی تصویر بنا ہوا تھا:

جہاں میں آئی دیوالی بڑے چراغ جلے
ہمارے دل میں مگر تیرے غم کے داغ جلے

ہندوؤں کی دیوالی بڑی دھوم دھام سے ہوتی ہے۔ مگر قادیانی دیوالی کا اس سے موازنہ نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ ہندوؤں کی دیوالی اور قادیانی دیوالی کا فرق ضرور بیان کیا جا سکتا ہے۔

اک وہ بھی دیوالی تھی اک یہ بھی دیوالی ہے
اجڑا ہوا گلشن ہے بھاگا ہوا مالی ہے

❁ ... ❁ ... ❁

تنویر قیصر شاہد

برطانیہ میں مرزا طاہر احمد کا نیا ''اسلام آباد''

19 دسمبر 1979ء ''گارجین'' (برطانوی روزنامہ) لکھتا ہے ''اس سال کے وسط میں جب بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام کو طبعیات میں جوہر کو توڑنے کے نئے اور سستے طریقے دریافت کرنے پر سٹاک ہوم میں نوبل انعام کی نصف رقم سے نوازا گیا تو ان (عبدالسلام) کے روحانی پیشوا مرزا طاہر احمد کے کہنے پر عبدالسلام نے سویڈش اخبار نویس البرٹ لیلیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ''میں سب سے پہلے مرزا غلام احمد قادیانی کا غلام ہوں اور پھر پاکستانی۔'' اس کے بعد ڈاکٹر عبدالسلام نے اپنی سیاہ اچکن، سفید پگڑی اور پاؤں کے خمدار کڑھائی دار جوتے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ''میرا یہ لباس مرزا صاحب (غلام احمد) کی مطابقت میں ہے۔''

یہی مرزا طاہر احمد، جسے قادیانیوں کا چوتھا خلیفہ ہونے کا اعزاز حاصل ہے اور جس نے نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام کو سائنس کے میدان میں مسلمان پر قادیانی کو ترجیح دینے کا مشورہ دیا، آج کل لندن سے 64 کلومیٹر دور جنوب میں واقع ایک خوبصورت، پرشکوہ اور جدید خطوط پر استوار بستی میں قیام پذیر ہے اور یہی اس کی سازشوں کا مرکز خیال کی جاتی ہے۔ ایکس ایکڑ پر واقع یہ جدید بستی جسے مرزا طاہر احمد نے ''اسلام آباد'' کا نام دے رکھا ہے، کو دنیا بھر میں بسنے والے قادیانیوں کے نزدیک ربوہ کے بعد دوسرا روحانی مرکز قرار دیتے ہیں۔ ٹل فورڈ کا یہ علاقہ جو کسی زمانے میں لکڑی کی بنی ہوئی بیرکوں پر مشتمل تھا اور جن میں نیوی کے لوآ موز کیڈٹ رہائش رکھتے تھے، قادیانیوں کے سربراہ نے 1981ء میں چالیس کروڑ روپے میں خرید کر قادیانیوں کے لیے مختص کر دیا۔ مرزا طاہر احمد نے کھاتے پیتے قادیانیوں کو ترغیب دی کہ وہ اس علاقے میں مختصر قطعہ اراضی خرید کر رہائش اختیار کریں تاکہ یہاں زیادہ سے زیادہ قادیانی آباد ہو کر، کم از کم برطانیہ میں ایک بااثر طاقت کا موجب بن سکیں، جن کی آواز کو برطانوی باشندے اپنی آواز سمجھیں۔ اس منصوبے پر جلد ہی عمل ہونے لگا اور دیکھتے ہی دیکھتے ٹل فورڈ کا یہ علاقہ قادیانیوں سے بھرنے لگا۔ ٹل فورڈ میں قادیانیوں کا یہ مرکز ''اسلام آباد'' اسرائیلی یہودی دانشوروں کی جائے پناہ بھی بن گیا۔ کہا جاتا ہے آج کل مرزائیوں کے اس ''اسلام آباد'' میں 85 کے لگ بھگ یہودی دانشور بھی آباد ہیں، جنھیں

مرزا طاہر احمد کی خاص سفارش پر آباد کیا گیا کہ ان کا مرزا صاحب سے گہرا یارانہ بتایا جاتا ہے۔ قادیانی جنھیں بھٹو کے دور میں اقلیت یعنی غیر مسلم قرار دیا گیا کھل کر اور ہر طرح کے خوف سے آزاد ہو کر "عالم آباد" میں اسلام کے خلاف یہودی دانشوروں کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے ملت اسلامیہ میں مکروہ اور مذموم سازشوں کا جال بچھانے اور انارکی پھیلانے میں مصروف عمل ہیں۔ مرزا طاہر احمد جو ضیاء الحق مرحوم کے دور میں، 1984ء میں، ملک دشمن سرگرمیوں سے پردہ اٹھنے پر اور اس خوف سے کہ مسلمانان عالم بالخصوص پاکستانی مسلمان اسے ان سرگرمیوں پر معاف نہیں کریں گے، یہ شخص نہایت خفیہ طریقے سے لندن فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ لندن پہنچنے کے تیسرے دن مرزا طاہر اسرائیل گیا جہاں اس نے بائیس دن قیام کیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہی دنوں میڈرڈ (سپین) میں چھ مسلمانوں کا بہیمانہ قتل بھی طاہر احمد کے ایماء پر ہوا کہ انھوں نے میڈرڈ کے معروف اخبار "سپینش چینل" میں احمدیوں اور قادیانیوں کی اس سازش سے پردہ اٹھایا تھا جس میں قادیانی سادہ لوح مسلمانوں کو مالی اور سماجی مسائل میں الجھا کر ایمان کی دولت سے محروم کرنے کے کئی پروگراموں پر عمل پیرا تھے۔ (''جیروزلم ٹائمز'' مئی 87ء)

ایشیا ویک جون 1990ء کے مطابق مرزا طاہر احمد جس نے 61 برس قبل مشرقی پنجاب کے ایک متوسط زمیندار گھرانے میں جنم لیا تھا، آج قادیانیوں ہی میں نہیں، دنیا کے ان اکتالیس امراء میں شمار ہوتا ہے جن کی دولت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ مرزا طاہر احمد نے جس گھر میں آنکھ کھولی، وہاں اس کے علاوہ اس کے 21 بہن بھائی بھی اس قلیل روٹی کو کھانے والے تھے جو سب کا پیٹ بھرنے سے قاصر تھی۔ اس کے باپ کی نو عدد بیویاں تھیں۔ جنھوں نے اپنے شوہر کو تیرہ بیٹے اور نو بیٹیاں دیں۔ مرزا طاہر احمد جو تعلیمی میدان میں درمیانے درجے کا طالب علم تھا، نے پنجاب یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے کے بعد لندن کے اورینٹل سکول آف افریقن سٹڈیز میں داخلہ لیا جہاں وہ کئی برس زیر تعلیم رہا لیکن مسلسل ناکام ہوتا رہا۔ بالآخر تنگ آ کر انتظامیہ نے اسے اپنے ادارے سے نکال دیا۔ اس کے ہم جماعتوں کا کہنا ہے کہ اس کی تعلیم پر کم اور عورت اور شراب پر زیادہ توجہ رہتی تھی۔ لندن میں سوہو کا علاقہ جہاں شراب اور عصمت فروش عورتوں کی بھرمار ہے، طاہر صاحب کا پسندیدہ مرکز تھا۔ کئی برس بعد اس کے ایک کلاس فیلو جو آج کل "وال سٹریٹ" اخبار سے وابستہ ہے، نے اس سے انٹرویو کے دوران جب یہ پوچھا کہ تم زمانہ طالب علمی میں اتنی کثرت سے شراب کا استعمال کیوں کرتے تھے تو مرزا طاہر احمد نے ہلکا سا قہقہہ لگاتے ہوئے کہا کہ اس لیے کہ یہ ہمارے جد اعلیٰ (مرزا غلام احمد قادیانی) کی سنت ہے اور میں اس سنت سے انحراف کیسے کر سکتا تھا! اکسٹھ سالہ مرزا طاہر احمد جس کی داڑھی اور سر کے بال سیاہ خضاب کے استعمال سے چاشنی رنگ کے ہو رہے ہیں، دنیا کی ہر نعمت اس کے قدموں میں بچھا رہی ہے، سوائے دین حنیف پر ایمان لانے کے! کسی زمانے میں وہ سکواش کا اچھا کھلاڑی تھا اور پولو وہ پرنس آف ایڈنبرا کے ساتھ کھیلا کرتا تھا۔ ان دنوں اس کی صحت قابل

رشک تھی مگر عورت اور شراب کی کثرت نے اس کا چہرہ ہی نہیں جسم بھی بگاڑ کر رکھ دیا۔ مرزا طاہر احمد جس کا کہنا ہے کہ مجھے نماز کے مقابلے میں باورچی خانے میں بیوی کے لیے کھانا پکانے میں زیادہ سرور ملتا ہے، آج کل راتوں کو لندن کے مضافات ویمبلڈن کے ایک پرشکوہ محل میں ٹہلتا نظر آتا ہے۔ اس نے کئی شادیاں کر رکھی ہیں جن کی اولادوں کی اولادیں بھی جوان ہو چکی ہیں لیکن ویمبلڈن کے محل میں رہائش پذیر آصفہ اس کی محبوب اہلیہ ہے جس کی تین بیٹیاں ہیں جن کی عمریں بارہ، اٹھارہ اور ستائیس سال کے درمیان ہیں، اس کی پوری زندگی کا سرمایہ ہیں۔

لندن کے جنوب سے 64 کلومیٹر دور واقعہ "اسلام آباد" میں مرزا طاہر احمد سال کے سات مہینے جم کر بیٹھتا ہے۔ ہر جولائی، اگست میں یورپ میں آباد قادیانیوں کا سالانہ میلہ یہاں منعقد ہوتا ہے۔ گذشتہ سال اس میلے میں تیس ہزار قادیانیوں نے شرکت کی۔ یہ میلہ جسے قادیانی "حج اصغر" کا نام دیتے ہیں، فقط مرزا طاہر احمد کے چہرے کا دیدار کرنا ہے۔ "اسلام آباد" کی اس انگلستانی قادیانی ریاست میں دنیا کا سب سے جدید ترین پریس کام کرتا ہے جسے نیو یارک کی ففتھ ایونیو کی تاجر برادری کے یہودی چیئرمین ڈیوڈ سلم نے مرزا طاہر احمد کی سالگرہ پر 1985ء میں تحفے میں دیا تھا۔ جسد ملت اسلامیہ کو یہ ناسور دنیا کا ہر وہ خطہ جہاں اسلام کی برتری کے کچھ آثار نظر آتے ہوں، وہاں اپنے ایجنٹ بھیجنا نہیں چھوڑتا۔ واقعہ یہ ہے کہ مالی میں 1983ء میں جن تین ہزار ساوی بدھوں نے اسلام قبول کیا تھا ان میں نصف سے زائد کو دوبارہ بدھ بنانے میں طاہر کے ایجنٹوں نے مرکزی کردار ادا کیا۔ اکتوبر 83ء "وال سٹریٹ" کے نمائندے اور اپنے دوست کو انٹرویو دیتے ہوئے مرزا طاہر احمد نے کہا تھا "ہمیں بھٹو نے اقلیت قرار دیا تو ساتھ ہی اس نے ہمیں یہ یقین بھی دلایا کہ یہ چند روز کی بات ہے، گرد بیٹھ جائے گی تو سارا معاملہ میں تم لوگوں کے حق میں کروں گا... لیکن بعد ازاں پاکستان کے بعض ملاؤں جن کی رہنمائی مولانا مفتی محمود اور نیازی کر رہے تھے، نے بھٹو کو یہ موقع ہی نہ دیا کہ وہ ہمارا ساتھ دے، حالانکہ دل سے وہ ہمارے ساتھ تھا۔ پھر جب جولائی 77ء میں بھٹو کو زبردستی اقتدار سے محروم کر کے فوجی آمر ضیاء الحق برسر اقتدار آیا تو ہماری ساری امیدیں خاک میں مل گئیں۔ ضیاء الحق نے ہم پر سب سے زیادہ ظلم ڈھایا۔ اس نے ہمارے مسلمان کہلوانے کے حق کو بھی غصب کر لیا کہ اب ہم پاکستان میں مسلمان نہیں کہلا سکتے، نہ لکھ سکتے ہیں۔

مرزا طاہر احمد اس سلسلے کی چوتھی کڑی ہے جسے تخلیق کرنے میں متحدہ ہندوستان پر قابض برطانوی انگریزوں نے بڑی عرق ریزی اور محنت سے کام لیا تھا۔ قادیانی اپنی تخلیق کے دن سے عالم اسلام کو کمزور کرنے، اسے زک پہنچانے میں پیش پیش ہیں۔ مسلمان جدھر منہ کرتے ہیں، یہ ادھر کو پیٹھ کر لیتے ہیں۔ بدنام زمانہ مصنف سلمان رشدی نے "شیطانی آیات" (Satanic Verses) لکھی تو پوری دنیا کے مسلمانوں میں غصے کی ایک زبردست لہر دوڑ گئی جو ابھی تک دبائی نہیں جا سکی۔ برطانوی مسلمانوں نے

سلمان رشدی کے خلاف زبردست جلوس نکالے، جلسے منعقد کیے اور اس دل آزار کتاب پر پابندی عائد کرانے کا ہر حربہ استعمال کیا۔ ایرانی رہنما آیت اللہ خمینی کے فتوے نے مسلمانوں کو اور بھی ہمت دلائی۔ عالم اسلام کے بچے بچے نے کتاب اور اس کے مصنف کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے صفحۂ ہستی سے مٹا ڈالنے کا عہد کر ڈالا لیکن یہ مرزا طاہر احمد ہی تھا جس نے سلمان رشدی کے حق میں بیان دیے۔ انٹرویو ریکارڈ کروائے اور کہا "آیت اللہ خمینی کا یہ فتویٰ کہ سلمان رشدی کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے، سراسر بے بنیاد اور غیر انسانی رویے کی دلیل ہے۔ یہ مسلمان جنونی (Fanatic) ہیں جو ہر بدلی ہوئی آواز کو دبا دینا چاہتے ہیں۔ رشدی کے مسئلے پر برطانوی مسلمانوں نے مظاہرے کر کے اپنے آپ کو ذلیل کروایا ہے۔ میں رشدی کو اپنا بھائی کہتا ہوں۔" برطانوی مسلمانوں کے متفقہ لیڈر شبیر اعظم، جنھوں نے سلمان رشدی کو روپوش ہونے پر مجبور کر دیا، کی تحریک پر تبصرہ کرتے ہوئے مرزا طاہر احمد نے یہ مکروہ بیان دیا "شبیر اعظم نے سلمان رشدی کے خلاف مسلمانوں کو ابھار کر مسلمانوں کو بھی ذلیل کیا ہے، خود بھی ذلیل ہوا ہے۔" مرزا طاہر احمد کے اس مذموم بیان پر برطانوی مسلمانوں نے اپریل 90ء کو ویمبلڈن میں ایک زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا اور طاہر احمد کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا کہ وہ بھی سلمان رشدی کے کافرانہ عزائم میں برابر کا حصہ دار ہے۔

❁ ... ❁ ... ❁

محمد متین خالد

قادیانیوں کے شیطانی کرتوت

خیر و شر، نور و ظلمت، نور مصطفوی اور شرار بولہبی کی ابد سے ستیزہ کاری ہے۔ دنیا میں نیک اور صالح لوگوں کے ساتھ ساتھ دھوکہ بازوں، عیاروں اور جعلسازوں کی کبھی کمی نہیں رہی۔ خیر کو دھوکہ دینے والے اور شر کے ہاتھ مضبوط کرنے والے کبھی کسی معاشرے میں پسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھے گئے۔ ان کا شر، خباثت، بہیمیت اور حرص و آز انسانیت کے لیے زہر قاتل ہے۔ لیکن مذہب کے نام پر دھوکہ دینے والے اس سے کہیں زیادہ قابل صد نفرین و مذمت ہیں۔ مذہبی عیاروں اور قباؤں کی آڑ میں کذب و افترا کی گرم بازاری، بھیانک بدکاریوں کے ارتکاب اور فرعون و ہامان کی حکمرانی کے خواہاں یہ مذہبی بہروپیے چاہتے ہیں کہ لوگ ان کی تمام سماجی اور اخلاقی برائیوں سے چشم پوشی کرتے ہوئے، ان کی پوجا کریں، ان کی عقیدت کے بت بنا کر اس کے سامنے سجدہ ریز ہوں، ان پر اپنا تن من دھن نچھاور کریں...... زیر نظر مضمون مذہب کے نام پر دھوکہ دینے والے ایسے ہی ٹھگوں کے چہروں پر پڑی ہوئی نام نہاد تقدس کی نقابیں اتارتا ہے، انھیں بے نقاب کرتا ہے، ان کے بھیانک چہروں کو ان کا عکس دکھاتا ہے۔ ناقابل یقین حقائق و واقعات اور ہوش ربا انکشافات و اکتشافات سے بھرپور اس مضمون میں جو کچھ درج ہے، وہ قابل یقین حد تک شرمناک ہے لیکن جو کچھ درج ہے، وہ شرمناک ہونے کے باوجود حقیقت ہے۔ آیئے! ملاحظہ فرمائیں۔

مثل مشہور ہے کہ "ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات" اس کے مصداق مرزا قادیانی بچپن ہی سے ایک آوارہ مزاج، کھلنڈرہ، رنگین مزاج اور مذہب بیزار نوجوان تھا۔ اس کا بچپن بے شمار آوارگیوں سے لتھڑا پڑا تھا۔ شرارت، فساد، جھوٹ، گالی اور آوازے کسنا اس کے مشغلے تھے۔ اس کے بیٹے بشیر احمد ایم اے کے مطابق بچپن میں اسے سندھی کہا جاتا۔ وہ چڑیاں پکڑتا اور پھر بڑی بے رحمی سے سرکنڈے کے ساتھ ان کے گلے کاٹتا (یعنی جس طرح سکھ مذہب کے لوگ جانوروں کا جھٹکا کرتے ہیں) اور پھر ان کا گوشت پکا کر بڑے شوق سے کھاتا۔ اکثر بغیر پوچھے اپنے دادا کی پنشن چوری چھپے وصول کر کے رقم عیاشی میں ضائع کر دیتا۔ وہ بٹیر بازی اور مرغ بازی کا دلدادہ تھا۔ اسی طرح وہ چشم نیم باز اپنے گھر کی چھت اور کھڑکیوں کی

اوٹ سے دوسرے گھروں میں جھانکتا۔ اس پر کئی دفعہ جھگڑا بھی ہوا۔ ایسے ہی شوق میں وہ ایک دن اپنے چوبارے کی کھڑکی سے گرا اور دایاں بازو ٹوٹ گیا اور یہ ہاتھ آخر عمر تک ٹھیک نہ ہوا۔ اس کے بیٹے بشیر احمد کی ایک روایت کے مطابق اس ہاتھ سے کھانے کا لقمہ تو منہ تک لے جا سکتا تھا مگر پانی کا گلاس یا چائے وغیرہ کا کپ منہ تک نہ اٹھا سکتا تھا۔ وہ گھر سے چینی چوری کر کے باہر دوستوں میں لے جاتا اور خود بھی کھاتا اور انھیں بھی کھلاتا۔ ایک دفعہ چوری چھپے ایک برتن میں سے سفید چینی سمجھ کر اپنی جیبوں میں بھر کر باہر لے گیا اور راستہ میں ایک مٹھی بھر کر منہ میں ڈال لی۔ اس کا دم رک گیا۔ بعد میں پتہ چلا کہ جسے اس نے چینی سمجھ کر جیبوں میں بھرا تھا، وہ چینی نہ تھی بلکہ پسا ہوا نمک تھا۔ وہ قادیان کے کچے اور گندے تالابوں میں تیراکی کرتا۔ وہ اکثر و بیشتر جھوٹے موٹے منتر پڑھتا اور لوگوں کو پھونکیں مارتا جس سے لوگوں کو نفسیاتی طور پر مرعوب کرتا۔ رات کو ہاتھوں میں جگنو پکڑ کر اس کی روشنی سے لوگوں کو بے وقوف بناتا۔

مرزا قادیانی کی بدچلنی اور آوارہ مزاجی کے نتیجے میں اس کی شادی تقریباً 1850ء میں کر دی گئی۔ مرزا قادیانی کا نکاح اس کے سگے ماموں مرزا جمعیت بیگ کی بیٹی حرمت بی بی سے ہوا، جس سے دو بیٹے مرزا سلطان احمد اور مرزا فضل احمد پیدا ہوئے۔ یہ شادی بڑے دھوم دھام کے اور پورے لوازمات کے ساتھ ہوئی۔

مرزا قادیانی کا والد اور بھائی اس سے بے حد متنفر تھے کیونکہ وہ کوئی کام نہ کرتا تھا۔ وہ اس کے مستقبل کے بارے میں بھی پریشان رہتے۔ خود مرزا قادیانی کا اعتراف ہے کہ میرا والد اکثر اوقات افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہتے کہ ''میرا ایک بچہ تو لائق ہے مگر دوسرا نالائق ہے۔ کوئی کام نہ اسے آتا ہے اور نہ وہ کرتا ہے، مجھے فکر ہے کہ میرے مرنے کے بعد یہ کھائے گا کہاں سے۔''

1857ء میں جنگ آزادی شروع ہوئی تو مرزا قادیانی کی قسمت بدل گئی۔ انگریز حکومت کو مسلمانوں کے خلاف مخبر اور غدار درکار تھے۔ اس سلسلہ میں مرزا قادیانی نے انھیں اپنی خدمات پیش کیں، اپنے خاندان کی پرانی خدمات کے نتیجے میں وہ انگریز حکومت کے نزدیک آ گیا۔ انگریزوں نے اس پر اپنی نوازشات کی بارش کر دی۔ اسی دوران مرزا قادیانی نے انگریز کی حمایت میں کتابیں لکھنی شروع کیں۔ خود مرزا قادیانی کا اقبالی بیان ہے کہ اس نے 17 برس تک سرکار انگریز کی اطاعت اور ہمدردی کے لیے لوگوں کو ترغیب دی اور جہاد کی ممانعت کے بارے میں مؤثر تقریریں کیں۔

اس جنگ میں میں مرزا قادیانی کے والد نے اپنی طاقت سے بڑھ کر سرکار انگریز کو مدد دی۔ پچاس سوار اور گھوڑے بہم پہنچا کر عین زمانہ جنگ کے وقت سرکار انگریز کی امداد میں دیے۔ مرزا قادیانی کا بیان ہے کہ ''میں نے اپنی عمر کا اکثر حصہ اس سلطنت انگریزی کی تائید اور حمایت میں گزارا اور ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں اور اشتہار شائع کیے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔'' پھر مرزا قادیانی نے فتویٰ دیا کہ ''انگریز گورنمنٹ سے جہاد کرنا نہایت

حماقت ہے کیونکہ انگریز ہمارا محسن ہے اور محسن کی بدخواہی کرنا ایک حرامی اور بدکار آدمی کا کام ہے۔" پھر کہا کہ "اسلام کے دو حصے ہیں۔ ایک خدا تعالیٰ کی اطاعت کرنا اور دوسرے حکومت برطانیہ کی اطاعت۔"

مرزا قادیانی کی ان خدمات کے نتیجہ میں انگریز حکومت نے مرزا قادیانی اور ان کے خاندان پر اپنی نوازشات اور مراعات کی انتہا کر دی۔ مرزا قادیانی کے دن پھر گئے۔ دولت اور وسائل کی ریل پیل ہو گئی۔ بعدازاں اپنی عیاشیوں کے نتیجے میں اس نے اپنی بیوی حرمت بی بی سے قطع تعلق کر لیا اور اسے میکے بٹھا دیا۔

دہلی میں اکثر لوگ اپنی اولاد کو اخلاق و آداب، اطوار و عادات، تہذیب و شائستگی اور آداب مجلسی سکھانے کے لیے اونچے درجے کی طوائفوں کے پاس بھجواتے، جہاں ان کے کوٹھوں پر انہیں زبان کے چٹخارے، گفتگو کی نزاکت اور ادب و شعر کی تعلیم بھی دی جاتی۔ طوائفوں کے آداب کو سند کا درجہ دیا جاتا تھا اور مشہور تھا کہ جس نے تہذیب سیکھنی ہو، وہ طوائفوں سے سیکھے۔

دہلی کے ایسے ہی ایک آزاد خیال گھرانے میں مرزا قادیانی کی دوسری شادی 17 نومبر 1884ء کو نصرت جہاں بیگم نامی ایک خاتون کے ساتھ ہوئی۔ اس وقت مرزا قادیانی کی عمر 45 سال اور نصرت جہاں بیگم کی عمر صرف 16 سال تھی۔ نصرت کے خاندان کے کئی معزز لوگ اس شادی کے خلاف تھے۔ وہ اس بات پر بھڑک اٹھے کہ دولت کی خاطر ایک نوخیز لڑکی کی ایک بوڑھے شخص کے ساتھ شادی کر دی گئی ہے۔ اس غصہ اور ناراضی کی وجہ سے انہوں نے نکاح کی تقریب میں شرکت نہ کی۔ بہرحال مخالفت کے باوجود مرزا قادیانی نصرت کو لے کر قادیان آ گیا۔

مرزا قادیانی کے بعض قدیم اور مخلص دوستوں نے بھی اس کی صحت اور بیماری کو مدنظر رکھتے ہوئے اس شادی پر اظہار افسوس کیا اور خدشہ ظاہر کیا کہ کہیں حقوق زوجیت پورے نہ ہونے پر کوئی ابتلاء نہ پیش آ جائے۔ آخرکار وہی ہوا جس کا ڈر تھا۔ شادی تو ہو گئی مگر سمجھی جاتے ہیں کہ وہ ایک دوسرے کے لیے نہیں بنائے گئے تھے۔ خود نصرت جہاں کا بیان ہے کہ "سہاگ رات کو کچھ بھی نہیں ہوا۔ وہ میرے بستر پر آن لیٹے اور ہزار کوشش کے باوجود کچھ نہ ہونے پر شرمسار ہو کر ساری رات کروٹیں لیتے رہے۔" (سیرۃ المہدی جلد اول طبع 1923 از مرزا بشیر احمد ایم اے) یہ سنسنی خیز خبر کسی خادمہ نے پورے قادیان میں پھیلا دی۔ پھر کسی نہ کسی طرح مرزا قادیانی بھی اس سے آگاہ ہو گیا اور نصرت سے منت سماجت کرنے لگا کہ وہ اسے مزید بدنام نہ کرے۔

آزادی ایسی چیز ہے جو عورت کو بدچلن، بدقماش اور بدکردار بنا دیتی ہے۔ بہت زیادہ آزاد روی بھی عورت کو بدکردار بنا دیتا ہے۔ وطن سے دوری، محبت میں ناکامی، بوڑھا خاوند اور خاوند کا کئی کئی دن گھر سے باہر رہنا، یہ سب چیزیں ایسی ہیں جو عورت کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتی ہیں۔ ان وجوہات کی بناء پر عورت

بے راہرو ہو جاتی ہے۔

دوسری شادی سے پہلے مرزا قادیانی کے کئی عورتوں سے ناجائز تعلقات تھے جن میں بھانو، عائشہ، زینب بیگم، مائی تابی، مائی کاکو، رسول بی بی، مائی فجو، اہلیہ بابو شاہ دین وغیرہ خاص طور پر شامل ہیں۔ ان غلط کاریوں کی وجہ سے اس کی صحت جواب دے گئی۔ خود مرزا قادیانی نے حکیم نور الدین کے نام ایک خط میں اعتراف کیا ہے: "جب میں نے دوسری شادی کی تھی تو مدت تک مجھے یقین رہا کہ میں نامرد ہوں۔ مرا دل، دماغ اور جسم بے حد کمزور ہے۔ ذیابیطس، دوران سر، تشنج قلب اور دق کی بیماری بھی موجود ہے۔ اس وجہ سے میری حالت مردمی کالعدم ہے۔ اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی ہے۔" پھر ایک اور خط میں مرزا قادیانی نے حکیم نور الدین کو لکھا "وہ اس نازک مرحلہ میں اس کی مدد کرے۔ قوت باہ بڑھانے، منی کو غلیظ کرنے اور مباشرت کا وقت بڑھانے کی دوا تیار کر کے فوری بھجوائے تاکہ مزید شرمندگی سے بچا جا سکے۔" چنانچہ حکیم نور الدین نے کئی ایک ممسک ادویہ بھجوائیں۔ ان ادویہ میں مشک عنبر، مروارید، سنکھیا، کشتہ اور افیون بھی شامل تھی۔ مرزا قادیانی کو ان ادویہ کے استعمال سے کچھ افاقہ ہوا مگر وہ مستقل طور پر مردانہ طاقت سے محروم ہو چکا تھا۔ بعد ازاں اس نے جنسی تحریک کے لیے افیون اور شراب ٹانک وائن کا استعمال شروع کر دیا۔ اس کے استعمال پر بھی اسے ناکامی ہوئی۔

ٹانک وائن کے متعلق مرزا بشیر الدین محمود کا کہنا ہے: "اور ٹانک وائن کے متعلق دکان ای پلومر سے پوچھا گیا کہ چیست؟ تو جواب ملا: ٹانک وائن ایک قسم کی طاقتور اور نشہ دینے والی شراب ہے جو ولایت سے سربند بوتلوں میں آتی ہے اس کی قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ہے۔"

مرزا صاحب کے والد غلام مرتضیٰ کہا کرتے تھے کہ مجھے تو غلام احمد کا فکر ہے۔ یہ کہاں سے کھائے گا، اور اس کی عمر کس طرح کٹے گی۔ بلکہ بعض دوستوں کو بھی کہا کرتے تھے کہ آپ ہی اس کو سمجھاؤ کہ وہ اس استغراق کو چھوڑ کر کمانے کے دھندے میں لگے۔ اور اگر کوئی بھی اتفاق سے ان سے دریافت کرتا کہ مرزا غلام احمد کہاں ہیں؟ تو وہ یہ جواب دیتے کہ مسجد میں جا کر سقاوہ کی ٹونٹی میں تلاش کرو۔ اگر وہاں نہ ملے تو مایوس ہو کر واپس مت آنا، کسی صف میں دیکھنا کہ کوئی اس کو لپیٹ کر کھڑا کر گیا ہوگا، کیونکہ وہ تو زندگی میں مرا ہوا ہے۔ اگر کوئی اسے صف میں لپیٹ دے تو وہ آگے سے حرکت بھی نہیں کرے گا۔ آپ کو شیرینی سے بہت پیار ہے۔ اور مرض بول بھی عرصہ سے آپ کو لگی ہوئی ہے۔ اس زمانہ میں آپ مٹی کے ڈھیلے بعض وقت جیب میں بھی رکھتے تھے۔ اور اسی جیب میں گڑ کے ڈھیلے بھی رکھ لیا کرتے تھے۔

❁ ❁ ❁

منیر الدین احمد

احمدیوں کی تعداد کا مسئلہ!

جماعت احمدیہ کے ممبران کی تعداد کا مسئلہ نیا نہیں ہے، کیونکہ اس بارے میں مرزا غلام احمد قادیانی کے وقت سے جھگڑا چلا آتا ہے۔ موصوف نے انیسویں صدی کے اختتام پر یہ دعویٰ کیا تھا کہ آپ کے پیروکاروں کی تعداد لاکھوں تک پہنچ چکی ہے۔ چنانچہ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ 1900ء کے اختتام پر ہونے والی مردم شماری میں ایک خانہ "احمدی مسلمان" کے نام سے شامل کیا جائے۔ اپنی جماعت کو موصوف نے ہدایت کی کہ اپنا نام اس خانے میں درج کرائیں۔ جب حکومت کی طرف سے مردم شماری کے اعداد و شمار شائع کیے گئے تو پتا چلا کہ اس خانے میں ہندوستان بھر میں صرف پچیس ہزار افراد نے اپنا اندراج کرایا تھا۔ چونکہ لاکھوں پیروکاروں کا دعویٰ ثابت نہ کیا جا سکا تھا اس لیے جماعت نے مردم شماری کا نام لینا چھوڑ دیا۔

خلیفہ ثانی مرزا بشیر الدین محمود احمد بھی اپنے والد ماجد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سال بہ سال جماعت کے ممبروں کی تعداد کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا کرتے تھے۔ چنانچہ دسمبر 1946ء کے جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والوں کی تعداد کے بارے میں جو قادیان میں آخری ثابت ہوا تھا' لکھا گیا کہ پچاس ہزار احمدیوں نے اس میں حصہ لیا تھا۔ میری عمر اس وقت بارہ سال کی تھی اور میں بھی اپنے والدین کے ساتھ وہاں پر موجود تھا۔ جلسے کے پنڈال میں چار پانچ ہزار سے زیادہ انسان نہیں سما سکتے تھے۔ اگر قادیان کی پوری آبادی کو شامل کر لیا جائے تو زیادہ سے زیادہ بیس پچیس ہزار انسان اس جلسے کے موقع پر قادیان میں موجود تھے۔

اس کے بعد جب ربوہ میں جلسہ سالانہ منعقد ہونے لگا تو عام طور سے شامل ہونے والوں کی تعداد کے بارے میں یہ پالیسی اپنائی گئی کہ وہ گزشتہ سال سے دوگنی بتائی جائے۔ یہ وہی اصول ہے جس پر مرزا طاہر احمد نے آگے چل کر عمل کیا اور ہر سال بیعت کرنے والوں کی تعداد کو سال بہ سال دوگنا بتانے لگے تھے۔ پچاس کی دہائی میں نو برسوں تک میں خود ربوہ میں مقیم رہا ہوں۔ مجھے یاد ہے کہ ہمیں ہر سال حیرت ہوتی تھی کہ جلسے میں شامل ہونے والوں کی تعداد حیرت انگیز طور پر بڑھا دی جاتی تھی جبکہ ہم نے اپنے لوگوں کو خود اپنی آنکھوں سے ربوہ میں نہیں دیکھا تھا۔ کہا جاتا تھا کہ لنگر خانے سے منگوائی جانے والی روٹیوں کی تعداد کو جلسے میں شامل ہونے والوں کی تعداد قرار دیا جاتا تھا۔

1978ء میں مجھے جرمن حکومت کی طرف سے جماعت احمدیہ کے خلاف چلنے والی مہم کا جائزہ لینے کے لیے پاکستان بھجوایا گیا تھا' جہاں پر مجھے علاوہ دوسری چیزوں کے جماعت کے ممبروں کی تعداد کے بارے میں اعداد و شمار بھی مہیا کرنے تھے۔ مجھے پتا تھا کہ جماعت کی مرکزی تنظیم سے اس بارے میں رابطہ کرنا اپنا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہوگا۔ اس کے باوجود میں نے مولانا شفیع اشرف سے راولپنڈی میں ملاقات کی۔ ان کے ساتھ میری دیرینہ دوستی تھی۔ انہوں نے کوشش کی کہ میرے سوال کا جواب گول مول دیں۔ جب میں نے اصرار کیا' تو فرمایا کہ یہ تیس چالیس لاکھ کے درمیان ہوگی۔ مگر اس بارے میں وہ حتمی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتے۔ میں نے کہا کہ راولپنڈی کی جماعت کی تعداد کا تو انہیں پتا ہوگا۔ اس پر انہیں کہتے ہی بنی کہ وہ دو ہزار کے لگ بھگ ہے۔ میں نے کہا کہ اگر پاکستان کے ایک بڑے شہر میں صرف دو ہزار احمدی بستے ہیں' تو سارے ملک میں کیسے چالیس لاکھ ہو سکتے ہیں۔ اس سوال کا جواب ان کے پاس نہیں تھا۔ اس لیے میں نے اصرار نہ کیا۔

پھر میری ملاقات اسلام آباد میں جرمن سفارت خانے کی ایک تقریب میں اس شہر کے امیر جماعت اور سیکرٹری مال سے ہوئی۔ جرمن سفیر نے میرا تعارف ان کے ساتھ کرایا اور کہا کہ ان سے اعداد و شمار پوچھے جا سکتے ہیں۔ مگر وہ حضرات بھی آئیں بائیں شائیں کرنے لگے۔ جب میں نے ان کی مقامی جماعت کے بارے میں جاننا چاہا' تو پھر وہی صورت حال نکلی' جو راولپنڈی کی جماعت کی تھی۔ اسلام آباد میں احمدیوں کی تعداد کہیں کم تھی۔

میں نے سوچا کہ ثاقب زیروی ایڈیٹر ''لاہور'' سے پوچھا جائے۔ وہ صحافی تھے اور ان کے ساتھ میری قدیمی دوستی تھی۔ اس لیے مجھے امید تھی کہ وہ میرے سامنے جھوٹ نہیں بولیں گے۔ البتہ میں جانتا تھا کہ وہ بہت فدائی قسم کے احمدی ہیں۔ موصوف نے آنکھ جھپکنے کے بغیر کہا: پینتالیس لاکھ۔

جنوری 1985ء میں میری ملاقات لندن کے گاؤں پیدرو آباد کے مقام پر جماعت احمدیہ کی ایک ممتاز شخصیت میر محمود احمد کے ساتھ ہوئی' جو آج کل جامعہ احمدیہ کے پرنسپل ہیں۔ وہ اس زمانے میں وہاں پر بنائی جانے والی مسجد بشارت کے امام تھے۔ آپ میر محمد اسحاق کے صاحبزادے ہیں اور اپنے باپ کی طرح ایک شریف النفس انسان ہیں۔ ان کے باپ نے خلیفہ ثانی پر جنسی بے راہ روی کے الزامات لگنے پر ان کے پیچھے نماز پڑھنی چھوڑ دی تھی' جس کی پاداش میں خلیفہ ثانی نے ان کا درس حدیث بند کرا دیا تھا۔ میر محمود احمد خلیفہ ثانی کے داماد اور خلیفہ رابع مرزا طاہر احمد کے بچپن کے ہجولی اور دوست ہیں۔ دونوں نے لندن میں بھی دو سال اکٹھے بسر کیے تھے' جس کا اختتام ان پر لگنے والے سنگین الزامات کے سبب ہوا تھا' جس کا ذکر دوسری جگہ پر آ چکا ہے۔ میں نے اس روز کم و بیش تین گھنٹے ان کی معیت میں گزارے اور ہمارے درمیان بہت کھل کر باتیں ہوئیں۔

میں نے ان سے کہا کہ جماعت کے ممبروں کی تعداد کے بارے میں کیے جانے والے دعوے

میرے نزدیک غلط ہیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ میری تحقیق اس بارے میں مختلف اعداد و شمار بتاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے نزدیک بھی جماعت کے اس سلسلے میں کیے جانے والے دعوے درست نہیں ہیں۔ مگر پیشتر اس کے کہ وہ مجھے بتائیں کہ ان کے اندازے کے مطابق پاکستان میں احمدیوں کی تعداد کتنی ہے وہ مجھ سے سننا چاہتے ہیں کہ میری تحقیق کی بنیاد کیا تھی اور میں کس نتیجے پر پہنچا تھا۔ میں نے کہا کہ میں نے اس مقصد کے لیے ساتویں دہائی میں ہونے والی ایک مجلس مشاورت کی رپورٹ سے استفادہ کیا تھا۔ اس میں چندہ دہندگان کی تعداد چھپی ہوئی تھی' جس کی رو سے پاکستان میں چندہ عام ادا کرنے والوں کی کل تعداد پچیس ہزار بتائی گئی تھی۔ میں نے کہا کہ جو شخص تین ماہ تک چندہ ادا نہ کرے' اس کو جماعت کی رکنیت سے فارغ کر دینے کا حکم ہے۔ اس لیے ہم فرض کرتے ہیں کہ چندہ دینے والے پچیس ہزار آدمی جماعت کے ایکٹو ممبر ہیں۔ چونکہ عام طور سے چندہ ادا کرنے والے خاندان کے سربراہ ہوتے ہیں' اس لیے ان کی وساطت سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ احمدیوں کی کل تعداد کیا ہے۔ میں نے کہا کہ اگر ہر خاندان میں دس افراد کا ہونا تصور کر لیا جائے' تو کل تعداد دو لاکھ پچاس ہزار بنتی ہے۔ اب اگر ہم فرض کریں کہ چندہ نادہندگان کی تعداد بھی پچیس ہزار ہے اور ان کے افراد خانہ بھی دو لاکھ پچاس ہزار ہیں' تو کل تعداد پانچ لاکھ ہو گی۔ اس سے زیادہ احمدی پاکستان میں نہیں پائے جاتے۔

میر محمود احمد نے کہا کہ وہ بھی اسی نتیجے پر پہنچے تھے۔ ان کو خلیفہ ثالث مرزا ناصر احمد نے اشاعت القرآن نامی تحریک کا انچارج بنایا تھا' جس کے سپرد یہ کام کیا گیا تھا کہ ہر احمدی کو کم از کم قرآن کریم ناظرہ پڑھنا سکھا دیا جائے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے پاکستان کی تمام احمدی جماعتوں کا ایک سروے کرایا تھا' جس میں یہ دیکھنا مطلوب تھا کہ کتنے احمدیوں کو قرآن کریم ناظرہ پڑھنا آتا ہے اور کتنے احمدیوں کو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کی توفیق ملی ہے۔ یہ تمام اعداد و شمار جب ان کے دفتر میں موصول ہوئے' تو پتا چلا کہ پاکستان میں احمدیوں کی تعداد پانچ لاکھ سے کم ہے۔

میں نے کہا کہ اس کے برعکس جماعت بدستور یہ دعویٰ کرتی چلی آتی ہے کہ پاکستان میں ان کی تعداد پینتالیس لاکھ اور ساری دنیا میں ایک کروڑ ہے۔ کیا وہ یہ بات خلیفہ رابع مرزا طاہر احمد کی خدمت میں پیش نہیں کر سکتے کہ ایسے غلط دعوے نہ کیے جائیں' تو بہتر ہے۔ میر محمود احمد نے کہا کہ ان کی حضور کے ساتھ بے تکلفی ہے' اس لیے اگلی ملاقات میں وہ ان تک یہ پیغام پہنچا دیں گے۔ مجھے علم نہیں ہے کہ انہوں نے یہ بات مرزا طاہر احمد سے کہی تھی یا نہیں۔ یہ سوال ان سے کیا جانا چاہیے۔ میں نے سنا ہے کہ وہ آج کل بیماری اور ضعف کے سبب جامعہ احمدیہ سے رخصت پر ہیں۔ قرین قیاس یہ ہے کہ وہ ابھی تک ربوہ میں مقیم ہوں گے۔ میر محمود احمد کے بیان سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ جماعت کے سرکردہ اصحاب کو احمدیوں کی تعداد کا درست اندازہ ہے' اس کے باوجود وہ غلط بیانی سے باز نہیں آتے۔

❁....❁....❁

شمس الاطباء علامہ الحاج

حکیم غلام نبی ایم اے (مرحوم)

نسخہ "زدجام عشق" کا تنقیدی جائزہ

یہاں پر اس امر کی وضاحت ضروری ہوگی کہ یہ نسخہ پہلے مرزا قادیانی کو الہام کے ذریعہ شیطان نے بتلایا۔ تنزل الشیطین علی کل افاک اثیم نص قطعی ہے۔ مرزا قادیانی پر مسلط شیطان نے اس کو الہام ہوا کر افیون حرام چیز پر مشتمل یہ نسخہ بتایا۔ من حرامی جیسی بابی شخصیت مرزا اس کے استعمال پر تل گیا۔ اور پھر مرزا کے استعمال نے اسے قادیانی گروہ کے لیے نسخہ کیمیاء بنا دیا۔ (افیون کیمیاء ہوگی) حکیم نورالدین نے قادیانی گرگوں کی کمزوری سے فائدہ اٹھا کر نسخہ پر مرزا کی الہامی مہر پر اپنی بھی مہر لگا دی۔ یہ سونے پر سہاگہ ہوگیا۔ حکیم نورالدین کی ہوس زر نے قادیانیوں کو خوب لوٹا۔ مال حرام بجائے حرام رفت۔ قادیان سے لے کر ربوہ تک خوب افیون نسخہ شفاء کے طور پر استعمال کیا گیا حالانکہ یہ محتاج بیان نہیں کہ حرام میں شفاء نہیں ہے۔ اب اس مضمون میں ماہرفن نے طبی نقطہ نظر سے سوال اٹھایا ہے کہ یہ نسخہ ادویت کی خصوصیات کے لحاظ سے مضر ہے جس بیماری کے لیے تجویز ہوا اس کو بجائے نفع کے نقصان دیتا ہے تو اس لحاظ سے مرزا کا الہام اور نورالدین کی طب دونوں کا جنازہ نکل گیا۔ اب آپ پہلے مرزا قادیانی کا وہ حوالہ پڑھیں جس سے اس نسخہ القائے شیطانی کا شرف حاصل کیا اور اس کے بعد پھر مضمون کو ملاحظہ فرمائیں تاکہ پیرو مرید کی جہالت مآبی آپ پر اظہر من الشمس ہوسکے۔

حامد علی قادیانی خادم حضرت مسیح موعود (مرزا آنجہانی) بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت صاحب مرزا؟ نے دوسری شادی (محمود کی اماں سے) کی تو ایک عرصہ تک تجرد میں رہنے اور مجاہدات کرنے کی وجہ سے آپ (مرزا) نے اپنے قویٰ میں ضعف محسوس کیا (پھر شادی کیوں کی؟) اس پر وہ الہامی نسخہ جو زدجام عشق کے نام سے مشہور ہے بنوا کر استعمال کیا۔ چنانچہ وہ نسخہ نہایت ہی بابرکت ثابت ہوا الہامی ہونے کے متعلق دو باتیں سنی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ یہ نسخہ الہام ہوا تھا۔ دوسرے یہ کہ کسی نے یہ نسخہ حضور (مرزا) کو بتایا۔

اور پھر الہام نے اسے استعمال کرنے کا حکم دیا۔ (تذکرہ ص 761 طبع 3 بحوالہ سیرت المہدی حصہ 3 روایت نمبر 569)

نسخہ زد جام عشق یہ ہے جس میں ہر حرف دوا کے نام کا پہلا حرف مراد ہے زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مشک، عقر قرحا، شنگرف، قرنفل یعنی لونگ ان سب کو ہموزن کوٹ کر گولیاں بناتے ہیں اور روغن سم الفار میں چرب رکھتے ہیں اور روزانہ ایک گولی استعمال کرتے ہیں۔ (تذکرہ ص 761 بحوالہ سیرت المہدی ج 3 ص 51) اب اس نسخہ کی طبی لحاظ سے حقیقت ملاحظہ ہو۔ مضمون نگار نے اسے حکیم نور الدین کا نسخہ بتایا ہے حالانکہ مرزا کی یہ کرشمہ سازی ہے۔ تاہم اسے نورالدین نے استعمال کر کے فن طب سے عدم واقفیت کا ثبوت دیا۔

حکیم نورالدین بھیروی کو عوام اور اطبا ایک بہت بڑا طبیب سمجھتے ہیں، اور ان کے متعلق عام خیال یہ ہے کہ آپ فن کے امام تھے۔ زد جام عشق ان کا معرکے کا نسخہ ہے جس کے متعلق دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ ضعف باہ کو دور کرنے میں اپنا جواب آپ ہے۔ آئندہ صفحات میں ان دعاوی کی حقیقت واضح کی گئی ہے۔ جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں، حکیم صاحب کامیاب طبیب نہ تھے۔ بلکہ آپ کی شہرت دراصل احمدیہ تحریک کی مرہون تھی۔

نسخہ: زمانہ قیام جموں میں ایک مسلمان رئیس کی قوت باہ بے حد ضعیف ہوگئی۔ اس نے حکیم صاحب سے عرض کی کہ کوئی خاص دوا میرے لیے تیار کریں۔ حکیم صاحب نے نسخہ ذیل بتایا۔ زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مشک، عاقر قرحا، شنگرف، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ مرواریدِ ماشہ شہد میں ایک سرخ کی گولیاں بنائیں اور کاڈ لیور آئل کے ساتھ ایک گولی بعد از غذا کھائیں کاڈ لیور آئل کی جگہ مسکہ ایک تولہ کے ساتھ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اس کے چند روز کے استعمال سے بہت فائدہ ہوا۔ اس نے شکریہ کے طور پر کئی قیمتی گھوڑے حکیم صاحب کو دیے۔ اور حکیم صاحب کی بیوی بچوں سمیت دعوت کی جب حکیم صاحب کی بیوی ان کے مکان پر گئیں تو اس رئیس کی بیگم نے سونے کے بڑے کڑے ان کو پہنائے (بیاض خاص ص 47-48)

تنقید: زد جام عشق حکیم صاحب کا معرکہ کا نسخہ ہے، جس پر انہیں بے حد اعتقاد ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کو جتنا شاندار اور معرکہ پرور نسخہ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ اتنا ہی لچر بے بنیاد اور نقصان رساں ہے، کیونکہ اس نسخہ کے اجزاء دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ نہ تو حکیم صاحب قوت باہ سے واقف ہیں اور نہ ہی خواص کا دویہ سے واقفیت رکھتے ہیں، صرف چند دواؤں کو جو قوت باہ کے لیے مختلف صورتوں اور مختلف حالتوں میں استعمال کی جاتی ہیں انہیں یکجا کر دیا ہے اور اس میں ایک ایسی پیچیدگی بلکہ شعبدہ بازی رکھ دی ہے جس سے دوسرا شخص جو اس فن سے صحیح طور پر واقف نہیں متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اس کا

شاعرانہ نام زدجام عشق اور پھر ہر لفظ سے ایک دوا کے نام کی طرف اشارہ کر کے اسے نسخہ کی صورت دے دی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس گورکھ دھندے کا کوئی سر پیر نہیں۔

قوت باہ کی حقیقت

جہاں تک قوت باہ کا تعلق ہے اطبائے متقدمین اور متاخرین سے لے کر موجودہ دور کے ماہر جنسیات اور ڈاکٹروں تک اس امر پر متفق ہیں کہ قوت باہ کوئی ایسی طاقت نہیں جو کسی ایک عضو یا صرف پٹھوں ہی سے متعلق ہو۔ اس کا تعلق انسانی انرجی توانائی جو خون کے اندر پائی جاتی ہے اور اس فورس/طاقت کے ساتھ ہے جو انسانی اعضا میں پائی جاتی ہے۔

جب کسی عضو کی طاقت کمزور ہو جاتی ہے، یا خون کی توانائی زائل یا کم ہو جاتی ہے تو اس سے ضعف باہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اس کی بہترین مثال سٹیم انجن کی ہے کہ انجن کے تمام پرزوں کی درستی کے ساتھ اس میں آگ اور پانی پوری مقدار میں ہو۔ تاکہ صحیح پرزوں کو حرکت دے سکے۔ جس سے انجن اپنی رفتار قائم رکھ سکے مگر ہمارے اکثر نااہل اطباء اس مسئلہ اور حقیقت کو نہ سمجھتے ہوئے صرف ادویہ پر بھروسہ کر لیتے ہیں کہ فلاں دوا فلاں مرض کے لیے مفید ہے بعینہ یہی صورت حکیم نورالدین صاحب جیسے کتابی حکیم کی تھی، جس کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ اسے فن سے دور کا لگاؤ بھی نہ تھا۔ جس کا ثبوت ان کا یہ معرکۃ الآراء نسخہ ہے۔

تجزیہ ادویہ

نسخہ کے تمام اجزا تقریباً متضاد ہیں کوئی جزو اگر اعصاب کو گرم کرتا ہے تو دوسرا ٹھنڈا کرنے والا ہے۔ اگر ایک تقویت دیتا ہے۔ تو دوسرا ضعف پیدا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر ایک دماغ کو مفید ہے تو دوسرا اول کو مضر ہے۔ اگر کوئی جگر کو مفید ہے تو پٹھوں کے لیے مضر ہے کوئی معدہ کو مضر ہے تو کوئی گردوں کے لیے ضرر رساں ہے۔ بہرحال ایک لایعنی طومار ہے جو حکیم صاحب نے یکجا کر دیا ہے جس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ این نسخہ بے معنی غرق مے ناب اولی۔

نسخہ میں زعفران اور افیون دونوں انتہائی مضعف قلب و جگر ہیں۔ شنگرف، دارچینی، جائفل، عاقرقرحا اور قرنفل مضعف اعصاب ہیں۔ کافور آکل معدہ اور جگر کو خراب کرتا ہے۔

روغن سم الفار جس طریقہ سے بنایا گیا ہے، یہ نہ صرف طاقت کے لیے غیر مفید ہے بلکہ سخت مضر ہے، مروارید یہ برائے وزن بیت ہے ورنہ یہ حیوانی چونا جسے مفرح قلب لکھا گیا ہے دراصل اعصاب کو ٹھنڈا کرتا ہے اس نسخہ میں اس کی شمولیت بعید از عقل ہے۔

اس نسخہ میں کوئی دوا ایسی نہیں جس سے خون کے اندر توانائی میں اضافہ ہو۔ جہاں تک اس کے

اجزا میں طاقت دینے کا تعلق ہے، تمام دوائیں کسی ایک عضو کو مرکزی نقطہ قرار دے کر تجویز نہیں کی گئیں۔
زعفران گرم بدرجہ دوئم، خشک بدرجہ اول، دارچینی گرم و خشک بدرجہ سوم، جائفل گرم بدرجہ دوم خشک بدرجہ دوم سوم، افیون سرد اور خشک بدرجہ چہارم، مشک سرد خشک بدرجہ دوم، عاقر قرحا گرم و خشک بدرجہ سوم، شنگرف گرم و خشک بدرجہ دوم، قرنفل گرم و خشک بدرجہ سوم سرد و خشک بدرجہ دوم، سم الفار گرم و خشک بدرجہ چہارم۔

فائدہ

جہاں تک اس نسخہ کے فائدہ کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں اس میں چند ادویہ مثلاً لونگ، دارچینی، مقوی باہ اور جگر ہیں ان سے کسی قدر حرارت بھی پیدا ہوتی ہے۔ اگرچہ وہ بعض اجزا مثلاً افیون، مروار یدکی شمولیت سے ضائع بھی ہو سکتی ہے۔ بہرحال کسی قدر حرارت اور معدہ اور جگر کی تقویت قائم رہتی ہے جس سے ممکن ہے ان لوگوں کو فائدہ ہو جائے جن کی قوت باہ معدہ اور جگر کی خرابی سے کمزور ہو گئی ہے۔ ورنہ اسے معرکہ یا شان کا نسخہ کہنا غلط بات ہے۔

تجربہ کے طور پر آج بھی ہم دعویٰ سے کہہ سکتے ہیں کہ بے شک اطبا یا ڈاکٹر صاحب اس کو اپنے مریضوں پر استعمال کرائیں۔ انہیں شاید 2 فیصد سے زیادہ فائدہ نہ ہو۔ اگر یہ واقعی اس قدر شاندار نسخہ ہے تو بے شک معالجین کو خوش ہونا چاہیے کہ انہیں ایک نایاب چیز مل گئی اور آئندہ انہیں اس نسخہ کے علاوہ کسی اور نسخہ کی ضرورت نہیں لیکن ہمارا دعویٰ ہے کہ ہندو پاکستان میں کوئی معالج ایسا دعویٰ نہیں کرے گا کہ یہ نسخہ واقعی اکسیر اور بے پناہ فوائد کا حامل ہے اور نسخہ کی ضرورت نہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ نسخہ نہ صرف غلط اور بے اصول ہے، بلکہ لچر اور فن طب کے نام پر ایک دھبہ ہے اور فن کو ایسی چیزوں سے جس قدر جلد ممکن ہو پاک کر دینا چاہیے۔

❁...❁...❁

فضل کریم خاں درانی

قادیانی تبلیغ کی حقیقت

مجھے معلوم نہیں یہ غلط خیال ہندوستان میں کس طرح پھیل گیا کہ ووکنگ کی مسجد لاہوری احمدیوں کی تعمیر کردہ ہے۔ یہ مسجد سرکار بھوپال کے روپیہ سے تعمیر ہوئی تھی، اور مسجد کے ساتھ رہائشی مکان سرسالار جنگ (حیدر آباد) کی یادگار ہے اور دونوں کی تعمیر ڈاکٹر لائٹنر کے اہتمام میں ہوئی تھی۔ ڈاکٹر لائٹنر، ایک جرمن عالم تھے جن کو اسلام سے بہت انس تھا اور بعض کا خیال ہے کہ وہ دل سے مسلمان تھے۔ ہندوستان میں سررشتہ تعلیم میں کام کرتے تھے۔ پہلے انسپکٹر آف سکولز اور پھر کچھ عرصہ کے لیے پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار رہے تھے۔ ان کی خواہش تھی کہ ولایت میں ہندوستان کا ایک نشان بھی قائم کر دیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے ایک اورینٹل انسٹیٹیوٹ کی بنیاد رکھی۔ ایک طرف مسجد تھی اور اس کے ساتھ ہندوؤں کے لیے ایک مندر بنوا دیا گیا۔ ڈاکٹر صاحب کی وفات کے بعد ان کے بیٹے نے مندر کا حصہ فروخت کر دیا۔ لیکن مسجد کا حصہ سید امیر علی مرحوم کے طفیل محفوظ رہ گیا اور سید امیر علی نے ہی خواجہ کمال الدین صاحب کو مسجد میں آباد کیا۔

جو جو چوٹی کے انگریز مسلمان ہوئے ہیں، ان میں سے ایک بھی ایسا نہیں جس نے ووکنگ مشن کی ہدایت سے اسلام قبول کیا ہو۔ لارڈ ہیڈلے نے خود اعلان کیا تھا کہ میں اسلام کا بطور خود مطالعہ کر کے اس مذہب میں داخل ہوا ہوں اور مجھے قبول اسلام سے صرف پندرہ دن پہلے خواجہ کمال الدین سے تعارف ہوا۔ مسٹر مارماڈیوک پکتھال مصر میں مسلمان ہوئے اور زیادہ تر ترکی اور مصری اثر کی وجہ سے ہوئے۔ سر آرچیبالڈ ہملٹن نے غالباً ایک خانگی ضرورت سے مجبور ہو کر اسلام کا اعلان کیا۔ اگر ایک ایک کے حالات دریافت کرو اور ان سے پوچھو کہ تم نے کس طرح اسلام قبول کیا تو معلوم ہو جائے گا کہ اثرات کچھ اور ہی تھے۔ ووکنگ مسجد کا قبول اسلام سے کوئی واسطہ نہ تھا۔

1920ء کے آغاز میں، میں یورپ گیا اور 1928ء کے اواخر میں ہندوستان واپس آیا۔ تقریباً نو سال کا درمیانی عرصہ کچھ انگلستان کچھ غرب الہند کے ایک جزیرہ ٹرینیڈاڈ اور کچھ عرصہ متحدہ امریکہ میں گزرا

اور آخری پونے چار سال جرمنی میں بسر ہوئے۔ سفر کی غرض تبلیغ اسلام تھی اور دو سالوں کے سوا باقی ساری مدت اس کام میں صرف ہوئی۔ میں نے جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا اور جو کچھ میرے ذاتی تجربہ میں آیا اس مضمون میں وہی کچھ بیان کروں گا۔

ووکنگ مشن کو 1920ء میں پہلے پہل میں نے دیکھا۔ اسی زمانہ میں اس کا انحطاط شروع ہوا اور انحطاط کی ابتدائی منزلیں میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ خواجہ کمال الدین صاحب علالت کے باعث ہندوستان بیٹھے تھے۔ مولوی صدرالدین صاحب ان کی جگہ کام کرنے کو گئے۔ لیکن دس مہینہ کے بعد واپس آ گئے۔ ان کی جگہ مولوی مصطفیٰ خاں امام مسجد ووکنگ مقرر ہوئے۔ مصطفیٰ خاں نے مشن کو ایسے عمیق گڑھے میں پھینکا جس سے وہ آج تک نکل نہیں سکا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کو نکالنے کی کوشش بھی نہیں کی گئی۔

مولوی مصطفیٰ خان کا طریق کار میں نے بہت اچھی طرح دیکھا، کیونکہ میں خود بھی مسجد ہی میں رہتا تھا۔ مصطفیٰ خاں تبلیغ کے کام کے لیے نہایت غیر موزوں اور احساس فرض سے قطعاً بیگانہ شخص تھے۔ انگریزی آداب سے ناواقف تھے اور سیکھنے کے لیے کبھی کوشش بھی نہ کی۔ انگریزی میں گفتگو کرتے تھے تو ایسا نظر آتا تھا کہ دماغ میں پہلے اردو فقرے بناتے ہیں پھر اسی کا ترجمہ کرتے ہیں۔ پھر اس ترجمہ کو اسی بلند آواز کے ساتھ ادا کرتے تھے جیسے سکول کا طالب علم استاد کے کہنے پر ترجمہ کا فقرہ پڑھتا ہے۔ لیاقت کا تو یہ حال تھا لیکن اپنے آپ پر گھمنڈ اتنا تھا کہ لیکچر یا خطبہ کے لیے کبھی تیاری نہیں کرتے تھے۔ نتیجہ نہایت نامعقول بکواس ہوتی تھی جس پر نوجوان بعد میں قہقہے لگایا کرتے تھے۔

مولوی مصطفیٰ خاں صاحب بہت اولوالعزم انسان واقع ہوئے ہیں، صبح ناشتہ سے فارغ ہو کر آپ روزانہ ڈاک کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ اس سے فارغ ہوئے تو تھوڑی دیر کرسی پر بیٹھے بیٹھے سو گئے۔ دوپہر کا کھانا کھایا اور چار بجے تک پھر سو گئے۔ کبھی کبھی ٹینس کھیلنے کو جی چاہتا تو آرام کرسی پر لیٹ جاتے۔ ریکٹ ہاتھ میں لیتے اور فرماتے کہ گیند آہستہ آہستہ میری طرف پھینکو۔ اگر گیند اتفاقاً زور سے آتا اور دور نکل جاتا تو بے حد رنجیدہ ہوتے اور کھیلنا بند کر دیتے۔ جب ولایت تشریف لے گئے تو بہت دبلے پتلے تھے۔ واپس آئے تو اتنے موٹے ہو کر آئے کہ جھکنا مشکل تھا۔ قیام کے آخری دنوں میں بوٹ کے تسمے باندھنے کے لیے ایک نوکر رکھنا پڑا تھا۔ مصطفیٰ خاں صاحب کو اچھے اچھے کھانے کھانے کا بہت شوق تھا اور ان کی بدولت ہم نے بھی کباب اور مرغ پلاؤ خوب ہی اڑائے۔ ہمارے لیے ہر روز عید تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ ووکنگ مشن میں سوائے کھانے پینے اور کھیلنے کودنے کے کام ہی کچھ نہ تھا۔ بڑے اہم افکار تھے۔ حسابات کے دو پونڈ تفریح پر خرچ کر آئے ہیں۔ ان کو کس مد میں ڈالیں۔ چلو ڈال دو ڈاک خرچ میں۔ بارہ پونڈ کا سوٹ بنوا لیا ہے۔ اس کو کس مد میں ڈالیں۔ چلو ڈال دو خاطر تواضع میں۔ یہ مباحث روزمرہ کے معمول تھے۔

ٹرینیڈاڈ کا ایک مسلمان سوداگر سیر کے لیے انگلستان گیا اور ووکنگ مسجد میں قیام کیا۔ کوئی دو

ہفتہ وہاں ٹھہرے ہوں گے۔ واپسی پر میں نے ان سے حالات پوچھے، کہنے لگے ووکنگ مشن بے حد دولت مند معلوم ہوتا ہے۔ کھانا بے حد ضائع ہوتا ہے۔ جو کھانا میرے کنبے کے لیے (بہت دولت مند تاجر تھے اور کنبہ بڑا تھا) دو وقت کے لیے کافی ہو، وہ ایک وقت زائد بچتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ مصطفیٰ خاں ہفتہ میں صرف ایک دفعہ پندرہ منٹ کے لیے منہ کھولتا ہے (یہ ان کے الفاظ ہیں۔ مراد تھی کہ تقریر کرتا ہے) اور ایسا اناپ شناپ بکتا ہے کہ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ یہ سوداگر اور ان کا بھانجا دونوں اکٹھے گئے تھے۔ تبلیغ اسلام کا بہت جوش رکھتے تھے۔ واپس آئے تو بہت بددل ہوئے اور بھانجا تو سرے سے تبلیغی مشنوں کا ہی مخالف ہو گیا۔ یہ تھا مصطفیٰ خاں کی مثال کا نتیجہ۔

مسجد کے علاوہ لندن شہر میں بھی ایک مکان کرایہ پر لیا ہوا تھا۔ جو عموماً خالی رہتا تھا اور صرف اتوار اور جمعہ کے دن کام میں آتا تھا۔ نماز جمعہ یہیں ہوتی تھی۔ نماز جمعہ کا وقت عموماً ایک بجے ہوتا ہے۔ بہت دیر ہوئی تو دو بج گئے۔ یورپ میں لوگ بے حد مصروف رہتے ہیں۔ شہر بہت بڑا ہے اور جمعہ کی نماز کے لیے پہنچنا بڑی قربانی چاہتا ہے۔ چند انگریز نومسلم پھر بھی پہنچ ہی جاتے تھے اور اپنے ساتھ ایک آدھ دوست کو بھی لے آتے تھے، تاکہ اس کو تعلیمات اسلام سننے کا موقع ملے۔ لیکن مصطفیٰ خاں صاحب کو سب سے زیادہ اپنے پیٹ کی فکر ہوتی تھی۔ ووکنگ میں اچھا باورچی تھا۔ اگر نماز جمعہ کے لیے بروقت پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں تو کھانا رہ جاتا ہے۔ اگر کھانے کے لیے ٹھہرتے ہیں تو نماز کو دیر ہو جاتی ہے۔ ابتداء میں یہ دستور تھا کہ امام ہلکا سا کھانا کھا کر نماز جمعہ کے لیے لندن چلا آیا اور نماز سے فارغ ہو کر کسی ہوٹل میں کھانا کھا لیا یا اس مکان میں بنوا لیا۔ لیکن مصطفیٰ خاں کو اپنے اچھے باورچی کے پکائے ہوئے کھانے چھوڑنا بہت دشوار تھا۔ اس لیے آخرکار یہی فیصلہ ہوا کہ نماز رہتی ہے تو رہ جائے۔ لیکن کھانا نہ رہے۔

چنانچہ آپ نماز جمعہ کے لیے تین بجے آنے لگے۔ لوگ ایک بجے سے انتظار میں بیٹھے ہوتے تھے۔ آپ تین بجے پہنچتے تھے۔ پانچ چھ منٹ کا خطبہ دیا۔ جلد جلد نماز ادا کی اور چل دیئے۔ بعض اوقات فرماتے تھے۔ آج میری فلاں دوست مسز...... نے دعوت کی ہے۔ اس لیے میں زیادہ دیر نہیں ٹھہر سکتا اور خطبہ مختصر کروں گا۔ غرض مسز...... کی ضیافت پر تبلیغ اسلام کے مقاصد اکثر قربان ہو جاتے تھے۔ انگریز جیسی فرض شناس قوم پر ان باتوں کا جو اثر ہوگا، قارئین اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ نومسلم ایک ایک کر کے جماعت سے علیحدہ ہو گئے۔ مصطفیٰ خان نے قطعاً پروا نہیں کی۔ حقیقت یہ ہے کہ مصطفیٰ خاں نے ووکنگ مشن کو بنیادوں سے ایسا ہلا دیا کہ پھر وہ اپنی پہلی حالت پر نہیں آسکا۔ قوم کا روپیہ پانی کی طرح بہا دیا اور اس کے صلہ میں قوم کا کام تباہ کر دیا۔

میرے متعلق یہ حکم تھا کہ خواجہ صاحب کی واپسی تک میں ووکنگ میں ٹھہروں۔ لیکن ووکنگ میں کوئی کام کرنے کو نہیں تھا۔ قطعاً بیکاری تھی۔ صبح سے شام تک کھانے پینے اور کھیلنے اور کودنے کے سوا اور کوئی

کام نہیں تھا۔ اخراجات کی فراوانی اور اس کے عوض قطعاً بیکاری۔ یہ حالت دیکھ کر مجھے تو اپنے آپ سے شرم آنے لگی۔ چنانچہ میں نے انجمن کو لکھا کہ یہاں کرنے کو کوئی کام نہیں، بہتر ہے مجھے اجازت دی جائے میں ٹرینڈاڈ چلا جاؤں۔ ادھر سے جواب بذریعہ تار آ گیا اور میں ٹرینڈاڈ روانہ ہو گیا۔

دو سال کے بعد یعنی 1922ء میں پھر مجھے لندن آنا پڑا اور ووکنگ مشن کے حالات بچشم خود دیکھے۔ اس وقت خواجہ صاحب بر سر کار تھے ماتحت عملہ بہت بڑا تھا۔ متعدد مبلغ بڑی بڑی تنخواہوں پر مقرر تھے۔ لیکن سب کے سب بیکار ہی تھے۔ کام کرنے کو کچھ نہیں تھا۔ جو کچھ کام تھا وہ ایک دو آدمی بوجہ احسن انجام دے سکتے تھے۔ بظاہر اتنا بڑا عملہ محض دکھاوے کی غرض سے تھا۔ تاکہ چندے دینے والوں کو جو ہزاروں کوس کے فاصلے پر تھے، عملے کے فوٹو دیکھ کر نظر آ جائے کہ کام کس قدر زیادہ ہے۔ مشن کس قدر مصروف کار رہتا ہے اور اس کے اخراجات کے لیے کس قدر روپیہ کی ضرورت ہوگی۔ پرانی محفل جو ایک دفعہ بکھر چکی تھی دوبارہ مجتمع نہ ہو سکی اور میرا خیال ہے کہ اس کو دوبارہ جمع کرنے کی کوشش ہی نہیں کی گئی۔

اس کے چھ سال بعد 1928ء میں پھر لندن گیا۔ لندن مسلم ہاؤس کے قریب ہی میں نے اقامت اختیار کی تھی۔ اس لیے ایک اتوار کے دن وہاں بھی جا نکلا، تاکہ دیکھوں کہ اب مشن کی کیا حالت ہے۔ ووکنگ مشن 1925ء سے مسٹر عبدالمجید کے چارج میں ہے اور وہ اب بھی مسجد کے امام ہیں۔ میں پہنچا تو مسٹر عبدالمجید کا لیکچر جاری تھا۔ پہلے تو ان کی صورت دیکھ کر تعجب ہوا۔ مجھ سے کوئی تین چار برس چھوٹے ہیں۔ لڑکپن میں بہت حسین معلوم ہوتے تھے اور ماشاء اللہ بدن بہت اچھا تھا۔ اب جو دیکھا تو ایک معمر بزرگ نظر آئے۔ ایسے نحیف کہ نقاہت کے باعث جھکے جاتے تھے۔ میں حیران تھا کہ انگلستان کی آب وہوا میں جہاں سوکھے بھی ہرے ہو جاتے ہیں، ان کو کیا بنی۔ آپ مجرد ہیں۔ اس وقت ان کی عمر چالیس برس کے قریب پہنچ رہی ہوگی۔ لیکن شادی ابھی تک نہیں کی۔

میں بھی ان کا لیکچر سننے بیٹھ گیا۔ حاضرین کا شمار کیا۔ حضرت واعظ اور میرے سمیت سولہ آدمی تھے: دو انگریز مرد اور دو انگریز عورتیں تھیں۔ باقی سب ہمارے ہندوستانی یا ہندوستان سے گئے ہوئے جنوبی افریقہ کے رہنے والے تھے۔ انگریز نہایت رذیل طبقہ کے تھے۔ ان میں سے ایک ان کا نوکر تھا۔ عورتیں کمترین طبقہ کی معلوم ہوتی تھیں۔ بہت بوڑھی تھیں اور لیکچر کے دوران بڑے آرام سے سو رہی تھیں۔ چوتھا انگریز اپنے ایک ہندوستانی دوست کے ساتھ اخبار بینی میں مصروف تھا۔ امام صاحب تھم تھم کر بولنے والے آدمی ہیں۔ ایک ایک منٹ بعد ایک ایک لفظ ان کے منہ سے نکلتا تھا۔ اور آواز تھی گویا کسی عمیق لحد سے آ رہی ہے۔

محمد متین خالد

یہ ہے قادیانی جماعت!

مرزا غلام احمد قادیانی

❑ ''میں دیکھتا ہوں کہ جلسہ کے بعد کوئی بہت عمدہ اور نیک اثر اس جماعت کے بعض لوگوں میں ظاہر نہیں ہوا۔ اس اجتماع میں بعض دفعہ بباعث تنگی مکانات اور قلت وسائل مہمانداری ایسے نالائق رنجش اور خود غرضی کی تحت گفتگو بعض مہمانوں میں باہم ہوتی دیکھی ہے کہ جیسے ریل میں بیٹھنے والے تنگی مکان کی وجہ سے ایک دوسرے سے لڑتے ہیں۔ اگر کوئی بیچارہ عین ریل چلنے کے قریب اپنی گٹھڑی سمیت دوڑتا دوڑتا ان کے پاس پہنچ جائے تو اس کو دھکے دیتے اور دروازہ بند کر لیتے ہیں کہ یہاں جگہ نہیں، حالانکہ گنجائش نکل سکتی ہے۔ سو ایسا ہی یہ اجتماع بھی بعض اخلاقی حالتوں کے بگاڑنے کا ایک ذریعہ معلوم ہوتا ہے۔ جب تک خدا تعالیٰ ہماری جماعت میں کچھ مادہ، نرمی اور ہمدردی اور خدمات اور جفاکشی کا پیدا نہ کرے، تب تک یہ جلسہ قرین مصلحت نہیں معلوم ہوتا۔ اور مکرم حضرت مولوی نورالدین صاحب بارہا مجھ سے یہ تذکرہ کر چکے ہیں کہ ہماری جماعت کے اکثر لوگوں نے اب تک کوئی خاص اہلیت اور تہذیب اور پاک دلی اور پرہیزگاری اور الٰہی محبت باہم پیدا نہیں کی۔ سو میں دیکھتا ہوں کہ مولوی صاحب موصوف کا یہ مقولہ بالکل صحیح ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض حضرات جماعت میں داخل ہو کر، اس عاجز سے بیعت کر کے، پھر بھی ویسے ہی کج دل ہیں کہ اپنی جماعت کے غریبوں کو بھیڑیوں کی طرح دیکھتے ہیں۔ وہ مارے تکبر کے سیدھے منہ سے السلام علیک نہیں کر سکتے، چہ جائیکہ خوش خلقی اور ہمدردی سے پیش آئیں اور انہیں سفلہ اور خود غرض اس قدر دیکھتا ہوں کہ وہ ادنیٰ ادنیٰ خود غرضی کی بنا پر لڑتے اور ایک دوسرے سے دست بدامان ہوتے ہیں اور ناکارہ باتوں کی وجہ سے ایک دوسرے پر حملہ ہوتا ہے کہ بسا اوقات گالیوں تک نوبت پہنچتی ہے اور دلوں میں کینے پیدا کر لیتے

ہیں اور کھانے پینے کی قسموں پر لفسانی بخشش ہوتی ہیں۔ یہ سب ہلاکت کی راہیں ہیں، بلکہ بعض یا میں، ایسی بھی تہذیب ہے کہ اگر ایک مفسد سے اس کی چارپائی پر بیٹھتا ہے تو وہ سختی سے اس کو اٹھانا چاہتا تھا اور اگر نہیں اٹھنا چاہتا تو چارپائی کو الٹا دیتا ہے اور اس کو نیچے گرا دیتا ہے۔ پھر دوسرا بھی فرق نہیں کرتا اور وہ اس کو گندی گالیاں دیتا ہے اور تمام بخارات نکالتا ہے۔ یہ حالات ہیں جو میں مشاہدہ کرتا ہوں، تب دل کباب ہوتا ہے اور جلتا ہے اور بے اختیار دل میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ اگر میں درندوں میں رہوں تو ان بنی آدم میں رہنے سے اچھا ہے۔ درحقیقت، وہ ایسے ہیں جن کو شیطانی راہیں چھوڑنا منظور ہی نہیں۔" (اشتہار التوائے جلسہ ملحقہ کتاب شہادۃ القرآن صفحہ 2 تبلیغ رسالت جلد 3 صفحہ 66)

❑ "میں نے دیکھا کہ میں ایک جنگل میں ہوں اور میرے اردگرد بہت سے بندر اور سور وغیرہ ہیں۔ اور اس سے میں نے استدلال یہ کیا کہ یہ احمدی جماعت کے لوگ ہیں۔"

(نزول المسیح ماخوذ از پیغام صلح، 17 جولائی 1934ء نقل از قادیانی مذہب)

محمد علی لاہوری (قادیانیت کی لاہوری جماعت کا سربراہ)

❑ "The Ahmadiyya movemet stands in the same relation to Islam in which Christianity to Judaism."

ترجمہ: "تحریک احمدیت اسلام کے ساتھ وہی رشتہ رکھتی ہے، جو عیسائیت کا یہودیت کے ساتھ تھا۔" (اقتباس از مباحثہ راولپنڈی مطبوعہ قادیان ص 240)

مرزا بشیر الدین محمود (قادیانی خلیفہ)

❑ "قادیانی جماعت کو قادیانی لاہوری جماعت سے سخت بدگمانی اور نفرت ہے کہ گویا وہ ان کے بدترین دشمن ہیں مثلاً "اگر (قادیانی جماعت قادیان کا) ایک بدترین دشمن ہندوؤں سے لیا جائے اور ایک بدترین دشمن عیسائیوں سے لیا جائے اور ایک بدترین دشمن دہریوں سے لیا جائے اور ایک بدترین دشمن پیغامیوں سے لیا جائے (یعنی قادیانی جماعت لاہور سے لیا جائے) تو یقیناً پیغامی دشمنی اور بغض میں دہریہ، عیسائی اور ہندو سے بڑھا ہوا ہوگا۔ ان کے (یعنی قادیانی جماعت لاہور کے) تمام ممبر بغض کے مجسمے ہیں۔ اگر کسی نے زمین پر چلتی پھرتی دوزخ کی آگ دیکھنی ہو تو ان لوگوں کو دیکھ لے، میں نہیں سمجھتا ان سے زیادہ بغض و کینہ رکھنے

والے لوگ کبھی دنیا میں ہوئے ہوں..... جہاں تک تاریخ کا پتہ چلتا ہے، ان لوگوں کا بغض سب سے بڑھا ہوا ہے۔" (مرزا بشیر الدین محمود احمد، خلیفۂ قادیان کا خطبہ بابت 1931ء مندرجہ اخبار الفضل قادیان جلد 29 نمبر 222 ۔ مورخہ 28 ستمبر 1941ء) (قادیانی مقدمہ از الیاس برنی صاحبؒ)

☐ مزید برآں قادیانی جماعت قادیان، قادیانی جماعت لاہور کی اندرونی حالت بھی قابل شرم سمجھتی ہے۔ مثلاً اس کا ایک حوالہ ملاحظہ ہو:

"مجھے احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کی نرالی دنیا کا بھی ذکر کرنا ہے۔ اس انجمن کا مرکز احمدیہ بلڈنگ میں ایک گڑھے کے اندر بنا ہوا ہے۔ وہاں رہنے والے ذمہ دار اراکین جن میں مولانا محمد علی کو سب کے اوپر فوقیت حاصل ہے اور پھر ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب وائس پریذیڈنٹ، محمد منظور الٰہی صاحب جائنٹ سیکرٹری، سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب ہیڈ ماسٹر ہیں۔ یہ عجیب قماش کے لوگ ہیں۔ ان کا جو برے سے برا نام رکھو، صحیح ہے۔ یہ آنکھوں سے چھپے ہوئے اس زمانہ کے جن ہیں..... یہ لوگ نہ اخلاق کو جانتے ہیں، نہ شریعت کو، نہ اپنے قواعد کو نہ ملکی آئین اور نہ انسانی حقوق کو، بلکہ سب کو پانی میں حل کر کے سالم نگل بیٹھے ہیں۔ ان کے منہ کی باتیں سنو، شکلیں دیکھو، کتابیں دیکھو تو ملائک اور فرشتے نظر آتے ہیں، لیکن اعمال میں اور اندر، مخفی گندگی کی نالیاں بہہ رہی ہیں۔ ٹھیک اسی طرح، جس طرح ان کے محلہ میں زمین کے بہت نیچے چھپ کر گندی نالی بہتی ہے۔۔ ان کی اولادیں احمدیت یا دین سے ہرگز اچھا تعلق نہیں رکھتیں..... بلکہ قریباً قریباً بے دین ہیں، اس لیے خدا کے الہام میں یہ سب روحانی حقیقت میں لاولد ہیں۔" (اخبار الفضل قادیان جلد 27 نمبر 54، مورخہ 7 مارچ 1939ء)

☐ "پس اساتذہ، افسران تعلیم اور خدام الاحمدیہ کا یہ فرض ہے کہ بچوں سے آوارگی دور کریں۔ یہ آوارگی ہی کا اثر ہے کہ ہم اوپر نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اور ادھر گلی میں بچے گالیاں بک رہے ہوتے ہیں۔ اگر تو وہ نماز ہی نہیں پڑھتے تو دوہرے مجرم ہیں، نہیں تو یہی جرم کافی ہے، فحش گالیاں ماں بہن کی وہ بکتے ہیں اور کسی شریف آدمی کو خیال نہیں آتا کہ ان کو روکے۔ مسجد مبارک کے سامنے کھیلنے والے بچے 90، 95 فیصدی احمدیوں کے بچے ہی ہو سکتے ہیں۔ تھوڑے سے غیروں کے بھی ہوتے ہوں گے، مگر میں نے اپنے کانوں سے سنا ہے، احمدیوں کے بچے گالیاں دے رہے ہوتے ہیں اور ان کے ماں باپ اور اساتذہ کو احساس تک نہیں ہوتا کہ ان کی اصلاح کریں۔ پھر میں نے دیکھا ہے، مدرسہ احمدیہ کے طلبہ گلیوں میں سے گزرتے ہیں تو گاتے جاتے ہیں، حالانکہ یہ وقار کے سخت خلاف ہے اور اس کے معنی یہ ہیں کہ شرم وحیا،

جو دین کا حصہ ہے، بالکل جاتی رہی ہے۔ پھر میں نے دیکھا ہے، نوجوان ایک دوسرے کی گردن میں بانہیں اور ہاتھ میں ہاتھ ڈالے چلے جا رہے ہیں، حالانکہ یہ سب باتیں وقار کے خلاف ہیں...... میں نے دیکھا ہے کہ نوجوانوں کو اسلامی آداب سکھانے کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ نوجوان بے تکلفانہ ایک دوسرے کی گردن میں بانہیں ڈالے پھر رہے ہوتے ہیں، حتیٰ کہ میرے سامنے بھی ایسا کرنے میں کوئی باک نہیں ہوتا، کیونکہ ان کو یہ احساس ہی نہیں کہ یہ کوئی بری بات ہے۔ ان کے ماں باپ اور اساتذہ نے ان کی اصلاح کی طرف توجہ ہی نہیں کی۔ حالانکہ یہ چیز انسانی زندگی پر بہت گہرا اثر ڈالتی ہے۔" (میاں محمود احمد، خلیفۂ قادیان کا خطبہ مندرجہ اخبار الفضل قادیان، جلد 7 نمبر 58، مورخہ 11 مارچ 1939ء)

- "اور جیسا کہ میں بتا چکا ہوں، ہماری جماعت کے سینکڑوں نوجوانوں نے شوق سے اس (بھرتی) میں حصہ لیا اور اپنے آپ کو اس خدمت کے لیے پیش کر دیا ہے۔ لیکن اس بھرتی میں ہمیں ایک اور فائدہ بھی حاصل ہوا ہے اور وہ یہ کہ ہماری توجہ ایک اور اہم معاملہ کی طرف پھر گئی ہے۔ اگر یہ بھرتی کا موقع نہ آتا، تو نہ معلوم، وہ بات کب تک ہماری نظروں سے اوجھل رہتی۔ وہ بات یہ ہے کہ اس فوجی بھرتی کے نتیجہ میں یہ نہایت ہی افسوسناک امر بھی معلوم ہوا ہے کہ احمدی نوجوانوں کی صحتیں خطرناک طور پر گری ہوئی ہیں۔ اگر بھرتی کا یہ موقع نہ ملتا تو شاید ہمیں اس کا علم دیر تک نہ ہوتا۔ احمدی نوجوانوں کے وزن بالعموم اس وزن سے کم ہیں، جتنا وزن اس عمر میں نوجوانوں کا ہوا کرتا ہے۔ احمدی نوجوانوں کی نظریں بالعموم ان نظروں سے کم ہیں، جتنی نظریں اس عمر میں نوجوانوں کی ہوا کرتی ہیں اور احمدی نوجوان کی کمریں بالعموم اس معیار سے بہت کمزور ہیں، جتنی اس عمر میں نوجوانوں کی کمروں میں طاقت ہوا کرتی ہے اور یہ امر ایسا خطرناک ہے، جس کی جتنی جلد اصلاح ممکن ہو، اتنی ہی جلدی کرنی چاہیے۔ پس اگر اس فوجی تربیت میں شریک ہونے کے اعلان سے کوئی فائدہ نہ بھی ہو، تب بھی اس ذریعہ سے ہمیں یہ فائدہ حاصل ہوا ہے اور یہ خود اپنی ذات میں بہت اہم ہے اور میں غور کر رہا ہوں کہ آئندہ نوجوانوں کے لیے ایسے قواعد تیار کیے جائیں، جن کے نتیجے میں ان کے تمام قویٰ کی حفاظت ہو۔"
(مرزا بشیر الدین محمود احمد، خلیفۂ قادیان کا بیان، مندرجہ اخبار الفضل قادیان، اکتوبر 1939ء)

- "تمہاری حالت یہ ہے کہ جب تم میں سے بعض، دشمن سے کوئی گالی سنتے ہیں، تو ان کے منہ میں جھاگ بھر آتا ہے اور وہ کود کر حملہ کر دیتے ہیں، لیکن اسی وقت ان کے پیر پیچھے کی طرف بڑھ رہے ہوتے ہیں۔ تم میں سے بعض تقریر کے لیے کھڑے ہوتے ہیں، اور کہتے ہیں "ہم مر جائیں گے، مگر سلسلہ کی ہتک برداشت نہ کریں گے" لیکن جب کوئی ان پر ہاتھ اٹھاتا ہے تو پھر

ادھر ادھر دیکھنے لگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "بھائیو! کچھ روپے ہیں، جن سے مقدمہ لڑا جائے۔ کوئی وکیل ہے جو وکالت کرے۔" (مرزا محمود احمد، خلیفہ قادیان کا بیان، مندرجہ اخبار الفضل قادیان، جلد 25 نمبر 129، مورخہ 5 مئی 1937ء)

❑ "مجھے نہایت افسوس سے معلوم ہوا کہ جامعہ احمدیہ (قادیان) میں جو طلبہ تعلیم پاتے ہیں، انہیں کنوؤں کے مینڈکوں کی طرح رکھا گیا ہے۔ ان میں کوئی وسعت خیال نہ تھی، ان میں کوئی شاندار امنگیں نہ تھیں اور ان میں کوئی روشن دماغی نہ تھی۔ میں نے کرید کرید کر ان کے دماغ میں داخل ہو جانا چاہا، مگر چاروں طرف سے ان کے دماغ کا راستہ بند نظر آیا، اور مجھے معلوم ہوا کہ سوائے اس کے کہ انہیں کہا جاتا ہے کہ وفات مسیح کی یہ یہ آیتیں رٹ لو، یہ نبوت کے مسئلہ کی یہ یہ دلیلیں یاد کر لو، انہیں اور کوئی بات نہیں سکھلائی جاتی ......

"میں نے جس سے بھی سوال کیا، معلوم ہوا کہ اس نے کبھی اخبار نہیں پڑھا اور جب کبھی میں نے ان سے امنگ پوچھی تو انہوں نے جواب دیا کہ "ہم تبلیغ کریں گے" اور جب سوال کیا کہ "کس طرح تبلیغ کرو گے؟" تو یہ جواب دیا کہ "جس طرح بھی ہوگا، تبلیغ کریں گے" یہ الفاظ، کہنے والوں کی ہمت تو بتاتے ہیں، مگر عقل تو نہیں بتاتے۔ الفاظ سے یہ تو ظاہر ہوتا ہے کہ کہنے والا ہمت رکھتا ہے، مگر یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ کہنے والے میں عقل نہیں اور نہ وسعت خیالی ہے "جس طرح ہوگا، کروں گا" یہ تو سور کہا کرتا ہے۔ اگر سور کی زبان ہوتی اور اس سے پوچھا جاتا کہ تو کس طرح حملہ کرے گا تو وہ یہی کہتا کہ "جس طرح ہوگا، کروں گا" پس سور کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ سیدھا چل پڑتا ہے۔ آگے نیزہ لے کر بیٹھو تو نیزہ پر حملہ کر دے گا۔ بندوق لے کر بیٹھو تو بندوق کی گولی کی طرف دوڑتا چلا جائے گا۔ پس یہ تو سوروں والا حملہ ہے کہ سیدھے چلے گئے، اور عواقب کا کوئی خیال نہیں کیا۔" (خطبہ مرزا بشیر الدین محمود احمد، خلیفہ قادیان، مندرجہ اخبار الفضل قادیان، جلد 22 نمبر 89، 24 جنوری 1935ء)

❁ ... ❁ ... ❁

جانباز مرزا

قادیانی شیطنیت

گندہ اور ناپاک خون ماں کی کوکھ بھی خراب کر دیتا ہے۔ قادیانی دجال کا دوسرا جانشین اس کا بیٹا بشیر الدین محمود تھا۔ بیٹے کو سمجھنے سے پہلے باپ کا چلن اور کردار جاننا ضروری ہے کیونکہ پھل اپنے درخت سے پہچانا جاتا ہے۔

ڈاکٹر شاہنواز مرزائی کا بیان

جس خاندان کو ابتداء سے (مراق) ہو چکی ہو تو پھر اگلی نسل میں بے شک یہ مرض منتقل ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا کہ مجھ کو بھی کبھی کبھی مراق کا دورہ ہوتا ہے۔

(رسالہ ریویو آف ریلیجنس جلد 25۔ 8 اگست 1926ء)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ولی اللہ تھے اور ولی اللہ بھی کبھار زنا کر لیتے ہیں۔ حضرت مرزا قادیانی (مرزا غلام احمد) ولی اللہ تھے۔ انھوں نے کبھی کبھار زنا کر لیا تو اس میں حرج ہی کیا ہے۔ ہمیں اعتراض تو موجودہ خلیفہ پر ہے کیونکہ وہ ہر وقت زنا کرتا رہتا ہے۔ (اخبار الفضل، 31 اگست 1938ء)

حکیم نور دین کا بیان

میں نے ایک دن حضرت مسیح موعود سے کہا کہ حضور کو مراق ہے تو حضور نے فرمایا کہ ایک رنگ میں سب نبیوں کو مراق ہوتا ہے اور مجھ کو بھی۔ یہ طبیعتوں کی مناسبت ہے۔

(سیرت المہدی حصہ سوم ص 304)

میں (بشیر الدین محمود) نے رؤیا دیکھا کہ:

"ایک بڑا مجمع ہے۔ میں اس میں بیٹھا ہوں اور ایک دو غیر احمدی میرے پاس بیٹھے ہیں۔ ان میں سے ایک شخص، جو سامنے کی طرف بیٹھا تھا اس نے آہستہ آہستہ میرا آزار بند پکڑ کر گرہ کھولنی چاہی۔ میں نے سمجھا کہ اس کا ہاتھ اتفاقاً لگا ہے اور میں نے آزار بند پکڑ کر اپنی جگہ پر اڑا لیا۔ پھر دوبارہ اس نے ایسی ہی حرکت کی اور میں نے پھر یہی سمجھا کہ اتفاقیہ ایسا ہوا۔ تیسری دفعہ پھر اس نے ایسا ہی کیا تب

مجھے اس کی بدنیتی پر شبہ ہوا اور میں نے روکا نہیں جب تک کہ میں نے دیکھ نہ لیا کہ وہ بُرا ارادہ کر رہا ہے۔
(اخبار الفضل 4 ستمبر 1937ء)

جب میں (بشیر الدین محمود) ولایت گیا تو مجھے خصوصیت سے خیال تھا کہ یورپین سوسائٹی کا عیب والا حصہ بھی دیکھوں۔ مگر قیام انگلستان کے دوران میں مجھے موقع نہ ملا۔ واپسی پر جب ہم فرانس آئے تو میں نے چودھری سر ظفر اللہ خاں صاحب سے جو میرے ساتھ تھے کہا کہ مجھے کوئی ایسی جگہ دکھائیں کہ جہاں یورپین سوسائٹی عریانی سے نظر آئے۔ چودھری ظفر اللہ خاں صاحب بھی فرانس سے واقف نہ تھے۔ مگر مجھے اوپیرا میں لے گئے جس کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔ اوپیرا سینما کو کہتے ہیں، چودھری صاحب نے بتایا کہ یہ اعلیٰ سوسائٹی کی جگہ ہے جسے دیکھ کر آپ اندازہ کر سکتے ہیں۔

"میری نظر چونکہ کمزور ہے اس لیے دور کی چیز اچھی طرح سے دیکھ نہیں سکتا۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے جو دیکھا تو ایسا معلوم ہوا کہ سینکڑوں عورتیں بیٹھی ہیں۔ میں نے چودھری صاحب سے کہا۔ کیا یہ ننگی ہیں؟ انھوں نے بتایا یہ ننگی نہیں ہیں بلکہ کپڑے پہنے ہوئے ہیں مگر باوجود اس کے وہ ننگی معلوم ہوتی تھیں۔
(الفضل 18 جنوری 1934ء)

جو شخص مراق کا مریض ہوگا، منشیات اور زنا کا رسیا ہوگا، اس کی اولاد نیک اور صالح کیونکر ہوگی۔ ببول کے درخت پر کانٹے نہیں ہوں گے تو کیا گلاب ہوگا؟ بہر حال یہ ہے دجال قادیان کا دوسرا جانشین جو باپ کی شیطنت کو آگے بڑھائے گا۔

پنجاب کا مسلمان اور دجالیت

تا دلِ کا پھندا کوئی صیاد لگا دے
یہ شاخِ نشیمن سے اترتا ہے بہت جلد
(اقبال)

شکار جال پر لپکتے وقت انجام سے بے خبر ہوتا ہے۔ کہیں اگر دانہ اور دام ہم رنگ ہوں تو شکار بُری طرح زد کھاتا ہے۔ دلوں کے ٹکراؤ کا بھی یہی حال ہے۔ شکار نظریں کرتی ہیں اور پھنس جاتا ہے دل۔ اس فساد کے نتیجے میں عقل و خرد سے بیگانہ ہو کر آدمی کبھی چناب کے کنارے آ بیٹھتا ہے، کبھی جنگل دبیلا کی خاک چھانتا ہے۔ کبھی تپتی ہوئی ریت پر پاؤں کے آبلوں سے رستے ہوئے خون سے محبوب کا پتہ پوچھتا ہے، اور کبھی بانسری کی لے پر دیوانہ وار گاتا پھرتا ہے۔

سانوں نچ نچ یار توں منانا پے گیا

مگر دجالِ قادیان کے مرکز "شہر سدوم" (قادیان) میں ایسی کوئی مشکل نہیں تھی۔ یہاں شکار خود نوکِ مژگاں سے آراستہ شکاری کی تلاش میں آہوئے آوارہ کی طرح اٹکھیلیاں کرتا پھرتا ہے۔ جب یہ سماں

ہو کر حسن خود عشق سے کہے تھوڑی سی پی میرے لیے تو پھر انکار کی گنجائش کہاں رہتی ہے۔

نوکری اور چھوکری کی رعایت اور حکومت کی نظر عنایت سے یہ شراب دو آتشہ ہو رہی تھی، ایسے میں شب زندہ دار تقویٰ کی چادر میں لپٹ کر بزم تماشا کا راستہ تلاش کرنے لگے۔

"ایں خانہ ہمہ آفتاب است"

نیکی اس قدر جلدی نہیں پھیلتی جس قدر کہ برائی جلد رنگ پکڑتی ہے۔ کچھ دیر تو برائی کی میلی چادر پر سفید چادر کا گمان رہا، گندگی کے ڈھیر پر گم کردہ راہ پھول چڑھاتے رہے اور ابن دجال کی بلائیں لیتے رہے، قادیان کے برہمن دیوتاؤں کی پوجا ہوتی رہی، لیکن تا کجے...... آخر مندر کے کلس کا ملمع اترنے لگا۔ فریب اور گناہ چار دیواری سے نکل کر قادیان کے کوچہ و بازار میں رسوائی کا علم لہرانے لگے، دجال قادیان کے اندرون خانہ سے نکلی ہوئی زنا کی بدبو نے سارے ماحول کو متعفن کر دیا۔ بنا بریں قادیان کا ہر گھر مشتبہ دکھائی دینے لگا۔

قادیانیت کا پہلا باغی: مولانا عبدالکریم (مباہلہ)

خونِ اسرائیل آ جاتا ہے آخر جوش میں
توڑ دیتا ہے کوئی موسیٰ طلسم سامری

قادیان کے راسپوٹین، ابن دجال کے خانہ ساز آئین کے مطابق ہر نئی نویلی دلہن کی سہاگ رات کا ابن دجال کے بستر پر بسر ہونا ضروری تھا۔ اس دستور پر کچھ دیر تقدس کی چادر پڑی رہی اگر کسی مظلومہ نے یہ چادر اتارنا چاہی تو اس کی کئی تاویلیں کر کے اپنے گناہوں کو چھپانے کی کوشش کی جاتی، یہیں سے مولانا عبدالکریم مباہلہ کی داستان شروع ہوتی ہے۔

مستری فضل کریم جالندھر سے نقل مکانی کر کے قادیان آباد ہوئے تھے، انھوں نے لوہار کا کام شروع کیا۔ سویاں بنانے کی مشین انھیں کی ایجاد کردہ ہے۔ نام نہاد بہشتی مقبرہ کے قریب فضل کریم نے اپنا مکان تعمیر کیا اور یہیں ان کے ہاں دو لڑکے عبدالکریم اور زاہد پیدا ہوئے۔ عبدالکریم نے تعلیم قادیان میں حاصل کی اور قادیانی تبلیغ کے مبلغین میں شامل ہو کر مسلمانوں میں جھوٹی نبوت کا پروپیگنڈا کرتے رہے، اس طرح اسے ابن دجال کا قرب حاصل ہو گیا۔ عبدالکریم کا شمار کامیاب مرزائی مبلغ کے طور پر ہونے لگا۔ اسی دوران مولانا عبدالکریم حلقوں میں امتیازی حیثیت حاصل کر چکے تھے کہ ان کی زندگی میں ایک موڑ آیا کہ راستے کی تاریکی نے ان کا مستقبل روشن کر دیا۔

ہوا یوں کہ مولانا عبدالکریم کی ہمشیرہ محترمہ سکینہ بیگم مرزا عبدالحق ایڈووکیٹ دجالی فرقہ کے صوبائی امیر کی اہلیہ تھی۔ یہ محترمہ کسی کام کے لیے بیت الخلافت میں گئیں۔ وہاں ابن دجال مرزا محمود نے اپنی گندی فطرت کے مطابق ان کے ساتھ زیادتی کا ارتکاب کیا۔ سکینہ بیگم نے یہ تمام واقعہ اپنے خاوند سے

کہہ دیا۔ یہ 1927ء کا واقعہ ہے۔

اس موقع پر غیرت کا تقاضا تھا کہ مرید پیر پر تین حرف بھیج کر ابلیس کے چنگل سے نکل آتا کیونکہ غیرت ایمان کا جزو ہے، اگر ایمان ہی نہ ہو تو غیرت کہاں!

خاندانی کنجروں کے ہاں رواج ہے کہ وہ اپنی بہن اور بیٹی کو بازار میں بٹھا دیتے ہیں مگر بہو کو اس بازار کی ہوا تک سے محفوظ رکھتے ہیں۔ ..... یہ بھی غیرت کا ایک انداز ہے۔

اگر محترمہ سکینہ بیگم فطرتاً نیک نہ ہوتی تو ذلالت کے محل میں عیش کرتی، مگر اس کے شوہر نے بدفطرت پیر کے بہکاوے میں آ کر اسے اس بری طرح جکڑا ہوا تھا کہ ابلیس کے چنگل سے نکلنا مشکل ہو گیا۔ اس کے آگے کی کہانی شفیق مرزا اپنی کتاب شہر سدوم کے صفحہ 25 میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

> پیر پر تین حرف بھیجنے کی بجائے اس معاملہ کی تحقیق کا ارادہ کیا اور پاپائے قادیانی کے پاس پہنچا، پیر تو رنگ ماسٹر تھا اسے مریدوں کو نچانے کا فن خوب آتا تھا، اس نے بڑی ''معصومیت'' سے کہا۔ مجھے خود اس معاملہ کی سمجھ نہیں آ رہی، سکینہ بیگم بڑی نیک اور پاکباز لڑکی ہے، اس نے ایسی حرکت کیوں کی ہے۔ میں دعا کروں گا آپ کل کسی وقت تشریف لائیں، جب مرزا عبدالحق دوسرے دن پہنچے تو شاطر پیر اپنا عیارانہ منصوبہ مکمل کر چکا تھا۔ اس نے مرید کے لیے دام بچھاتے ہوئے کہا۔ میں نے اس منصوبہ پر بہت غور کیا ہے، دعا بھی کی ہے، ایک بات سمجھ میں آئی ہے کہ چونکہ میں خلیفہ ہوں ''مصلح موعود'' ہوں اس لیے سکینہ بیگم ایک روحانی تعلق کی بنا پر مجھ سے محبت رکھتی ہے اور اس قسم کا جذبۂ الفت جب پوری طرح قلب و ذہن پر مستولی ہو جاتا ہے تو اس وقت بعض عورتیں خواب کے عالم میں دیکھتی ہیں کہ انھوں نے فلاں مرد سے ایسا تعلق قائم کیا ہے اور اس خیال کا استیلا و غلبہ ان پر اس قدر ہوتا ہے کہ وہ اس کو بیداری کا واقعہ سمجھ لیتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی مرزا محمود نے طب کی ایک کتاب نکال کر دکھا دی کہ دیکھو اطباء نے بھی اس مرض کا ذکر کیا ہے اس پر مرید مطمئن ہو کر گھر واپس آیا تو اہلیہ کے استفسار کرنے پر مرید خاوند نے کہا ''تم بھی سچ کہتی ہو اور حضرت صاحب بھی سچ کہتے ہیں۔''

جب غیرت ہی اٹھ گئی غالب
کیا کسی کا گلہ کرے کوئی!

تماشہ گاہِ عالم میں انسان ہر روز کئی تماشے دیکھتا ہے اور مسکرا کر گزر جاتا ہے لیکن جب خود تماشہ بنتا ہے تو چیخ اٹھتا ہے، اسے انسانی کمزوری کہیے یا تساہل عارفانہ؟

مولانا عبدالکریم نے مرزائیت کی کوکھ سے جنم لیا۔ تربیت پائی، تعلیم حاصل کی۔ باطل نبوت کا چراغ لے کر مسلمانوں کے ایمان کو خراب کرتے رہے۔ ظاہر ہے انھیں قصر ذلالت کے اندرونی اندھیروں سے روشنی نہ ہو۔ ممکن ہے ان کی نظریں تیرہ و تار اندھیروں تک نہ پہنچ سکتی ہوں مگر جب ان کی اپنی عزت کو ہاتھ پڑا تو سارا اندھیرا جاتا رہا۔ لگے دونوں ہاتھوں سے پگڑی سنبھالنے۔ اگر سر راہ ازار بند ٹوٹ جائے تو پگڑی کہاں سنبھل رہتی ہے۔

سکینہ بیگم کے حادثے نے تقدس کی ساری بساط الٹ دی۔ اس زلزلے سے مردہ ضمیر جاگ اٹھے، قادیان میں کہرام مچ گیا۔ عبدالکریم اوران کا خاندان حکومت دجال کا باغی قرار پایا۔ چھپے ہوئے باغی کھلم کھلا میدان میں نکل آئے۔ رستے ہوئے زخم چھپے ہوئے خون کو آوازیں دینے لگے، قصر ذلالت میں لٹی ہوئی عصمتیں بے محابہ سامنے آ کھڑی ہوئیں۔ ابن دجال کے گماشتے جو اس بدکاری و بدمعاشی میں راسپوٹین کے ساتھی وال تھے اپنے مرشد اعلیٰ کا دفاع کرنے لگے۔

اس کارزار میں عبدالکریم نے مباہلہ نام کا ایک اخبار نکالا اور یہی نام ان کے نام کا جزو بن گیا۔ اس اخبار کے ذریعے قادیان کے راسپوٹین کو مباہلہ کا چیلنج دیا گیا۔ کفر چونکہ بزدل ہوتا ہے، لہٰذا بار بار پکارنے پر بھی قصر ذلالت کا دروازہ نہ کھلا، اور یہ سانپ سپیرے کے خوف سے کنڈلی مارے بل میں گھسا رہا۔

مباہلہ کی ایک اشاعت میں دجال قادیان کے ایک اور شکار کی نشاندہی کرتے ہوئے ایک داستان شائع کی۔ عنوان تھا:۔

''ایک احمدی خاتون کا بیان''

مذکورہ بالا عنوان کے تحت ایک مظلوم خاتون کا بیان اخبار ''مباہلہ'' قادیان میں اشاعت پذیر ہوا تھا گو اس وقت یہ چیلنج بھی دے دیا گیا تھا کہ اگر ''خود صاحب'' مباہلہ کے لیے آمادہ ہوں تو نام کے اظہار میں کوئی ادنیٰ اعتراض بھی نہیں ہوگا مگر چونکہ اس گوسالہ سامری کو مقابل پر نکلنے کی جرأت نہ ہوئی، اس لیے نام کا اظہار نہیں کیا گیا تھا۔ اب ہم ریکارڈ درست رکھنے کی خاطر یہ درج کر رہے ہیں کہ وہ خاتون قادیان کے دکاندار شیخ نورالدین صاحب کی صاحبزادی عائشہ تھیں، ان کے بھائی شیخ عبداللہ المعروف عبداللہ سوداگر آج کل ساہیوال میں مقیم ہیں۔ عائشہ بیگم تھوڑا عرصہ ہوا انتقال کر گئی ہیں۔ اب ہم وہ بیان درج کرتے ہیں۔

''میں میاں صاحب کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں اور لوگوں میں ظاہر کر دینا چاہتی ہوں کہ وہ کیسی روحانیت رکھتے ہیں۔ میں اکثر اپنی سہیلیوں سے سنا کرتی تھی کہ وہ بڑے زانی شخص ہیں مگر اعتبار نہیں آتا تھا کیونکہ ان کی مومنانہ صورت اور نیچی شرمیلی آنکھیں ہرگز یہ اجازت نہ دیتی تھیں کہ ان پر ایسا الزام لگایا جا سکے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ میرے والد صاحب نے جو ہر کام کے لیے حضور سے اجازت لیا

کرتے تھے اور بہت مخلص احمدی تھے، ایک رقعہ حضرت صاحب کو پہنچانے کے لیے دیا جس میں اپنے کام کے لیے اجازت مانگی تھی۔ خیر میں یہ رقعہ لے کر گئی۔ اس وقت میاں صاحب نئے مکان (قصر خلافت) میں مقیم تھے۔ میں نے اپنے ہمراہ ایک لڑکی لی، جو وہاں تک میرے ساتھ گئی اور ساتھ ہی واپس آ گئی۔ چند دن بعد مجھے پھر ایک رقعہ لے کر جانا پڑا۔ اس وقت بھی وہی لڑکی میرے ہمراہ تھی۔ جونہی ہم دونوں میاں صاحب کی نشست گاہ میں پہنچیں تو اس لڑکی کو کسی نے پیچھے سے آواز دی، میں اکیلی رہ گئی۔ میں نے رقعہ پیش کیا اور جواب کے لیے عرض کیا مگر انھوں نے فرمایا کہ میں تم کو جواب دے دوں گا، گھبراؤ مت۔ باہر ایک دو آدمی میرا انتظار کر رہے ہیں، میں ان سے مل آؤں۔ مجھے یہ کہہ کر اس کمرے کے باہر کی طرف چلے گئے اور چند منٹ بعد پیچھے کے تمام کمروں کو قفل لگا کر اندر داخل ہوئے اور اس کا بھی باہر والا دروازہ بند کر دیا اور چٹخنیاں لگا دیں۔ میں جس کمرے میں بیٹھی تھی وہ اندر کا چوتھا کمرہ تھا۔ میں یہ حالت دیکھ کر سخت گھبرائی اور طرح طرح کے خیال دل میں آنے لگے۔ آخر میاں صاحب نے مجھ سے چھیڑ چھاڑ شروع کی اور مجھ سے برا فعل کروانے کو کہا۔ میں نے انکار کیا۔ آخر زبردستی انھوں نے مجھے پلنگ پر گرا کر میری عزت برباد کر دی اور ان کے منہ سے اس قدر بو آ رہی تھی کہ مجھ کو چکر آ گیا۔ اور وہ گفتگو بھی ایسی کرتے تھے کہ بازاری آدمی بھی ایسی نہیں کرتے۔ ممکن ہے جسے لوگ شراب کہتے ہیں انھوں نے پی ہو کیونکہ ان کے ہوش و حواس بھی درست نہیں تھے۔ مجھ کو دھمکایا کہ اگر کسی سے ذکر کیا تو تمھاری بدنامی ہوگی۔ مجھ پر کوئی شک بھی نہ کرے گا۔"

مذکورہ بالا قصے کا شائع ہونا تھا کہ خباثت کے ساتھ شرافت بھی تڑپ اٹھی۔

مولانا عبدالکریم کا قادیان سے نکلنا

اس طرح وقت کے ساتھ ساتھ نبوت کاذبہ کا بھانڈا چوراہے میں پھوٹنے لگا، فریب کا پردہ چاک ہو چکا تھا۔ جھوٹ کے بندھن ٹوٹ رہے تھے۔ برسوں کی سلگتی ہوئی چنگاریاں آتش فشاں بن رہی تھیں، قریب تھا کہ ابلیسیت کا محل اس آگ کی لپیٹ میں آ جائے۔ شیطانی فوج نے ایک رات مولانا عبدالکریم مباہلہ کے مکان کو ان کے خاندان سمیت آگ میں جلا دینے کی سازش کی لیکن زندگی اور موت کا فیصلہ خالق کائنات کے اپنے قبضہ قدرت میں ہے۔

حکیم نورالدین آنجہانی کی بیوہ جو بذات خود دجال قادیان کے ہاتھوں زخم خوردہ تھی، اسے کسی طرح اس سازش کا پتہ چل گیا۔ وہ برقع اوڑھے چھپ چھپا کر مولانا عبدالکریم کے اہل خانہ کو اطلاع کر آئی کہ آج رات انھیں ان کے خاندان سمیت جلا دیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ہو چکا ہے، اپنی جانیں بچا سکتے ہو تو بچا لو۔ یہ اطلاع پا کر گھر کے سب لوگ جیسے بن پڑا مکان چھوڑ کر چھپتے چھپاتے رات کے پہلے حصے میں سکھوں کے بورڈنگ ہاؤس میں پہنچ گئے اور رات کے پچھلے پہر برقع پہن کر سکھوں کے تعاون سے انھیں کی موٹر میں

سوار ہو کر بٹالہ اور پھر امرتسر پہنچ گئے۔

مرزائیوں نے اپنے طے شدہ پروگرام کے مطابق 11 اکتوبر 1930ء کی درمیانی رات عبدالکریم کے مکان کو جلا کر راکھ کر دیا اور خود اس کے گرد پہرہ دیتے رہے کہ کوئی بچ کر نکلنے نہ پائے۔ اپنی دانست میں انھوں نے اہل خانہ کو جلا کر ختم کر دیا تھا اس پہ وہ مطمئن تھے کہ انھوں نے دشمن کا خاتمہ کر دیا لیکن شاید وہ نہیں جانتے تھے کہ مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہے۔

صبح اخبار الفضل میں شائع کر دیا گیا کہ:

''چونکہ مستری مرتد ہو گئے تھے لہذا انھوں نے خود ہی اپنے مکان کو آگ لگائی اور اس میں جل مرے ہیں۔''

اس واقعہ کی اطلاع مقامی پولیس تھانہ میں کرائی گئی مگر نہ تو رپورٹ درج کی گئی اور نہ ہی کوئی موقع پر آیا۔ ابن دجال نے سکھ کا سانس لیا کہ چلو یہ دشمن خاندان تو ختم ہوا۔ اب کوئی خطرہ نہیں۔ پولیس اور دیگر آفیسر دخل انداز نہیں ہوتے۔

سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا

تیسرے دن اطلاع ملی کہ مستری اپنے خاندان سمیت بخیریت امرتسر پہنچ گئے ہیں، یہ سن کر ابن دجال کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگیں۔ اپنے پالتو بلا کر انھیں ڈانٹا کہ تم نے کیا کیا، تمہاری نگرانی کا کیا فائدہ نکلا۔ شکار تو بچ کر نکل گیا۔ مگر اب، تم کے سوا کیا ہو سکتا تھا۔

مال و اسباب تو مکان کے ساتھ راکھ ہو چکا تھا۔ یہ لوگ جب امرتسر پہنچے تو کوڑی کوڑی کو محتاج تھے۔ ہاتھ میں ہنر ہو اور نیت میں خوبصورتی ہو تو اللہ تعالیٰ ہر قدم پر مدد کرتے ہیں۔ رہائش کے لیے ہال بازار میں مکان مل گیا۔ شریف پورہ میں کارخانہ قائم کر لیا۔ یہاں انھوں نے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی چنگل کے فرموں میں ڈھالنا شروع کیے جو بہت مقبول ہوئے۔ لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ خریدے۔ دنوں میں بہار لوٹ آئی ہفت روزہ مباہلہ امرتسر سے باقاعدگی سے جاری کر دیا گیا۔

باطل کے چنگل سے نکل کر اسلام قبول کرنے کی برکت سے مستری عبدالکریم، مولانا عبدالکریم مباہلہ کے نام پر معروف ہو گئے اب وہ مستری کم اور مبلغ اسلام زیادہ تھے۔ اخبار مباہلہ کے ذریعے مرزائیت کے خلاف باقاعدہ محاذ قائم کر دیا گیا۔

مولانا مباہلہ پر قاتلانہ حملہ

شکار بچ کر نکل جائے تو شکاری اپنی چوکڑی بھول جاتا ہے۔ مولانا مباہلہ نے نبوت باطلہ کے تقدس کو جس بری طرح پامال کیا اس کی پاداش میں انھیں بمعہ خاندان کے زندہ جلا دینے کا جو منصوبہ بنایا تھا اس میں ناکامی، ذلت اور رسوائی نے ابن دجال کو آگ کے انگاروں پر لوٹا دیا۔ امرتسر پہنچ کر اخبار مباہلہ

میں قادیان میں ننگ انسانیت ابن دجال کے زنا کے قصے نیز قادیان سے اپنے بچ نکلنے کی داستان جس طریق سے شائع کرنا شروع کی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ پنجاب کے عوام کو اس دجالی گروہ سے واقفیت ہو رہی تھی ورنہ تو یہ پوپ پادری بنے بیٹھے تھے مگر اب کیا ہو سکتا تھا۔ بادل نخواستہ یہ زہر پینا پڑا۔

قادیان میں ہر روز مولانا مباہلہ کے خلاف جلسے ہونے لگے، شہر سدوم کے باشندوں کے جذبات بھڑکائے گئے۔ بالآخر اخبار مباہلہ میں ابن دجال پر عائد کردہ الزامات کے خلاف گورداسپور کی عدالت میں دجالیوں نے عبدالکریم کے خلاف ضابطہ فوجداری کے تحت استغاثہ دائر کر دیا۔ یہ دوسری سازش تھی جس میں مولانا مباہلہ کو قتل کرنے کی تجویز تھی اس ضمن میں یہ طے پایا کہ:

"جونہی مولانا مباہلہ امرتسر سے اس مقدمہ کی تاریخ پیشی بھگتنے گورداسپور جانے کے لیے لاری پر سوار ہوں تو انھیں لاری میں عوام کے سامنے قتل کر دیا جائے۔"

اس کام کے لیے محمد امین (مرزائی) المعروف مجاہد بخارا سے کہا گیا کہ وہ کرائے کا قاتل تلاش کرے جسے معقول رقم دی جائے گی، یہ رقم چار ہزار طے پائی اس پر ایک پٹھان قاضی محمد علی نوشہروی سے مولانا مباہلہ کے قتل کا سودا کیا گیا اور اسے یقین دلایا گیا کہ اسے اس مقدمہ میں بری کرا لیا جائے گا۔ کچھ رقم پیشگی دے دی گئی۔ یہ سازش اس طرح طے پائی کہ:

جب مولانا عبدالکریم عدالت میں حاضری کے لیے امرتسر سے روانہ ہوں تو خدام احمدیہ کے رضا کار اس لاری میں سوار ہو جائیں۔ جیسے ہی لاری بٹالہ پہنچے، رضا کار ہاتھ کا اشارہ کر کے مقررہ قاتل کو لاری میں سوار ہونے کا اشارہ کریں اور یہاں سے قاتل محمد علی لاری میں سوار ہو کر اپنا کام کرے گا۔ یہ تھی سکیم مولانا کو قتل کرنے کی۔

حسب دستور مولانا مباہلہ بمعہ اپنے ضامن حاجی محمد حسین بٹالوی کے عدالت میں حاضری کے لیے امرتسر سے لاری میں سوار ہوئے۔ لاری میں خدام احمدیہ کے رضا کار بھی سوار ہو گئے۔ لاری جیسے ہی بٹالہ پہنچی، طے شدہ پروگرام کے مطابق ہاتھ کے اشارہ سے قاتل محمد علی کو لاری میں بیٹھنے کے لیے کہا گیا اور ساتھ ہی مولانا عبدالکریم کی نشان دہی کر دی گئی، رضا کار خود یہاں اتر گئے۔

ابھی لاری بٹالہ سے چند میل دور گئی تھی کہ قاتل نے لاری کے اندر (اپنی دانست میں) مولانا مباہلہ پر قاتلانہ حملہ کر دیا لیکن ہنوز قدرت نے مولانا مباہلہ سے کوئی کام لینا تھا کہ قاتل مولانا مباہلہ اور حاجی محمد حسین بٹالوی کے مابین کوئی امتیاز نہ کر سکا اس طرح خنجر مولانا مباہلہ کی بجائے حاجی محمد حسین کو لگ گیا اور وہ موقع پر شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن (یہ 1929ء کا سال ہے) اس حادثہ پر لاری رک گئی۔ قاتل کو دیگر مسافروں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ اس پر دفعہ 302 کے تحت مقدمہ قائم ہوا اور اسے سزائے موت ہو گئی۔

قاتل قاضی محمد علی نوشہروی کو پھانسی سے بچانے کی کوشش میں مرزائی وکلاء (چودھری سر ظفر اللہ آنجہانی اور اس کے بھائی آنجہانی اسد اللہ وغیرہ) نے لاہور ہائی کورٹ میں مقدمہ کی پیروی کی لیکن اپیل خارج ہو گئی۔ لندن پریوی کونسل تک گئے مگر سزا بحال رہی، پھانسی کے بعد قاتل کی لاش قادیان لائی گئی، جلوس نکالا گیا اور اسے شہید احمدیت کا خطاب دیا گیا۔ ابن دجال نے لاش کو کندھا دیا اور نام نہاد بہشتی مقبرے میں دفنایا گیا۔

آنجہانی قاتل کی موت پر اسی رات قادیان میں ایک مشاعرہ منعقد ہوا جس میں مرزائی شعراء نے قاتل کے قصائد پڑھے، ایک شعر ملاحظہ ہو۔

ع پیچھے آکر سب سے آگے بڑھ گیا
مثل عیسیٰ آسمان پر چڑھ گیا

مندرجہ بالا شعر چونکہ قادیانی عقیدے کے خلاف تھا جبکہ دجال قادیان کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں۔ (نعوذ باللہ) اس ایک شعر پر ابن دجال نے یہ نظم اور باقی نظموں کا مجموعہ ضبط کر لیا۔

"دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا"

قادیان میں بغاوت

برائی اور گندگی زیادہ دیر نہیں چھپتے۔ مجلس احرار کے قدم جیسے جیسے قادیان میں بڑھتے گئے، وہاں کے راز ہائے سربستہ آپ سے آپ نکھر کر سامنے آتے چلے گئے۔ بے حیائی تقدس کی چادر میں کب تک چھپی رہ سکتی، گناہ کا گریبان جب چاک ہوتا ہے تو پھر کوئی کوشش رفو کے قابل نہیں رہتا۔

ع ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ

دجال ابن دجال (بشیر الدین محمود) نے ابلیس کے سنگھاسن پر بیٹھ کر ابن آدم کو کس طرح فریب دیئے۔ معصوم عصمتوں کو جس بری طرح داغدار کیا۔ آخر یہ ڈرامہ ایک دن تو ختم ہونا تھا۔ وقت دیر سے اس کا منتظر تھا۔ فریب خوردہ مسلمان اپنے گھروں سے ہجرت کر کے دجالی مرکز (قادیان) میں پہنچے تو ان پر کیا گزری، جب وہ تہی دامن ہوئے تو قصر ذلالت میں ابن دجال نے ان کی آبروئیں کس طرح بے دام خریدیں۔

یہ دور ہے جب ابن دجال کے پالتو لاٹھیاں لیے ہمہ اوقات مظلوموں کے سروں پر کھڑے رہتے تھے اور ان کے سامنے مظلوموں کی متاع حیات لٹتی رہی۔ اس بربھا گردی میں کوئی مائی کا لال نہیں تھا جو قصر ذلالت کی جلتی اور بجھتی چیتوں کی نشاندہی کرتا۔

اس پرآشوب دور میں جانے کتنی آوازیں ظلم و جور سے آنکھ بچا کر عرش الٰہی تک پہنچی ہوں گی کہ نمرود کی آگ یخ بستہ ہو کر رہ گئی۔

یہ 1937ء کا سال ہے، مسلمان اور دجالی گروہ کے درمیان لڑائی پر سے قریباً پانچ سال بیت چکے۔ اس دوران مرزائیت اس بری طرح رسوا اور ننگی ہوئی کہ برصغیر میں اس کا اصل روپ دکھائی دینے لگا۔

دو خط

اس سے قبل کہ قارئین خطوط کا مطالعہ کریں، خط نمبر 1 کے مصنف شیخ عبدالرحمن مصری اور خط کا پس منظر جان لینا ضروری ہے۔

شیخ عبدالرحمن کا تعلق ہندو مذہب سے تھا۔ اس کا سابقہ نام لالہ شنکر داس تھا، دجال (غلام احمد) کے مذہب (مرزائیت) کو اسلام سمجھ کر 1905ء میں اس کے فریب میں پھنس کر اپنی دانست میں مسلمان ہو گیا۔ حکیم نور الدین حجام کے عہد میں اسے مرزائیت کی تبلیغ کے لیے مصر بھیجا گیا، وہیں اس نے عربی کی تعلیم حاصل کی۔ واپس آیا تو دجال کے تخت پر ابن دجال براجمان ہو چکا تھا، چنانچہ شیخ عبدالرحمن کو عبدالرحمن مصری کا لقب دے کر قادیان کے احمدیہ ہائی سکول کا ہیڈ ماسٹر مقرر کر دیا گیا۔ یہاں اس کی ہدایت پر احمدیت کے سینکڑوں مبلغ تیار ہوئے۔ اس دوران مرزائیوں میں عبدالرحمن مصری کی نیکی اور تقویٰ کی بناء پر اسے قائم مقام خلیفہ کا درجہ حاصل ہو گیا۔

اب خط کا پس منظر سمجھیں۔

عبدالرحمن مصری کا لڑکا بشیر احمد حافظ قرآن ہونے کے ساتھ بی اے کا طالب علم تھا۔ مشاطۂ فطرت نے اس کے ظاہری بناؤ سنگھار میں بخل سے کام نہیں لیا تھا۔ شاید قرآن کریم کی تعلیم کا اثر تھا کہ خوبصورت ہونے پر بھی یہ گندگی کے ماحول سے محفوظ رہا، مگر کب تک۔ آخر ایک دن ابن دجال کی نظر بد اس پر پڑی، اور اس کا جھٹکا ہو گیا۔ اگلی کہانی حافظ بشیر کی زبانی سنیے۔

> "چونکہ والد (عبدالرحمن مصری) کی رسائی قصر ذلالت (قصر خلافت) تک تھی، اس بناء پر میری پہنچ میں بھی آسانی تھی، خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ ایک دن ابن دجال نے مجھے دیکھ لیا اور بڑی شفقت سے اپنے پاس بٹھا کر محبت کا اس انداز سے اظہار کیا کہ مجھے اس کی نیت پر قدرے شبہ ہونے لگا، مگر یقین کی حد تک نہیں، کیونکہ ہماری نظر میں یہ ناموس اللہ تھا۔ آخر اس کی بری حرکات اور ہاتھوں کی گستاخیوں نے میرے گمان کو یقین دلایا کہ جو کچھ تو سمجھ رہا ہے یہ وہ نہیں، یہ شفقت کا ہاتھ نہیں شہوت کا ہاتھ ہے۔
>
> کالج کا سٹوڈنٹ ہوتے ہوئے بھی میں انداز محبت سے گو آشنا نہیں تھا لیکن بے خبر بھی نہیں۔ پھر بشیر الدین کی آنکھوں کے ڈورے اس حد تک سرخ ہو چکے تھے کہ مجھے اپنی آبرو کا دامن سلگتا ہوا محسوس ہوا، قریب تھا کہ سب کچھ جل کر راکھ ہو

جاتا۔ ابن دجال کی لڑکی (محمودہ) کمرہ میں داخل ہوئی۔ ابن دجال اسے تنہا میرے پاس چھوڑ کر چلا گیا۔

باپ کے جاتے ہی سولہ سنگھار سے آراستہ بیٹی میرے سامنے آ بیٹھی بلکہ قریب تر، دلبری کے انداز اور نخرے بکھیرنے لگی۔ گو اس کے مذہب میں حسن کا کافر ہونا ناممکن ہے اور جب وہ خود کہے، تھوڑی سی پی میرے لیے۔ تو انکار پر جام و صراحی نہیں، ساقی سمیت مینانے کے روٹھ جانے کا ڈر رہتا ہے۔

حسن جب حسن کے مقابل آ جائے تو عشق درمیان سے ہٹ کر تماشائی بن جاتا ہے، ایک طرف نسوانی حسن اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ مردانہ حسن کو مات دینے میں اپنی اداؤں کے قلم پر قسم لنڈھا رہا ہو تو سامنے کا حسن کب تک انتظار کرے گا آخر دل ہی تو ہے۔ بنت دجال نے شیطنت کے جوہر دکھانے میں کمی نہ آنے دی، میرے پر اس خاندان کے تقدس کا ایسا رعب تھا کہ موسم سرما ہونے پر بھی میرا جسم پسینہ سے شرابور تھا۔

الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

اگرچہ اس دوران شرم و حیا کے بہت سے پردے اٹھ چکے تھے تاہم نہ تو میری نگاہوں نے گستاخی کی، نہ ہاتھ آپے سے باہر ہوئے۔

ہنوز یہ کشمکش بغیر کسی نتیجے کے جاری تھی کہ ابن دجال احوال معلوم کرنے کمرے میں داخل ہوا۔

(اپنی لڑکی سے)

کیوں بھئی؟

بنت دجال: اوں ہوں۔

اس اوں ہوں میں اس نے میرے انکار کی ساری داستان کہہ دی۔ آخر ہم دونوں کے لیے کھانا لایا گیا۔ زعفران تک کی خوشبو تو بکھر آ رہی تھی اور مغدا جانے کیا تھا۔

کسی کے آنے سے ساقی کے ہوش اڑے ایسے
شراب سیخ پہ ڈالی کباب شیشے میں

میرے انکار کی کہانی سن کر باپ نے خود آگے بڑھ کر باپ بیٹی کے پاک رشتے کی دھجیاں اڑا دیں، اس پر نہ تو بیٹی نے احتجاج کیا نہ باپ کو حیا آئی۔ یہ سارا کچھ میرے سامنے ہوا۔ جی میں آیا کہ چیخ کر یہاں سے بھاگ جاؤں، مگر کیسے، دروازے مقفل تھے۔

اس تخیل کی دو صورتیں سمجھ میں آتی ہیں۔ اوّل مجھے اشتعال دلانے کے لیے یا پھر اس گھر کی ریت یہی تھی۔ اس پر میرے ضبط کے تمام بندھ ٹوٹ گئے۔

مال اچھا ہو تو گاہک ہر قیمت پر خریدتا ہے۔ ابن دجال کا دل میرے پر رنجھ گیا تھا۔ اس کے لیے اس نے بیٹی کی آبرو تک کو داؤ پر لگانے سے دریغ نہیں کیا۔

آمنے سامنے تبادلہ

طوفان کے پانی کا بہاؤ اگر نیچے کی طرف ہو تو اس کے آگے بند باندھنا مشکل ہوتا ہے۔ برسات کے دنوں میں تو یہ دشواریاں مزید بڑھ جاتی ہیں۔

چند لمحے پہلے میری آنکھوں نے جس انسانیت سوز ذلالت کا مظاہرہ کیا، اس اُبلتے ہوئے لاوے نے میری جوانی کو بھی سمیٹ لیا۔ بشیرالدین نے اپنی بیٹی کے ساتھ جو روسیاہی کی۔ یہ صرف میرے حصول کا ایک راستہ تھا۔ آخر اس کی تمنا بھر آئی۔ میرے قریب ہونے کا نظارہ بنت دجال نے مسکراتے ہوئے کیا جبکہ میں اس کی متاع حیات لٹتی دیکھ کر کانپ رہا تھا۔ آج میرے گناہ کا پہلا دن تھا ورنہ میرے گھر کا ماحول اور اس پر قرآن حکیم کی برکت کہ میں اس گناہ کی لذت سے محروم تھا۔ میں ان دنوں اٹھارہ انیس سال کے پیٹے میں تھا اور بنت دجال بائیس اور تیئیس کے سن سے گزر رہی تھی۔ جوانی کی تمنائیں دونوں طرف سے اُمڈی ہوئی تھیں۔ جذبات آمنے سامنے موجزن تھے۔ ہاتھ اور نگاہیں منتظر تھیں کہ پہل کون کرے۔ آگ دونوں طرف شعلہ فشاں تھی۔

دل کو تھاما ان کا دامن تھام کے
ہاتھ میرے دونوں نکلے کام کے

پھر جب گناہ کرنا ہی ٹھہرا تو دیر کیسی۔

میں نے باپ (ابن دجال) کی موجودگی میں بیٹی سے اپنی آبرو کا انتقام لیا۔ اور پھر باپ نے بیٹی کا انتقام مزید مجھ سے لیا۔ اس طرح آمنے سامنے تبادلہ ہوتا رہا۔ گھی آگ کے قریب پہنچ کر پگھل چکا تھا۔ یہ بھٹی مسلسل تپتی رہی۔ اس دوران قصر ذلالت شیطان کی آماجگاہ بنا رہا۔ حیا و شرم عصیاں کے تالاب میں گندی مچھلیوں کی طرح تیرتے رہے، یہاں تک کہ ہر سہ فریق کے شعلے سرد پڑ چکے تھے۔

نکل جاتی ہے جب خوشبو تو گل بیکار ہوتا ہے

برائی سے متنفر دل بعض دفعہ نیکی سے بھی خوف کھاتا ہے کہ شاید یہ بھی نظر کا فریب نہ ہو۔

مذہب کی جس بلندی نے مجھے دھوکہ دیا تھا اس سے بڑھ کر مزید کون سی جگہ تھی جس سے گرنے کا ڈر ہوتا۔

البتہ والد کے دل میں اس خاندان کے لیے جو احترام تھا اس کے پیش نظر اپنے پر بیتی داستان کہنے سے ڈر لگتا تھا کہ اپنی جنددی کی بلا میرے گلے نہ آ پڑے۔ میں ان دنوں میں اکیس سال کے پیٹے میں تھا اور ریاست کپور تھلہ گورنمنٹ کالج میں زیر تعلیم تھا۔

میرے گھر کے ماحول پر ابن دجال کا پوری طرح تسلط تھا، لیکن جو کچھ میں دیکھ اور کر چکا تھا ان واقعات نے مجھ سے میرے گھر کی عقیدت اور احترام بھی چھین لیا تھا۔ نماز چھوڑنے کے ساتھ والدین کے سامنے بعض اوقات ان کے بتوں کی برائی، ان کے عقیدے کی توہین، ابن دجال کو کھلم کھلا گالیاں میرا معمول بن چکا تھا۔ میرے اس چلن سے والد صاحب کو شبہ ہوا کہ مجھے احرار والوں نے اپنی سان پر چڑھا لیا ہے اور یہ ان ہی کی شرارت ہے یا پھر میں دہریہ ہو چکا ہوں۔ ان کی آخری رائے درست تھی۔ اس پر انھوں نے میری خوب پٹائی کی۔ حالانکہ اس سے پیشتر انھوں نے مجھے انگلی تک نہ لگائی تھی۔ انھیں حالات میں کالج کی چھٹیاں ختم ہو گئیں اور میں کپور تھلہ چلا گیا۔

راز افشا ہوتا ہے

اس سے آگے کی داستان اور پیشتر کی کارروائی کی تائید میں مرزا محمد حسین (مرزائی) اپنی کتاب "تحفہ انکار ختم نبوت" میں لکھتے ہیں:

> حافظ بشیر احمد کی غیر حاضری میں عبدالرحمٰن مصری نے اپنی خوش اعتقادی کی بنیاد پر قصر ذلالت میں جا کر اپنے بیٹے کی تمام تر داستان کہہ دی، یعنی وہ احمدیت کے عقیدے سے منحرف ہو رہا ہے۔ حضور (بشیر الدین محمود) کی بڑی توہین کرتا ہے۔ نماز نہیں پڑھتا۔ مذہب سے باغی ہو چکا ہے۔
>
> مصری کی گفتگو سے چور کی داڑھی کا تنکا شہتیر بن کر سامنے آ گیا۔ وہ (بشیر الدین محمود) اوپری ہنسی ہنس کر کہنے لگا۔
>
> نہیں مصری صاحب! بشیر ایسا بچہ نہیں وہ ضرور کسی کے بہکاوے میں آ گیا ہوگا۔ آنے دو میں اسے خود سمجھاؤں گا۔
>
> ابن دجال کی اس گفتگو پر مصری خوش ہوا کہ حضور کو یقین نہیں آ رہا کہ بشیر ایسا ہوگا۔ پھر ایسا کیوں ہوا؟
>
> یہ سوال ذہن میں لے کر مصری نے کپور تھلہ جا کر تحقیق کا فیصلہ کر لیا۔ اس کی اطلاع کسی طرح ابن دجال تک پہنچ گئی کہ عبدالرحمٰن کپور تھلہ جا رہا ہے۔ نہ جانے بشیر

اسے کیا کہہ دے۔ اس خوف کے مارے ابن دجال نے جوابی کارروائی کے طور پر سلطان محمود نامی ایک مرزائی کو کپورتھلہ بھیجنے کا فیصلہ کیا کہ بشیر کہیں سارا بھانڈا نہ پھوڑ دے۔ جیسے ہی سلطان نے کپورتھلہ پہنچ کر بشیر کو سمجھا بجھا کر کہا کہ خدا کے لیے کوئی راز افشاں نہ کرنا۔ اس پر بشیر نے کہا آپ یہ احکام خلیفہ صاحب کی طرف سے تحریری لا کر دو۔ حافظ بشیر کی اس تجویز پر سلطان واپس آ گیا اور ابن دجال کی طرف سے رقعہ بازی شروع ہو گئی۔ ابن دجال کے جواب میں حافظ بشیر اور حافظ بشیر کے جواب میں ابن دجال جو کچھ لکھتا رہا حافظ بشیر احمد بظاہر یہ تمام رقعے سلطان کے سامنے پھاڑ دیتا مگر اندر خانے وہ اصل رقعے محفوظ کر لیتا اور کوئی دوسرا کاغذ پھاڑ کر پھینک دیتا تھا۔

اس طرح ابن دجال اپنے جال میں آپ ہی پھنس گیا۔ یعنی جب مصری بیٹے کو سمجھانے کپورتھلہ پہنچا۔ ابھی باپ نے بات شروع کی ہی تھی کہ بیٹے نے بغیر کچھ کہے ابن دجال کے تمام رقعے باپ کے سامنے رکھ دیے اور خود لحاف میں منہ چھپا کر رونے لگ پڑا۔ (صفحہ 240)

مولانا اللہ وسایا

قادیانی خباثتیں

قادیانی جماعت کے چوتھے چیف گرو مرزا طاہر قادیانی کے آنجہانی ہونے کے بعد قادیانی جماعت کا لاٹ پاٹ مرزا مسرور احمد قادیانی کو بنایا گیا۔ مرزا مسرور احمد قادیانی زرعی یونیورسٹی میں پڑھتا رہا۔ اس مناسبت سے چناب نگر کے قادیانی اسے "مالی" کہتے ہیں۔ چونکہ مرزا مسرور احمد قادیانی کی کوئی خاص دینی تعلیم نہیں، نہ ہی اسے بولنے کا طریقہ وسلیقہ آتا ہے، اس لیے اس کو "گونگا" بھی کہتے ہیں۔ مرزا مسرور احمد قادیانی کے چناب نگر میں قادیانی مخالف اسے "گونگا مالی" کہتے ہیں۔ گونگا شیطان کی پرانی اصطلاح تو جانی پہچانی تھی۔ اب اس گونگے شیطان کو گونگا مالی بنانا یہ قادیانی خانہ ساز اصطلاحات کی فیکٹری کی تازہ ورائٹی ہے۔ مرزا مسرور قادیانی کے متعلق چناب نگر کے واقف قادیانیوں کا کہنا ہے کہ یہ پرلے درجہ کا مغرور، بدتمیز اور بدکردار انسان ہے۔ کوئی ایسا انسانی عیب نہیں جو اس میں نہ پایا جاتا ہو۔ بدکرداری میں مرزا محمود قادیانی کا ظل اور بروز ہے۔ ظلی بروزی نبوت کے فیض کا اس نے قادیانی امت کے اطفال اور لجنہ میں انتقال تام کیا تو مزید شہر سدوم، ربوہ کا پوپ ربوہ کا مذہبی آمر ربوہ کا راسپوٹین 'تاریخ محمودیت' کمالات محمودیہ ایسی کئی تصانیف پر مشتمل قادیانی لٹریچر تیار ہو جائے گا۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا فیض نجوم فشانی 'بھانو' کو کیا منتقل ہوا، چشمہ فیض جاری ہو گیا۔ پوری قادیانیت اس کی فیض رسانی سے شاداب و تر و تازہ ہے۔ "تازہ پھل" پکنے سے قبل ہی بیوپاری حضرات کی نذر ہو جاتا ہے۔ مرزا محمود مرزا قادیانی کی ان روایات کا علمبردار تھا اور مرزا مسرور احمد قادیانی 'مرزا محمود قادیانی کا بروز ثانی ہے۔ اس گونگے مالی مرزا مسرور قادیانی کے برسر اقتدار آتے ہی اس کے بدکرتوتوں سے واقفیت کے باعث ہر قادیانی پریشان ہے۔ اس کے تن بدن پر لرزہ طاری ہے۔ قادیانیت کے محل میں شگاف پڑ رہے ہیں۔ مغربی جرمنی اور امریکہ کے سرکردہ قادیانیوں کا قادیانیت کو خیر باد کہنا اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے۔ مرزا مسرور احمد قادیانی کیا آیا، قادیانیت کے لیے بھونچال لایا ہے جو قادیانیت کے زوال کا باعث ہوگا۔ اس بھونچال و زلزال کا باعث کیا ہے؟ ذیل کے واقعہ سے اس پر کچھ روشنی پڑ سکے گی۔ اس سے شاید قادیانی فائدہ حاصل کر پائیں تو ان کا بھلا ہوگا۔

مبینہ طور پر معلوم ہوا کہ چناب نگر قادیانی جماعت کا ناظم وقف جدید اللہ بخش صادق تھا۔ اس نے وقف جدید کے معلم نذیر احمد کو سندھ تھر پارکر نگر پارکر میرپور قادیانی اسٹیشنوں سے جعلی بیعت فارم پر کر کے بھجوانے کے دھندہ پر لگا دیا۔ ان فارموں کی بنیاد پر اللہ بخش صادق وقف جدید چناب نگر کے فنڈ سے ان فرضی افراد کی امداد شو کر کے رقم اپنی جیب میں رکھ لیتا۔ معلم نذیر احمد قادیانی کے علاوہ وقف جدید میں دو تین اہل کار اس نے اپنے ہم نوا بنائے ہوئے تھے۔ ان کو تنخواہ کے علاوہ مزید جیب خرچی مل جاتی تھی۔ معلم نذیر احمد قادیانی خوبرو نوجوان تھا۔ اللہ بخش صادق قادیانی اور دوسرے اس کے ہجولی معلم نذیر احمد قادیانی کے چناب آنے پر اس سے خلاف وضع فعل کرتے تھے۔

معلم نذیر احمد قادیانی کا ان سے کسی امر پر بگاڑ ہو گیا۔ اس نے اللہ بخش صادق قادیانی کو دھمکی دی کہ فرضی امداد کے نام پر پچھتر لاکھ روپے تم نے قادیانی جماعت کے فنڈ سے خورد برد کیے ہیں۔ میں اس کا انکشاف کر کے تمہیں ذلیل کروں گا۔ اللہ بخش قادیانی کو جان کے لالے پڑ گئے۔ اس نے معلم نذیر احمد قادیانی کی منت خوشامد کر کے گھر بھیج دیا۔ سال بھر تنخواہ اس کے گھر بھجواتا رہا۔ جب دیکھا کہ سال گزر گیا ہے۔ معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا ہے تو اس کی تنخواہ بند کر دی۔

معلم نذیر احمد قادیانی سندھ سے سفر کر کے چناب نگر آیا۔ اللہ بخش صادق قادیانی کو ملا اور تنخواہ کا مطالبہ کیا۔ اللہ بخش صادق قادیانی ناظم وقف جدید نے ذرا یا دھمکایا کہ کونسی تنخواہ؟ سال بھر مفت کی کھاتے رہے۔ جاؤ تمہارا جماعت سے کوئی تعلق نہیں۔ اگر تم نے کہیں بھی زبان کھولی تو تمہارا نشان مٹا دیا جائے گا۔

(قادیانی جماعت کا کوئی فرد پاکستان سے اپنے نام نہاد خلیفہ' چیف گرو لاٹ پادری کو خط لکھے تو مقامی جماعت کے امیر کی تصدیق لازمی ہوتی ہے۔ پھر وہ خط چناب نگر جاتا ہے۔ سنسر کے بعد خلیفہ کو بھیجا جاتا ہے۔)

لیکن معلم وقف جدید نذیر احمد قادیانی سندھی کا ایک تعلق دار برطانیہ میں مرزا طاہر قادیانی آنجہانی کا چاہنے والا تھا۔ اس کی معرفت معلم نذیر احمد قادیانی نے پورے فراڈ کی کہانی لکھ کر مرزا طاہر قادیانی آنجہانی کو لندن بھجوا دی۔ مرزا طاہر قادیانی نے وہ خط چناب نگر پاکستان میں قادیانی جماعت کے امیر کو تحقیقات کے لیے بھجوایا۔ جب اللہ بخش صادق قادیانی کو پتہ چلا کہ معاملہ خراب ہو رہا ہے تو اس نے فوری طور پر بہانے سے معلم نذیر احمد قادیانی کو سندھ سے چناب نگر بلوایا۔ ترغیب و ترہیب دے کر تاکید کرنا چاہا کہ کسی طرح اپنے خط کے جھوٹے ہونے کا اقرار نامہ لکھ دے۔

معلم نذیر احمد قادیانی تیار نہ ہوا تو اللہ بخش صادق نے معلم نذیر احمد قادیانی کو جان سے مار دینے اور لاش غائب کر دینے کی دھمکیاں دے کر مرزا طاہر کے نام خط لکھوالیا کہ میں نے پہلے خط میں اللہ بخش صادق ناظم وقف جدید کی جو شکایات کی تھیں، وہ غلط تھیں۔ یہ تحریر لکھوا کر اللہ بخش صادق اور اس کے ہم جولی مطمئن ہو گئے۔ لیکن معلم نذیر احمد نے گھر جا کر پھر اپنے ذریعہ سے مرزا طاہر قادیانی کو ساری صورتحال

لکھ دی کہ مجھ سے تن پواخت پر دستخط لیے گئے ہیں۔ لیکن میں اپنے پہلے بیان پر قائم ہوں کہ اللہ بخش صادق نے واقعی بیس لاکھ کا فراڈ کیا ہے۔

مرزا طاہر نے انکوائری کرائی۔ جرم ثابت ہونے اور فراڈ کے ذریعہ قادیانی جماعت کو بیس لاکھ روپے کا ٹیکہ لگانے کے جرم کی پاداش میں اللہ بخش صادق کو جماعتی عہدہ سے برطرف کر دیا گیا۔ مرزا طاہر کے زمانہ میں وہ معافی تلافی کے لیے کوشاں رہا۔ لیکن مرزا طاہر قادیانی نہ مانا۔ اب مرزا مسرور احمد قادیانی کے گرو بنتے ہی اللہ بخش صادق دوبارہ کوشش کر کے چناب نگر میں قادیانی جماعت کا صدر عمومی بن گیا ہے۔

کیا مرزا مسرور احمد قادیانی چیف گرو اس کی تردید کر سکتا ہے؟ نہیں کر سکتا۔ ہرگز نہیں کر سکتا تو پھر اے کاش قادیانی جماعت سے وابستہ افراد سوچیں کہ ان کے چندوں کے ساتھ کیا دھندہ کیا جا رہا ہے۔ یہ اللہ بخش صادق ہے اگر صادق کا یہ حال ہے تو کاذب کا کیا کمال ہوگا؟

قادیانی عوام سوچیں کہ قادیانی قیادت کس طرح آپ کے ایمان، مال و آبرو کے درپے آزار ہے۔ بیس لاکھ فراڈ کا مرتکب صدر عمومی بن بیٹھا ہے۔ وقف جدید کے نوجوان اور خوبرو معلم نذیر احمد قادیانی سے اس وحشیانہ سلوک کا عادی مجرم چناب نگر کے قادیانی عوام کی عزتوں سے کیا کرتا ہوگا؟

ڈی سی جھنگ توجہ فرمائیں

چناب نگر میں قادیانی جماعت نے ایک شکارگاہ قائم کر رکھی ہے۔ نئے نئے لوگوں کو شکار کر کے وہاں لایا جاتا ہے۔ مفلوک الحال، غریب، ناواقف مسلمانوں کو قادیانی، شکار کر کے مختلف علاقوں سے وہاں لاتے ہیں۔ ان کے آنے جانے کا خرچہ اور مزید انعام "شکاری قادیانی" کو علیحدہ ملتا ہے۔ یہاں پہنچ کر قادیانی جماعت کے دجل و فریب کے سراپا تصویر مبلغین و مربی ان نئے گرفتار ہونے والے مسلمانوں کو قادیانی بناتے ہیں۔ اس ارتدادی مہم میں جہاں ان مسلمانوں کو رکھ کر قادیانی بنایا جاتا ہے، اس جگہ کا نام دارالضیافت یا لنگر خانہ مسیح موعود (مرزا قادیانی دجال) ہے۔ یہ لنگر خانہ و دارالضیافت ہمیشہ قادیانی فراڈ کا بہت بڑا حصہ رہا ہے۔ ایمان و اخلاق کی بربادی کے علاوہ یہاں پر ہمیشہ مالی فراڈ بھی ہوتا رہا ہے۔ چنانچہ مرزا غلام احمد قادیانی ملعون نے جب قادیان میں یہ لنگر خانہ قائم کر کے چندہ کے حصول کے لیے اسے "کاسہ گدائی" کے طور پر استعمال کیا تھا۔ اس وقت بھی قادیانی جماعت کے سرکردہ بعض افراد نے جو مرزا غلام احمد قادیانی کے مریدان باصفا نے مرزا غلام احمد ملعون سے اس کا حساب طلب کیا تھا۔ مرزا قادیانی نے جواب میں کہہ دیا میں منشی تھوڑا ہوں کہ تمہیں حساب دوں۔ ان لوگوں نے درخواست کی کہ آئندہ کے لیے اس کی آمد و صرف کا حساب ہمارے سپرد کر دیا جائے۔ اس پر مرزا قادیانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے الہام کے ذریعہ بتایا ہے کہ اگر لنگر خانہ کا کسی اور کو حساب دیا گیا تو لنگر خانہ بند ہو جائے گا۔ اس پر بدحواس مرید خاموش ہو گئے۔ الہام کے مقابلہ میں تو قادیانیت سے خارج کر دیے جاتے پھر اس صورت میں لنگر خانہ کا

حساب ملنے کی بجائے لنگر خانہ کے ٹکڑوں سے بھی محروم ہو جاتے۔ کیا کوئی قادیانی، مرزا قادیانی کے اس فراڈ و مالی اعتراضات پر مشتمل متذکرہ تفصیلات کے لیے حوالہ کا طلب گار ہے؟ اگر ہے تو وہ فقیر سے رابطہ کرے۔

اصل قادیانی کتاب کا حوالہ پیش کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ جو مجھے آج کی فرصت میں ضلع جھنگ کے اپنے محترم عالی جناب ڈی سی صاحب سے عرض کرنا ہے، وہ یہ ہے کہ آج کل دارالضیافت چناب نگر کا انچارج اور ناظم معروف قادیانی ملک منور احمد جاوید ہے۔ ہر سال یہ دارالضیافت اور سالانہ جلسہ کے نام پر ہزاروں ٹن گندم کا پرمٹ حاصل کر کے گندم خرید کرتے ہیں حالانکہ جماعت کا فراڈ ملاحظہ ہو کہ دارالضیافت میں مسلمانوں کو لا کر مرتد بنایا جاتا ہے اور سالانہ جلسہ 1984ء سے بند ہے۔ کبھی اس کی حکومت نے اجازت نہیں دی۔ جس جلسہ پر حکومت نے پندرہ سال سے پابندی عائد کر رکھی ہے اور جس مہمان خانہ میں ارتداد پھیلایا جاتا ہے۔ اس کے نام پر حکومت سے منظوری لے کر جناب ڈی سی جھنگ سے پرمٹ حاصل کر کے گندم خرید کی جاتی ہے اور اسے سٹاک کر کے گندم کی بجائی کے موقع پر جب گندم کے بازار میں نسبتاً ریٹ بڑھ جاتے ہیں، ہزاروں ٹن گندم غلہ منڈی سرگودھا کے یعقوب آڑھتی کے ذریعہ مہنگی فروخت کر دی جاتی ہے۔ اس ذخیرہ اندوزی اور ناجائز کمائی میں کون کون شریک ہیں۔ اس کی انکوائری کرنی، انہیں قرار واقعی سزا دینا اور فراڈ کو روکنا اور قادیانی اس دھوکہ وجعل سازی کے لیے پرمٹ خریداری گندم کا پرمٹ منسوخ کرنا، یہ جناب ڈی سی جھنگ کی ذمہ داری ہے۔ کیا وہ اس پر توجہ فرمائیں گے؟

بلیو پرنٹ، زنا کاری، کینیڈا

روزنامہ جنگ کا چناب نگر میں نمائندہ اکبر خانی قادیانی ہے۔ اس کا لڑکا فضل قادیانی روزنامہ دن کا نمائندہ بنا ہوا ہے۔ عرصہ سے اس نے چناب نگر میں قادیانی لڑکیوں کا ایک گروہ بدکاری وزنا کاری کے لیے تیار کر رکھا تھا۔ چناب نگر، چنیوٹ، جھنگ، فیصل آباد، سرگودھا تک آرڈر بک کر کے ان لڑکیوں کو سپلائی کرتا تھا۔ اس قادیانی اخلاق کے عظیم شاہکار فضل خانی نے ان قادیانی لڑکیوں کی بدکاری کے بلیو پرنٹ تیار کر رکھے تھے۔ ان کے ذریعہ بلیک میل کرتا اور بلیو پرنٹ فروخت کر کے اس کی کمائی کھانا اس کا پیشہ تھا۔ قادیانی جماعت کے موجودہ امور عامہ کرنل اعجاز نے جب اس کہانی کے ہر جگہ تذکرے عام ہوتے اور چرچے بلند ہوتے دیکھے تو اس قادیانی کو کینیڈا بھجوا دیا۔ یہ سزا دی یا انعام سے نوازا، اس کا فیصلہ میں قادیانی عوام پر چھوڑتا ہوں۔ کیا اس پر وہ فقیر سے عدالتی سطح پر گواہ طلب کریں گے؟

منیر، عظمیٰ، خان میڈیکل ہال، لاہور

منیر احمد خان ولد رفیع۔ خان میڈیکل ہال اقصیٰ چوک چناب نگر جو محلہ دارالرحمت شرقی "ب" کا صدر ہے۔ اس نے عظمیٰ نامی لڑکی سے (منیر احمد خان نے) ناجائز تعلقات قائم کیے۔ فضل عمر ہسپتال کی بیک سائیڈ پر منیر خان اور عظمیٰ سے "عشق و مستی" اور "باہم دیگر کرم فرمائیاں" کے معرکے سر ہوتے رہے۔

جب بات پھیلی تو میر کو کرنل اعجاز نے لاہور چلتا کیا۔ مرزا محمود کی روح خوش ہوئی "کیونکہ زنا کی اجازت ہے مگر اس کا عام تذکرہ ٹھیک نہیں" یہ مرزا محمود کا معروف فلسفۂ حیات تھا، جسے کرنل اعجاز ان قادیانی شہبازوں کے ذریعہ چناب نگر (ربوہ) کے گلی کوچوں میں خوب سے خوب تر پروان چڑھا رہا ہے۔

ڈاکٹر سعید، منصورہ بیگم، نشہ آور ٹیکے، الف ننگا

حافظ آباد کا ایک نام نہاد ڈاکٹر سعید جس نے رحمت بازار چناب نگر میں اپنا کلینک قائم کر رکھا ہے، بریگیڈیر شمیم اقبال قادیانی کی بیوہ منصورہ بیگم سے اس نے شادی رچا رکھی ہے۔ دارالرحمت وسطی میں اس کی رہائش ہے۔ قادیانی اوباش لڑکے اور لڑکیوں کو نشہ آور ٹیکے لگاتا۔ جنسیاتی عمل کو تیز کرنے اور ٹیکے لگانے والی ادویات مہیا کرنے کے لیے قادیانی لڑکے اور لڑکیوں کا اس کے ہاں ٹھکانا لگا رہتا ہے۔ ایک لڑکا منصور ولد خان محمد متوفی فیکٹری ایریا کے گھر سے الف ننگا برآمد ہوا۔ کیا اس سے انکار ممکن ہے۔ ڈاکٹر سعید نے جعلی سیمنٹ کی فیکٹری بنا رکھی ہے۔ سعید خان بلوچ ایس ایچ او کی سرپرستی میں یہ جعل سازی ہو رہی ہے۔ کیا اس پر توجہ دی جائے گی۔ حکومتی اداروں سے سوال؟

جعلی سندیں، جعلی پاسپورٹ، جعلی ویزے

قائم ضیاء کا ایک لڑکا جس کا نام منور احمد شاہد ہے۔ آج کل روزنامہ صحافت چناب نگر کی اس نے نمائندگی لے رکھی ہے۔ جعلی سندیں، جعلی شناختی کارڈ، جعلی ویزے بنانا اس کا مشغلہ ہے۔ طاہر عارف ڈی آئی جی ایف آئی اے سرگودھا نے طارق نامی ایک قادیانی کو ایف آئی اے میں بھرتی کیا تھا۔ یہ طارق چک نمبر 98 شمالی سرگودھا کا رہائشی ہے۔ منور احمد شاہد قادیانی کی تمام تر جعل سازی میں یہ برابر کا شریک ہے۔ کیا حکومتی ادارے اس پر توجہ فرمائیں گے؟

روزنامہ صحافت کے چیف ایڈیٹر جناب خوشنود علی خان سے بھی استدعا ہے کہ بجائے منور احمد شاہد کے کسی اور کو نمائندگی دیں۔ چناب نگر میں اور بھی نمائندے مل جائیں گے۔ منور احمد شاہد صحافت کی آڑ میں جعل سازی کر رہا ہے۔ اس سے اپنے اخبار کے وقار کو بچانا ضروری ہے۔

پی سی او

مبشر احمد نے ربوہ میں پی سی او بنا رکھا ہے۔ پی سی او کیبن کے بیک سائیڈ میں اس نے کیا کیا کارروائیاں شروع کر رکھی ہیں۔ یہ بات چناب نگر کے باسیوں اور خود پولیس کے لیے اگر وہ شریک کار نہیں تو ایک سوال یہ ہے کہ کس کس کے کس کس کے ساتھ کیا کیا معاملات طے پاتے ہیں۔ بہت کچھ یہاں کی نگرانی سے مل سکتا ہے۔

❁ ❁ ❁

محمد نوید شاہین (ایڈووکیٹ)

''قادیانی اخلاقیات'' اخبارات کی نظر میں

- ''1990ء میں لاہور میں بلیو پرنٹ فلموں کا ایک بہت بڑا کیس پکڑا گیا ہے اور دو ملزم ظفر احمد خاں اور ہالہ کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ شبہ کیا جا رہا ہے کہ ظفر احمد خاں قادیانی ہے۔ ملزموں کی طرف سے کیس کی پیروی ایک قادیانی وکیل نفیر اے خاں کر رہا ہے جو خود بھی بلیو پرنٹ کے دھندے میں ملوث ہے اور لاہور کی ایک بدنام شخصیت شمار کیا جاتا ہے۔ مذکورہ وکیل اور ملزمان مل کر لڑکیوں کو اپنے جال میں پھنساتے ہیں اور انھیں بلیک میل کرتے ہیں۔ اس طرح یہ لوگ باقاعدہ طور پر بلیو پرنٹ فلموں کی (تیاری) کا کاروبار کر رہے ہیں۔ موجودہ کیس میں ملوث ایک لڑکی مسماۃ عائشہ بھی گرفتار کر لی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس قادیانی وکیل نفیر اے ملک نے لندن میں اپنے قیام کے دوران مرزا طاہر احمد سے بھی ملاقات کی تھی اور 62 کے لگ بھگ بلیو پرنٹ فلمیں لندن پہنچا چکا ہے۔ مزید برآں مذکورہ وکیل مشہور TV آرٹسٹ دلدار پرویز بھٹی اور TV فوٹو گرافر حمید الدین سے بھی ایک بڑی رقم دھوکہ دہی سے ہتھیا چکا ہے۔ بلیو پرنٹ سے قادیانی مغربی دنیا میں پاکستان کی سیدھی سادھی نوجوان لڑکیوں کو بدنام کر رہے ہیں۔'' (روزنامہ نیشنل ٹائمز لاہور دسمبر 1990ء)

- ''قادیانی سربراہ کے رشتہ داروں نے قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ربوہ میں جوئے کے اڈے کھولنے شروع کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق ربوہ پولیس نے محلہ دارالرحمت شرقی میں چھاپہ مار کر مرزا محمد ابراہیم ولد مرزا بشیر احمد منعم ناصر ولد رشید اور ان کے ساتھیوں کو جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کو دیکھ کر مرزا ابراہیم جو قادیانیوں کے سربراہ مرزا غلام احمد کا پوتا بتایا جاتا ہے بھاگ کھڑا ہوا اور چھت سے چھلانگ لگا دی جس سے اس کی ٹانگ بھی ٹوٹ گئی۔ مرزا ابراہیم کو پولیس نے فضل عمر ہسپتال میں داخل کروا دیا ہے۔'' (روزنامہ جنگ لاہور 7 جولائی 1993ء)

- ''ربوہ میں معززین شہر نے ایک قادیانی شعیب اور اس کے دوست آپریٹر ٹیلی فون ایکسچینج انوار الحق کو شریف شہریوں کے گھروں میں اخلاق سوز فحش کالیں کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ تفصیلات

کے مطابق اگست کی رات مقامی ٹیلی فون ایکسچینج ربوہ کے ڈیوٹی آپریٹر انوار الحق کو صحافیوں اور معززین شہر کی شکایات پر ملازمت سے فارغ کر دیا گیا۔ واقعات کے مطابق وہ اپنے دوست محمد شعیب قادیانی کو ٹرنک کال روم میں بٹھا کر لوگوں کے گھروں میں اخلاق سوز فحش کالیں کروا رہا تھا۔ اسسٹنٹ انجینئر ٹیلی فون ربوہ نے محکمہ کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر اسے ملازمت سے فوری طور پر فارغ کر دیا۔ گزشتہ روز صوفی محمد اقبال اسسٹنٹ انجینئر ٹیلی فون ربوہ نے اپنے دفتر میں مقامی صحافیوں سے ملاقات کے دوران بتایا کہ انھوں نے صارفین کی شکایات پر مکمل تحقیقات کی تو یہ معلوم ہوا کہ آپریٹر انوار الحق اپنے ایک غیر متعلقہ دوست شعیب قادیانی کو ٹرنک روم لا کر صارفین کے گھروں میں واہیات کالیں کروایا کرتا تھا۔ معززین شہر نے دونوں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا تھا۔ شکایات درست ثابت ہونے پر حسب ضابطہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن نے آپریٹر کو فوری طور پر ملازمت سے نکال دیا ہے۔ اسسٹنٹ انجینئر ٹیلی فون نے بتایا کہ شعیب قادیانی نے انھیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے وارننگ دی کہ وہ میاں شہباز شریف کا خاص آدمی ہے۔ اس کی رسائی اسلام آباد تک ہے لہٰذا تم اپنے مستقبل کا ابھی سے بندوبست کر لو۔ اس نے اپنا مسلم لیگ کا گرین کارڈ دکھاتے ہوئے کہا کہ یہ کارڈ میاں شہباز شریف کے قابل اعتماد دوستوں کو ہی جاری کیے جاتے ہیں۔ شہر بھر کے صارفین ٹیلی فون، عوامی نمائندگان اور صحافیوں نے اسسٹنٹ انجینئر ٹیلی فون ربوہ کے بروقت اقدام کو سراہا اور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے فرض شناس اہلکار کا شکریہ ادا کیا۔"

(روزنامہ نوائے وقت لاہور 9 اگست 1991ء)

❑ "منتخب ایم پی اے ملک نعیم الدین خالد قادیانی کی غنڈہ گردی نے کیو بلاک ماڈل ٹاؤن یرغمال بنا لیا۔ قادیانی ایم پی اے نے علاقہ میں فحاشی شراب نوشی اور مجرا کو پروان چڑھانا شروع کر دیا ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق دھلے قلیس کیو بلاک ماڈل ٹاؤن کے علاقہ میں اقلیتی قادیانی ایم پی اے نے اقتدار کے نشے میں چور ہو کر ہزاروں کی آبادی پر مشتمل علاقے کے واحد پارک جو لوگوں کی خوشی اور غمی میں استعمال ہوتا ہے، پر قبضہ کر لیا ہے اور ایل ڈی اے کی بنائی ہوئی سڑک پر لوہے کے بیریئر لگا کر لوگوں کی آمد و رفت روک دی۔ ایم پی اے نے اپنے گھریلو فنکشن پر اسی پارک میں مجرا کروایا اور شراب اور فحاشی کی محفل رات گئے تک جمی رہی۔ علاوہ ازیں یہاں پر فائرنگ روز کا معمول بن چکی ہے۔ علاقے کے لوگوں کے مطابق ایم پی اے کا بیٹا رات گئے تک اپنی گاڑی کا ڈیک چلا کر اہل محلہ کو تنگ کرتا ہے، جبکہ ایم پی اے نے ایل ڈی اے کی تعمیر شدہ سڑک پر لوہے کے بیریئر لگا کر روڈ بند کر دیا ہے اور پارک کے دروازے اپنے گھر کے

سامنے سے کھول دیے ہیں اور اسے اپنی ذاتی جاگیر بنا رکھا ہے۔ اگر کوئی اس غنڈہ گردی کو روکنے کی بات کرے تو قادیانی ایم پی اے غنڈہ گردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتا ہے۔ اہل علاقہ نے شدید پریشانی میں غنڈہ گردی کی روک تھام کے لیے مذکورہ محکموں اور ارباب اختیار کو درخواستیں دیں اور ابھی تک کسی نے ایک نہ سنی اور قادیانی غنڈہ گرد ایم پی اے کی من مانیاں ابھی تک جاری ہیں۔"

(روزنامہ خبریں لاہور 16 اگست 1996ء)

❑ "دو قادیانی لڑکوں نے سانگلہ ہل میں غریب مزدور کی بیٹی کو زبردستی اغواء کر کے اس کے ساتھ زنا کیا اور اس کی برہنہ تصویریں بنائیں۔ یہ تمام تفصیلات مذکورہ لڑکی کے والد نے الیف آئی آر میں بتائیں۔ محمد اسماعیل ولد اللہ بخش چک نمبر 45/RB صدر سانگلہ ہل کا رہائشی ہے اور محنت مزدوری کرتا ہے۔ عرصہ قریب 6/7 ماہ قبل اس کی بیٹی آسیہ کو گھر سے باہر جاتے ہوئے مسمیان جاوید ولد محمد اسماعیل قادیانی اور وسیم احمد ولد علی بخش قادیانی قوم راجپوت نے زبردستی اغواء کر کے اسے اپنی بیٹھک میں لے گئے اور تقریباً ایک گھنٹہ اسے محبوس رکھا اور اس کی بیٹی کو اسلحہ دکھا کر جان سے مارنے کی دھمکی دے کر اسے برہنہ کر دیا اور دونوں ملزمان نے باری باری اور اکٹھے بھی اس کی بیٹی کے ساتھ فحش تصویریں اتاریں اور زنا کیا اور لڑکی کو دھمکی دی کہ اگر کسی کو بتایا تو تمہیں اور تمہارے اہل خانہ کو جان سے مار دیں گے۔ اسماعیل اور اہل خانہ اپنی عزت اور جان کے خوف سے خاموش ہو گئے اور بیٹی کی شادی کر دی۔ دونوں ملزمان نے اس لڑکی کو بے ہودہ خطوط لکھے جس کے نتیجہ میں اس لڑکی کا گھر اجڑ گیا۔ اب پھر ملزموں نے 11-10-97 کو رات 11/12 بجے کے قریب گھر کے دروازے پر دستک دی اور دروازہ کھولنے پر انھوں نے فائر کر دیا لیکن یہ گولی کسی بھی گھر والے کو نہیں لگی۔ مذکورہ مظلوم اسماعیل اب ہر جگہ انصاف مانگ رہا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اسے انصاف مہیا نہیں ہو رہا۔"

(روزنامہ خبریں لاہور 15 جنوری 1991ء)

❑ "قادیانیوں نے انتظامیہ اور افسر شاہی کی سرپرستی میں سندھ میں فحاشی کے اڈے کھولنے شروع کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق قادیانی جھوٹے مذہب کی تبلیغ انتہائی جارحانہ انداز میں کرتے ہیں۔ تبلیغ کے ساتھ اپنے مرزائی اڈے میں ڈش انٹینا کے ذریعے انھوں نے فحاشی کے اڈے بنائے ہوئے ہیں۔ واقعات کے مطابق گھوٹکی شادی لاج کے عبادت خانے میں قادیانیوں نے ڈش انٹینا لگایا ہوا ہے جس میں بعض اضافی آلات لگائے ہوئے ہیں جو PTV کے پروگرام جام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مرزا طاہر احمد کے پروگرام کے بعد فحش فلمیں

شروع کروی جاتی ہیں جس سے نوجوانوں کے اخلاق پر برے اثرات پڑ رہے ہیں۔ قادیانی نہ صرف نوجوانوں کو فحش فلموں کے نظارے کرواتے ہیں بلکہ وہ اپنے ساتھ اپنی لڑکیوں کو لے جاتے ہیں اور پھر نوجوانوں کو شادی کا لالچ دے کر انھیں راہ ہدایت سے بھٹکانے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا قادیانی مذہب کا خلاصہ ہے لڑکی لو مرزائی بنو۔ قادیانی فحاشی کے اڈے کے خلاف خبریں شائع کرنے والے اخبارات کی انتظامیہ اور نامہ نگاروں کو بھی سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ اس لیے یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ قادیانیوں کے "بیوت الذکر" عبادت خانے نہیں بلکہ بیوت المذکر و مونث ہیں۔ انھیں منی سینما گھروں اور فحاشی و عریانی کے اڈوں کا نام دینا زیادہ مناسب ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ان منی سینماؤں اور فحاشی و عیاشی کے اڈوں کو فوراً ختم کرے۔" (ہفت روزہ ختم نبوت کراچی 20 تا 26 اگست 1996ء)

❑ "ربوہ میں انجمن احمدیہ کے زیر نگرانی فحاشی اور "موبائل ایڈز" نے گھروں کا رخ کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ربوہ میں چلتی پھرتی ایڈز سڑکوں اور بازاروں سے گھروں تک پہنچ گئی ہے جس نے بے شمار گھروں کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ رحمان کالونی میں بھی ایک فحاشی کا اڈہ کھل گیا ہے جہاں ادھر کا مال اُدھر اور اُدھر کا مال ادھر کر دیا جاتا ہے۔ لاری اڈہ فحاشی کا اڈہ بن چکا ہے۔ پولیس سمیت سرکاری دفاتر میں "حسن کے پجاری" دیوی کے درشن اور گنگا اشنان میں مگن سرکاری کرسی کو اپنی موروثی جاگیر سمجھ کر ربوہ سے تبدیل ہو کر جانا بہت بڑا پاپ سمجھتے ہیں۔ ایسی صورتحال پیدا ہو چکی ہے کہ ٹرانسفر ہونے والے اہلکار چند دنوں میں واپس آ جاتے ہیں۔ انجمن احمدیہ اب کھلی آنکھوں سے بے حیائی و کرپشن کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ شہریوں کی طرف سے کرپشن اور بے حیائی کے خلاف اٹھائی جانے والی آواز کو نہ صرف دبایا جاتا ہے بلکہ ایسے مجاہدوں کو مختلف الزامات اور تہمتیں لگا کر بدنام کیا جاتا ہے اور ربوہ کو قادیانیوں نے ایک بار پھر اندھیر نگری اور چوپٹ راج بنا دیا ہے۔"

(روزنامہ جرأت لاہور 18 اکتوبر 1996ء)

❑ "قادیانی مذہب بداخلاقی اور جنسی بدکاریوں کا مذہب ہے۔ اس بات کا اندازہ بشیر احمد مصری صاحب کی ان تحریروں سے کیا جاتا ہے اور یہ تمام تحریریں بشیر احمد مصری صاحب کے ذاتی مشاہدات پر مبنی ہیں۔ بشیر احمد صاحب کے مطابق جب میں سن بلوغت میں پہنچا تو میں نے اپنے اردگرد قادیانیوں کی اکثریت کو بدکردار، عیار اور مکار پایا اور میرا ان لوگوں کے خلاف ابتدائی ردعمل بداخلاقی اور جنسی بدکاریوں کی وجہ سے تھا۔ جوں جوں میں بڑا ہوتا گیا تو مجھے قادیانیوں کی بدکاریوں کا علم ہوتا چلا گیا۔ ایک دفعہ مجھے پتہ چلا کہ نیم دیوتا مرزا بشیر الدین نے

زنا کاری کا ایک خفیہ اڈا کھول رکھا ہے (ان دنوں ہم خلیفہ ثانی کو ان کو غیم دیوتا کہا کرتے تھے) جس میں منکوحہ غیر منکوحہ حتیٰ کہ محرمات کے ساتھ کھلے بندوں زنا کاریاں ہوتی ہیں اور اپنی عیاشی کے لیے اس نے دلالوں اور کٹنیوں کی ایک منڈلی منظم کر رکھی ہے جو پاکباز عورتوں اور معصوم دوشیزاؤں کو بہلا پھسلا کر مہیا کرتی ہے اور یہ دلال مجبور اور غریب دوشیزاؤں کو بہلا پھسلا کر یہاں لاتے ہیں۔" (ماہنامہ نقیب ختم نبوت اکتوبر 1989ء)

☐ "لاہور ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس فلک شیر نے پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے دو قادیانی پروفیسروں کی طرف سے میڈیکل کے طلباء و طالبات سے امتحانات میں پاس کروانے کے لیے بھاری رشوت لینے' کلاس روم میں طالبات کے ساتھ غیر اخلاقی گفتگو کرنے' انھیں بلیک میل کرنے اور میڈیکل کے بعض طلباء کے ساتھ غیر فطری فعل کرنے کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر' وائس چانسلر' کنٹرولر امتحانات' چیئرمین بورڈ آف سنڈیکیٹ' ایڈورڈ میڈیکل کالج کے پرنسپل اور پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے پرنسپل کو نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ فاضل عدالت نے حکومت پنجاب کو ہدایت کی ہے کہ مذکورہ دونوں اساتذہ کو آئندہ حکم تک پنجاب کے کسی کالج میں ممتحن نہ لگایا جائے۔ فاضل عدالت نے دونوں پروفیسروں سے الزامات کے تحریری جوابات بھی طلب کیے ہیں۔ فاضل عدالت نے عدالت کے احکام نہ ماننے پر سیکرٹری صحت پنجاب اور پنجاب یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات کو بھی نوٹس جاری کیے ہیں۔"

☐ "درخواست میں کہا گیا تھا کہ کالج کے دو قادیانی پروفیسر ڈاکٹروں نے ان دونوں پرچوں میں صرف ان طلباء و طالبات کو کامیاب کرایا' جنھوں نے پروفیسروں کو اس کے عوض بھاری رقوم دیں جبکہ رشوت نہ دینے والے تمام کو فیل کر دیا گیا۔ اب 14 اپریل سے شروع ہونے والے امتحانات کے لیے بھی انہی پروفیسروں کو دوبارہ ممتحن لگایا جا رہا ہے اور وہ درخواست گزاروں سے بھاری رقوم مانگ رہے ہیں۔ ایک پروفیسر مارفیا کے عادی ہیں اور روزانہ مارفیا کے ٹیکے لگواتے ہیں اور کئی بار رات کو نشہ کی حالت میں لڑکیوں کے ہاسٹل کے ممنوعہ علاقے میں آ جاتے ہیں۔ ایک پروفیسر نے ایک سال میں طالب علموں کو صرف ایک لیکچر دیا ہے۔ دوسرے پروفیسر طلباء کو ٹیوشن پڑھنے پر مجبور کرتے ہیں۔ ایک پروفیسر کلاس روم میں طالبات سے بے ہودہ گفتگو کرتے ہیں اور انھیں بلیک میل بھی کرتے ہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ ان دونوں کو 14 اپریل سے ہونے والے امتحانات کے لیے ممتحن مقرر نہ کیا جائے اور انھیں معطل کر کے محکمانہ کارروائی کا حکم دیا جائے۔ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو

بتایا کہ طلباء کی شکایت کے بعد ڈی آئی جی کرائمز دو پرنسپلوں اور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے تحقیقات کی تو معلوم ہوا کہ طلباء کے بیشتر الزامات درست ہیں۔ ایک قادیانی پروفیسر کو لواطت کی بھی عادت ہے۔ ایک پروفیسر یہ خبر بھی رکھتا ہے طالبات کون سے کپڑے پہن کر کہاں گئیں۔ پھر انھیں بلیک میل کرتا ہے۔ غلیظ اور بے ہودہ گفتگو بھی کرتا ہے۔ ان کا طالبات کے ساتھ رویہ بہت غلط ہے۔ رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ سیکرٹری صحت ان دونوں پروفیسروں کے خلاف رشوت ستانی کے الزام میں مقدمہ درج کریں۔ پرنسپل ڈاکٹر محمد ظفر چوہدری نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ رٹ موصول ہونے کے بعد انھوں نے تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی قائم کی جس کے روبرو 27 طالبات پیش ہوئیں ایک پروفیسر پیش ہونے۔ لیکن دوسرے نہ آئے اس کے بعد ایک اور کمیٹی قائم کی لیکن وہ پھر پیش نہ ہوئے۔ چیئرمین بورڈ آف سنڈیکیٹ پرنسپل کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ رٹ درخواست میں لگائے گئے الزامات اور پنجاب میڈیکل کالج کے پرنسپل سے ہونے والی خط و کتابت کی روشنی میں میں نے فوری طور پر بورڈ آف سنڈیکیٹ کا اجلاس طلب کیا اور فیصلہ کیا کہ فوری طور پر پروفیسر کو ممتحن کی حیثیت سے ہٹا دیا جائے اور معاملہ کی تحقیقات کے لیے پروفیسر نعیم الحمید پروفیسر جلیس الاولی اور پروفیسر اے حمید پر مشتمل کمیٹی قائم کر دی۔ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل زعیم الفاروق ملک نے فاضل عدالت کو بتایا کہ اس سلسلہ میں سیکرٹری صحت پنجاب اور کنٹرولر امتحانات پنجاب یونیورسٹی کی رپورٹیں موصول نہیں ہوئیں۔ اس پر فاضل عدالت نے نوٹس جاری کیا کہ وہ جواب دیں کہ عدالت کے احکام کیوں نہیں مانے اور رپورٹیں کیوں نہیں بھجوائیں۔ فاضل عدالت نے کہا کہ مذکورہ بالا رپورٹوں اور رٹ میں لگائے گئے الزامات میں مماثلت ہے لہٰذا عدالت نے رٹ درخواست باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کر لی ہے۔ فاضل عدالت نے تمام مدعا علیہان کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست کی مزید سماعت 18 مئی تک ملتوی کر دی اور حکومت پنجاب کو ہدایت کی کہ مذکورہ پروفیسر ڈاکٹر کو آئندہ حکم تک کہیں اور کسی کالج میں ممتحن مقرر نہ کیا جائے۔ فاضل عدالت نے مذکورہ دونوں ڈاکٹروں کو رٹ درخواست میں مدعا علیہ بنا دیا جس کے بعد ایس ایم مسعود ایڈووکیٹ پروفیسر ڈاکٹر نصیر اے بشیر کی طرف سے پیش ہو گئے۔" (روزنامہ جنگ لاہور 12 اپریل 1993ء)

□ "قادیانی جماعت 36 ٹو ایل اوکاڑہ کے امیر کی نعش ایک برس بعد مل گئی۔ بیٹیوں سے بداخلاقی کرنے پر مقتول عبدالجبار کی بیوی نے اسے قتل کر کے نعش دفن کر دی تھی۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی گاؤں 36 ٹو ایل کے رہائشی قادیانی جماعت کے امیر عبدالجبار ولد مصطفیٰ کی

بیوی شریفاں بی بی نے عرصہ تقریباً ایک سال قبل تھانہ میں درخواست دی کہ وہ سات بیٹیوں اور دو بیٹوں کی ماں ہے۔ اس کا خاوند تین بیٹیوں سے زبردست شیطانی کھیل کھیلنے کے دوران بداخلاقی کا نشانہ بنا چکا ہے اور وہ حاملہ ہیں۔ اس وقت کے ایس ایچ او نے پولیس بھیج کر ملزم کو گرفتار کر لیا۔ بعد میں پولیس نے پوچھ گچھ کے دوران عبدالجبار سے رشوت لے کر اسے چھوڑ دیا۔ عبدالجبار نے گھر آتے ہی بیوی اور بچوں پر تشدد کیا اور دھمکیاں دیں۔ بتایا جاتا ہے کہ ملزم نے اس دوران اپنی چوتھی بیٹی کو بھی اپنی ہوس کا نشانہ بنایا۔ وقوعہ کے چند روز بعد شریفاں بی بی اپنے خاوند عبدالجبار کو بہانہ سے ڈھاری کے ٹیوب ویل پر لے گئی جہاں پر اسے نشہ آور چائے تیار کر کے پلا دی۔ چائے پیتے ہی عبدالجبار بے ہوش ہو کر چارپائی پر گر گیا۔ اس دوران شریفاں بی بی نے اس کا گلا دبا دیا جس کے نتیجے میں وہ ہلاک ہو گیا۔ بیوی نے رات کی تاریکی میں ٹیوب ویل کے قریب ایک گڑھا کھودا اور نعش وہاں پھینک کر اوپر مٹی ڈال دی۔ وقوعہ کے دو روز بعد شریفاں بی بی نے تھانہ میں درخواست دے دی کہ اس کا خاوند گھر سے لاپتہ ہے اس کا سراغ لگایا جائے۔ پولیس نے قادیانی جماعت 36 ٹو ایل کے امیر عبدالجبار کو متعدد مقامات پر تلاش کیا مگر ناکامی ہوئی۔ وقوعہ کو ایک سال بیت گیا سراغ نہ مل سکا۔ گزشتہ روز ٹیوب ویل دوسرے مقام پر لگانے کے لیے کھدائی کی جا رہی تھی کہ دوران کھدائی زمین سے ایک انسانی ڈھانچہ برآمد ہو گیا جس کی شناخت کر لی گئی۔ پولیس نے ڈھانچہ قبضہ میں لینے کے بعد تفتیش شروع کر دی۔" (روزنامہ انصاف لاہور 4 ستمبر 2001ء)

سمگلنگ اور ہیروئن فروشی

☐ "سمگلنگ، ہیروئن اور دوسرے ناجائز کاروبار میں ملوث 13 قادیانی کراچی ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ پولیس ملزمان سے پوچھ گچھ کر رہی ہے۔

قادیانیوں نے ملک میں سمگلنگ، ہیروئن فروشی اور دوسرے ناجائز اور غیر قانونی کاروبار شروع کر دیے۔ اس بات کا واضح ثبوت یہ ہے، فروری مارچ 1990ء کے تقریباً تمام قومی اخبارات میں یہ خبر چھپی ہے کہ 13 قادیانیوں کو پولیس نے کراچی ائیرپورٹ پر ملک سے فرار ہوتے ہوئے سمگلنگ، ہیروئن فروشی اور دوسرے ناجائز و غیر قانونی کاروبار میں ملوث ہونے پر گرفتار کر لیا ہے۔"

(روزنامہ جنگ کراچی 13 مارچ 1990ء)

☐ "قادیانیوں نے ربوہ میں وسیع پیمانے پر ہیروئن فروخت کرنی شروع کر دی۔ اس بات کا انکشاف اینٹی نارکوٹکس بورڈ کی رپورٹ میں ہوا ہے کہ ربوہ ضلع جھنگ میں قادیانی کھلے عام ہیروئن فروخت کر رہے ہیں اور نوجوان طبقہ اس لعنت کا شکار ہو رہا ہے۔ اس گھناؤنے کاروبار

کی سرپرستی کرنے والوں میں قادیانیوں کے علاوہ ضلع فیصل آباد کی پولیس کے بعض اعلیٰ حکام کے رشتہ دار اور ربوہ کی پولیس بھی شامل ہے۔"

(روزنامہ خبریں لاہور 5 دسمبر 1992ء)

❑ قادیانیوں نے جعل سازی کے بعد بے علمی سرحدوں پر ملک دشمن بھارت کے ساتھ سمگلنگ شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے لیے یہ خبر ملاحظہ فرمائیں:

سندھ اور راجستھان سے نے کر رحیم یار خان' بہاولپور تک چولستان کا علاقہ ملک دشمن سرگرمیوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ اسی راستے سے سمگلنگ عام ہو رہی ہے اور اسی راستے سے تخریب کار داخل ہو کر ملک میں تخریب کاری کر رہے ہیں۔ گویا یہ علاقہ سمگلروں کی جنت ہے۔ گزشتہ دنوں یہ خبر آئی تھی:

"سندھ راجستھان سیکٹر میں سندھ سے سونا' چاندی' ہیرے اور غیر ملکی کرنسی بڑے پیمانے پر بھارت سمگلنگ سے علاقے کی سلامتی کو زبردست خطرات کا سامنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی "را" نے دہشت گردوں کو صوبہ سندھ میں داخل کرنے اور انہیں پناہ دینے کے لیے مقامی قادیانیوں کی خدمات حاصل کر رکھی ہیں جس کے بدلے انہیں کسی رکاوٹ کے بغیر بھارت میں سمگلنگ کی اجازت دے دی گئی ہے۔ یہ قادیانی سمگلر سندھ میں پہلے سے موجود "را" کے ایجنٹوں کے لیے پیغامبر کے طور پر بھی کام کرتے ہیں۔ انڈس رینجرز کی خصوصی ہدایات پر رینجرز کی ایک ٹیم نے کھوکھراپار سرحد کے قریب سمگلروں کی آمد و رفت کے راستے کو بلاک کر دیا۔ رات کے وقت سرحد پار جانے والے اونٹوں کے ایک قافلے کو رینجرز نے للکارا' سمگلر تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ اونٹوں پر تین من خالص چاندی لدی ہوئی تھی جس پر قبضہ کر لیا گیا جس کی مالیت دس لاکھ روپے بتائی جاتی ہے۔ گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران انڈس رینجرز نے 48 من چاندی برآمد کی جو بھارت سمگل کی جا رہی تھی۔"

(روزنامہ جنگ کراچی 19 اگست 1991ء)

❑ "قادیانیوں نے ایک منصوبہ کے تحت پاکستان کی معیشت کو تباہ کرنے اور نوجوانوں کو منشیات جیسی لعنت میں مبتلا کرنے کا پروگرام مرتب کیا ہے۔ گذشتہ دنوں فیکٹری ایریا پولیس نے تین مرزائیوں کو سو سو روپے کے جعلی نوٹوں اور بھاری ہیروئن کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔"

(روزنامہ جنگ لاہور 31 جولائی 1990ء)

❑ "قادیانیوں نے ملک میں ہیروئن کا کاروبار شروع کر دیا ہے۔ اس بات کا انکشاف گزشتہ دن ایک ویلفیئر سوسائٹی کے اجلاس لاہور میں ہوا۔ اس اجلاس میں اور اس بات کا انکشاف کیا گیا کہ قادیانی ملک میں سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہیروئن کا کاروبار کر کے نئی نسل کو تباہ کر رہے ہیں۔"

(روزنامہ جسارت کراچی یکم جون 1986ء)

❁ ... ❁ . ❁

قادیانیت کی عریاں تصویریں

"نوجوان بزرگ" جناب محمد متین خالد کی نئی کتاب ان کے اس جہاد کا تسلسل ہے جس کے ذریعے وہ نہ صرف قادیانیوں کی ڈھکی چھپی غیر اسلامی تعلیمات کو ظاہر کر رہے ہیں بلکہ ان کی قیادت اور ان کے حاشیہ نشینوں کی لامحدود عیاشیوں، فراڈوں، دھوکہ سے مجبور ہو کر جو لوگ اور جب کسی وجہ سے مجبور قادیانیوں پر روا رکھے گئے مظالم کو (قادیانی دنیا کے اثر و رسوخ کے باوجود) انتہائی جرأت اور دلیری کے ساتھ بے نقاب کر رہے ہیں۔ اس طرح متین خالد صاحب نہ صرف قادیانیت کو دفاعی پوزیشن پر دھکیل رہے ہیں بلکہ قادیانی مجبوروں اور بے کسوں کو زبان بھی دے رہے ہیں۔ میں پیدائشی، چناب نگر (سابق ربوہ) کا رہائشی اور قادیانی جماعت میں مختلف حیثیتوں اور عہدوں پر کام کرنے کی وجہ سے کئی باتوں کا شاہد ہوں۔ اس وقت جب بھی کوئی غیر اخلاقی بات نظر آتی تھی تو پروپیگنڈہ اور ماحول کی وجہ سے یہ سوچتا تھا کہ یہ انفرادی فعل ہے لیکن جب آنکھوں سے قادیانیوں کی پٹی ہوئی عینک اتارنے کی خدا تعالیٰ نے توفیق دی تو سمجھ آئی کہ یہ کوئی انفرادی فعل نہیں بلکہ ایک سسٹم کے تحت ایک مخصوص گروہ ان جرائم کو عملاً چلا رہا ہے۔

محمد متین خالد صاحب جس طرح پہلی تمام محققانہ کتابوں پر مبارکباد کے مستحق ہیں اسی طرح اس کتاب پر بھی صد ستائش کے مستحق ہیں کہ انہوں نے زیادہ سے زیادہ قادیانی عریاں تحریروں کو انتہائی محنت سے جمع کیا ہے اور اب ان کو کتابی صورت میں پیش کر کے نہ صرف رد قادیانیت کا کام کرنے والوں کے ہاتھ میں ایک اور مضبوط ہتھیار دے دیا ہے بلکہ شریف قادیانیوں کو بھی موقع مہیا کیا ہے کہ وہ اپنے کرتوں دھرتوں کے کرتوتوں سے واقف ہو کر جرأت سے ان کو رد کریں۔ ان کے چنگل سے رہائی پائیں اور دوبارہ خدا کے دین پر پلٹ آئیں۔

شفیق [illegible]

(جرمنی)

انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف تحفظ ختم نبوت لاہور